ارمغانِ امامِ ربانی

جلد نہم

ترتیب و تدوین

ڈاکٹر محمد ہمایوں عباس شمس

باہتمام

محمد ناظم بشیر نقشبندی مجددی

امام ربانی پبلیکیشنز لاہور پاکستان

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ارمغانِ امامِ ربّانی

ترتیب وتدوین

ڈاکٹر محمد ہمایوں عباس شمس

زرعی یونیورسٹی فیصل آباد

جلد نہم

باہتمام

محمد طاہر بشیر

امام ربانی پبلیکیشنز لاہور پاکستان

Marfat.com

297 504
1549
162209

سلسلہ اشاعت ۹

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ

نام کتاب	ارمغان امام ربانی (جلد نہم)
ترتیب وتدوین	ڈاکٹر محمد ہمایوں عباس شمس
پروف ریڈنگ	شاہد حسین
باہتمام	محمد ناظم بشیر نقشبندی مجددی
خطاطی	احمد علی بھٹہ
اشاعت	صفر المظفر ۱۴۴۰ھ اکتوبر ۲۰۱۷ء
ناشر	امام ربانی پبلیکیشنز لاہور
صفحات	826

— ملنے کا پتہ —

35-C کمرشل ایریا، این ایف سی ہاؤسنگ سوسائٹی لاہور، پاکستان

www.mujadidway.com

297.4 ارمغان امام ربانی، مرتب: محمد ہمایوں عباس شمس، ڈاکٹر
ارم

لاہور، امام ربانی پبلیکیشنز، 2018

826 ص

1۔ تصوف

فہرست

1	نعت شریف	مظفر وارثی	7
2	منقبت	محمد اویس ازہر مدنی	9
3	پیش گفتار	ڈاکٹر محمد ہمایوں عباس شمس	10

مقالات

4	تعلیمات حضرت مجدد	ڈاکٹر محمد اسحاق قریشی	16
5	صوفیۂ خام: حضرت مجدد الف ثانیؒ کے افکار کا مطالعہ	ڈاکٹر محمد ہمایوں عباس شمس	22
6	سلسلہ نقشبندیہ کے نو مخطوطات کی اشاعت	محمد ناظم	33
7	جنگ آزادی ۱۸۵۷ء میں مجددی حضرات کا کردار	ڈاکٹر نوید ازہر	36
8	بیسویں صدی میں سلسلہ نقشبندیہ کی ہیئت مرکزی	ڈاکٹر عدنان طارق	67
9	حضرت شاہ فضل احمد معصومی پشاوریؒ	ڈاکٹر ولید زیاد (امریکہ)	78
10	فارسی نثر میں حضرت امام ربانی کی خدمات	ڈاکٹر انجم طاہرہ	94

Marfat.com

11	مکتوبات امام ربانی کی معاشرتی اہمیت	نادیہ عالم	106
12	فضائل الباری فی مناقب حاجی دوست محمد قندھاری	پروفیسر محمد سعد سراجی	135
13	سرہند اور کیتھل کے روحانی روابط	پروفیسر محمد اقبال مجددی صاحب	138
14	شیخ الاسلام عارف حکمت	پروفیسر محمد اقبال مجددی صاحب	146
15	حکیم رحیم الدین احمد طرب دہلوی	پروفیسر محمد اقبال مجددی صاحب	152

نوادرات سلسلۂ نقشبندیہ

عکسیات مبنی بر ذخیرۂ محمد اقبال مجددی

مخزونہ پنجاب یونیورسٹی، لائبریری

16	رسالہ ردو شبہات	166
17	معدن الجواہر	220
18	مکتوبات خواجہ غلام محی الدین قصوری	274
19	بستان المعرفت	399
20	ملفوعات عثمانی	420
21	رشحات عنبریہ	452
22	تذکرہ المصنفین دہلی	477

Marfat.com

23	جوہر ہاشمیہ	550
24	عقد اللآلی	622

تحقیقات (ڈاکٹر محمد ہمایوں عباس شمس)

25	رسائل وجرائد کے حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ نمبر	643
26	خواتین کے لئے منہج دعوت وارشاد (سلسلہ مجددیہ کے مکتوبات کی روشنی میں)	668
27	برصغیر میں فکر اسلامی کے احیاء میں حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کا کردار (تجزیاتی مطالعہ)	687
28	حضرت مجدد رحمۃ اللہ علیہ بحیثیت محدث	715
29	مکتوبات امام ربانی کی روحانی وعرفانی معنویت اہل ایران کی نظر میں	737
30	دیوان رافت: تعارف وجائزہ	746
31	مکتوبات امام ربانی کی شروح (تعارف ومطالعہ)	757

Marfat.com

32	روداد: امام ربانی مجدد الف ثانی بین الاقوامی کانفرنس منعقدہ منعقدہ 19 نومبر 2018 بمقام فلیٹیز ہوٹل لاہور	محمد ناظم بشیر	770
33	سابقہ کانفرنسز میں پڑھے جانے والے مقالات		779

Article

34	Hajj and Islamic Revivalism in Mughal India	ڈاکٹر فراز انجم	3

Marfat.com

نعت شریف

میرا تو سب کچھ میرا نبی ہے
سیاہیاں مجھ میں داغ مجھ میں
جلیں اسی کے چراغ مجھ میں
اثاثہ قلب وجاں وہی ہے
میرا تو سب کچھ میرا نبی ہے
میرے گناہوں پہ اس کا پردہ
وہ میرا امروز میرا فردہ
ضمیر پر حاشیے اسی کے
شعور بھی اس کا وضع کردہ
وہ میرا ایماں میرا تیقن
وہ میرا پیمانہ تمدن
وہ میرا معیار زندگی ہے
میرا تو سب کچھ میرا نبی ہے
وہ میری منزل بھی ہمسفر بھی
وہ سامنے بھی پس نظر بھی
وہ ہی مجھے دور سے پکارے
اسی کی پرچھائی روح پر بھی
وہ رنگ میرا اسی کی خوشبو
میں اس کی مٹھی کا ایک جگنو
وہ میرے اندر کی روشنی ہے
میرا تو سب کچھ میرا نبی ہے

Marfat.com

اسی کے قدموں میں راہ میری
اسی کی پیاسی ہے چاہ میری
اسی کی مجرم میری خطائیں
اسی کی رحمت گواہ میری
اسی کا غم مجھ کو ساتھ رکھے
وہ ہی میرے دل پہ ہاتھ رکھے
وہ درد بھی ہے سکون بھی ہے
میرا تو سب کچھ میرا نبی ہے
ازل کے چہرے پہ نور اس کا
ظہور عالم ظہور اس کا
بہت سے عالی مقام آئے
خدا کے بعد اس کا نام آئے
وہ اولی ہے وہ آخری ہے
میرا تو سب کچھ میرا نبی ہے
نہ مجھ سے بار عمل اٹھے گا
نہ عذب ہی کوئی ساتھ دے گا
اگر کہے گا تو روز محشر
خدا سے میرا نبی کہے گا
سیاہیاں داغ صاف کر دے
اسے بھی مولامعاف کر دے
یہ میرا عاشق ہے وارثی ہے
میرا تو سب کچھ میرا نبی ہے

☆☆☆

Marfat.com

منقبت

عجب سرور ہے سر ہند کی فضاؤں میں
کہ ہے یہ شیخ مجدد کے در کی چھاؤں میں
نہ خوف کفر ہے نے ارتداد کا امکاں
گندھی ہوئی ہیں یہ تجدید کی عطاؤں میں
ہر ایک فرد ہے سنت کا پیرو کار یہاں
عیاں ہے چہرہ اسلام ان اداؤں میں
یہ رعب و دبدبۂ حضرت مجدد تھا
کہ آپڑے تھے شہنشاہ وقت پاؤں میں
گدائے شیخ مجدد کو پست کر پائیں
کہاں یہ حوصلہ موجود ہے بلاؤں میں
گدائے شیخ مجدد مجھے خدا کی قسم
جدا دکھائی دیا تو سبھی گداؤں میں
عجب خلوص تھا ازہر نوائے حضرت میں
کہ بازگشت ہے اس کی ابھی صداؤں میں

محمد اویس ازہر مدنی

Marfat.com

پیش گفتار

بسم اللہ الرحمن الرحیم

صلی اللہ علی حبیبه سیدنا محمد و آلہٖ وسلم

تہذیب اسلامی کا اساسی، کلیدی، اور امتیازی وصف یہ ہے کہ اس کی بنیاد عقیدہ ختم نبوت پر ہے، اس عقیدہ کی اثر پذیری اسلامی معاشرت کے ہر شعبہ میں صاف اور واضح طور پر محسوس کی جاسکتی ہے، یہی وجہ ہے کہ اس عقیدہ کے خلاف جب بھی کسی نے، کسی بھی طرح کی سازش کی کوشش کی، تہذیب اسلامی میں ایک شدید رد عمل ضرور آیا، دراصل یہ عقیدہ تہذیب اسلامی کی روح کی حیثیت رکھتا ہے اور جب کسی بھی رنگ میں اس پر سمجھوتا ہوگیا تو دین کی صورت ہی مسخ ہو جائے گی۔ اکبر (۱۵۵۶ء۔۱۶۰۵ء) کے عہد حکومت میں جادۂ مستقیم سے بھٹکے ہوئے مفاد پرست گروہ امراء وعلماء نے جس عقیدہ پر تشکیک پیدا کی وہ عقیدہ نبوت اور نبوت محمدی ہی تھا۔ کیونکہ یہ مفاد پرستوں کے اس گروہ کو بہرصورت یہ علم ضرور تھا کہ فکر اسلام اور تہذیب اسلامی پر حملہ آور ہونے کا یہی رستہ ہے۔ ان حالات کا ذکر کرتے ہوئے حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی (شب جمعہ ۱۴ شوال ۹۷۱ھ/۵ جون ۱۵۶۴ء۔ منگل ۲۸ صفر ۱۰۳۴ھ/۲۶ نومبر ۱۶۲۴) فرمایا کہ صورت یہ ہوگئی: ''اطباء بھی مرایض بن گئے'' ان حالات میں حضرت امام ربانی نے فکر اسلامی کی تشکیل میں جو کردار ادا کیا

Marfat.com

تاریخ نے اس کے عوض ''مجدد الف ثانی'' کے لقب سے نوازا آج اکبری فکر نے نام اور کام کا انداز بدل لیا، مگر بیماری وہی ہے: ''تشکیک کی''۔ اس لئے ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم اپنے دینی اور سیاسی معاملات کو ایمان اور یقین کامل کے ساتھ اس طرح سرانجام دیں کہ نبوت محمدی ہی ہمارا آسرا و سہارا ہے اس کے بغیر کوئی چارہ نہیں۔

کسی کا احسان کیوں اٹھائیں کسی کو حالات کیوں بتائیں
تمہیں سے مانگیں گے تم ہی دو گے تمہارے در سے ہی لو لگی ہے

(خالد محمود خالد، کراچی)

حضرت مجدد الف ثانیؒ نے اسی ایک در...... در حبیب خدا...... سے لو لگانے کا ہی درس دیا۔ کیوں کہ

یہی ہے خالد اساس رحمت یہی ہے خالد بنائے عظمت
نبی کا عرفان زندگی ہے نبی کا عرفان بندگی ہے

دور حاضر میں حضرت مجدد الف ثانی کی اس فکر کی ترویج و اشاعت میں جن لوگوں نے ان تھک کام کیا ان میں حضرت ڈاکٹر محمد مسعود احمد (۱۳۴۸ھ/۱۹۳۰ء۔ ۲۸/اپریل ۲۰۰۸ء) حضرت صوفی غلام سرور (جمعرات یکم جون ۱۹۴۴ء ...... جمعرات ۹/اپریل ۲۰۰۹ء) نمایاں ہیں۔ ان دونوں حضرات کا یہ یقین تھا کہ عصری، دینی، سیاسی اور معاشرتی مسائل کے لیے فکر مجددی ہی رہبر و رہنما بن سکتی ہے۔ ان بزرگوں نے اس حقیقت کو بھانپ لیا تھا کہ ''دین بیزاری'' کی ابتدا ''اسلاف بیزاری'' سے ہوتی ہے اس لیے انہوں نے اپنی تمام تگ و دو کو فکر مجددی کی اشاعت پر لگا دیا۔ صوفی محمد ناظم بشیر نقشبندی مجددی زید مجدہ نے اپنی بشری استعداد کی ساری طاقت کو اپنے شیخ کے کام کو آگے بڑھانے میں صرف کر دیا۔

Marfat.com

جدید ذرائع کو بھی جناب جانشین صوفی صاحب رحمۃ اللہ علیہ صوفی ناظم بشیر نے اس مقصد کے لیے استعمال کیا، کانفرنس بھی تسلسل کے ساتھ انعقاد پذیر ہو رہی ہے۔ ۱۹ نومبر ۲۰۱۷ء، ۲۸ صفر ۱۴۳۹ھ بروز اتوار عالمی امام ربانی مجدد الف ثانی کانفرنس کا انعقاد فلیٹیز ہوٹل میں ہوا۔ صدارت پیر طاہر حسین قادری نے کی جب کہ پیر نثار احمد جان سرہندی، ڈاکٹر محمد اسحاق قریشی جسٹس نذیر احمد غازی اور عرفان اطہر قاضی مہمان خصوصی تھے۔ درج ذیل ملکی وغیر ملکی اصحاب علم نے اپنے مقالات پیش کیے۔

(i) ڈاکٹر انجم طاہرہ

(ii) ڈاکٹر نوید ازہر

(iii) ڈاکٹر محمد اکرم ورک

(iv) ڈاکٹر علی اکبر ازہری

(v) ڈاکٹر معین نظامی

(vi) عبدالرحمان اردوان (ترکی)

(vii) ڈاکٹر ولید زیاد (امریکہ)

(viii) ڈاکٹر محمد ہمایوں عباس شمس

(ix) ڈاکٹر مجیب احمد

(x) پروفیسر محمد اقبال مجددی

تلاوت اور کلام اقبال کی سعادت حافظ محمد احمد نے حاصل کی اور قاری نصیر احمد شرقپوری نے بارگاہ رسالت میں ہدیہ عقیدت پیش کیا۔ ۲۰۱۷ء کی اس کانفرنس میں حضرت امام ربانی رحمۃ اللہ علیہ پر علمی و تحقیقی کام کرنے والے سکالرز میں شیلڈز بھی تقسیم کی گئیں۔

Marfat.com

علاوہ ازیں نادر مخطوطات کی کتابی صورت میں اشاعت کی تقریب رونمائی بھی ہوئی۔ جن کتب کی کتب کی تقریب رونمائی ہوئی ان کے نام درج ذیل ہیں۔

۱۔ ارمغان امام ربانی جلد ۸ (ترتیب ڈاکٹر محمد ہمایوں عباس شمس)

۲۔ فضائل الباری فی مناقب حاجی دوست محمد قندھاری (مع مقدمہ مفصل از پروفیسر محمد اقبال مجددی)

۳۔ رسائل خواجہ ہاشم کشمی

۴۔ بہجۃ النظار فی براءۃ الابرار (مع مقدمہ وملخص ترجمہ از پروفیسر محمد اقبال مجددی)

گویا عالمی امام ربانی کانفرنس ۲۰۱۷ء/۱۴۳۹ھ علمی وفکری دنیا میں معلومات کے اعتبار سے بھی ایک خوبصورت اضافہ تھی۔

ارمغان امام ربانی کی زیر نظر جلد (۹) میں کانفرنس میں پڑھے گئے کچھ مقالات کے علاوہ نقشبندی سلسلہ کے حوالہ سے انتہائی اہم/معلوماتی/نایاب مخطوطات، مقالات اور تحقیقات شامل ہیں۔

اظہار تشکر:

علمی وفکری کام کئی افراد کی عملی، علمی اور فکری روابط سے تشکیل پاتے ہیں۔ سٹیج پر بیٹھے افراد اور شائع شدہ کتب کے پس پردہ کتنے ہی ذہین دماغ اور ہاتھ کتنے عرصہ مصروف کار رہے تو یہ کام سامنے آیا، اللہ تعالیٰ کا فضل وکرم اور نبی رحمت ﷺ کی نظر رحمت اور مشائخ مجددیہ کے فیضان سے ہی یہ سب کچھ ممکن ہوتا ہے جو احباب مختلف حوالوں سے اس مشن میں شریک کار رہے ان کا شکریہ ادا کرنا ضروری ہے۔

بالخصوص جانشین سرور ملت، حضرت صوفی ناظم بشیر نقشبندی مجددی کا، جو اپنے شیخ

Marfat.com

کے مشن کو اخلاص سے جاری رکھے ہوئے ہیں، بہرصورت درج ذیل اور دیگر تمام احباب کا شکریہ کہ وہ اس کارفکری میں کسی نہ کسی حوالے سے شریک کار رہے۔

ڈاکٹر محمد اسحاق قریشی	جناب عرفان ظفر (چیف ایگزیکٹو ارحم سافٹ)
جناب جمیل اطہر سرہندی	جناب محمود صاحب (ارحم سافٹ)
جناب میاں محمد صادق قصوری	جناب رانا سیف اللہ
صاحبزادہ ابوالسرور محمد مسرور احمد	احسان الحق صدیقی
جناب محمد ناظم بشیر نقشبندی مجدی	ڈاکٹر کریم خاں
جناب ڈاکٹر عقیل احمد خان	پروفیسر حافظ عبدالمجید
جناب ڈاکٹر محمد فاروق حیدر	ڈاکٹر علی اکبر ازہری
جناب پروفیسر حافظ محمد نعیم	ڈاکٹر حسیب قادری
ڈاکٹر افتخار احمد خان	محمد شفیق عاصم
ڈاکٹر محمد اکرم ورک	خواجہ محبوب الٰہی
ڈاکٹر حافظ سجاد	حافظ ذوالفقار علی
ڈاکٹر مطلوب رانا	حافظ فخر الزماں
جناب خواجہ عمر فیاض	جناب شاہد حسین
محمد عارف کوریجہ	جناب محمد راشد مگھالوی
جناب رضاء الحسن قادری	رفعت اویس
ڈاکٹر عمرانہ شہزادی	

جناب ناظم بجا طور پر اس فکر کے امین ہیں جن پر حضرت صوفی رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

گامزن رہے۔ اس فکری جانشینی کی وجہ سے حضرت مجدد علیہ الرحمہ پر ہونے والے ان کاموں میں اساسی و بنیادی کردار کے حامل ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان کی کاوشوں کو اپنی بارگاہ میں قبول فرمائے۔ ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم

ڈاکٹر محمد ہمایوں عباس شمس

مجدد الف ثانی سوسائٹی لاہور

۱۰؍محرم الحرام ۱۴۴۰ھ/۲۱ستمبر ۲۰۱۸ء

بروز جمعۃ المبارک بمقام حسیب شہید کالونی گلی نمبر ۱

فیصل آباد 0300-6659771

drhumayunabbas@gcuf.edu.pk

Marfat.com

تعلیمات حضرت مجدد

(انقلاب و اثرات)

ڈاکٹر محمد اسحاق قریشی

صدر مرکز تحقیق، فیصل آباد

فکر مجدد کے حوالے سے بہت کچھ کہا گیا، بہت سی رہنمائی ہوئی، بہت سے زاویہ ھائے نظر سیدھے ہوئے۔ میں صرف ایک بات کہوں گا۔ حضرت امام ربانی کی تعلیمات کے اثرات آج تو ہیں، اعتراف بھی ہو رہا ہے، لیکن یہ اثرات اسی وقت نمایاں ہو گئے تھے جب وہ پیش کیے جا رہے تھے، پیش کرنے والا اتنا دلیر اور اتنا جرات مند مرد تھا کہ معاند حالات کے باوجود جو کہنا تھا وہ کہہ دیا، انہیں اس بات کا سبق دیا گیا تھا کہ شریعت اسلامیہ میں رخصت کی اجازت بھی ہوتی ہے، سجدہ تعظیمی کا جواز بھی لوگوں نے تلاش کر لیا تھا، دلائل بھی مرتب ہو گئے تھے، حضرت امام ربانی سے یہ کہا گیا تھا کہ آداب شاہی سے بچنے کے لیے یہ رخصت استعمال کر لیجئے تو جواب یہ ملا کہ میں عزیمت کا پیروکار ہوں رخصت کا پیروکار نہیں ہوں، اس دور میں عزیمت کا اظہار کرنا اگرچہ خفی حالت میں آ رہا تھا، میرے نزدیک سامنے کفر کھڑا ہو تو جہاد آسان ہوتا ہے، نہ ادھر ابہام ہوتا ہے نہ ادھر ابہام ہوتا ہے، لیکن سامنے وہ کھڑا ہو جو دین کا دعویٰ بھی کر رہا ہو مگر دین کی مصلحتوں سے انکار بھی کر رہا ہو تو ایسے کو پہچاننے کے لیے ہر ایک کی نظر کافی نہیں ہوتی، ایسے کے لیے مجدد ہی کی نظر چاہیے۔

بادشاہ، حکمران اسلام کا نام لے رہے تھے، خود امام ربانی نے اس بات کا

Marfat.com

اعتراف مکتوبات میں کیا ہے۔ بادشاہ وقت مسلمان بھی ہے اور سنی بھی ہے، اس کے اہلسنت ہونے کی خود شہادت بھی دے رہے ہیں، لیکن کیا کام تھا جو انہیں کرنا تھا، بہت مشکل ہوتا ایسے حالات میں کام کرنا، علامہ بیضاوی نے جب تفسیر بیضاوی لکھی تھی تو کسی نے کہا یہ تفسیر کیوں لکھی ہے کہا کہ تفسیر کشاف تو پہلے سے موجود ہے۔ علامہ زمخشری کی تفسیر تو موجود ہے، اسی پر تو آپ کام کر رہے ہیں، فرماتے ہیں اس کے اندر اعتدال آ گیا تھا، میں نے اعتدال کو کھینچ کھینچ کر نکالا ہے، یہ لفظ ہیں ان کے کہ جس طرح موچنے سے بال کھینچ کر نکالا جاتا ہے اس طرح میں نے اعتدال کھینچ کر تفسیر بیضاوی بنائی ہے۔ مجدد الف ثانیؒ کا کام بھی یہی تھا، چھپے ہوئے کفر کو نکالا ہے۔ دیکھئے سجدہ تعظیمی کا جواز نکالا گیا، بادشاہ کے آگے جھکنا معمول بن گیا تھا، لیکن کیا آپ جان بچانے کے لیے ایسا نہیں کر سکتے تھے۔ انکار کر دیا اور انکار کی شدت ہی اس قدر تھی کہ اس کے اثرات آ گئے۔ وہی جہانگیر جو گوالیار کے قلعے میں قید کر رہا تھا، تکلیفیں دے رہا تھا، استقامت مجددؒ دیکھئے کہ وہی جہانگیر سامنے ہاتھ جوڑ کر کھڑا تھا، یہ تھا انقلاب کو پیدا کرنا۔

حضرت مجدد نے کہا میں تیرا اسلام قبول کرتا ہوں، تیری نیکی مان لیتا ہوں لیکن کچھ شرائط ہیں اور ایک بھی شرط سے وہ انکار نہ کر سکا، سب کچھ منوا لیا، جو طاقت سے نہیں منوایا جا سکتا تھا وہ ایک طاقتور ذات کے ڈر سے منوا لیا، کتنا بڑا انقلاب ہے۔

دیکھئے! ایک طرف اکبر بادشاہ ہے جو خلافت خدائی کا دعویٰ کر رہا ہے، جو حج پہ جانے والوں کو روک رہا ہے۔ اس کا خط ہے۔ کہتا ہے کہ حج پر کیوں چلے گئے ہو یہ قبلہ گاہی حج ہے یہاں آ جایا کرو۔ اس قدر دین سے دور ہو گیا تھا، نظریات بھٹک گئے

Marfat.com

تھے، جہانگیر اسی کا بیٹا تھا، وہی نظریات لے کر آیا تھا، ایک بازار میں چلتے ہوئے عام آدمی کا عقیدہ بدلنا آسان ہوتا ہے کہ وہ تسلیم کرنے کی خور کھتا ہے۔ بادشاہ وقت تو خود ہی نہیں رکھتا تسلیم کرنے کی، وہ تو اپنی انانیت کا شکار ہوتا ہے، ایسی انانیت کے بت کو توڑنا کسی مرد جری ہی کا کام ہوتا ہے اور اس طرح توڑا کہ جھکالیا اپنے سامنے پھر کیا ہوا، تاریخ ہند گواہ ہے کہ شاہ جہاں کیا نکلا اور اورنگزیب دیکھئے، اورنگزیب ایسے نہیں بنتے، کسی مجدد کی ضرورت ہوتی ہے، اقبال جو فلسفہ ملوکیت کے سخت خلاف تھا، وہ بھی جب یہاں آیا ہے تو ٹھہر کے آیا ہے۔ اورنگزیب کے متعلق اس کا جملہ کہ چوں براہیم اندریں بت خانہ بود۔ ہندوستان کے بت کدے میں وہ ابراہیمؑ کی طرح آیا تھا......

تو ''چوں براہیم'' بنانے میں کردار کس کا تھا؟ کس نے اسے بدل کر رکھ دیا تھا، وہ حکمران جو قانون توڑ رہے تھے، جو شریعت اسلامی کا مذاق اڑا رہے تھے، وہ شریعت اسلامی پر کتاب مدون کرنے میں محرک بن گئے۔ فتاوی عالمگیری گواہ ہے کہ یہ انقلاب ہے اور پورے فتاویٰ میں بادشاہ وقت کی رعونت نظر نہیں آتی، مجدد الف ثانیؒ حنفی فقیہ تھے، وہ صوفی تھے اور یہ نہیں کہ صوفیاء باغی ہو جایا کرتے ہیں، وہ بار بار حنفی ہونے کا اعتراف کر رہے ہیں، انہوں نے امام ابوحنیفہؒ کے بارے میں بہت کچھ لکھا۔ اور ان کی عظمت کو سلام کیا، اور وہ یہ نصیحت بھی کرتے تھے کہ اپنی تعلیمات میں حنفی فقہ کو بھی شامل کرو اور یہاں تک کہہ دیا کہ اپنی تعلیمات میں تصوف شامل نہیں کر سکتے تو نہ کرو لیکن فقہ کو ضرور شامل کرو۔ یہ کیا تھا؟ ایک صوفی بول رہا تھا کہ ایک فقیہ بول رہا تھا؟

ان حالات میں جب علماء بھی شیخ اسلامی کے چکر میں پھنس گئے تھے۔ ابو

Marfat.com

الفضل اور فیضی کا علمی مرتبہ تو بڑا بلند تھا لیکن علمی فلسفہ سے کیا لیا۔ مجدد الف ثانی نے فرمادیا کہ علم بڑی طاقت ہے، یہ آیت اتری تھی کہ ☆ اور نبی پاک ﷺ پر اتری تھی لیکن آپ نے اس کے ساتھ دعا کا اضافی کیا تھا ☆ ''یا اللہ مجھے اس علم سے بچالے جو نفع بخش نہیں''، علم کی نفع کا درس مجدد الف ثانیؒ نے دیا، فرمایا اگر تین شرطیں نہ ہوں تو نہ صوفی بنتا ہے نہ عالم بنتا ہے۔ علم ہو، عمل ہو اور اخلاص ہو۔ تین شرائط قائم کردیں، ان پر دین بنتا ہے۔ علم کے بغیر نہیں بنتا، خانقاہوں سے علم اٹھ رہا تھا، وہاں جہالت کے دھبے تھے، مجدد الف ثانیؒ کے وجود کی برکت ہے کہ آج کہیں کہیں خانقاہوں میں علم کی دسترس نظر آرہی ہے، پیر علم پر عمل کرنا ضروری نہیں سمجھتے تھے، وہ اپنے آپ کو شریعت کے تمام مکلفات سے بالاتر سمجھتے تھے، مجدد الف ثانیؒ نے سب کا سر شریعت کے سامنے جھکا دیا، فرمادیا کہ یاد رکھو! قیامت میں بخشش کی امید رکھتے ہو تو یاد رکھنا قیامت میں تصوف کا سوال نہیں ہوگا بلکہ قیامت میں شریعت کا سوال ہوگا۔ یہ جملہ ایک صوفی کی زبان سے نکلا ہے کہ قیامت کے روز اگر پوچھا جائے گا شریعت کے بارے میں پوچھا جائے گا تصوف کے بارے میں نہیں پوچھا جائے گا، اس لیے سب سے بڑا فرض ہے کہ شریعت کے آگے سر جھکاؤ۔ فرمایا یہ شریعت اور طریقت اور حقیقت کی بات ہے اس کی ابتداء بھی شریعت ہے اور انتہاء بھی شریعت ہے، حقیقت اور طریقت تو راستے کے پڑاؤ ہیں جو شریعت کو آسان کرتے ہیں، یہ خادم ہیں شریعت کے، طریقت و حقیقت تو خادم ہیں شریعت کے، شریعت کو تو شروع سے لے کر آخر تک چلنا ہے۔ اور یہاں تک کہہ دیا کہ پیر کتنا بڑا ہو اس کی بات کو رسول اللہ ﷺ کے قول کے مطابق دیکھا کرو، اگر وہ نہ ماننے سے انکار کردیا کرو۔ یہ تھا وہ انقلاب جو پیدا کیا،

Marfat.com

آپ یہ دعا فرماتے کہ یا اللہ کفر سے بچا کر رکھنا، وہاں اتحاد بین الادیان کے دعوے ہو رہے تھے، وہاں دین کو دین سے ملانے کی باتیں ہو رہی تھیں کہہ رہے تھے کہ سارے دین اللہ کی طرف جاتے ہیں، ہر خط جو مرکز سے جاتا ہے اور محیط تک جاتا ہے برابر ہوتا ہے، صوفیاء یہ باتیں کر رہے تھے اس دور میں کہ دائرے سے جو خط نکلتا ہے مرکز سے وہ برابر ہوتا ہے اس لیے کسی کو ترجیح حاصل نہیں ہے۔

مجدد الف ثانی نے کھل کر اس کی مخالفت کی ،فرمایا قرآن تو لکم دینکم ولی دین کی پکار دے رہا ہے، قرآن تو کہہ رہا ہے کہ تمہارا دین تمہارا ہے میرا دین میرا ہے، قرآن تو دین کی تقسیم کر رہا ہے، تم دین پر ناحق باتیں کیسے کہ سکتے ہو۔ ایک ایک بات سوچیے۔

میں دیکھ رہا تھا کہ ایک خط لکھ رہے ہیں کسی کو کہ فلاں آدمی ہے مسلمان ہے، شاعری کرتا ہے کفری تخلص رکھ لیا ہے۔ سخت ناراض ہو کر خط لکھ دیا کہ کفر کی کوئی نسبت بھی اچھی نہیں ہوتی، ختم کرو اس کو۔ دین دیا گیا ہے ۔ آیت تمہارے سامنے ہے۔ صوفی ہو تو بھی خانقاہ سے مدینہ دیکھو، درس گاہ میں بھی ہو تو وہاں بھی اصحاب صفہ کی منزل دیکھو۔ الغرض جہاں بھی ہو نظر وہیں رہنی چاہئے۔

یہاں میں بڑی جسارت کرنے لگا ہوں کہ میں اس درگاہ کو درگاہ ہی نہیں مانتا جس درگاہ میں کھڑا ہو کر مدینہ نظر نہیں آتا۔ یہ درگاہ ہیں مرکز نہیں ہیں یہ نشان منزل ہیں منزل مدینہ ہے۔ یہی سبق دیا تھا مجدد الف ثانیؒ نے کہ چھوڑ دو سب کو، کچھ نہ کہو۔

مجھے خط پڑھ کر حیرت ہوتی ہے۔ حضرت خواجہ باقی باللہؒ نے خط لکھا خواجہ عبد الحق محدث دہلویؒ کو کہ عبد الحق یہ بتاؤ شریعت اسلامیہ کی رو سے بندہ اپنے رب کے

Marfat.com

قریب کب جا سکتا ہے؟ ایک صوفیاء کا امام ایک محدث سے پوچھ رہا ہے۔ حضرت شیخ محدث نے جواباً خط لکھا ان کے مکتوبات میں آج بھی شامل ہے۔ کہا حضرت صاحب مجھے تو یہی حدیث ملی ہے کہ بندہ اپنے رب کے نزدیک سجدے کی حالت میں ہوتا ہے، مومن کی معراج سجدہ میں ہے اسی میں قرب ملتا ہے۔ یہ تھا پیغام جو دیا تھا شریعت کو توڑ کر آگے نکل جانا، شریعت کے بارے میں مذاق تک کرتے چلے جانا، کیا یہ علم ہے؟ علم کا انکار نہیں ہے..... سواطع الالھام تفسیر جب دیکھی ہے، فیضی کا علم نظر آتا ہے، فیضی کی منہ شگافیاں نظر آتی ہیں دفتر ابوالفضل جب بھی پڑھا ہے ابوالفضل کی کتابت کے جوہر نظر آئے ہیں۔

علم جب تک واردات نہیں بنتا ناقص ہوا کرتا ہے، علم کو واردات بن جانا چاہئے، انسان کے ضمیر کا حصہ بن جانا چاہئے،

صرف معلومات علم نہیں، اگر معلومات علم ہے تو کمپیوٹر آپ سے زیادہ جانتا ہے۔ کیوں علم حاصل کرنے جاتے ہو۔ کیوں بڑے سے بڑا صوفی بھی امام ابوحنیفہ کی صف میں بیٹھا ہوتا ہے؟

اسی لیے مجدد الف ثانیؒ نے لوگوں کو شریعت کی طرف جھکایا ہے اور کہا کہ ایک ہی وجود جس کے سامنے جھکنا ہے۔ انہی کی بات ماننی ہے۔ ان کی بات کسی پیر کے منہ سے نکلے تو پیر قابل قدر ہے کہ کیا اچھی بات کہہ رہا ہے۔ اگر ایسی بات نہیں نکلی ہوئی بات کو دور کر دینا ہے۔ یہ پیغام دیا تھا، اسی لیے شریعت پر چلے، اسی لیے یہاں اسلام بچا ہے۔ برصغیر میں اسلام کا بچنا بہت بڑی بات ہے، یہاں تو گمراہی کا دور دورہ تھا۔ ملفوف ماورائیت انسانوں کے ذہنوں کو مسخر کر رہی تھی، جدلیت کی ہمہ ہمی

Marfat.com

تھی۔انسان چکر میں آ گئے تھے،مجدد الف ثانیؒ نے نکالا اس چکر سے، یہ بصیرت تھی، عالم تھے علم کی بات کی ہے۔

ایک خط لکھتے لکھتے آخر میں یہ بات لکھتے ہیں...... میری تو نصیحت یہ ہے کہ محمد عربی کا بروی ہر دو سرا است .... کسے کہ خاک درش نیست خاک برسر اوست یہی پیغام ہے مجدد الف ثانیؒ کا۔ یہی پیغام آج زندہ ہونا چاہئے۔صوفیاء کو اپنی درگاہوں میں رسول اللہؐ کی شریعت کی پیروی کرنی چاہئے۔

قرآن مجید میں ہے فَاِنَّکَ بِاَعْیُنِنَا ترجمہ: ''اے نبی ﷺ آپ ہماری نظروں میں ہیں'' میں نے بہت سوچا کہ چلتے پھرتے ہوں گے ،نظر میں ہوں گے۔اٹھتے بیٹھتے ہوں گے تو نظر میں ہوں گے۔اب تو قبر انور میں چلے گئے،اب رب کی نظر میں کون ہے؟ تو اسی بات پر یقین آیا کہ آج بھی میرا پروردگار اپنے رسول ﷺ کو تلاش کر رہا ہے۔جس وجود میں رسول ﷺ کی جھلکیاں دیکھ لیتا ہے اسے ہی پیار کرنے لگتا ہے۔وجود معتبر نہیں ہے، وجود کا وہ حصہ معتبر ہے جس حصے میں اتباع رسول چلی جائے ،وہی اللہ کو پسند ہے۔آئیے! مجدد الف ثانیؒ کے اس قول پر عمل کریں کہ اپنے آپ کو رسول اللہ ﷺ کے آگے جھکا دیں ،صحابہ کے خدمت گزار بن جائیں۔صوفی کتنا بھی بڑا ہو جائے صحابی نہیں بن سکتا، نبی تو بڑی دور کی بات ہے۔فرمایا ولی بڑے سے بڑا ہو جائے چھوٹے سے چھوٹے صحابی جیسا بھی نہیں ہو سکتا۔خواہ ولی اویس قرنیؒ ہی کیوں نہ ہو کیوں کہ رسول اللہ ﷺ کا چہرہ مبارک نہیں دیکھا ہے۔اللہ تعالیٰ سے دعا کیجئے کہ اس چہرے کی منزلت ذہن میں رہے۔ایک تابعی نے حضرت عمر بن رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے پوچھا، یہ وہ صحابی ہیں جنہوں نے مصر

Marfat.com

فتح کیا، فاتح مصر ہیں۔ پوچھا عمر بن عاص رسول اللہ ﷺ کا چہرہ کیسا تھا؟ کہا تمہیں خبر ہے، ہم کیسے بیٹھتے تھے، ہم سر جھکا کر بیٹھتے تھے، حدیث میں موجود ہے کہ صحابہ اس طرح بیٹھے ہوتے تھے جس طرح پرندے سروں پر بیٹھے ہوتے تھے۔ کہا دیکھا نہیں، کہا دیکھا...... علامہ عبداللہ ابن بر نے حدیث نقل کی ہے، کہا جب بھی ان ﷺ کے چہرے پر نظر پڑی ہے وہ مجھے قرآن کا ورق نظر آیا۔ صحابی نے قرآن رسول اللہ ﷺ کے چہرے پر پڑھا ہے، ہم نے کاغذ پر پڑھا ہے، فرق بڑا ہے۔

Marfat.com

صوفیۂ خام

حضرت مجدد الف ثانیؒ کے افکار کا مطالعہ

صحیح اور سقیم، حق اور باطل کی نمائندگی کرنے والے افراد ہر دور میں مختلف رہے ہیں لیکن بنیادی نقطہ ہائے نظر دو ہی ٹھہرے، ایک نے ہدایت اور صراط مستقیم کی نمائندگی کی اور دوسرے نے گمراہی وضلالت کی۔ انبیائے کرام علیہم السلام اوران کے جانشینوں نے ہمیشہ اور ہر دور میں مشن انبیاء کا پرچار کیا، اس مشن میں محور ومرکز ذات انبیاء بنی اور دوسرے گروہ نے ابلیسی مشن کے لیے تگ ودو کی اور تلبیسی حربوں کے ذریعہ انسانیت کو سراب کا شکار کیا۔ اخلاص وللّٰہیت پہلے گروہ کا خاصہ اور منافقت و عیاری دوسرے گروہ کی پہچان بنی۔ تلبیسی حربے استعمال کرنے والوں کے چنگل میں ہمیشہ لوگ سادگی، کم علمی اور غلط فہمی کی بنیاد پر پھنستے رہے اور ملمع کاری کی وجہ سے لوگ دھوکہ کھاتے رہے کیونکہ ابلیسی قوتیں ہر آدمی کے مزاج وذوق کے مطابق گمراہ کرنے کے لیے آمادہ رہتی ہیں۔

جس طرح حدیث کی حجیت و اہمیت اور ضرورت کو دیکھ کر لوگوں نے احادیث وضع کرنا شروع کر دیں مگر علمائے ربانین اور ائمہ حدیث نے واضعین کے مکروہ عزائم کا پردہ چاک کیا۔ اسی طرح صوفیہ جن کے ذمہ اصلاح باطن اور اخلاق عالیہ کی ترویج تھا، ان کے بھیس میں لوگ جانشین ابلیس بن کر طاغوتی فکر کی اشاعت

Marfat.com

میں مگن رہے مگر مخلصین ہر دور میں ان لوگوں کی عیاریوں کو طشت از بام کرتے رہے۔ شیخ علی ہجویری، امام شعرانی اور حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہم اجمعین جیسے صاحبان علم وعمل نے ان گمراہ کن عناصر کی فریب کاریوں سے عامۃ الناس کو آگاہ کر کے خدمت انسانی اور مشن نبوی کی پاسبانی کا عظیم فریضہ انجام دیا۔

حضرت مجدد الف ثانی (م:۱۰۳۱ھ) کے دور میں ابلیسی قوتوں کی نمائندگی، وقت کا حکمران کر رہا تھا۔ طاغوتی قوتیں اس کی نگرانی میں فکر اسلامی کی بنیادوں کو منہدم کرنے کے درپے تھیں۔ ان مشکل حالات میں حضرت امام ربانی نے اپنی تحریروں میں علماء وصوفیہ کے کردار پر سخت تنقید کی اور ان کے منصب کے تقاضوں سے انہیں آگاہ کیا، علمائے سوء اور صوفیائے خام کی اصطلاح آپ نے بکثرت استعمال کی۔

آپ نے صوفیہ کے دینی دائرہ کار کو واضح طور پر بیان کر دیا۔ اسی کے واضح نہ ہونے کی وجہ سے ہر دور میں گمراہیاں جنم لیتی ہیں۔ آپ کے درج ذیل الفاظ سنہری حروف میں لکھے جانے چاہیں: ''عمل صوفیہ در حل وحرمت سند نیست ہمیں بس نیست کہ ما ایشاں را معذور داریم وملامت نکنیم وامر ایشاں را بہ حق سبحانہ وتعالیٰ مفوض داریم، اینجا قول امام ابوحنیفہ، وامام ابی یوسف وامام محمد معتبر است، نہ عمل ابی بکر شبلی وابی حسن نوری''۔ (سرہندی شیخ احمد، مکتوبات امام ربانی، تہران دفتر اول مکتوب ۲۶۶)

صوفیہ کا عمل حل وحرمت میں سند نہیں۔ کیا ان کے لیے یہی کافی نہیں کہ ہم ان کو معذور سمجھیں اور ان کو ملامت نہ کریں اور ان کا معاملہ اللہ تعالیٰ کے سپرد کر دیں۔ یہاں تو امام ابوحنیفہ، امام ابو یوسف اور امام محمد رحمہم اللہ کا قول معتبر ہے نہ کہ ابو بکر شبلی اور ابوالحسن نوری کا عمل۔

Marfat.com

اسی مکتوب میں آپ نے یہ بھی وضاحت کردی کہ پیروں کے عمل کا بہانہ بنا کر اطاعت وفرمانبرداری سے منہ موڑنے والے صوفیہ خام ہیں۔ وہ قرآن کی روشنی میں اس طرز عمل کو لھو ولعب قرار دیتے ہیں۔ مکتوب کی اصل عبارت یہ ہے:

صوفیانِ خام این وقت عمل پیران خود را بہانہ ساختہ، سرود ورقص رادین و ملت خود گرفتہ اندو طاعت و عبادت ساختہ اولئک الذین اتخذو دینھم لھوا ولعبا. (ایضا)

اس بے عملی کے علاوہ ایک اور اہم چیز جس کو صوفیائے خام کے ہاں معیار ولایت سمجھا جاتا ہے وہ کرامات وخرق عادت واقعات ہیں مگر یہ کبھی بھی حقیقی صوفیہ کے ہاں معیار نہیں رہا۔ اصل کرامت شریعت مطہرہ پر عمل ہے۔ اس عمل کے صلہ میں اگر کوئی انعام عطا ہوتا ہے تو صرف وہ معیار ولایت نہیں۔ میر محمد نعمان کو ایک مکتوب میں تحریر فرماتے ہیں: ''جان لیں کہ خوارق وکرامات کا ظہور ولایت کے لیے شرط نہیں اور جس طرح علماء خوارق وکمالات کے حصول کے مکلّف نہیں ہیں۔ اسی طرح اولیاء بھی خوارق کے ظہور کے مکلّف نہیں کیونکہ ولایت سے مراد قرب الٰہی جل سلطانہ ہے جو نسیان ماسوی کے بعد حق جل وعلا اپنے اولیاء کو عنایت فرماتا ہے۔ بعض کو یہ قرب عطا فرمایا جاتا ہے مگر احوال غیب کی اطلاع نہیں دی جاتی اور بعض کو دونوں چیزیں ملتی ہیں۔ تیسرے وہ جن کو قرب کی دولت سے کچھ نہیں ملتا لیکن غیب پر اطلاع مل جاتی ہے۔ یہ تیسرا شخص اہل استدراج سے ہے کہ جس کے نفس کی صفائی نے اس کو مغیبات کے کشف میں مبتلا کر کے گمراہی میں ڈال دیا ہے۔'' (ایضاً دفتر دوم، مکتوب ۹۲)

Marfat.com

حضرت امام ربانی رحمۃ اللہ علیہ نے خواجہ باقی باللہؒ کے صاحبزادگان کو ایک مکتوب تحریر کیا جس میں کلامی مباحث پر تفصیل سے روشنی ڈالی گئی۔ یہ مکتوب ظاہر کرتا ہے کہ بنیادی کلامی مسائل سے ناواقف کا شمار بھی صوفیائے خام میں ہی ہوتا ہے۔ درج بالا امر کے حوالہ سے اس مکتوب کا یہ اقتباس بھی لائق مطالعہ ہے۔ اس میں آپ نے ایسے امور کو لہو ولعب میں داخل فرمایا ہے:

وایضاً مقصود از سلوک طریقہ صوفیہ نہ آن است صور واشکال غیبی رامشاہدہ نمابندو انوار والوان را معاینہ کنند، ایں خود داخل لہو ولعب است۔

(ایضاً دفتر اول مکتوب ۲۶۶)

اس کے لھو ولعب میں داخل ہونے کی وجہ یہ بیان کی ہے کہ یہ انوار اور غیبی شکلیں مخلوق ہیں اور اس مخلوق کے لئے عبادت وریاضت کس قدر نقصان کی بات ہے۔ (ایضاً)

درج بالا مباحث سے یہ حقیقت واضح ہوتی ہے کہ لہو ولعب میں مشغول لوگ ''صوفیۂ خام'' ہیں۔ یہ لہو ولعب علمی، عملی اور اعتقادی جس اعتبار سے بھی ہو قابل قبول نہیں۔ ایسے لوگ فساد کا سبب ہیں اور ان کا فساد متعدی ہے یعنی دوسرے بھی اس سے متاثر ہوئے بغیر نہیں رہ سکتے۔ حضرت مجددؒ نے اپنے زمانہ کے صوفیہ کے احوال پر یہ تبصرہ باین الفاظ کیا۔

واکثر جھلای صوفی نما این زمانہ حکم علماء سوء دارند۔
فساد اینھا نیز فساد متعدی است (ایضاً دفتر اول مکتوب ۴۷)

Marfat.com

عملی کوتاہیوں کے اعتبار سے آپ نے جن امور کی طرف توجہ دلائی وہ بھی بہت اہم ہیں:

صوفیۂ خام ذکر و فکر را از اهم مهمام دانسته، دراتیان فرائض و سنن مساهلات می نمایند و اربعینات و ریاضات را اختیار نموده ، ترک جمعه و جماعت می کنند . نمی دانند که ادای یک فرض به جماعت از هزاران اربعین ایشان بهتراست . آری ! ذکر و فکر بامراعات آداب شرعیه بهتر ومهم تراست. (ایضاً دفتر اول، مکتوب ۲۶۰)

صوفیائے خام ذکر اور فکر کو اہم ترین ضروریات جان کر فرائض اور سنتوں کی بجا آوری میں سستی کرتے ہیں اور چلوں اور ریاضتوں کو اختیار کر کے جمعہ اور جماعت کو ترک کر دیتے ہیں۔ وہ یہ نہیں جانتے کہ ایک فرض کا جماعت کے ساتھ ادا کرنا ان کے ہزار چلوں سے بہتر ہے۔ ہاں آداب شرعیہ کی رعایت کے ساتھ ذکر وفکر میں مشغول ہونا بہت بہتر اور اہم ترین کام ہے۔

عصر حاضر میں صوفیائے خام کے زیر اہتمام رات دیر تک جاری رہنے والی محافل جن میں فرائض ترک ہوتے ہیں، پھر نماز فجر سے محرومی رہتی ہے، ایسی محافل بھی اسی میں شامل ہیں۔ عصر حاضر میں صوفیائے خام کی ایک اور بیماری اور پیدا کئے جانے والے وساوس پر محمد مقیم قصوری کے نام خط میں حضرت مجددؒ نے تحریر کیا:

یہ بھی جان لینا چاہیے کہ المجاز قنطرة الحقيقة (مجاز حقیقت کا پل ہے) اس صورت میں ہے جب کہ مجاز کی گرفتاری درمیان میں نہ آئے (بلکہ ایک نظر

Marfat.com

کے بعد) نظر ثانی کی نوبت نہ پہنچے پس وہ نظر اولی ہی ہے جو حقیقت کا پل ہے اور جس کی نسبت مخبر صادق علیہ وعلی آلہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا النظرۃ الاولی لک گویا لک سے اس دولت کے حاصل ہونے کی طرف اشارہ فرمایا ہے اور عیاذًاباللہ سبحانہ مجاز کی گرفتاری درمیان میں آ گئی۔ نظر ثانی تک نوبت پہنچ گئی تو وہی حقیقت تک پہنچنے کا مانع ہے، وہ قنطرۃ تو کیا بلکہ وہ تو ایک بت ہے جو اپنی پرستش کی طرف بلاتا ہے اور ایک دیو ہے جو حقیقت سے برگشتہ کرتا ہے اسی لیے مخبر صادق علیہ وعلی آلہ والصلوٰۃ والسلام نے نظرۂ ثانیہ کو مضر جانتے ہوئے النظرۃ الثانیہ علیک فرمایا ہے اور اس سے زیادہ کون سی چیز مضر ہوگی جو حق سے باز رکھے اور باطل میں گرفتار کرے۔ اور جاننا چاہیے کہ پہلی نظر بھی اس وقت فائدہ مند ہے جبکہ اپنے اختیارات سے نہ ہو اور اگر اپنے اختیار سے ہوگی تو وہ بھی نظرۂ ثانیہ کا حکم رکھتی ہے۔ اس مطلب کے اثبات کے لیے آیہ کریمہ قُلْ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ يَغُضُّوْا مِنْ اَبْصَارِهِمْ (آپ مومنوں سے فرمادیں کہ اپنی نظروں کو نیچا رکھا کریں) کافی ہے۔

صوفیائے خام اس عبارت کے معنی نہ سمجھنے اور غلط معنی کرنے کی وجہ سے وہ حسین شکلوں کے ساتھ تعلق پیدا کر لیتے ہیں اور ان کے ناز و انداز پر فریفتہ ہو جاتے ہیں۔ اس طرح پر کہ اس (عشق و محبت) کو حقیقت تک پہنچنے کا وسیلہ اور مطلوب کے حاصل ہونے کا زینہ بنائیں، ہرگز ایسا نہیں ہے، بلکہ یہ امر سراسر مطلوب کا سدِّ راہ اور مقصود کے حاصل ہونے کا حجاب ہے اور یہ ایک باطل ہے جو ان کی نظر میں مزین و آراستہ ہو گیا ہے اور وہ دھوکے میں آ کر اس کو حقیقت سمجھ بیٹھے ہیں۔ ان میں سے بعض صوفی ان صورتوں کے حسن و جمال کو حق جل شانہ کا حسن و جمال سمجھ کر ان کی گرفتاری کو عین حق تعالیٰ کی

Marfat.com

گرفتاری جانتے ہیں اوران کے مشاہدے کوحق تعالیٰ کا مشاہدہ خیال کرتے ہیں اور ان میں سے بعض کہتے ہیں۔

امروز چوں جمال تو بے پردہ ظاہرست
در حیرتم کہ وعدۂ فردا

(ایضاً، دفتر سوم، مکتوب ٦٦، نیز یہ مضامین دفتر سوم کے مکتوب ٦١ میں بھی ہیں۔)

دورحاضر میں صوفیہ کی اکثریت ''گرفتار بہ مجاز'' ہےاور یہ مجاز ہر مادی جہت کے اعتبار سے ہے۔اسی مادی جہت کوعصر حاضر کے صوفیہ خام نے ''حقیقت'' سمجھ لیا ہے۔حضرت امام ربانی نے اس مکتوب میں مجاز کی ان تمام صورتوں پر ضرب لگائی اور یہ سمجھانے کی کوشش کی کہ مجاز میں گرفتار ہوکر حقیقت کو پالینے کا دعویٰ محض افسانہ ہے۔

حضرت مجدد الف ثانیؒ صوفی اسے شمار کرتے ہیں جو عالم شریعت ہو۔ایک سوال قائم کرنے کے بعد اس کا جواب دیتے ہوئے لکھتے ہیں: ''یہاں کوئی یہ سوال نہ کرے کہ (ماسوااللہ میں) گرفتار طالب علم (ماسوااللہ سے) آزاد صوفی سے کس طرح مقدم ہوگا۔ہم اس کے جواب میں کہتے ہیں کہ اس سائل نے بات کی حقیقت کو حاصل نہیں کیا اور طالب علم باوجود (ماسوااللہ کی) گرفتاری کے خلقت کی نجات کا سبب ہے کیونکہ احکام شرعی کی تبلیغ اس کو حاصل ہے اگرچہ خود اس سے نفع حاصل نہیں کرتا اور صوفی نے (ماسوااللہ) سے آزادی کے باوجود اپنے نفس کو آزاد کرلیا ہے (اس لیے خلقت سے اس کا کوئی تعلق نہیں رہا ہے اور یہ بات ثابت ہے کہ جس شخص کے ساتھ بکثرت لوگوں کی نجات وابستہ ہو وہ اس شخص سے بہتر ہے جو صرف اپنی نجات کے درپے ہو۔ہاں البتہ جس صوفی کو فنا و بقا اور سیر عن اللہ و باللہ کے بعد دنیا (مخلوق) کی

Marfat.com

طرف لوٹا دیا گیا ہو اور خلقت کی دعوت (یعنی مخلوق کو راہ راست کی طرف لانے کا فریضہ انجام دینے) کے مقام پر لے آئے ہوں اس کو مقام بخت سے حصہ حاصل ہے چنانچہ وہ شریعت کی تبلیغ کرنے والوں میں داخل ہے اور وہ بھی علمائے شریعت کا حکم رکھتا ہے۔ (مکتوب ۴۸ دفتر اول)

اس مکتوب میں جن کو ''......داخل مبلغان شریعت است وحکم علماء شریعت دارد'' میں شامل کیا ہے وہی دراصل حقیقی صوفیہ ہیں اوران سے ماسوا صوفیۂ خام کے درجہ میں ہیں۔

آخر میں خلاصہ کے طور پر صوفیہ کو کی گئی نصیحت بڑی اہمیت کی حامل ہے اور اس مبحث میں فکر مجدد کی آئینہ دار بھی، ملاحظہ فرمائیں:

وصوفیه وقت نیز اگر برسر انصاف بیایند و ضعف اسلام و افشای کذب راملاحظه کنند، باید که درماورای سنت تقلید پیران خود نکنند و امور مخترعه رابه بهانه عمل شیوخ، دیدن خود نگیرند، اتباع سنت البته منجی است و مثمر خیرات و برکات و درتقلید غیر سنت، خطر و خطراست وما علی الرسول الاالبلاغ (ایضاً دفتر دوم مکتوب ۲۳)

صوفیائے وقت بھی اگر انصاف سے کام لیں اور اسلام کے ضعیف ہونے اور جھوٹ کے شائع کرنے کو ملاحظہ فرمائیں تو ان کو چاہیے کہ سنت کے خلاف امور میں اپنے پیروں کی تقلید نہ کریں اور اپنے شیوخ کے عمل کا بہانہ بنا کر امور مخترعہ کو اپنی عادت نہ بنائیں۔ سنت کا اتباع یقیناً نجات

Marfat.com

دینے والا اور خیرات و برکات بخشنے والا ہے اور سنت کے خلاف امور کی تقلید میں خطرہ ہی خطر ہے۔ وما علی الرسول الا البلاغ۔

یہ نصیحت انہوں نے اپنے دور کے صوفیہ کو کی مگر آج بھی اس میں اتنی ہی صداقت ہے جتنی اس دور میں تھی اور اس نصیحت کی آج ماضی سے کہیں زیادہ ضرورت ہے۔ وما علی الرسول الا البلاغ کے ذریعہ اس حقیقت کے اظہار میں تاکید پیدا کر دی۔

درج بالا اقتباسات سے یہ حقیقت ثابت ہوتی ہے کہ اتباع رسول ﷺ میں روز و شب گزارنے والے ہی حقیقی صوفی ہیں اور دیگر صوفیۂ خام۔

Marfat.com

سلسلہ نقشبندیہ کے نو نادرالوجود قلمی نسخوں کی عکسی اشاعت

نہایت مسرت کے ساتھ یہ اعلان کیا جارہا ہے کہ ہمارے ادارہ امام ربانی پبلی کیشنز، لاہور نے اس کانفرنس کے موقع پر نو بہت ہی منفرد مخطوطات عکسی صورت میں شائع کیے ہیں، جو اس وقت آپ کے سامنے آویزاں ہیں۔

اس سے پہلے ہمارے ادارہ نے نے ۲۰۱۶ء کو امام ربانی مجدد الف ثانی کے نامور خلیفہ حضرت شیخ آدم بنوری کی سلوک پر کتاب خلاصۃ المعارف (دو جلدیں) شائع کی تھی، پھر رب کریم کی عنایت سے ۲۰۱۷ء کو ہم نے سلسلہ نقشبندیہ کے تین مزید لیکن منحصر بفرد قلمی نسخے شائع کیے، یعنی رسائل خواجہ محمد ہاشم کشمی، بہجۃ النظار فی براۃ الابرار (در دفاع حضرت مجدد الف ثانی) اور فضائل الباری (ملفوظات حاجی دوست محمد قندھاری) اور ارمغان امام ربانی کی آٹھویں جلد میں اس سلسلہ کے چھوٹے مخطوطات یعنی رسالہ وحدت الوجود (تالیف مولانا عبداللہ لبیب سیالکوٹی)، کمالات مظہریہ (احوال میرزا مظہر جان جاناں شہید) اور مجمع التواریخ (قطعات تاریخ وفات اولیاء) شامل کیے تھے اس جلد میں ڈاکٹر ہمایوں عباس شمس صاحب کے مرتبہ دو متوں رسالہ صاحبیہ اور کحل الجواہر بھی طبع کیے گئے ہیں۔

اب اللہ تعالیٰ کی بے پایاں رحمت سے ہمیں مزید چار نہایت اہم اور یونیک مخطوطات کی اشاعت کی توفیق ہوئی ہے، جن میں قران السعدین (حالات

Marfat.com

حضرت شیخ محمد سعید لاہوری (ف ۱۱۴۵ھ/۳۲-۱۷۳۲ء) مناقب مخدوم محمد ہاشم ٹھٹھوی (ف ۱۱۷۴ھ/) ، مناقب مخدومین (احوال حضرت شاہ صفی اللہ معصومی (ف ۱۲۱۲ھ/ ۱۷۹۶ء) اور مخدوم محمد ابراہیم ٹھٹھوی (ف ۱۲۲۵ھ/۱۸۱۰ء) اور رسائل در انساب اولاد حضرت مجدد الف ثانی کتابی صورت میں بہت عمدہ اور جالب توجہ انداز میں شائع کی ہیں۔

حسب سابق اس مرتبہ ارمغان امام ربانی کی نویں جلد میں بھی پانچ بہت ہی یونیک چھوٹے مخطوطات کے عکس شامل کئے ہیں، یعنی رسالہ ردشبہات برکلام حضرت مجدد الف ثانی (تالیف شاہ محمد یحییٰ فرزند اصغر حضرت مجدد الف ثانی) معدن الجواہر (احوال حضرت شیخ صبغۃ اللہ بن حضرت خواجہ محمد معصوم سرہندی) مکتوبات حضرت خواجہ غلام محی الدین قصوری خلیفہ حضرت شاہ غلام علی دہلوی اور ملفوظات عثمانی کا وہ جز شائع کیا ہے جو آپ کے مطبوعہ مجموعہ ملفوظات فوائد عثمانیہ میں نہیں ہے، رشحات عنبریہ (احوال شاہ احمد سعید مجددی) بھی شام ہیں۔

حسب روایت ان آٹھ مخطوطات پر ہمارے ادارے کے رکن پروفیسر محمد اقبال مجددی نے مقدمات لکھے ہیں، نومخطوطات و مصورات پروفیسر مجددی صاحب کے بیش بہا ذخیرۂ مخزونہ پنجاب یونیورسٹی لائبریری، لاہور) میں محفوظ ہیں، ہمارا ادارہ مذکورہ لائبریری کے عملہ کے تعاون پر ان کا شکریہ گذار ہے کہ انہوں نے ان کی عکس بندی بہت ہی جانفشانی سے کر کے ہمارے حوالہ کی، اس کانفرنس کے موقع پر عزیز القدر مولانا حافظ محمد رضاء الحسن قادری کا بھی حصہ ہے، انہوں نے دو بہت ہی نادر قلمی نسخوں رسائل شاہ عنایت قادری قصوری اور مکتوبات شاہ احمد سعید مجددی شائع

Marfat.com

کئے ہیں۔

پروفیسر مجددی صاحب اب زیادہ علیل اور ضعیف ہو چکے ہیں لیکن کے باوجود انہوں ہماری درخواست پر تعارفی اور تحقیقی مقدمات لکھ کر اہل علم وعرفان پر احسان کیا ہے، رب کریم انہیں شفاء عطا فرمائے، آمین۔

مخلص

۲۳ جولائی ۲۰۱۸ء — محمد ناظم بشیر

مہتمم امام ربانی پبلی کیشنز، لاہور

Marfat.com

جنگِ آزادی ۱۸۵۷ء میں مجددی حضرات کا کردار

ڈاکٹر محمد نوید ازہر

(شعبہ اردو، گورنمنٹ اسلامیہ کالج ریلوے روڈ لاہور)

اٹھارہ سو ستاون کا سال ہندوستانی عوام کے لیے قیامتِ صغریٰ تھا۔ حکومت کی طرف سے مذہبی مداخلت بہت بڑھ گئی تھی۔ انگریز حکومت ہندو، مسلم، عیسائی، سب کے مذہب اور رسم و رواج میں مداخلت کر کے اسے اپنے ملک کے رسم و رواج کے مطابق کرنا چاہتی تھی۔ پادری اپنے لیکچرز میں مذہبی منافرت پھیلاتے تھے۔ ایسی کتابیں چھاپی گئی تھیں، جن میں دوسرے مذاہب کے مقدس لوگوں کے بارے میں دل شکن مضامین درج تھے۔ پادری سرکاری پشت پناہی کی بنیاد پر غیر مذہب کے لوگوں کے مجمع، تیرتھ اور میلہ میں جا کر اپنا وعظ شروع کر دیتے اور ان کی دل آزاری کرتے تھے۔ مشنری سکول کھولے گئے تھے، جن میں مذہبی تعلیم شروع کی گئی اور لوگوں کو ان میں داخلے کی ترغیب دی گئی تھی۔ امتحان مذہبی کتابوں میں سے لیا جاتا تھا۔ عیسائی مذہب کے مطابق جواب لکھنے والے کو انعام دیا جاتا تھا۔ مسلمانوں کے دینی مدارس کو ختم کرنے کی پوری کوشش کی گئی تھی۔ دیہاتی مکتب کھولے گئے تھے، جن کا مقصد لوگوں کو عیسائی بنانا تھا۔ لڑکیوں کے اسکول کھولے گئے تھے، جن سے ان کا پردہ متاثر ہونے کا خدشہ تھا۔ مسلمانوں کو ختنہ سے روکا گیا تھا۔ عورتوں کا پردہ ختم کرانے کی کوشش کی گئی تھی۔ بڑے بڑے کالجوں میں طریقہ تعلیم تبدیل کر کے عربی کی قدر کم کی گئی تھی۔ فقہ و حدیث کی تعلیم کو یکسر ختم کر دیا گیا تھا۔ فارسی بھی عدم توجہی کی

Marfat.com

نذر ہوگئی تھی۔ انگریزی کو بہت اہمیت دی گئی تھی۔ نوکری کا اہل اس آدمی کو قرار دیا گیا تھا، جو مدرسہ کا تعلیم یافتہ ہو اور مخصوص علوم پڑھ کر انگریزی میں امتحان دے کر سند لی ہو۔ معمولی نوکریاں بھی ڈپٹی انسپکٹروں (کالے پادریوں) کی سفارش پر موقوف ہو گئی تھیں۔ بعض اضلاع میں، جیل خانوں میں، ایک ہی شخص کے ہاتھ کا پکا ہوا کھانا کھانے کے احکام جاری کیے گئے تھے، جس سے ہندو مذہب کو زد پہنچی تھی۔ ہندو اپنے مذہب کے احکام کو بطور رسم و رواج کے ادا کرتے تھے، جبکہ مسلمانوں کے لیے مذہبی احکام میں اخروی نجات کا دارو مدار تھا، اس لیے اس حکومتی مداخلت سے انھیں زیادہ تکلیف پہنچی تھی۔

ان امورِ عامہ کے ساتھ ساتھ ایسے آئین اور ضوابط کا نفاذ کیا گیا تھا، جو اہلِ ہندوستان کے لیے موافق نہ تھے۔ حکومتی اہل کاروں اور عوام میں ایسی حدِ فاصل قائم تھی، جس سے انھیں عوام کے دکھ درد کا اندازہ نہیں ہوتا تھا۔ حکومت کا مذہب ہندوستانی عوام سے مختلف تھا، یہ بات عوام میں غم و غصہ پیدا کرتی تھی۔ حکومت جو قرض لیتی تھی، اسے ملکی وسائل سے ادا کیا جاتا تھا، جس سے ملک محتاج اور غریب ہوتا جا رہا تھا۔ حکومت نے ملک کی تمام پیداوار خرید کر غلے کی قیمت اور سپلائی پر اجارہ داری قائم کر لی تھی، تاکہ عوام اس کی محتاج ہو جائے۔ دیسی مصنوعات کی بجائے ولایتی مصنوعات آنے لگی تھیں، اس سے عوام کی نفع اندوزی کے مواقع ختم ہو گئے تھے۔ ایسی باتوں سے ظاہر ہوتا تھا کہ حکومت کے دل میں ہندوستانی عوام کی کوئی قدر و قیمت نہیں۔ حکام، رعایا کو عزت کی نگاہ سے دیکھنے کی بجائے ہر موقع پر ذلیل و رسوا کرتے تھے اور زبردست احساسِ برتری میں مبتلا تھے۔ عوام کے ساتھ سخت مزاجی

Marfat.com

اور بد کلامی روا رکھی جاتی تھی۔ ایک مزید نا انصافی یہ کی گئی تھی کہ اہلِ ہند، خصوصاً مسلمانوں کے لیے اعلیٰ عہدوں پر ترقی کے امکانات بہت کم کر دیے گئے تھے۔ بادشاہ کا دربار؛ جو عوام کے لیے عقیدت و محبت کا مرکز تھا، جہاں سے انعام و اکرام ملتا تھا، اپنائیت کا احساس ہوتا تھا؛ بند ہو چکا تھا۔ اہل ہند پر اس کا بھی نفسیاتی اثر ہوا۔ انگریز حکومت، ہندوستانیوں کو انعام دینا، خزانہ برباد کرنے کے مترادف سمجھتی تھی۔ (۱)

فوج کی بد انتظامی اس پر مستزاد تھی۔ ہندو اور مسلمان، دونوں کو ایک ہی پلٹن میں رکھا جاتا تھا، جس سے ہندو مسلم کا فرق نہیں رہتا تھا۔ اس بات کا سب سے زیادہ غصہ ہندوؤں کو تھا، جو مسلمان کے جسم سے چھو جانا بھی گوارا نہیں کرتے تھے۔ یہ تمام بدنیتی اور بد انتظامی جنگ کا پیش خیمہ تھی، لیکن اس سارے ظلم و ستم کے علاوہ، فوری بغاوت کا سبب یہ ہوا کہ فوج کو جو کارتوس مہیا کیے گئے تھے، ان پر گائے اور سؤر کی چربی کا خول چڑھایا گیا تھا، تاکہ نمی کے اثرات بارود تک نہ پہنچ سکیں۔ کارتوس کو استعمال میں لانے کے لیے اس مضبوط خول کو دانتوں سے کھینچ کر اتارنا پڑتا تھا۔ مذہبی لحاظ سے ہندوؤں کو گائے کی اور مسلمانوں کو سؤر کی ممانعت تھی۔ یہ زیادتی دونوں کے لیے نا قابلِ برداشت تھی۔ اس حکومتی تشدد نے ہندوستانی عوام میں غم و غصہ کی شدید لہر دوڑا دی اور اس نے اپنی بے سرو سامانی کے باوجود، حکومت کے خلاف اعلانِ جہاد کر دیا۔ اعلانِ جہاد کے محرک وہ جید علمائے کرام تھے، جنھوں نے اہلِ اسلام کے استفتاء پر، جہاد کی فرضیت کا فتویٰ دے دیا۔ کتبِ تاریخ سے علما کے ایسے کئی فتووں کا ثبوت ملتا ہے، جن میں انگریز کے خلاف جہاد کو جائز اور واجب قرار دیا گیا۔

جنگِ آزادی کی تحریک اور فتویٰ کے حوالے سے ایک نا قابلِ تردید کردار

Marfat.com

علامہ فضلِ حق خیر آبادی (۱۲۱۲۔ ۱۲، صفر ۱۲۷۸ھ / ۱۷۹۷۔ ۲۰، اگست ۱۹۶۱ء) کا تھا، جو علم و فضل میں یکتائے روزگار تھے۔ ان کے بعد آج تک ہندوستان کی خاک سے ویسا کوئی عالم پیدا نہیں ہوا۔ ان کے بارے میں انگریز کے فیصلہ میں ''وہ خطرناک ترین آدمی ہے جو کسی وقت بھی بے حد نقصان پہنچا سکتا ہے۔ اس لیے انصاف اور امنِ عامہ کا تقاضا ہے کہ اسے ملک بدر کر دیا جائے۔'' کے الفاظ تحریر ہیں۔ (۲) وہ رمضان ۱۲۷۳ھ / مئی ۱۸۵۷ء میں، جنگِ آزادی کے آغاز پر، الور سے دہلی تشریف لائے۔ اور پورے ڈیڑھ برس (مئی ۱۸۵۷ء سے دسمبر ۱۸۵۷ء) تک دہلی اور اودھ کے مختلف اضلاع میں مجاہدینِ حریت کی مدد کرتے رہے۔ ان کا ہر طرح سے ساتھ دیا اور ان کے لشکر کی قیادت کرتے رہے۔ جنوری ۱۸۵۹ء میں گرفتار کر لیے گئے۔ مقدمہ چلا اور جرم ثابت ہونے پر تمام زرعی اور رہائشی جائداد اور نادر کتب خانہ کی ضبطی اور حبسِ دوام بعبور دریائے شور کی سزا سنا دی گئی۔ اکتوبر ۱۸۵۹ء میں جزیرہ انڈیمان پہنچا دیے گئے، جہاں انھوں نے ایک سال، نو ماہ، انیس دن قید با مشقت برداشت کی اور ۱۲۔ صفر ۱۲۷۸ھ / ۲۰۔ اگست ۱۹۶۱ء کو ۶۶ برس کی عمر میں وصال فرمایا۔ (۳)

وہ اپنے ایک عربی قصیدے میں فرماتے ہیں:

" لم اقترف ذنباً سوی ان لیس لی
مع هؤلاء مودة و ولاء

میں نے اس کے سوا کوئی گناہ نہیں کیا کہ ان سے کسی قسم کی محبت و دلچسپی نہیں رکھی۔

Marfat.com

فولائهم کفر بنص محکم
ما فیه للمرء المحق مراء
اور بات یہ ہے کہ نصِ محکمِ قرآنی سے ان کی محبت کفر
ہے، حق پرست انسان کو اس میں شک نہیں ہوسکتا۔

کیف الولاء و هم اعادی من له
خلق السماء والارض و الانشاء
ان سے محبت روا کیسے رکھی جاسکتی ہے جب کہ آسمان و
زمین جس کی وجہ سے پیدا کیے گئے ہیں، اس ذاتِ
گرامی کے یہ نصاریٰ دشمن ہیں۔

هو اول النور السنیّ تبلَّجَت
بضیاء ه فی العالَم الاضواء
وہ پہلا نور ہے جو دنیا میں چمکا، اور اسی کی روشنی سے سارا
عالم منور ہوا۔''(۴)

علامہ فضلِ حق خیر آبادی نے جہاد کے فرض ہونے کا فتویٰ دیا تھا۔ انھوں نے خود، رجب ۱۲۷۵ھ کو، عدالت میں، جج کے سامنے اس فتویٰ کا اعتراف کیا اور فرمایا:
''وہ فتویٰ صحیح ہے، میرا لکھا ہوا ہے اور آج اس وقت بھی میری وہی رائے ہے۔''(۵)
علامہ فضلِ حق خیر آبادی کے فتوے کا متن دستیاب نہیں۔ یہ بھی معلوم نہیں ہوتا کہ اس فتوے پر ان کے علاوہ بھی کسی عالم کے دستخط تھے یا نہیں، البتہ یہ واضح ہے کہ وہ فتویٰ خود علامہ خیر آبادی نے اپنے ہاتھ سے لکھا تھا۔ اسی فتوے کے اعتراف پر

Marfat.com

انھیں کالے پانی کی سزا سنائی گئی تھی۔ ایسی مقتدر شخصیت کو ایسی عبرت ناک سزا کا ملنا ایک غیر معمولی واقعہ تھا، جس سے پورے ہندوستان میں دہشت پھیل گئی۔ یوں لگتا ہے کہ جب ان پر حکومت کا عتاب شروع ہوا، تو عوام نے ڈر کے مارے ان کے فتویٰ کو تلف کر دیا۔ یا پھر عین ممکن ہے کہ حکومتِ وقت نے اس فتویٰ کو معدوم کر دیا ہو، تاکہ عوام کے جذبہ حریت کو مہمیز نہ ملے۔ اس فتویٰ کی عدم دستیابی کی بنیاد پر مولانا امتیاز علی خاں عرشی اور مالک رام نے علامہ فضلِ حق خیر آبادی کے تحریک جہاد میں حصہ لینے سے انکار کر دیا ہے۔ اس غیر حقیقی اعتراض کا مفصل جواب حکیم محمود احمد برکاتی نے اپنی تصنیف ''مولوی فضلِ حق خیر آبادی اور سن ستاون'' (۶) میں دیا ہے۔

جہاد کی فرضیت کے تمام فتوے، سوائے ایک فتویٰ کے، محققین کی نگاہوں سے اوجھل ہیں۔ صرف ایک فتوے کا متن دستیاب ہے، جو بخت خاں روہیلہ نے سرکاری سطح پر مرتب کرایا۔ (۷) بخت خاں، ۲۔ جولائی ۱۸۵۷ء کو دہلی پہنچا۔ اس نے آتے ہی سب سے پہلا کام یہ کیا کہ دہلی کے علما سے جامع مسجد دہلی میں جہاد کا فتویٰ مرتب کرایا۔ (۸) جنرل بخت خاں کے ورودِ دہلی کا ذکر کرتے ہوئے منشی ذکاء اللہ لکھتے ہیں:

> ''جب تک دہلی میں بخت خاں نہیں آیا تھا، جہاد کے فتوے کا چرچا شہر میں بہت کم تھا۔ مساجد میں منبروں پر جہاد کا وعظ کم تر ہوتا تھا۔ (۹)

اس سے معلوم ہوتا ہے کہ فتویٰ پہلے بھی تھا، لیکن اس کا چرچا بہت کم تھا۔ یہ فتویٰ کس یا کن علما کا تھا، یہ بات ابھی تک تشنہ تحقیق ہے۔ اس سلسلے میں ذہن زیادہ تر

Marfat.com

علامہ فضلِ حق خیرآبادی ہی کی طرف جاتا ہے۔

جنرل بخت خاں نے جو فتویٰ لکھوایا، وہ اس زمانہ کے اخبارات ''اخبار الظفر'' اور ''صادق الاخبار'' میں چھپا۔ یہ اخبارات جنگِ آزادی کے ایام کی مسلسل روداد شائع کررہے تھے۔ اس فتوے کا متن حسبِ ذیل ہے:

نقلِ استفتاء

''کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس امر میں کہ اب جو انگریز دلی پر چڑھ آئے اور اہلِ اسلام کی جان و مال کا ارادہ رکھتے ہیں، اس صورت میں اب اس شہر والوں پر جہاد فرض ہے، یا نہیں اور اگر وہ فرض ہے تو وہ فرض عین ہے، یا نہیں۔ اور وہ لوگ جو اور بستیوں اور شہروں کے رہنے والے ہیں ان کو بھی جہاد چاہیے، یا نہیں۔ بیان کرو اللہ تم کو اجر دے گا۔

جواب: ''درصورت مرقومہ فرض عین ہے اوپر تمام اس شہر کے لوگوں کے اور استطاعت ضرور ہے اس کی فرضیت کے واسطے۔ چنانچہ اب اس شہر والوں کو طاقت مقابلہ اور لڑائی کی ہے۔ بہ سبب کثرتِ اجتماع افواج کے اور مہیا اور موجود ہونے والے آلات حرب کے تو فرض عین ہونے میں کیا شک رہا اور اطراف وحوالی کے لوگوں پر جو دور ہیں۔ باوجود خبر کے فرض کفایہ ہے ہاں اگر اس شہر کے لوگ باہر ہو جائیں مقابلہ سے یا سستی کریں اور مقابلہ نہ کریں تو اس صورت میں ان پر بھی فرض عین ہو

Marfat.com

جاے گا۔ اور اسی طرح اور اسی ترتیب سے سارے اہل زمین
پر شرقاً اور غرباً فرض عین ہو گا۔ اور جو عدو اور بستیوں پر ہجوم
اور قتل اور غارت کا ارادہ کریں تو اس بستی والوں پر بھی فرض ہو
جاے گا۔ بشرط ان کی طاقت کے۔

دستخط و مواھیر" (۱۰)

اس فتویٰ پر چونتیس علماے کرام کے دستخط موجود ہیں، جن میں سے کچھ نے برضا و رغبت دستخط کیے، کچھ نے مصلحتاً اور کچھ نے مجبوراً۔ وہ علما، جو اس فتواے جہاد کے بانی، مبلغ اور اس فتویٰ کو از روے شریعت صحیح اور حق سمجھنے والے تھے، آٹھ تھے۔ ان میں سے دو کے اسماے گرامی یہ ہیں:

۱۔ شاہ احمد سعید مجددیؒ ۲۔ شاہ عبد الغنی مجددیؒ

شاہ احمد سعید مجددیؒ (یکم ربیع الآخر ۱۲۱۷۔ ۲، ربیع الاول ۱۲۷۷ھ/ ۳۱، جولائی ۱۸۰۲۔ ۱۸، ستمبر ۱۸۶۰ء) اور ان کے برادرِ اصغر، شاہ عبد الغنی مجددیؒ (۲۵، شعبان ۱۲۳۴۔ ۷، محرم ۱۲۹۶ھ/ ۱۹، جون ۱۸۱۹۔ ۳۱، دسمبر ۱۸۷۸ء)، دہلی کے مایہ ناز بزرگ تھے، جن کا سلسلہ عالیہ مجددیہ سے تعلق تھا۔

۱۸۵۷ء سے پہلے دہلی علم و عرفان کا ایک ایسا مرکز تھا، جس سے ہندوستان ہی نہیں، بلکہ ہندوستان سے باہر کے لوگ بھی فیض یاب ہو رہے تھے۔ جب عرب و عجم میں، علمِ حدیث ضعف کا شکار ہوا، تو اسے دہلی کے محدثین کرام کے دامن میں پناہ ملی، جنھوں نے اس فن کو پھر بامِ کمال تک پہنچا دیا۔ مصر کے معروف فاضل، علامہ رشید رضا، ان غیر معمولی علمی خدمات کا اعتراف کرتے ہوے لکھتے ہیں:

Marfat.com

''ہمارے ہندوستانی بھائیوں میں جو علما ہیں اگر حدیث کے علوم کے ساتھ ان کی توجہ نہ ہوتی، تو مشرقی ممالک سے یہ علم ختم ہو چکا ہوتا، کیونکہ مصر، شام، عراق، حجاز میں دسویں صدی ہجری سے یہ علم ضعف کا شکار ہو چکا تھا اور چودھویں صدی کے اوائل تک ضعف کی آخری منزل پر پہنچ گیا تھا۔'' (۱۱)

ان محدثین کرام میں، جہاں شاہ عبدالعزیز دہلویؒ کی علمی مسند کو امتیازی مقام حاصل تھا، وہاں شاہ غلام علی دہلویؒ (م ۱۲۴۰ھ/ ۱۸۲۵ء) کی خانقاہ بھی متلاشیانِ حق کے لیے منزلِ مقصود کا درجہ رکھتی تھی۔ یہ دہلی کی سب سے شاندار خانقاہ تھی۔ حضرت شاہ صاحب، میرزا مظہر جان جاناںؒ (شہادت: ۱۱۹۵ھ/۱۷۸۱ء) کے مرید اور خلیفہ تھے۔ روم و شام، بغداد و مصر اور چین و حبش کے لوگ اس بین الاقوامی مرکزِ علم و روحانیت کی خاک کو اپنی آنکھوں کا سرمہ بناتے تھے۔ پانچ، پانچ سو فقیر بیک وقت اس خانقاہ میں حاضر رہتے تھے اور حضرت شاہ صاحب، بغیر چندے کی اپیل کیے، ان کے قیام و طعام کا انتظام فرماتے تھے۔ مذکورہ بالا دونوں بزرگ، جنگِ آزادی کے ایام میں اس عظیم الشان خانقاہ کے علمی اور روحانی وارث تھے۔

یہ دونوں بزرگ، درج بالا فتوائے جہاد کے روح و رواں تھے۔ انھوں نے ہی سب سے پہلے دہلی میں جہاد کا عَلَم بلند کیا۔ شاہ احمد سعید دہلویؒ کے عَلَم جہاد بلند کرنے کا ذکر ایک معاصر مؤرخ، عبداللطیف کے اس روزنامچہ میں ملتا ہے، جو قلعہ دہلی میں لکھا گیا۔ ۸۔ ذی الحجہ/ ۳۱۔ جولائی (۱۸۵۷ء) کے روزنامچہ میں لکھا ہے:

''اسلامی طریقہ کو بند کرنے کے لیے سرگرمی دکھائی گئی۔ بہت

Marfat.com

دنوں کی بات ہے کہ یہ لوگ اپنے بعض ہم مذہب مفسدوں کی رہنمائی میں شہر کے قصائیوں سے دست و گریبان ہوے اور چار قصائیوں کا خون بہا دیا۔ جو مسجدیں سر بازار ہیں ان میں اذان کو منع کرتے ہیں۔ اب جو عید کا چاند نظر آیا تو انھوں نے قربانی کے متعلق یہ منادی کی ہے کہ گاے کی قربانی ہرگز نہ ہونے پاے۔ جب ان کی سرکشی حد سے گذر گئی تو تمام مسلمانوں نے ان کی تادیب کی کوشش کی۔ شاہ غلام علی دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کے جانشین مولانا شاہ احمد سعید جو قابل تعریف اور برگزیدہ ہستی ہیں، سب سے پہلے ان مفسدوں سے جہاد کے لیے اٹھے۔ اور جہاد کا جھنڈا جامع مسجد کے سامنے نصب کر دیا۔ اور جہاد کی تلقین کی اور دعوت عام دی۔ جونہی لوگوں نے سنا ان کے گرد آ کر جمع ہونے لگے جامع مسجد کے سامنے عقیدتمندوں کا جمگھٹا لگ گیا۔ اکثر مجاہدین نے اسی جگہ کو اپنا مسکن بنا لیا۔ اکثر دکانداروں نے انھیں خورد و نوش دینے کی ہمت کی۔'' (۱۲)

تحریک جہاد کے فوری سبب اور اس میں شاہ احمد سعید مجددیؒ کے کردار کے حوالے سے، دوسرے معاصر مؤرخ، کمال الدین حیدر حسنی الحسینی المعروف بہ سید محمد میر زائر کی گواہی بھی موجود ہے۔ وہ بھی، ''قیصر التواریخ''، جلد دوم (مطبوعہ: ستمبر ۱۸۹۶ء) میں لکھتے ہیں کہ مجتہد اہل سنت، مولوی احمد سعیدؒ نے دہلی میں سب سے پہلے جہاد کا علم بلند کیا۔ اقتباس حسبِ ذیل ہے:

Marfat.com

''رات کوکسینے جامع مسجد کے دروازے پر ایک اشتہار لگا دیا کہ صاحبان عالیشانکو کسیکے مذہب وملت سے کچھ غرض نہ تھی یہ کارتوس جنگی فقط ترقی بندوق کو بنتے تھے کہ پھر احتیاج توپ کی پلٹن میں نرہے حاشا اوسپر سور اور گاے کی چربی نہین لگائی جس مفسد نے یہ فساد اور آگ لگائی ہے اہل اسلام کو اسمین کیا دغدغہ ہے یہ نافہم نہ سمجھے اور حقوق سرکار اور اپنی قدامت کو ضائع کیا نمک حرامی پر کمر باندھی مستعد لڑائی اور جہاد کے ہوے اور اونکے خلاف قوم سکھہ سواے تلنگوں کے باوصف اپنے خلاف مذہب ہونے کے ہمسے برخلاف اور مقابلہ نہ کیا بلکہ سرکا[رکی] ممد ومعاون رہی یہ اشارہ راجپوتانہ کی نسبت ہے اور قوم سکھہ کی طرف اس صورت مین مواخذہ اہل اسلام سے ہے لہذا حکم قطعی دیا جاتا ہے کہ بروقت فتح شہر کے سب اہل اسلام کو قتل کرینگے اور شہر کو مثل خرابہ کردین گے جسکا نام ونشان بھی باقی نہ رہے۔

فی الحقیقت اس اشتہار سے اہل اسلام مستعد مرگ ہوے وگرنہ پیشتر اسکے کسیکا ایسا ارادہ اہل شہر سے نہ تھا کہ سرکار ہمارے لہو کی پیاسی ہوگئی ہے معلوم ہوا جان کسیصورت سے نہ بچیگی خصوصاً جہال اور عوام زیادہ تر مستعد لڑائی ہوے اور مولوی احمد سعید شاہ غلام علی کے نواسے مجتہد اہل سنت وہ جامع مسجد مین علم جہاد کے اوٹھانے کے باعث ہوے اور اہل اثنا عشری شریک اس جہاد

Marfat.com

کے نہوے کسواسطے کہ انکے مذہب مین غیبت امام میں جہاد حرام
ہے اس جہت سے اہل سنت جلکر کہتے تھے کہ پہلے جہاد شیعون
پر کرنا چاہیے اسی سبب سے عشرہ محرم مین مجالس عزا باہر کی موقوف
کر دی تھی بلکہ بادشاہ سے کہا کہ پہلے اس بدعت کو موقوف کروا
دیجیے بادشاہ نے جوابدیا کہ مثل تراویح ماہ مبارک رمضان یہ امر
بھی داخل بدعت حسنہ ہے اور اسکے باعث ہمارے اسلاف
کرام ہوے ہین۔ ہم کبھی ایسا حکم خلاف ندینگے چنانچہ مولوی محمد
باقر اس ہنگامہ میں مجلس عشرہ بدستور کیے گئے۔'' (۱۳)

محمد ایوب قادری نے بھی تحریکِ جہاد میں شاہ احمد سعید دہلویؒ کی قیادت کی تائید کی ہے۔ وہ لکھتے ہیں:

''ہمارے خیال سے دہلی میں سب سے پہلے جہاد کا چرچا انھوں نے ہی شروع کیا۔'' (۱۴)

ان دو ہستیوں کا تعارف احاطہ تحریر میں لانے سے پہلے، ان کے والدِ ماجد حضرت شاہ ابو سعید دہلویؒ (۲، ذی قعدہ ۱۱۹۶ھ۔ بروز عید الفطر ۱۲۵۰ھ/ ۹، اکتوبر ۱۷۸۲۔ ۳۱، جنوری ۱۸۳۵ء) کا مختصر تذکرہ ضروری معلوم ہوتا ہے، تا کہ اس علمی و روحانی خاندان کی عظمت چشم تصور میں لائی جا سکے۔ حضرت شاہ ابو سعید دہلویؒ، شاہ غلام علی دہلویؒ کے جانشین تھے۔ آپ کا سلسلہ نسب پانچ واسطوں سے شیخ احمد سرہندیؒ سے ملتا ہے۔ (۱۵) گیارہ برس کی عمر میں قرآن کریم حفظ کر لیا۔ انیس برس کی عمر میں مروجہ علوم کی تحصیل سے فارغ ہو گئے۔ (۱۶) آپ نے مفتی شرف الدین رام پوریؒ، شاہ رفیع الدین دہلویؒ، شاہ سراج احمد مجددی رام پوریؒ اور قاضی ثناء اللہ

Marfat.com

پانی پتیؒ جیسے اساتذہ سے تعلیم حاصل کی۔ علمِ حدیث کی سند شاہ غلام علی دہلویؒ اور شاہ عبد العزیز محدث دہلویؒ سے حاصل کی۔(۱۷) اپنے والد کے بعد شاہ درگاہیؒ کے خلیفہ شاہ جمال اللہ رام پوریؒ کی خدمت میں حاضر ہو کر روحانی فیض حاصل کیا اور بارہ برس تک حاضر خدمت رہے۔ انھوں نے آپ کو اپنا جانشین مقرر کیا۔ ان اضلاع میں ہزاروں لوگ آپ کے مُرید ہوئے، لیکن آپ نے سلوک مجددیہ کی تکمیل کو اہم جانتے ہوئے، پیری کی بجائے مریدی کو ترجیح دی۔ ۱۲۲۵ھ میں آپ، شاہ غلام علی دہلویؒ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ چند ماہ کے بعد یہاں سے بھی سلاسل ثلاثہ: نقشبندیہ، قادریہ اور چشتیہ، کی اجازت و خلافت سے سرفراز ہوئے، لیکن اس کے باوجود پندرہ برس تک حاضر خدمت رہ کر سلوک کی تکمیل کی۔ شاہ غلام علی دہلویؒ نے آپ کو اپنا جانشین مقرر فرمایا۔ شاہ صاحب اکثر مریدوں سے فرمایا کرتے تھے: ''ان کی مثل ہونا چاہیے کہ سیکڑوں مریدوں کی پیری چھوڑ کر مریدی اختیار کی ہے۔'' آپ کے خلفاء میں سے مولانا خالد کُردی رومیؒ اور سید اسماعیل مدنیؒ نہایت معروف ہیں۔(۱۸) آپ ۱۲۴۹ھ/ ۳۴۔۱۸۳۳ء میں اپنے بیٹے شاہ احمد سعید دہلویؒ کو مسند پر بٹھا کر حرمین شرفین کے لیے روانہ ہوئے۔ دوسرے بیٹے صاحبزادہ عبدالغنی محدثؒ آپ کے ہمراہ تھے۔ ''ہدایت الطالبین'' مدارج سلوک پر آپ کی مشہور تصنیف ہے۔(۱۹) آپ ایسی ترتیل سے قرآن مجید پڑھتے تھے کہ سننے والے مسحور ہو جاتے تھے۔ حضرت شاہ غلام علیؒ، آپ کی نہایت تعظیم و تکریم کیا کرتے تھے۔ آپ کے مزاج میں ایسی عاجزی تھی کہ جو لوگ شاہ صاحب کے منکر تھے وہ بھی آپ کے معتقد ہو گئے۔(۲۰) آپ نے خانقاہ مظہریہ کے بین الاقوامی نظام کو زندہ رکھا۔

Marfat.com

جہاد کے فتویٰ پر دستخط کرنے والے بزرگ، حضرت شاہ احمد سعید مجددیؒ، شاہ ابوسعیدؒ کے بڑے بیٹے تھے۔ حافظ قرآن تھے۔ آپ کے والد جب شاہ غلام علی دہلویؒ سے بیعت ہونے کے لیے دہلی گئے، تو آپ ان کے ہمراہ تھے۔ اس وقت آپ کی عمر دس برس تھی۔ (۲۱) آپ نے حضرت شاہ غلام علی دہلویؒ سے تصوف کی بنیادی کتابیں رسالہ قشیریہ، عوارف المعارف، احیاء العلوم، نفحات الانس، رشحات عین الحیات، مکتوبات امام ربانیؒ، مثنوی مولوی معنوی، وغیرہ، جبکہ حدیث میں مشکوٰۃ المصابیح اور جامع ترمذی سبقاً سبقاً پڑھی تھیں۔ آپ نے دیگر علوم مفتی شرف الدینؒ، شاہ سراج احمد مجددیؒ، مولوی محمد اشرفؒ اور مولوی نورؒ سے حاصل کیے۔ آپ نے مولوی فضل امامؒ (والد ماجد علامہ فضل حق خیرآبادی)، سے فلسفہ پڑھنے کے ساتھ ساتھ، مولوی رشید الدین خانؒ، شاہ عبدالعزیز محدث دہلویؒ، مولانا رفیع الدینؒ، شاہ عبدالقادرؒ سے بھی استفادہ کیا۔ حدیث کی سند شاہ عبدالعزیز محدثؒ سے حاصل کی۔ سلوک مجددیہ کی تکمیل، اول تا آخر حضرت شاہ غلام علی دہلویؒ سے کی۔ (۲۲) حضرت شاہ غلام علیؒ نے اپنے ایک رسالہ کمالات مظہریہ میں ان کے بارے میں لکھا ہے:

''حضرت احمد سعید فرزند حضرت ابوسعید بہ علم و عمل و حفظ قرآن مجید و احوال نسبت شریفہ قریب است بہ والد ماجد خود''۔ (یعنی حضرت ابوسعیدؒ کے فرزند، حضرت احمد سعیدؒ علم و عمل، حفظِ قرآن مجید اور نسبتِ شریفہ کے احوال کے اعتبار سے اپنے والدِ ماجد کے قریب ہیں۔) جس وقت شاہ صاحبؒ نے یہ رائے دی، اس وقت آپ کی عمر مبارک بیس برس تھی۔ (۲۳) ۱۲۴۹ھ میں آپ کے والد ماجد حج کے لیے تشریف لے گئے، تو خانقاہ کی تمام ذمہ داری آپ ہی کو سونپی۔ (۲۴)

Marfat.com

سرسید احمد خاں، ''آثار الصنادید'' میں، شاہ غلام احمد دہلویؒ اور شاہ ابوسعید دہلویؒ کی شان میں دریائے فصاحت رواں کرنے کے بعد شاہ احمد سعید دہلویؒ کے چشم دید احوال یوں بیان کرتے ہیں:

''آپ شاہ ابوسعید صاحب کے بڑے بیٹے اور جانشین ہیں۔ کمالات آپ کے اس سے سوا ہیں جو بیان میں آویں اور صفات آپ کی اس سے بہت زیادہ ہیں جو کہی جاویں۔ حافظِ کلام اللہ ہیں اور مطیع سنت رسول اللہ۔ اپنے پیروں کی طرح سلسلہ ارشاد وتلقین اور توجہ اور استغراق جاری ہے اور حق پوچھو تو اب انہیں کی ذات فیض آیات سے خانقاہ کو رونق ہے۔ علم حدیث وفقہ وتفسیر بدرجہ کمال حاصل ہے۔ دن رات مشغلہ درس وتدریس جاری ہے۔ مسائل دینی آپ کے فیض سے حل ہوتے ہیں اور فتوے شرع شریف آپ کی مہر سے مسجّل کیے جاتے ہیں قدم بقدم اپنے بزرگوں کے طریقہ پر چلتے ہیں۔ اور اپنے پیروں کا طریقہ برتتے ہیں نسبت باطنی بہت مستحکم ہے۔ سینکڑوں آدمی آپ کے فیض توجہ سے مقامات مشکلہ سے نکلتے ہیں اور مدراج اعلی کو پہنچتے ہیں۔ اللہ تعالی ایسے بزرگ کو سلامت رکھے جس سے خاندان مجددیہ قائم ہے۔ آمین ثم آمین۔ ولادت آپ کی ۱۲۱۷ ہجری میں ہوئی اور مظہر یزدان آپ کی ولادت کی تاریخ ہے۔ اگرچہ عمر شریف]کے[چھیالیس مرحلہ سنین طے فرمائے ہیں۔

Marfat.com

لیکن مدارج کمال کے ہزار در ہزار طے ہوے ہیں۔ آپ نے بھی جناب شاہ غلام علی صاحب سے بیعت کی ہے اور انہیں سے پائی ہے لیکن اپنے جناب والد سے بہت سا فیض حاصل کیا۔ ترقی در ترقی پائی اور ان سے بھی خلافت حاصل کی۔ اب ان کے انتقال کے بعد آپ ہی سجادہ نشین ہیں اور ارشاد و تلقین میں مصروف۔ اللھم متع المسلمین بطول حیاته و ضاعف مدارج المومنین بطول بقائه۔" (۲۵)

شاہ احمد سعید مجددیؒ نہایت کریم النفس، نرم دل، دائم الذکر و الفکر، حلیم الطبع اور رحم دل تھے۔ مریدوں کی ہر لغزش کو اپنی طرف منسوب کرتے اور فرماتے: "قصور میرا ہے۔ اگر مجھ میں کمال ہوتا، تو تم سے یہ کام نہ ہوتا، بلکہ میرے عکس سے میرے برے اخلاق تم میں ظاہر ہوے ہیں"۔ (۲۶) آپ نے حیات مبارکہ کے انسٹھویں برس میں، مدینہ منورہ میں وفات پائی۔ جنت البقیع میں حضرت عثمان غنیؓ کے گنبد مبارک سے متصل جانب قبلہ سپرد خاک ہوے اور اٹھائیس برس تک مسند ارشاد کی زینت رہے۔ (۲۷)

تحریک آزادی میں آپ کے فتوے نے بنیادی کردار ادا کیا اور حالات زیادہ خراب ہونے پر، اپنے مشائخ سے روحانی اجازت ملنے کے بعد حرمین شریفین کی طرف ہجرت کی۔ محمد اقبال مجددی جنگ آزادی میں آپ کے کردار کے حوالے سے لکھتے ہیں۔

"۱۲۷۴ھ/۱۸۵۷ء کی جنگ آزادی میں بے شمار علماء و مشائخ نے بلاد اسلامیہ کی طرف ہجرت کی ان میں حضرت شاہ احمد سعید

Marfat.com

کا اسم گرامی سرفہرست ہے۔ ان انتہائی خراب حالات میں بھی آپ چار ماہ تک کامل استقامت کے ساتھ دہلی میں مقیم رہے۔ جب کوئی آپ سے ہجرت کے لیے کہتا تو آپ فرماتے ہم اپنے مشائخ کرام کی اجازت کے بغیر شہر سے باہر نہیں جا سکتے۔ ان حالات میں آپ خود مع فرزندان و مریدین، سراج الدین محمد ابو ظفر بادشاہ کے پاس تشریف لے گئے اور کتاب و سنت کے موافق بادشاہ کی فہمائش کی ہندوستان کے مقتدر علماء نے اس وقت جہاد کا فتویٰ جاری کیا اس فتویٰ کے اولین محرک اور دستخط کنندہ آپ ہی تھے"۔(۲۸)

حضرت شاہ احمد سعیدؒ کی ہجرت کا واقعہ آپ کی سوانح حیات "مناقب احمدیہ و مقامات سعیدیہ" میں تفصیل سے بیان کیا گیا ہے۔ اجمال اس کا یہ ہے کہ جب جنگ آزادی کے ایام میں، اواخر محرم میں فرنگی فوجیں دہلی میں داخل ہو گئیں، تو اس عالم بے چارگری میں مظلوم رعایا نے شہر چھوڑنا شروع کر دیا۔ آپ نے بھی بعض مخلصین کی منت سماجت پر، اپنے اہل و عیال کو شہر سے باہر بھیج دیا تھا، مگر خود خانقاہ میں ہی جلوہ افروز تھے اور کمال استقامت کے ساتھ اپنے معمولات میں مصروف تھے۔ آپ کے خلفِ اصغر اور "مناقب احمدیہ و مقامات سعیدیہ" کے مؤلف، شاہ محمد مظہر مجددیؒ، نے آپ سے ہجرت کی التجا کی، تو آپ نے جواباً ارشاد فرمایا: "میری جگہ یہی خانقاہ ہے۔"۔ حالات کی روز افزوں ابتری کے پیش نظر، جب انھوں نے مزید اصرار کیا، تو آپ نے فرمایا: "میں یہاں مشائخ کرام کے حکم پر بیٹھا ہوں، ان

Marfat.com

کی اجازت کے بغیر باہر نہیں جا سکتا۔ البتہ تمھاری التجا پر، میں آج رات مشائخ سے استفسار کروں گا۔" چناں چہ وقتِ تہجد فرمایا: "اجازت ہے"۔ مشائخ مجھے فرماتے ہیں: "اُخرُجُوا، اُخرُجُوا"۔ (نکل چلو، نکل چلو)۔ یوں وقتِ چاشت، آپ اپنے خادموں کو لے کر شہر سے چار میل دور واقع مقبرہ منصور (صفدر جنگ) روانہ ہوے۔ اس وقت ایک سو کی تعداد میں خرد و کلاں، مرد و زن آپ کے ہمراہ تھے۔ مقبرہ منصور میں ایک دن رات قیام فرما کر، وہاں سے آستانہ قطب الاقطاب خواجہ بختیار کا کیؒ (مہرولی) میں آ گئے، جہاں آپ کے اہل و عیال ٹھہرے ہوے تھے۔ وہاں طاعون کی وبا پھیلی ہوئی تھی، اس لیے چوتھے روز پھر مقبرہ منصور تشریف لے آے۔ وہاں شب جمعہ چہارم صفر ۱۲۷۴ھ کو آپ کی اہلیہ محترم وصال فرما گئیں۔ ان کی تدفین حضرت نور محمد بدایونیؒ کے مزار کے پاس کی گئی۔ رنج مسافرت، بے سرو سامانی اور جان و مال کے خوف خطر کے باوجود آپ کے معاملات میں کوئی فرق نہ آیا۔ جس جگہ بھی قیام فرماتے، نماز باجماعت کا اہتمام فرماتے۔ (۲۹)

مقبرہ منصور صفدر جنگ میں قیام کا ایک صبر آزما واقعہ "ذکر السعیدین فی سیرۃ الوالدین" میں درج ہے کہ وہاں ایک مسلح انگریز افسر چند سواروں کے ہمراہ آیا اور آپ سے کہا میں تمھیں اپنے ساتھ لے جا کر ذلت سے پھانسی دوں گا۔ آپ نے فرمایا: "چلو! چلتے ہیں"۔ پھر خادم سے فرمایا: "سواری لاؤ اور اس میں وظیفہ کی کتاب اور ضروری اشیاء رکھو"۔ سواری لائی گئی۔ آپ مع سامان اس پر سوار ہوے۔ آپ کے دونوں بھائی، تینوں بیٹے، مولف "ذکر السعیدین"، آپ کے پوتے اور سب مریدین سواری کے چاروں جانب جمع تھے۔ انگریز افسر کھڑا دیکھ رہا تھا۔ اچانک اس

Marfat.com

پر ایسی ہیبت طاری ہوئی کہ گھوڑے پر سوار ہو کر بھاگ نکلا۔ ایک سوار کی زبانی پیغام دیا کہ پیر صاحب سے کہو: ''آپ ٹھہریں''۔ چنانچہ آپ سواری سے اتر کر اپنے معمولات میں مصروف ہو گئے۔ مہرولی سے واپسی پر اللہ کی مدد و نصرت یوں شامل حال ہوئی کہ انگریز فوج میں پٹھان سپاہیوں کے افسر نورنگ خاں آپ کی خدمت میں آئے اور آپ کو بہ حفاظت مہرولی سے صفدر جنگ لائے۔ بعد ازاں خود فوج کے اعلیٰ افسر کے پاس گئے اور آپ کے تمام رفقاء کے لیے پروانہ راہ داری لے آئے، جس میں آپ کو پنجاب اور سندھ کے راستے حجاز مقدس کے سفر کی اجازت دی گئی۔ اس کے بعد آپ نے نورنگ خان کے ساتھ چھاونی میں تین روز قیام فرمایا۔ انگریز افسروں کے سامنے اذان و اقامت کے ساتھ نماز باجماعت ہوتی رہی اور باقاعدہ حلقہ ذکر و توجہ برپا ہوتا رہا۔ نورنگ خان آپ کے جلیل القدر خلیفہ حضرت حاجی دوست محمد قندھاریؒ (م ۱۲۸۴ھ/ ۱۸۶۷ء)، سے بیعت تھے اور کلانچی گنڈہ پوراں ضلع ڈیرہ اسماعیل خان کے رہنے والے تھے۔ آپ ان کے پاس تین روز قیام کے بعد پانی پت، کرنال اور انبالہ کے راستے لاہور کی طرف روانہ ہوئے۔ جب لدھیانہ پہنچے تو وہاں بھی اللہ تعالیٰ نے ایک پٹھان فوجی افسر کو آپ کی مدد کے لیے بھیج دیا۔ لاہور پہنچنے پر حاجی دوست محمد قندھاریؒ کے بھیجے ہوئے افراد نے آپ کا استقبال کیا اور تمام قافلے کو لے کر ڈیرہ اسماعیل خان کی طرف روانہ ہوئے۔ ڈیرہ اسماعیل خان سے دو تین منزل پہلے، خود حاجی صاحب اپنے رفقاء کے ساتھ آپ کے استقبال کو تشریف لائے اور خانقاہ موسیٰ زئی شریف میں لے گئے (۳۰)۔ وہاں سب اہل خانہ نے تین ماہ تک قیام کیا۔ حجاز مقدس کی طرف روانگی سے پہلے آپ نے ہندوستان اور

Marfat.com

افغانستان میں آباد اپنے تمام مخلصین کے نام فارسی میں خط لکھا، جس میں حمد و صلوٰۃ کے بعد لکھا کہ اہل و عیال سمیت جا رہا ہوں۔ اللہ خیر سے پہنچائے۔ میں اپنے تمام مریدوں جو ہندوستان اور افغانستان میں رہتے ہیں، سے کہتا ہوں کہ وہ میرے خلفیہ مقبول بارگاہِ احد حاجی دوست محمد کو میرا قائم مقام سمجھیں اور ان سے توجہات لیں۔ وہ علی الاطلاق میرے خلیفہ ہیں۔ ان کا ہاتھ میرا ہاتھ ہے۔ اس کے علاوہ آپ نے ایک تحریر لکھ کر حاجی صاحب کے حوالے کی۔ اس میں لکھا کہ میں دہلی کی خانقاہ شریف، تسبیح خانہ اور دیگر مکانات، حاجی صاحب کے حوالے کرتا ہوں۔ انھیں اختیار ہے، وہ خود جا کر وہاں قیام کریں، یا اپنے کسی خلیفہ کو وہاں مقرر کریں۔ اس تحریر کے بعد حاجی صاحب نے اپنے خلیفہ مولوی رحیم بخش (اجمیری)ؒ کو حضرت کی بارگاہ میں پیش کیا کہ میں انہیں خانقاہ دہلی کی خدمت کے لیے موزوں سمجھتا ہوں۔ حضرت نے بھی پسند فرمایا۔ مولوی رحیم بخش اسی وقت دہلی کو روانہ ہو گئے اور خانقاہ شریف میں آ کر مقیم ہو گئے۔ ڈیرہ اسماعیل خان سے کشتی کے ذریعے یہ مبارک قافلہ ممبئی کو پہنچا اور وہاں سے بادبانی جہاز کے ذریعے ماہ شعبان میں جدہ کے لیے روانہ ہوا۔ جہاز آخر شوال میں جدہ پہنچا۔ ۱۲۷۴ھ کے حج میں آپ کی شمولیت ہوئی۔ تین ماہ مکہ مکرمہ میں قیام رہا۔ ربیع الاول ۱۲۷۵ھ میں مدینہ منورہ کی حاضری دی۔ اور تا دمِ آخر وہیں قیام رہا۔ یہ عرصہ دو سال کو محیط تھا۔ وہاں آپ نے سلسلہ عالیہ کا فیض اس قدر ارزاں فرمایا کہ آپ کی مقبولیت لوگوں کو ورطہ حیرت میں گم کر دیتی تھی۔ (۳۱)

حضرت شاہ عبد الغنی مجددیؒ، حضرت شاہ ابو سعیدؒ کے دوسرے صاحبزادے تھے۔ فتوائے جہاد میں آپ نے بھی اپنے برادرِ بزرگ، شاہ احمد سعید مجددیؒ کی تائید

Marfat.com

کی اور اس پر، برضا، دستخط ثبت فرمائے۔ آپ میں بچپن ہی سے بزرگی کے آثار پائے جاتے تھے۔ آپ کی عمر چار برس تھی، جب آپ کے والد محترم نے آپ کو حضرت شاہ غلام علیؒ کی خدمت میں لے جا کر توجہ سے سرفراز کرایا۔ آپ فرمایا کرتے تھے کہ وہ توجہ مجھے اچھی طرح یاد ہے اور اس کا اثر آج تک محسوس کرتا ہوں۔ اسی عمر میں طالبان حق کو توجہ دیتے تھے اور وہ توجہ پر تاثیر ہوتی تھی۔ پندرہ برس کی عمر میں اپنے والد ماجد کے ہمراہ حرمین شریفین کا سفر اختیار کیا۔ وہاں علامہ محمد عابد سندھی مدنیؒ، جو بڑے محدث وفقیہ تھے، سے علم حدیث کی سند حاصل کی۔ وطن واپسی کے بعد دہلی میں مولانا شاہ محمد اسحاقؒ سے اس فن شریف کی تکمیل کی۔ اپنے والد ماجد سے تمام اشغال کی اجازت لی۔ ابتدائی بیعت والد ماجد سے تھی۔ بعد ازاں اپنے برادر بزرگ شاہ احمد سعیدؒ سے منازل سلوک طے کیں۔ ''مناقب احمدیہ و مقامات سعیدیہ'' کے مؤلف لکھتے ہیں کہ میں نے اپنے والد محترم (شاہ احمد سعید دہلویؒ) سے خود سنا ہے کہ جن دنوں میں، حضرت عبدالغنی مجھ سے توجہ لیا کرتے تھے، میں نے خواب میں دیکھا کہ حضرت شاہ نقشبندؒ نے اپنی ٹوپی مجھے پہنا دی اور فرمایا: ''تم میرے خلیفہ ہو۔'' آپ نے اتمامِ سلوک حضرت مرزا عبدالغفور بیگ خرجوی سے کیا۔ آپ کے ذریعے دینی علوم کی بے پناہ ترویج ہوئی۔ حدیث مبارکہ میں خصوصی شرف کی بدولت آپ کی نسبت میں انوکھا رنگ پیدا ہو گیا۔ ۱۲۴۹ھ کے حج میں اپنے والد محترم کی رفاقت حاصل کی وہاں علامہ محمد عابد سندھیؒ کے علاوہ شیخ اسماعیل رومیؒ سے بھی حدیث کی اعلیٰ سند حاصل کی۔ (۳۲) ان کے شاگردوں میں سے، علمائے دیوبند میں سے، مولانا محمد قاسم نانوتوی اور مولانا رشید احمد گنگوہی زیادہ مشہور ہیں۔ (۳۳)

Marfat.com

سرسید احمد خاں، شاہ الغنی مجددیؒ کے آنکھوں دیکھے احوال یوں بیان کرتے ہیں:

''آپ بھی شاہ ابوسعید صاحب کے فرزند ارجمند ہیں اور حقیقت میں فخر خاندان ہیں۔ آپ کا طور ہی جدا ہے اور آپ کا رنگ ڈھنگ ہی نرالا ہے۔ آپ بھی حافظ کلام اللہ ہیں۔ اور عالم احادیثِ رسول اللہ۔ ولادت آپ کی پچیسویں شعبان ۱۲۳۴ھ میں ہفتہ کے دن عشاء کے وقت ہوئی ہے۔ خورد سال ہی میں جناب حضرت شاہ غلام علی صاحب آپ کو توجہ دیا کرتے تھے۔ جب بڑے ہوے اپنے والد ماجد سے بیعت کی اور طرح طرح کا فیض حاصل کیا۔ بعد ان کے انتقال کے جناب مرزا شاہ غفور بیگ صاحب سے کہ بڑے خلفاے حضرت شاہ غلام علی تھے اور قوت نسبت بدرجہ کمال رکھتے تھے۔ ہزار در ہزار فیض حاصل کیے۔ اوقات آپ کی ایسی خوب ہے کہ اگلے زمانہ کے اچھے اچھے دین دار لوگوں کی بھی شاید ایسی ہوئی ہوگی۔ مسجد میں بیٹھے رہنا اور طریقہ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو برتنا دن رات آپ کا کام ہے۔ خوشا حال اس شخص کا کہ جو اپنے نبی کے طریقہ کو برتے اور دنیا و مافیھا سے خبر نہ رکھا۔ اس قدر اتباع سنت اختیار کیا ہے کہ اگر آپ کو آسمان و زمین کے رہنے والے محی السنۃ وقامع البدعۃ کہہ کر پکاریں تو بجا ہے۔ ان کے نزدیک سوائے انحراف کمتر حکم شریعت کے سخت سے سخت کوئی مصیبت نہیں۔ ارتکاب اس امر

Marfat.com

خلاف سنت کا جس کو ہم کمبخت لوگ بال سے کم جانتے ہیں ان کے نزدیک امر محال ہے۔ اس تقوے اور ورع کو خیال کرو کہ صرف اس خیال سے کہ ہندوستان میں جو طریق بیع وشرا بعض بعض فواکہ وغیرہ کا جاری وہ از روئے شرع شریف کے درست نہیں ان چیزوں کے مزہ سے واقف نہیں۔ جب کوئی ایسا کرے تو معلوم ہو۔ میری زبان نہیں جو میں آپ کے ادنیٰ سے صفت کی تعریف کرسکوں۔ صرف اتباع سنت کے لیے ہزار ہا نعمت دنیائے دون پر لات ماری ہے۔ اور گوشہ نشینی اختیار کی ہے۔ ملاقات اور مکالمات میں ہرگز پیروی سنت کی نہیں چھوڑتے اور ادنیٰ سنت کے ترک سے کسی چیز کو برا نہیں جانتے فنافی السنت اور محوفی الشریعت اور شہسوار میدان طریقت اگر پوچھو تو آپ کی ذات فیض آیات ہے۔ پس جس شخص کا ادنیٰ ادنیٰ باتوں میں یہ حال ہو تو پھر خیال کرو کہ بڑی بڑی باتوں میں کیا درجہ اختیار اور کیا رتبہ اتقا ہوگا۔ اللھم بارک فی عمرہ وارفع درجه فی الدارین آمین یارب العالمین۔" (۳۴)

آپ نے ۱۲۷۴ھ میں اپنے برادر بزرگ حضرت شاہ احمد سعید مجددیؒ کے ساتھ ہی حرمین شریفین کی حاضری کا ارادہ کیا اور سفر ہجرت میں ان کے ہمراہ رہے۔ آپ مدینہ منورہ پہنچنے کے بعد وہاں درس حدیث دیا کرتے تھے۔ آپ کی اسناد عالیہ کی شہرت کی وجہ سے دور دراز ممالک کے اہل علم آپ کے حلقہ درس میں شریک

Marfat.com

ہونے کو باعث سعادت جانتے اور آپ سے اجازت حاصل کرتے۔ حدیث شریف میں آپ مُسندِ وقت تھے۔(۳۵) آپ حکومت برطانیہ کے ملازمین کی نذر قبول نہیں فرماتے تھے۔ اسماء الرجال اختلاف روایات و تاریخ میں آپ کو ملکہ حاصل تھا۔ آپ کا وصال مدینہ منورہ ہی میں ہوا۔ شاہ احمد سعید دہلویؒ کے پائینِ مزار دفن ہوئے۔ (۳۶) ان حضرات والا صفات کی ہجرت نے، علم و فضل کے گہوارہ شہر دہلی کو ویران کر دیا۔ غالب نے اس ویرانی کی طرف یوں اشارہ کیا ہے:

یا شب کو دیکھتے تھے کہ ہر گوشۂ بساط
دامانِ باغبان و کفِ گل فروش ہے
یا صبحدم جو دیکھیے آ کر تو بزم میں
نے وہ سرور و سوز، نہ جوش و خروش ہے
داغِ فراقِ صحبتِ شب کی جلی ہوئی
اک شمع رہ گئی ہے، سو وہ بھی خموش ہے

جنگِ آزادی سن ستاون کے ایک عظیم مجاہد، مولانا کفایت علی کافیؒ تھے۔ اگرچہ ان کا تعلق سلسلہ مجددیہ سے نہیں، تاہم وہ علمِ حدیث میں حضرت شاہ ابوسعید مجددی دہلویؒ کے شاگرد تھے۔ اس حوالے سے ان کا بھی مختصراً ذکر کیا جاتا ہے۔ ان کا اصل نام کفایت علی تھا۔ کافی تخلص کرتے تھے۔ وہ مراد آباد کے ایک معزز خاندان کے فرد تھے۔ انھوں نے ابتدائی تعلیم مراد آباد سے حاصل کی۔ بعد ازاں تحصیلِ علم کے سلسلے میں بدایوں اور بریلی میں مقیم رہے۔ بدایوں میں، مولوی محمد اسحٰق بدایونیؒ، جو مولانا فیض احمد بدایونیؒ کے شاگرد تھے، سے ان کے خاص تعلقات

Marfat.com

رہے۔ مولانا تمام علوم عقلیہ ونقلیہ میں کامل دسترس رکھتے تھے۔ اس کے علاوہ علمِ طب، صرف ونحو اور شعر وادب میں کمال حاصل تھا۔ علمِ حدیث سے آپ کو بہت دلچسپی تھی۔ اس حوالے سے محمد ایوب قادری لکھتے ہیں:

''مولانا کافیؒ نے علم حدیث حضرت شاہ ابو سعید مجددی رامپوریؒ سے حاصل کیا، جو کہ سراج الہند شاہ عبد العزیز محدث دہلویؒ کے شاگرد تھے۔ اس طرح مولانا کافی کا سلسلہ تلمذ صرف دو واسطوں سے حضرت شاہ ولی اللہؒ سے مل جاتا ہے۔ مولانا کافیؒ کی شاعری محبت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور ذکر حدیث سے عبارت ہے۔ ان کی تصانیف بھی احادیث کے تراجم یا تشریح وتفصیل سے متعلق ہیں۔'' (۳۷)

''سخن شعراء'' میں مولوی عبد الغفور نساخ نے، ''گلشن بے خزاں'' میں حکیم غلام قطب الدین باطن اکبر آبادی اور ''تذکرہ شمیم سخن'' میں مولوی عبد الحیٰ صفا بدایونی نے، مولانا کافیؒ کا ذکر بہت عمدہ الفاظ میں کیا ہے۔

مولانا کافیؒ کا وطن مراد آباد، تحریک آزادی کا خاص مرکز تھا۔ بادشاہِ دہلی نے نواب خان بہادر خان کو روہیلکھنڈ کا ناظم مقرر کیا۔ انھوں نے نواب مجد الدین خان، جن کا تعلق حاکمِ مراد آباد نواب عظمت اللہ خاں فاروقی کے خاندان سے تھا، کو ان دنوں میں مراد آباد کا حاکم مقرر کر دیا۔ مولانا کافیؒ کو صدر الشریعہ مقرر کیا گیا۔ ان حضرات کی کوششوں نے مسلمانوں میں جہاد کی روح پھونک دی، لیکن ریاست رامپور کے والیان نے انگریز کی حمایت کرتے ہوے، رکاوٹ پیدا کر کے مجاہدین کی

Marfat.com

قوت کو کمزور کر دیا۔ جب مراد آباد میں نواب رامپور کی بالادستی قائم ہو گئی، تو ان حالات میں، مولانا کافیؒ نے نشر و اشاعت کا خاصا کام کیا اور فتوائے جہاد کی نقول شائع کرا کے دوسرے مقامات پر بھجوائیں۔ بعض مقامات پر خود بھی گئے۔ قصبہ آنولہ، ضلع بریلی میں خود جا کر آزادی کی تحریک چلائی، جس میں کافی کامیابی حاصل ہوئی۔ جب انگریز نے مراد آباد پر قبضہ کر لیا تو کرنل کک نے شہر کی ناکہ بندی کر دی۔ ذرا ذرا سے شبہے پر بھی مسلمانوں کو گرفتار کیا گیا۔ اس صورت حال میں، ایک شخص کی مخبری پر، مولانا کافیؒ کو بھی گرفتار کر لیا گیا اور ان پر بہت سے الزامات قائم کیے گئے۔ (۳۸) طرح طرح کی سزائیں دی گئیں۔ جسم پر گرم استری پھیری گئی۔ زخموں پر نمک مرچ چھڑکی گئی۔ (۳۹) آخرِ کار پھانسی کا حکم سنا دیا گیا۔ مولانا کافیؒ نے یہ سزا سن کر رنجیدہ ہونے کی بجائے مسرت کا اظہار کیا۔ جب آپ کو تختۂ دار کی طرف لے جایا گیا، تو آپ باآوازِ بلند اپنی یہ تازہ غزل پڑھتے ہوئے جا رہے تھے:

کوئی گُل باقی رہے گا، نَے چمن رہ جائے گا
پر رسول اللہ کا دینِ حَسَن رہ جائے گا

ہم صفیرو باغ میں ہے کوئی دم کا چہچہا
بلبلیں اڑ جائیں گی سُونا چمن رہ جائے گا

اطلس و کمخواب کی پوشاک پر نازاں نہ ہو
اس تنِ بے جان پر خاکی کفن رہ جائے گا

نامِ شاہانِ جہاں مٹ جائیں گے لیکن یہاں
حشر تک نام و نشانِ پنجتن رہ جائے گا

Marfat.com

جو پڑھے گا صاحبِ لولاک کے اوپر درود
آگ سے محفوظ اس کا تن بدن رہ جائے گا
سب فنا ہو جائیں گے کافی ولیکن حشر تک
نعتِ حضرت کا زبانوں پر سخن رہ جائے گا

مولانا کفایت علی کافیؒ کو مرادآباد جیل کے پاس سرِ عام تختۂ دار پر لٹکا دیا گیا۔ آپ مجمعِ عام میں رتبہ شہادت پر فائز ہوئے۔ بعدازاں وہیں آپ کو دفن کر دیا گیا۔ آپ کی قبر، جیل کے عقب میں ابھی تک محفوظ ہے۔(۴۰)

ان حضرات کی داستانِ حیات پڑھ کر دل خون کے آنسو روتا ہے۔ یہ وہ اولوالعزم ہستیاں تھیں، جن کی قربانیوں کا سلسلہ سیدنا بلالِ حبشیؓ سے ملتا ہے۔ آلِ یاسرؓ سے ملتا ہے۔ بدر و حنین کے شہیدوں اور غازیوں سے ملتا ہے۔ حضرتِ اسماعیلؑ کی خود سپاری سے ملتا ہے اور شہزادۂ گلگوں قبا، شہیدِ کربلاؓ کی جاں نثاری سے ملتا ہے۔ اسلام میں قربانی کی تاریخ بہت پرانی ہے۔ اقبالؒ نے اس طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا تھا:

غریب و سادہ و رنگیں ہے داستانِ حرم
نہایت اس کی حسینؓ، ابتدا ہے اسماعیلؑ

اس قافلۂ حق کے ہر سرفروش مجاہد نے ایک ہی نعرۂ مستانہ کے ساتھ جان، جان آفریں کے حوالے کر دی کہ

جان دی، دی ہوئی اسی کی تھی
حق تو یہ ہے کہ حق ادا نہ ہوا (غالب)

Marfat.com

حوالہ جات

۱۔ر۔ک: سر سید احمد خاں، اسباب بغاوت ہند، مقدمہ: ڈاکٹر ابواللیث صدیقی، اردو اکیڈمی سندھ مشن روڈ کراچی، پہلی بار، ۱۹۵۷ء

۲۔ماہنامہ تحریک دہلی، شمارہ جون ۱۹۶۰ء، ص:۱۶، بحوالہ: محمد عبدالحکیم شرف قادری، حرف آغاز، مشمولہ: محمد فضلِ حق خیرآبادی، مولانا، الثورۃ الھندیہ (باغیِ ہندوستان)، ترجمہ: عبدالشاہد خان شروانی، مکتبہ قادریہ لاہور، طبع پنجم، نومبر ۱۹۹۷ء، ص:۲۰،۲۱

۳۔محمود احمد برکاتی، حکیم، فضلِ حق خیرآبادی اور سن ستاون، برکات اکیڈمی کراچی، مئی ۱۹۸۷ء، ص:۲۰،۲۱

۴۔محمد فضلِ حق خیرآبادی، مولانا، قصیدہ ہمزیہ، مشمولہ: الثورۃ الھندیہ (باغیِ ہندوستان) محولہ بالا، ص:۳۰۸،۳۰۹

۵۔ایضاً، ص:۱۵۱

۶۔حکیم محمود احمد برکاتی، مولوی فضلِ حق خیرآبادی اور سن ستاون، محولہ بالا

۷۔بخت خاں، روہیل کھنڈ کا بہادر سپاہی تھا، جس نے اپنی بہادری اور دلیری کے باعث فوج میں نمایاں مقام حاصل کر لیا تھا۔۱۸۵۶ء میں انگریز نے اس محب وطن کو، بغاوت کے جرم میں معزول کر دیا تھا۔

۸۔محمد ایوب قادری، جنگِ آزادی ۱۸۵۷ء واقعات وشخصیات، پاک اکیڈمی ۱/۱۴۱ وحید آباد، کراچی، جون ۱۹۷۶ء، ص:۴۰۲

۹۔ذکاء اللہ دہلوی، منشی، تاریخ عروج سلطنت انگلشیہ، مطبع شمس المطابع دہلی، ۱۹۰۴ء، ص: ۶۷۵،۶۷۶

۱۰۔صادق الاخبار، ۲۷۔جولائی ۱۸۵۷ء مشمولہ: عتیق صدیقی، اٹھارہ سو ستاون اخبار اور دستاویزیں، مکتبہ شاہراہ، اردو بازار دہلی ۶، پہلی بار مئی ۱۹۶۶ء، ص:۱۹۸،۱۹۹

Marfat.com

۱۱۔ بحوالہ: خلیق احمد نظامی، پروفیسر، ۱۸۵۷ء سے پہلے کی دہلی، مشمولہ: ماہنامہ برہان دہلی، رجب ۱۳۶۶ھ، بمطابق جون ۱۹۴۷ء، جلد ہیز دہم، شمارہ ۶، ص: ۳۶

۱۲۔ عبداللطیف، ۱۸۵۷ء کا تاریخی روزنامچہ، مرتبہ: خلیق احمد نظامی، باہتمام: مینجر ندوۃ المصنفین اردو بازار جامع مسجد دہلی، ربیع الاول ۱۳۷۸ھ مطابق اکتوبر ۱۹۵۸ء، ص: ۱۵۳، ۱۵۴

۱۳۔ کمال الدین حیدر حسنی الحسینی المعروف بہ سید محمد میرزا زائر، "قیصر التواریخ"، نولکشور لکھنؤ، جلد دوم، ستمبر ۱۸۹۶ء، ۴۴۹، ۴۵۰

مؤلف نے غلطی سے مولوی احمد سعیدؒ کو شاہ غلام علیؒ کا نواسہ لکھ دیا ہے۔ یہ بات درست نہیں ہے۔

۱۴۔ محمد ایوب قادری، جنگ آزادی ۱۸۵۷ء (واقعات و شخصیات) محولہ بالا، ص: ۴۰۷

۱۵۔ ابوالحسن زید فاروقی، مقامات خیر، شاہ ابوالخیر اکادمی، درگاہ حضرت شاہ ابوالخیر، شاہ ابوالخیر مارگ، ترکمان گیٹ دہلی ۶، ص: ۱۷

۱۶۔ شاہ محمد مظہر مجددی، مناقب احمدیہ و مقامات سعیدیہ، مطبع اکمل المطابع دہلی، ۱۲۸۱ھ، ص: ۵۹
یہ کتاب پروفیسر محمد اقبال مجددی صاحب کے اردو مقدمہ کے ساتھ پچھلے برس پھر طبع ہوئی ہے۔
اس کی تفصیل حسبِ ذیل ہے: شاہ محمد مظہر مجددی، مناقب احمدیہ و مقامات سعیدیہ، مقدمہ: محمد اقبال مجددی، دارالاسلام لاہور، ۲۰۱۷ء

۱۷۔ ابوالحسن زید فاروقی، مقامات خیر محولہ بالا، ص: ایضاً

۱۸۔ شاہ محمد مظہر مجددی، مناقب احمدیہ و مقامات سعیدیہ، محولہ بالا، ص: ۶۰
مولانا خالد کُردی رومیؒ بہت جلیل القدر شیخ تھے۔ علامہ ابن عابدین شامیؒ، صاحبِ فتاویٰ شامی، ان کے مرید تھے۔ انھوں نے شیخ کے حالات پر عربی میں ایک کتاب "سِلّ الحُسام الہندی لِنُصرۃِ مولانا خالد نقشبندیؒ" بھی لکھی ہے، جو چھپ چکی ہے۔

۱۹۔ ایضاً، ص: ۶۳

۲۰۔ محمد حسن نقشبندی، مولوی، مشائخ نقشبندیہ مجددیہ، قادری رضوی کتب خانہ گنج بخش روڈ لاہور،

Marfat.com

۱۴۲۴ھ/ ۲۰۰۳ء، ص:۴۶۱

۲۱۔شاہ محمد مظہر مجددی، مناقب احمدیہ و مقامات سعیدیہ، محولہ بالا، ص:۷۰

۲۲۔ایضاً، ص:۷۱

۲۳۔ابوالحسن زید فاروقی، مقامات خیر، محولہ بالا، ص:۸۹ اور
محمد حسن نقشبندی، مولوی، مشائخ نقشبندیہ مجددیہ، ص:۴۶۶

۲۴۔شاہ محمد مظہر مجددی، مناقب احمدیہ و مقامات سعیدیہ، محولہ بالا، ص:۷۷

۲۵۔سر سید احمد خاں، آثار الصنادید، ترتیب و حواشی: ڈاکٹر سید معین الحق، پاکستان ہسٹاریکل سوسائٹی کراچی، ۱۹۶۶ء، ۲۱۵

۲۶۔محمد حسن نقشبندی، مولوی، مشائخ نقشبندیہ مجددیہ، ص:۴۷۱

۲۷۔شاہ محمد مظہر مجددی، مناقب احمدیہ و مقامات سعیدیہ، محولہ بالا، ص:۲۱۱

۲۸۔محمد اقبال مجددی، تذکرہ علما و مشائخ پاکستان و ہند، پروگریسو بکس اردو بازار لاہور، جلد دوم، ۲۰۱۳ء، حضرت شاہ احمد سعید مجددی دہلویؒ، ص:۱۰۹۳

۲۹۔شاہ محمد مظہر مجددی، مناقب احمدیہ و مقامات سعیدیہ، محولہ بالا، باب ہشتم: در ذکر ہجرت از دہلی بسوئی حرمین شریفین زادہما اللہ تعظیماً، ص:۱۹۶

۳۰۔حضرت دوست محمد قندھاریؒ، شاہ احمد سعید مجددیؒ کے مرید اور خلیفہ تھے۔ ہندوستان، خراسان، عرب اور ترکی کے بہت سے طالبان حق ان کے دست گرفتہ تھے۔ ان کی خانقاہیں کئی مقامات پر تھیں، البتہ ان کا زیادہ قیام موسیٰ زئی شریف، ضلع ڈیرہ اسماعیل خان پاکستان میں ہوتا تھا۔ یہیں آپ کا مزار پر انوار ہے۔

۳۱۔شاہ محمد معصوم مجددی رام پوریؒ، ذکر السعیدین فی سیرۃ الوالدین، بحوالہ: ابوالحسن زید فاروقی، مقامات خیر، محولہ بالا، ص:۸۸ تا ۹۹

۳۲۔شاہ محمد مظہر مجددی، مناقب احمدیہ و مقامات سعیدیہ، محولہ بالا، ص:۶۵، ۶۶

Marfat.com

۳۳۔ محمد ایوب قادری، جنگ آزادی ۱۸۵۷ء (واقعات و شخصیات)، محولہ بالا، ص: ۴۰۸

۳۴۔ سر سید احمد خاں، آثار الصنادید، محولہ بالا، ص: ۲۱۶

۳۵۔ ابوالحسن زید فاروقی، مقامات خیر، محولہ بالا، ص: ۷۹، ۸۶

۳۶۔ محمد حسن نقشبندی، مولوی، مشائخ نقشبندیہ مجددیہ، ص: ۴۶۳، ۴۶۴

۳۷۔ محمد ایوب قادری، جنگ آزادی ۱۸۵۷ء (واقعات و شخصیات)، محولہ بالا، ص: ۵۶۲

۳۸۔ ایضاً، ص: ۵۶۴، ۵۶۵

۳۹۔ ماہنامہ ترجمان اہل سنت کراچی، جنگِ آزادی ۱۸۵۷ء نمبر، جولائی ۱۹۷۵ء، ص: ۹۸، بحوالہ: راجا رشید محمود، کافی کی نعت کیوں، مشمولہ: ماہنامہ نعت لاہور (کافی کی نعت، حصہ اول)، اکتوبر ۱۹۹۵ء، جلد ۸، شمارہ ۱۰، ص: ۷

۴۰۔ محمد ایوب قادری، جنگ آزادی ۱۸۵۷ء (واقعات و شخصیات)، محولہ بالا، ص: ۵۶۵، ۵۶۶

Marfat.com

بیسویں صدی میں سلسلہ نقشبندی کی ہیت مرکزی

ڈاکٹر عدنان طارق

اسسٹنٹ پروفیسر شعبہ تاریخ گورنمنٹ کالج رائے ونڈ (لاہور)

یہ مضمون نقشبندی صوفی سلسلہ کے دو عظیم اکابر شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی اورشاہ غلام علی کی خدمات ومساعی کے بارے میں ہے۔انیسویں صدی کے آغاز میں مغلیہ خاندان اپنے زوال کے آخری دور سے گزر رہا تھااس دور میں مسلح ہندوستان کی تہذیب بھی گوناگوں مسائل سے دوچار تھی۔ یہ مضمون ان مسائل کا احاطہ کرتے ہوئے مذکورہ بالا دوصوفی حضرات کے کردار پر روشنی ڈالے گا۔ یہ دونوں صوفی حضرات نقشبندی سلسلے کی مجددی شاخ سے منسلک تھے نقشبندی سلسلے کی نمایاں ترین خصوصیات میں سے ایک اس کا شریعت کے معاملات کوزمانے کے تغیر وتبدل کے مطابق ضروریات جدیدہ کے تقاضوں سے بہرہ ور کرنا ہے۔ یہ مضمون انیسویں صدی کے اوائل کے مسلم معاشرہ کو درپیش مسائل کے حوالے سے ان دوصوفی حضرات کی خدمات کا احاطہ کرتا ہے۔

تعارف

اٹھارویں صدی کا اختتام گویا ایک وسیع تر تاریخی منظرنامے کی جامع تبدیلی تھی۔ برطانوی نوآبادیاتی نظام بس شروع ہونے کو تھا۔وادی گنگ وجمن میں پلنے والی مسلم تہذیب اپنی تاریخ کے فیصلہ کن موڑ پر آ کھڑی تھی۔ اس شاندار تہذیب کو اندرونی ہمہ جہتی انتشار اور بیرونی حملہ آوروں کی یکے بعد دیگرے آمد نے ادھیڑ کر رکھ

Marfat.com

دیا تھا۔متاخر عہد مغلیہ اس زوال کی منہ بولتی تصویر تھا۔اور پھر ۱۸۰۳ء میں ایسٹ انڈیا کمپنی نے خاندان تیموریہ کے دار الحکومت دہلی کا انتظامی انتداب حاصل کر کے گویا اس زوال پذیر حکومت و معاشرت کو واپس نہ لوٹنے کا قانونی مشورہ دے دیا۔اس تمام تر زوال آمادہ صورتحال میں بھی نقشبندی صوفی سلسلہ اپنی پوری آب و تاب کے ساتھ جلوہ گر تھا۔اس سلسلے کے وابستگان اپنی ہر ممکن کوشش میں تھے کہ مسلمانوں کو مفید سے مفید تر رہنمائی فراہم کی جائے۔اس سلسلے کے وابستگان بہت سے مدرسے اور خانقاہیں چلا رہے تھے۔ان میں نمایاں ترین نام دو صوفیوں کے ہیں۔ان میں پہلا نام شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی کا ہے جبکہ دوسرا نام شاہ غلام علی کا ہے۔یہ دو شخصیات اپنے زمانے کے مخصوص تناظر میں اس قدر اہمیت کی حامل تھیں کہ اس دور کا تمام تر روحانی اور مذہبی نظام ان کو مرکز بنائے ہوئے تھا اور دینیاتی علوم کے طلباء دور دراز سے ان کے پاس کسب فیض کے لئے آیا کرتے تھے۔

انیسویں صدی کے آغاز پر ہندوستان کی صورتحال کا اجمالی خاکہ

ریاست کی حالت زار

خاندان تیموریہ اورنگ زیب عالمگیر کی وفات کے بعد سے مسلسل زوال کی حالت میں تھا۔نادر شاہ کے حملے کے بعد یہ صورتحال مزید نازک ہو چکی تھی۔اب مغل بادشاہوں کے لئے ہندوستان کے جنوبی اور مشرقی علاقوں کو اپنے قبضہ میں رکھنا مشکل ہو چکا تھا۔اٹھارویں صدی کے نصف آخر میں مرہٹوں، جاٹوں اور سکھوں نے مغلوں کے مرکزی اقتدار اعلیٰ کو ختم کرنے کے لئے ہر ممکن کوشش کی۔مغل بادشاہ اندرونی

Marfat.com

ریشہ دوانیوں کے باعث اس قدر کمزور ہو چکا تھا کہ اس کے لئے ان قوتوں کی سرکوبی امر محال تھی۔ پلاسی کی جنگ کے بعد یہ مخدوش صورتحال نا قابل اصلاح ہوتی جارہی تھی۔ مرکز گریز قوتوں نے پہلے سے زیادہ قوت اور اختیار حاصل کرلیا تھا۔ شاہ ولی اللہ بھی صورتحال کی نزاکت کو سمجھتے ہوئے یہ جان چکے تھے کہ مغل بادشاہت میں وہ دم خم نہیں رہا کہ وہ ان مرکز گریز قوتوں کا سد باب کرسکیں۔ اسی لئے انہوں نے احمد شاہ دورانی اور نجیب الدولہ کو خطوط لکھ کر دارالحکومت کی حفاظت کے لئے بلایا۔ ۱۷۹۱ء میں پانی پت کے میدان میں مرہٹوں کی شکست کے باوجود مغل دربار اپنی پہلی سی شان وشوکت حاصل نہ کرسکا۔ ایسٹ انڈیا کمپنی بھی اس تمام تاریخی تناظر میں فوائد سمیٹتی ہوئی نظر آرہی تھی۔ شاہ ولی اللہ اس خطرے سے بخوبی واقف تھے۔ اس لئے ان کے پرزور اصرار پر احمد شاہ دورانی نے مغل بادشاہ احمد شاہ کو خط لکھ کر بلانے پر مجبور کیا کہ وہ صوبہ بہار سے واپس دلی کو پلٹے اور ریاست کے انتظام کو بحال کردے۔ اس کا مقصد کمپنی کی مداخلت سے قبل از وقت بچنا تھا۔ تاہم مغل بادشاہ اس خطرہ کا بروقت احساس نہ کرسکا۔ یوں چند ہی دہائیوں کے بعد ۱۸۰۳ء میں مغل بادشاہ کو از خود کمپنی حکام سے دارالحکومت کی حوالگی کا معاہدہ کرنا پڑا۔ یہ سمجھنا غلط فہمی ہے کہ انیسویں صدی میں ہمارے ملک پر ایسٹ انڈیا کمپنی پر قبضہ ہوگیا تو ہمارے علماء وصوفیہ روپوش ہوگئے بلکہ وہ اپنی کامل علمی وروحانی استعداد کے ساتھ منظر عام پر آئے اور عوام کی رہنمائی کے لئے کمربستہ ہوگئے۔ ۱۸۰۳ء کو ہندوستان، کے مرکز دہلی پر انگریزوں کا قبضہ ہوگیا تو وہاں کے سب سے بڑے عالم وصوفی حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی نے کامل اطمینان قلب کے ساتھ اپنی جدو جہد کا آغاز کردیا۔ یوں تو اس صدی میں سارے

Marfat.com

پاکستان و ہند میں علماء وصوفیہ کی بڑی تعداد دعوت وارشاد میں مصروف تھی، پنجاب میں اس زمانہ میں سلسلہ چشتیہ کا احیاء ہوا، خواجہ نور محمد مہاروی، خواجہ سلیمان تونسوی اور ان حضرات کے خلفاء نے مدرسہ رحمانیہ دہلی کی طرز پر اپنے اپنے علاقوں میں درس وتدریس کے ساتھ روحانی مسند عملی طور پر بچھائے رکھی، پنجاب سے لے کر کابل تک اور کابل قندھار سے لے کر ہمارے ملک کے سمندری ساحلوں تک ان کی تعلیمات کا پرچار ہو رہا تھا۔

ہماری اس وقت توجہ کا مرکز سلسلۂ نقشبندیہ ہے، اس میں کوئی شبہ نہیں ہے کہ تمام سلاسل علماء وصوفیہ پابند شرع شریف تھے لیکن سلسلۂ نقشبندی سے وابستہ حضرات اس خصوصیت کے نمایاں طور پر حامل تھے، ان کی عملی زندگی عوام کے لیے نمونہ تھی۔

ہم اس وقت پاکستان و ہند کے مرکزی صوبہ دہلی کی سیاسی، سماجی اور اقتصادی حالت کا ذکر کر رہے ہیں تمام علاقوں کے حالات کا جائزہ اس مختصر بیان میں ممکن نہیں ہے۔ جیسا کہ ہم نے بیان کیا ہے ۱۸۰۳ء کو اس پر ایسٹ انڈیا کمپنی کا قبضہ ہو گیا تھا۔ اس وقت یہاں کی دو بڑی نقشبندی سلسلہ کی شخصیتیں زندہ اور دعوت وارشاد میں مصروف تھیں، ہماری مراد حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی اور حضرت شاہ غلام علی دہلوی سے ہے۔ یہ دونوں حضرات صرف دہلی کے اکابر ہی نہیں تھے بلکہ سارے ہندوستان کی تمام مذہبی و روحانی تحریکیں انہیں کے گرد گھومتی تھیں یعنی ان کے فکری رہنما یہی دو بزرگ تھے۔

اقتدار اعلیٰ کی بدلتی ہوئی صورتحال کے تناظر نے ہندوستانی مسلم تہذیب کے سامنے نئے سوال لا کھڑے کیے تھے۔ دلی کے سرکردہ مسلمان شاہ عبدالعزیز

Marfat.com

محدث دہلوی کے سامنے یہ سوال پیش کرتے اور شاہ صاحب ان تنقیدی سوالوں کے شافی جواب دیا کرتے تھے۔ بنیادی سوال تو یہ تھا کہ آیا مسلمانوں کو اپنے معمولات کے ضمن میں انگریز سرکار کے سامنے پیش ہونا چاہیے یا پھر زوال آمادہ مغل دربار کے سامنے۔ شاہ عبدالعزیز دلی میں بیٹھے ان فرنگی حکمرانوں کو بوجہ حکمت ناراض نہیں کرنا چاہتے تھے۔ انہوں نے کمپنی کے عہدیداروں کے ساتھ مناسب حد تک اچھے تعلقات قائم کرر کھے تھے۔ وہ جانتے تھے کہ اس کے بغیر کوئی چارہ نہیں ہے۔ ان کی کتاب 'کلمات آزادی' میں ایسے بہت سے واقعات ملتے ہیں جو ان کے کمپنی کے عہدیدار ان کے ساتھ اچھے تعلقات کو ثابت کرتے ہیں۔ ان کے ملفوظات میں بھی کئی برطانوی عہدیداروں کا ذکر موجود ہے۔ ان کا ایسا ماننا تھا کہ کمپنی کی پالیسی مسیحی تبلیغی اداروں سے بالکل مختلف ہے۔ ان کے دور میں بہت سے علماء بھی کمپنی کی ملازمت کیا کرتے تھے۔ آپ کے شاگرد خاص (اور داماد) مولانا عبدالحی بھی کمپنی کے ماتحت مفتی کے فرائض سرانجام دیتے رہے۔ مولانا شاہ عبدالعزیز اس امر سے بخوبی واقف تھے کہ کمپنی کے سامنے مزاحمت کرنا بے سود ثابت ہوگا۔ اسی لئے انہوں نے مبنی بر حکمت تعمیری رویہ اختیار کیا۔ یہ رویہ انہوں نے مسلم سواد اعظم کے وسیع تر تہذیبی مفاد میں اپنایا تھا۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے مادی فوائد کی غرض سے انگریزوں کی بنائی ہوئی مصنوعات کے استعمال کو جائز قرار دیا۔

شاہ عبدالعزیز ہندوستان کو دار الحرب سمجھتے تھے لیکن ان کے ساتھ ساتھ انہوں نے مسلمانوں کو انگریزوں کے ساتھ اس وقت تک تعاون کرنے کا مشورہ دیا جب تک ان کے مذہبی معاملات متاثر نہیں ہوتے۔ اسلامی فقہ کے مطابق جب کوئی

Marfat.com

علاقہ دارالحرب قرار پاتا ہے تو دو میں سے کوئی سا ایک راستہ اختیار کرنا واجب ہو جاتا ہے۔ پہلے تو جہاد کا راستہ اختیار کرنے کی طرف دیکھا جانا چاہیے اگر یہ نا قابل عمل ہو تو پھر اس جگہ سے ہجرت کر جانا چاہیے۔ تاہم شاہ عبدالعزیز کے فتویٰ دارالحرب میں ان دونوں احکامات کی طرف واضح خاموشی موجود ہے۔ کئی وجوہات اس خاموشی کی معقول وضاحت سکتی کر ہیں۔

شاہ عبدالعزیز محدث نے ہندوستان کو دارالحرب قرار دیا، واضح الفاظ میں اس میں لکھا کہ اسوقت انگریز ملک پر قابض ہوتے جا رہے ہیں، دارالحرب زدہ ملک میں جو اسلامی فقہی اصول ہیں ان سے آگاہ کیا۔ یاد رہے کہ فتویٰ دارالحرب کا تھا، جہاد کا نہیں تھا، آپ نے یہ ہرگز نہ فرمایا کہ انگریزوں کے خلاف اٹھ کھڑے ہو اور ان سے بغاوت کریں کیونکہ آپ بخوبی جانتے تھے کہ دہلی میں مغلوں کی مرکزی حکومت موجود تھی جس کی اپنی فوج رہی سہی طاقت رکھنے کے باوجود انگریزوں کے قدم نہیں روک سکتی تو بھلا افلاس زدہ عوام ان کا کیسے مقابلہ کر سکیں گے، آپ نے اسلامی اصول رواداری پر عمل کرتے ہوئے درگزر کا مشورہ دیا، پہلے تو ایک سوال کے جواب میں انگریزی زبان پڑھنا جائز قرار دی پھر فرمایا کہ نیک مقاصد کے لیے اسے سیکھنا کوئی عیب نہیں ہے، میرے بے روزگار عوام کو انگریزوں کے پاس ملازمتیں ملنے لگیں۔ آپ نے ہندوستان کے مسلمانوں کو ہجرت کرنے کا بھی مشورہ نہیں دیا کہ اس طرح اتنے مسلمان کہاں اور کس ملک میں جائیں گے؟

انگریز یہ جانتے تھے کہ شاہ عبدالعزیز عوام و خواص میں مقبول ترین شخصیت کے مالک ہیں آپ نے رواداری کی جو پالیسی اختیار کی تھی اس کے مفید نتائج برآمد

Marfat.com

ہونا شروع ہو گئے۔ آخر یہ قابض انگریز اس حقیقت سے آگاہ ہو گئے کہ مسلمانوں کے فیصلے مسلمانوں کی عدالتوں میں ہونے چاہیے۔ انگریز خود آپ کے پاس آئے اور درخواست کی کہ آپ کوئی عالم ان کو دیں جو آپ کے قانون کے مطابق فیصلے کیا کرے۔ یہ کوئی معمولی بات نہیں تھی، مسلمانوں کی برطانوی استبداد میں ایک بڑی فتح تھی، آپ نے اپنے داماد یعنی مولانا عبدالحی انگریزوں کو اس مقصد کے لیے انگریوں کے پاس بھیجا اس شرط پر کہ وہ ان کی معاشرت نہیں اپنائیں گے اور شرع کے مطابق تمام امور نمٹائیں گے۔ اس طرح ایک اور بڑی کامیابی یہ ہوئی۔

حضرت شاہ صاحب کے ملفوظات کے تامل کے ساتھ مطالعہ کرنے سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ آپ اس نتیجہ پر پہنچ چکے تھے کہ ان بدلے ہوئے حالات میں صرف مدرسہ کی تعلیم ہی کافی نہیں ہے، انہیں آنکھیں کھول کر حالات کا جائزہ لینا چاہیے، آپ کے فتویٰ دارالحرب پر انگریزی اور اردو میں بہت عمدہ مقالات لکھے جا چکے ہیں۔

ہمیں اس حقیقت کا ذکر کرنے کی ضرورت ہے کہ انیسویں صدی میں شاہ عبدالعزیز ایک ایسی مرکزی شخصیت بن چکے تھے جنہیں درس و تدریس کے ساتھ دعوت وارشاد کا فریضہ بھی انجام دینا تھا، آپ اپنے والد گرامی حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی کے صوفیہ کے تمام سلاسل میں مجاز تھے لیکن آپ پر سلسلہ نقشبندیہ کا غلبہ تھا اور اس کے ذریعہ آپ طالبوں کو سلوک کی تعلیم دیتے تھے۔

فکر جدید کے علم بردار حضرات آج یہ تسلیم کرنے میں پس وپیش نہیں کرتے کہ مسلمانوں کو جدیدیت سے فکری آراستگی شاہ صاحب کے شاگردوں کے ذریعہ ملی تھی آپ کی قیادت میں ۱۸۳۲ء کو انگریزوں نے دہلی میں جدید قدیم علوم کی تدریس

Marfat.com

کے لیے یورپین طرز کے ایک کالج بنانے کا فیصلہ کیا۔ مذکورہ سنہ میں انگریزوں کا ایک وفد دہلی کے مدارس کا جائزہ لینے کے بعد آپ کی خدمت میں حاضر ہوا کہ ہم مدرسہ نواب غازی الدین کو کالج میں تبدیل کرنا چاہتے ہیں آپ کی اجازت چاہیے اور یہ بھی درخواست ہے کہ آپ اس کالج کے پرنسپل کا عہدہ قبول فرمائیے، جس پر آپ نے پیرانہ سالی اور روافض کے غلبہ کے باعث انکار کر دیا تو آپ کے سب سے نامور شاگرد مولانا رشید الدین خان کو کالج کا پرنسپل بنا دیا گیا۔ گویا جدید علوم کی تدریس کا آغاز بھی آپ ہی کی شاگردوں کے ہاتھوں شروع ہوا، اس کالج کے تعلیم یافتہ طلبہ بڑے نامور ہوئے، ہمارے ملک کے عظیم محقق ڈاکٹر اکرام چغتائی نے وہ بیش قیمت رپورٹ جو دہلی کالج کے قیام سے متعلق تھی دریافت کر کے شائع کر دی ہے۔

شاہ عبدالعزیز محدث کے ایک شاگرد خاص حضرت شاہ غلام علی دہلوی کی شخصیت بھی مرکزی حیثیت رکھتی تھی آپ دہلی کی سب سے نامور درگاہ مظہری کے سجادہ نشین تھے اور اس مرکز کی سارے عالم اسلام میں شہرت تھی، اس کے بانی حضرت مرزا مظہر جان جاناں شہید نے شاہ ولی اللہ محدث کی طرح درس و تدریس کے ساتھ دعوت و عزیمت کی ایسی مثال قائم کی کہ اس انتہائی زوال زدہ مسلم معاشرہ میں رہنمائی کے روشن مینار کی طرح کام کیا اور مسلم حکومت کے زوال کے دور میں جس طرح معاشرہ کو ذہنی زوال کا شکار ہونے سے بچایا یہ انہی کا خاصہ تھا، شاہ غلام علی دہلوی انہی حضرت مظہر کے جانشین تھے جنہوں نے جوانی سے لے کر کہولت تک تمام عمر اس درگاہ میں ایسی عزیمت کے ساتھ مسلمانوں کی رہنمائی کی کہ اس کی مثال ملنا محال ہے۔

فکر جدید کے علمبردار سر سید احمد خان اور ان کا خانوادہ بھی انہی شاہ غلام علی

Marfat.com

سے وابستہ تھا، وہ برابر خانقاہ مظہری میں آتے رہتے تھے۔ ان کا مشاہدہ ہے کہ میں نے ان آنکھوں سے شاہ غلام علی کی درگاہ سے عالم اسلام سے لے کر وسطی ایشیاء، افغانستان اور ایران تک کے روحانیت کے طالب افراد کو حلقہ میں بیٹھ کر اپنی روحانی پیاس بجھاتے دیکھا۔

شاہ غلام علی دہلوی ان اکابر میں سے تھے جن کے ہاتھ پر بڑے بڑے یا اکابر علماء نے بیعت کی ان میں مولانا خالد کردی رومی بغدادی کا نام سرفہرست ہے جن کے ہاتھ پر شاہ صاحب کے حین حیات ایک لاکھ افراد بیعت کر چکے تھے۔ انہوں نے اپنے خطوط بنام شاہ غلام علی میں اس کا ذکر کیا اور ایک خط میں یہ بھی لکھا ہے کہ اس وقت ایک ہزار علماء میرے حلقہ ارادت میں داخل ہو چکے ہیں۔ ایک دوسرے عریضے میں لکھا ہے کہ اس وقت ایک سو صاحب تصنیف علماء میرے سامنے دست بدستہ کھڑے ہیں۔ یہ اس علاقے کی بات ہے جو کسی زمانے میں علم اور علوم اسلامیہ کا مرکز ہوتا تھا۔ بغدادان کے زمانہ تک اسی طرح زوال کا شکار رہا جیسا کہ ہمارا پاکستان و ہند تھا۔

شاہ غلام علی صرف عالم اور صوفی ہی نہیں تھے بلکہ اپنے وقت کے فارسی اور اردو کے سب سے بڑے شاعر بھی تھے۔ اس وقت خواجہ میر درد سے لے کر کوئی چھوٹا بڑا شاعر ایسا نہ تھا جو آپ کی خدمت میں خانقاہ مظہری میں حاضر ہو کر مشق سخن نہ کر چکا ہو۔ یہ شعراء بھی اسی طرح آپ کی وفات (1781) کے بعد برابر شاہ غلام علی کی خدمت میں آتے اور اس درگاہ میں اسی طرح روحانی سلوک کی مشق کے ساتھ ساتھ شعر و سخن کی محفلیں بھی منعقد ہوتی رہتی تھیں۔ شاہ غلام علی دہلوی کی سب سے مشہور کتاب مقامات مظہری اور آپ کے ملفوظات کے مجموعے اس امر کا بین ثبوت ہیں۔

Marfat.com

شاہ غلام علی دہلوی ایسی بزرگ شخصیت کے مالک تھے کہ بڑی بڑی درگاہوں کے سجادہ نشین اپنی مسند چھوڑ کر آپ کی خدمت میں سلوک کی منزلیں طے کرنے کے لیے آتے تھے اور اس میں کامیاب بھی تھے اور اپنے اپنے علاقوں میں جا کر دین کی شمع روشن کرتے تھے۔ وہ اتباع شرع کا ایسا نمونہ تھے کہ غیر مسلم ان کے اعمال کو دیکھ کر خود بخود دائرۂ اسلام میں داخل ہونے کی درخواست کرتے تھے۔

یہ انہی حضرات کی مخلصانہ کوششوں کا ثمر تھا کہ اس گئے گزرے دور میں جہاں انگریزوں کے عمل دخل سے ہر طرف معاشرتی بے چینی اپنے عروج کو پہنچ چکی تھی یہ حضرات اپنے طور پر دین کی شمع روشن کیے ہوئے تھے۔

جیسا کہ ہم نے بیان کیا ہے کہ انیسویں صدی میں برعظیم پاکستان و ہند میں علماء اور صوفیا کی کمی بہت تھی وہ اپنے اپنے طور پر، ان حالات میں جن کا ہم نے جائزہ پیش کیا ہے ہر وقت مصروف کار رہتے تھے اور دہلی کی ان دو مرکزی شخصیات کو اپنا رہنما بنائے ہوئے تھے، ان سے رہنمائی لے کر اپنے اپنے دینی مشن کو جاری رکھے ہوئے تھے ان دونوں شخصیتوں نے جن کے شاگردوں اور مریدوں کی تعداد شمار کرنا ہمارے لیے دشوار ہے اگر ان کی علاقائی نسبتوں پر ہم غور کریں تو ہمیں معلوم ہوتا ہے کہ نہ صرف پاک و ہند بلکہ عربستان سے لے کر ایران اور افغانستان تک ان کا ایک وسیع سلسلہ جاری و ساری تھا۔ جن کے نقش قدم پر چل کر ہم آج مسلمان ہیں۔

ہمارے حضرت مجدد الف ثانی کی اولاد میں اللہ نے بہت برکت دی تھی اور اس میں ہر فرد روحانیت میں کامل ہونے کے ساتھ ساتھ درس و تدریس میں بھی ہر وقت مصروف رہتا تھا۔ آپ کے سامنے اس وقت حضرت مجدد کی اولاد کا ایسا شجرہ

Marfat.com

آویزاں کیا گیا ہے جو کہ آپ سامنے رکھ کر یہ اندازہ لگا سکتے ہیں کہ اس صدی میں آپ کی اولاد عربستان سے ایک جواں سال محقق ڈاکٹر ولید زیاد صاحب نے شیخ فضل احمد معصومی پشاوری PHD حال ہی میں Yale University مصروف کار تھے۔ پر اپنا مقالہ پیش کیا ہے جس میں ان کے مرتب کئے نقشے اور شجرات یہ ثابت کرنے کے لیے کافی ہیں کہ ان کا اثر ورسوخ پشاور سے لے کر پورے وسطی ایشیا اور ترکستان اور عربستان تک پھیلا ہوا تھا۔ اللہ کرے یہ مقالہ جلد شائع ہو جائے جو ہماری پاکستانی تہذیب اور روحانیت کی بھرپور نمائندگی ہے۔

ہم یہ بات کہنے میں حق بجانب ہیں کہ انیسویں صدی کے انتہائی زوال پذیر معاشرے کو اعتدال پر رکھنے اور ذہنی زوال تک پہنچنے سے بچانے کے لیے ان دونوں حضرات، شاہ عبدالعزیز دہلوی اور شاہ غلام علی کا خاص کردار ہے۔ باریک بین تجزیہ اس امر کو واضح کرتا ہے کہ دونوں احباب کا متحرک کردار ایک طرف مجددی سلسلے کی روایات کے عین مطابق ہوتے ہوئے تیزی سے تبدیل ہوتے سیاسی وسماجی تناظر میں مسلم تہذیب کی ضروریات کو کما حقہ پورا کر رہا ہے۔ نقشبندی مجددی سلسلہ اپنے قول وفعل کا معقولیت پر مبنی جواز بھی رکھتا ہوا نظر آتا ہے۔ یہ خصوصیت ان شخصیات کے اقوال وافعال کو دورِ حاضر میں بھی زندہ وپائندہ بنانے کے لیے کافی ہے۔

Marfat.com

حضرت شاہ فضل احمد معصومی پشاوری

ڈاکٹر ولید بن زیاد

استاد شعبۂ تاریخ، حبیب یونیورسٹی، کراچی

سابق متعلم پی ایچ ڈی yale یونیورسٹی، امریکہ

Insert First Secnon Nere

حضرت فضل احمد اور اُن کے ہم عصروں کی تاریخ، وسط ایشیاء سے متعلق رائج الوقت تاریخ نویسی کے کئی مفروضوں اور معیاراتی خاکوں (یعنی پیراڈائم) کو چیلنج کرتی ہے۔

اول، برطانوی نو ابادیاتی تاریخیں بنیادی طور پر، ہمیں یہ سبق سکھاتی ہیں کہ برطانیوں اور روسیوں کے انے سے قبل، یہ علاقہ (یعنی جنوبی اور وسط ایشیاء) عقلیاتی اور فکری زوال کا شکار تھا، اور کابل اور پشاور جیسے شہر پسماندہ اور الگ تھلگ ہو چکے تھے۔ اگر ہم حضرت فضل احمد کی سوانح حیات کا تجزیہ کریں تو یہ بات واضع ہو جاتی ہے کہ تاتارستان سے لے کر ہندوستان تک کے علاقے میں گہرے روحانی، ثقافتی اور فکری تعلقات حسب معمول تھے۔ مزید، متون اور کتابوں کی تالیف اور تبادلے، زیارت اور اختیارات کے علاقائی نظام کے ذریعہ، مجددیوں نے ہندوستان اور ترکستان کے درمیان علاقائی تعلقات قائم رکھنے میں کلیدی کردار ادا کیا۔

علاوہ ازایں، یہ بات بھی واضع ہو جاتی ہے کہ سوات کے اخوند سے لے کر انیسویں صدی میں بخارا کی نشاط ثانیہ تک، شہری اور قبائلی کئی سماجی اور سیاسی تحریکیں، جنہیں عام طور پر جُدا جُدا تاریخی لمحات کے طور پر برتا جاتا ہے، دراصل اس علاقے

Marfat.com

میں پھیلی ہوئی سماجی، فکری، مذہبی دھاروں کے ایک جتھے ہوئے جال کا حصہ تھیں۔

اپنا مقالہ شروع کرنے سے پہلے میں تحقیقی طریقہ کار سے متعلق ایک نکتہ پیش کرنا چاہتا ہوں۔ اس دور کے صوفیوں اور علماء کی جامع تاریخ لکھنے کے لیے کئی مختلف ذرائع سے واقفیت درکار ہے، تذکرے ظاہر ہے کہ ایک اہم ذریعہ ہیں، مگر یہ اکثر ہمیں پوری کہانی نہیں بتاتے، اور اُس سیاسی، اقتصادی اور معاشرتی ماحول پر روشنی نہیں ڈالتے جس میں کسی شخصیت نے اپنی زندگی گذاری اور اپنا کردار ادا کیا۔ بنیادی طور پر ان کا مقصد ناصحانہ ہوتا ہے۔ چنانچہ متبادل ذرائع سے رجوع کرنا ضروری ہے، جیسے شہری تاریخیں، مزاروں اور مسجدوں کی فہرستیں، شجر ہائے نسب، اسماء وقوف، مکتوبات اور عصری نقشے معمولات کے رسالے، زبانی روایات، ٹیکس کے دستاویزات، زمینی ملکیت کے رکارڈز، سفرنامے، برطانوی، فرانسیسی، اور روسی انتظامی دستاویزات، اور دیگر صوفی سلسلوں کی تالیفات۔

حضرت فضل احمد کی حیات

حضرت فضل احمد، جو کہ سن سترہ سو تینتالیس عیسوی میں شیخ احمد سرہندی کے خاندان میں پیدا ہوئے، سلطنت تیموریہ کے دور اواخر میں سرہند کے ماحول کی پیداوار تھے۔ لاہور اور دہلی ہائی وے پر واقع ایک جہاں شناس قصباتی شہر، سرہند حضرت سرہندی کے مزار کے علاوہ، تعلیمی اداروں کے ایک ایسے سلسلے کو اپنی اغوش میں لیے ہوئے تھا جو کہ کئی پشتوں سے صوفیوں اور عالموں کے لیے ایک مرکز کی حیثیت رکھتا تھا، اور جس نے کئی صوفی سلسلوں کے تدریسی طریقوں کو سمیٹتے ہوئے ایک بڑے علمی

Marfat.com

ذخیرے کو جنم دیا۔ چودہ برس تک حضرت فضل احمد نے منقولات ومعقولات کا مطالعہ کیا، صوفیانہ اعمال میں تربیت حاصل کی، اور کئی برس سرہند میں تدریسی کام کیا۔

سکھوں کے حملوں کے نتیجہ میں مجددی صوفی اور ان کے مرید سرہند سے ہجرت کر گئے، اوران میں سے کئی دُرانی علاقوں میں جابسے جہاں انہیں پناہ دی گئی تھی۔

سترہ سوساٹھ کے عشرے کے اواخر میں حضرت فضل احمد نے پشاور کی طرف ہجرت کی، جہاں زبردست خشک سالی کے دوران بڑی تعداد میں روٹیاں بانٹنے پر انہیں کافی شہرت حاصل ہوئی۔

ان کا حلقۂ مریدین تیزی سے وسیع تر ہوتا گیا اور بالآخرانہوں نے یکہ توت دروازہ کے قریب اپنی خانقاہ قائم کر لی۔ایک ایسے محلے میں جو بعد میں ان کے فرزند، فضل حق کے نام سے پہچانا گیا۔

اس کے کچھ ہی عرصہ بعد حضرت فضل احمد خیبر، کابل اور مزار شریف کے راستے بخارا کی جانب اپنے اسفار خمسہ کے پہلے سفر پر روانہ ہوئے۔

وہاں انہوں نے ایک اعلیٰ شان خانقاہ قائم کیا، جہاں بخارا کے مشہور بادشاہ شاہ مراد اوران کے فرزند اَمیر حیدر (مشہور بادشاہ شاہ مراد) نے حضرت سے بیعت کی، ان کے خاص مریدوں میں سے ہوئے، اوران کی خلافت سے بہرہ ور ہوئے۔

مریدین

ہم عصر تذکروں سے ہمیں پتا چلتا ہے کہ اَمو دریا کے دونوں طرف، حضرت

Marfat.com

فضل احمد کے مریدوں کی تعداد ہزاروں میں تھی، اور انہوں نے اپنے چھ سو خلفاء مقرر کیئے، جن میں سے مجھے ۱۳۰ کے نام ہم عصر تذکروں میں ملے ہیں۔

یہ ان کے سفر کا راستہ تھا اور تذکروں کے مطابق تمام مندرج علاقوں میں یا تو ان کی خانقاہ، ان کے مقررہ خلفاء، یا بڑی تعداد میں ان کے مریدین موجود تھے۔

اکثر خلفاء کو ان کے اپنے ہی علاقوں میں مقرر کیا جاتا تھا۔

البتہ چند پشاوری اور پنجابی خلفاء کو بلخ، سمرقند اور خیوہ کی جانب بھیجا گیا۔ مثال کے طور پر ان میں وزیرآباد پنجاب سے ایک خلیفہ شامل ہیں، جنہیں سمرقند میں مقرر کیا گیا، اور جو حضرت لعل بیگ سمرقندی کے نام سے پہچانے گئے۔

علاقائی خانقاہیں مقامی سلسلوں کے مراکز بن گئیں۔ مثلاً خانقاہ زکوڑی شریف جہاں سے مرید غزنی سے لے کر بنوں تک تربیت حاصل کیا کرتے تھے۔

اور ان کے فرزند حضرت عبدالقادر کی خانقاہ جہاں سے تاشکند تا تا تارستان، روس اور سائبیریا تک خلفاء مقرر کیئے گئے۔

علاوہ ازایں کئی جانے پہچانے صوفی سلسلوں کے فرزندان حضرت فضل احمد کے طریقے میں ضم ہو گئے، جس سے سلسلوں کے اپسی مراتب مضبوط ہوئے۔ مثلاً اس میں کابُل اور قندہار کے حضرات معصومیہ کے وارث، میاں ادریس، جو کہ سیاسی طور پر متحرک شخصیت تھے اور جنہوں نے درانی توسیع کا مذہبی جواز پیش بھی کیا تھا۔ ترکستان کے زیادہ تر سلسلوں کے وارثوں نے حضرت فضل احمد سے بیعت کی، مثلاً حضرت جو یباری اور احراری اور دھبیدی خواجگان، یہ بات قابلِ ذکر ہے کہ حضرت فضل احمد کا

Marfat.com

تذکرہ نظام الدین بلخی مزاری نے تالیف کیا، جو کہ مزار شریف کے متولی کے فرزند تھے۔

تعلیمات

پشاور اور بخارا میں حضرت فضل احمد کی سوانح کا تذکرہ کرنے سے پہلے، میں ایک وسیع مضمون کی مختصر جھلک دکھانا چاہتا ہوں۔ شیخ احمد سرہندی کی پیروی کرتے ہوئے، حضرت فضل احمد کی تعلیمات روحانی ارتقا اور سنت رسول کی پیروی کے لیے طریقت اور شریعت، ظاہر اور باطن کے گہرے تعلق پر زور دیتی ہیں۔ ہم میں سے زیادہ تر اس بات کا شعور رکھتے ہیں، مگر پھر بھی موجودہ ماحول میں اس بات پر توجہ دلانا ضروری ہے کہ دور پس جدید میں علماء، فقہاء، ماہرین صرف ونحو، شعرا اور متصوفین کے علاقے الگ تھلگ ہرگز نہیں تھے۔

تحقیق کے دوران میں نے نقشبندی مجددی اور متعلقہ اداروں کے کئی نصاب کا مطالعہ کیا ہے جن میں مثنوی سے لے کر طب اور منطق تک کثیر التعداد علوم شامل تھے۔ ان نصاب میں اشغال باطنی سب سے اعلیٰ حیثیت رکھتے تھے، یعنی آج کے پی ایچ ڈی کی طرح سمجھیے۔

ان کے مریدوں نے ان کے روزمرہ کے بارے میں، جس سے ان کے طریق وفلسفۂ حیات جھلکتا ہے، عینی شواہد قلم بند کیے ہیں۔ ان کا طرز حیات انتہائی منظّم تھا، جس میں مراقبہ اور ظاہری علوم کی تدریس و تربیت، روحانی اعمال، اور برادری کے روزمرہ امور کا انتظام شامل تھا۔

یہ بات قابل توجہ ہے کہ اُن کے سب سے زیادہ شائع ہونے والی تالیف محض دس صفحہ کا ایک تدریسی رسالہ ہے، جس میں انہوں نے مجددی روایت کلیدی

Marfat.com

نظریاتی اور عملی علوم کا (یعنی نقشبندی، قادری اور چشتی سلسلے کے اشغالِ باطنی، نقش سیر وسلوک، اور علم اللطائف) بڑا بالغانہ خلاصہ پیش کیا ہے۔ ہمیں معلوم ہے کہ حضرت عبدالاحد وحدت سرہندی کی ''کحل الجواہر'' کی تالیف کے بعد، کئی جانے پہچانے مجددی پیروں نے اس طرح کے مقالات معمولات تالیف کیئے جنہیں ہم تدریس بیاض یا کتابچے سمجھ سکتے ہیں۔ ایسے رسالوں کے ذریعے شیخ احمد سرہندی کے مشکل کلام اور مابعد الطبیعات کی رسائی بدخشان اور ازبک قبائلی علاقوں جیسے دور دراز مقامات تک متعارف کرائی جاسکی۔ میں نے ازبکستان، افغانستان اور پاکستان میں پندرہ مسودے تلاش کیئے ہیں۔ ان مجموعہ ہائے رسائل میں شامل ہونے والی ان رسائل جیسی دیگر تالیفات کی نقل کے طریقہ کار کا جائزہ لیا جائے تو یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ آٹھارویں اور انیسویں صدیوں کے دوران نقشبندی مجددی طریقہ کے پھیلاؤ میں ان تالیفات نے کلیدی کردار ادا کیا۔

پشاور

اب ہم پشاور کی طرف مڑتے ہیں، درانی سلطنت میں جس کی منفرد حیثیت نے اس کی سرزمین پر ایک ایسے مذہبی وعلمی نظام کی پیدائش کو ممکن بنایا جس میں فکر پنپ سکے اور آگے سفر کر سکے۔

سلطنت تیموریہ میں ایک اہم تجارتی مرکز ہونے کے باعث، پشاور میں مجددی سلسلہ سرہند میں اپنی پیدائش کے کچھ ہی عرصہ بعد قائم ہوا تھا۔

بالخصوص، پشاور جنوبی اور وسطی ایشیاء کے درمیان گھوڑوں کے منافع بخش کاروبار کا اہم مرکز تھا۔

Marfat.com

چنانچہ علمی اداروں کی تعمیر و تشکیل کے لیے خاطر خواہ وسائل میسر تھے۔

بالخصوص احمد شاہ کے قبضہ کے بعد، ہندوستان میں سیاسی بحران سے وادی پشاور کو بہت فائدہ ہوا، چونکہ عالم اور صوفی جوق در جوق ہجرت کر کے اس کے شہری اور قبائلی علاقوں میں آ کر بس گئے۔ کابل اور پشاور درانی دار الخلافہ بن گئے، اور شمال و جنوب کے درمیان تجارت کی نشاط ثانیہ سے ان شہروں کو بہت منافع پہنچا، اور صوفیوں اور علماء کو مدد و معاش اور اوقاف میسر ہوئے۔

نتیجتاً صوفی سلسلوں کے ایک جتھے ہوئے جال نے جنم لیا، جس کے مریدوں نے مدرسے اور خانقاہیں قائم کیں جہاں دیگر خدمات کے ساتھ، عام آبادی کو ظاہری اور باطنی تعلیم دی جاتی تھی۔

سلسلوں کے گہرے روابط نمایاں کرنے کے واسطہ یہ پشاور کے کلیدی نقشبندی سلسلوں کا ایک نمایندہ حصہ ہے۔ حضرت فضل احمد کے مریدوں میں سوات کے اخوند اور ان کے سیاسی حریف، کوٹھا کے سید امیر، دونوں شامل تھے۔

ان کے معروف دو پشاوری خلفاء تھے، حافظ دراز اور حافظ عظیم، جن کے مدرسے بخارا تک سے طلبا کھینچ لائے۔ میں نے حافظ دراز اور بخارا کے خان امیر حیدر کے درمیان خط و کتابت دریافت کی ہے، جس میں خان عالم سے فقہ سے لے کر طب تک، کئی دینی اور علمی مسائل پر رائے مانگتے ہیں۔ دریں اثنا، حافظ دراز اور حافظ عظیم نے رائے بریلی کے سید احمد کی مجاہدین تحریک کے خلاف علماء کے عوامی ردعمل کی قیادت کی تھی۔ دینی رسالوں، خطوط، اور خطبوں کے ذریعہ یہ پشاور سے مجاہدین کو نکالنے میں کامیاب ہوئے۔

Marfat.com

متصوفین کا ایک اور اہم کردار ایک ایسے علاقے کو سفا تکاری اور تجارت کے ذریعہ تطبیق کرنا تھا جہاں حکومتی اختیارات مرکزی نہیں بٹے ہوئے تھے۔ مثلاً ۱۸۲۸ء میں مشہور انگریز مسافر چارلز ماسن بتاتا ہے کہ خیبر کے راستے جانے والے کاروانوں کی سربراہی صوفی پیر کرتے تھے، چونکہ اپنی معزز حیثیت کی بدولت وہی خیبر اور امودریا کے قبائلی سرداروں کے ساتھ کامیاب مذاکرات کر سکتے تھے۔ مشہور انگریز اہلکار ایلفنسٹون کابل سے بخارا جانے والے ایک کارواں کا ذکر کرتا ہے جس کے سربراہ ایک سرہندی صاحب زادہ تھے۔

جب مورکرافٹ اور ایلگزینڈر برنز نے ہندوستان سے بخارا جانا چاہا، تو انہوں نے حضرت فضل احمد کے فرزند حضرت فضل حق پشاوری سے رابطہ کیا، چونکہ ترکستان کے پانچ بادشاہ ان کے مریدین میں شامل تھے، یعنی تاشتورغان، قندوز، بلخ، وغیرہ۔ بلکہ مورکرافٹ بدھسٹ لداخ کے ایک مجددی، تاشکندی، کشمیری پیر سے ملا، جنہوں نے مورکرافٹ کو حضرت فضل حق سے رجوع کرنے کو کہا۔

روحانی تعلیمی، اقتصادی، اور سفارتی ایسی ہی جملہ خدمات کی وجہ سے حضرت فضل احمد اور ان کے ہم عصر متصوفین کا ترکستان، یعنی بخارا میں داخلہ آسان ہوا۔

بخارا

اب میں بخارا کا رخ کرتا ہوں، جہاں پشاور کی طرح، اور منغیتیہ خانان کی سرپرستی میں، علماء کو خوب مواقع میسر تھے۔

پشاور کی طرح یہاں بھی مجددی حضرات شیخ احمد سرہندی کے کچھ ہی عرصہ بعد پہنچ گئے۔ بخارا میں مجددی طریقہ متعارف کرانے کے لیے خواجہ محمد معصوم نے اپنے

Marfat.com

خلیفہ حاجی حبیب اللہ کو متعین کیا۔ مگر مجددی سلسلہ وہاں دو وجوحات سے فوری طور پر جڑیں نہ پکڑ سکا۔

اول مجددیہ کے ابتدائی داخلہ سے یہ ذیلی سلسلہ رائج مذہبی اشرافیہ سے متصادم ہوا۔ ایک مرحلہ میں حاجی حبیب اللہ کو پکڑنے بارہ ہزار کا مجمع جمع ہوا۔ جسے بالآخر عبید اللہ خان کے دستے نے منتشر کیا۔

دوم، اٹھارویں صدی کے اوائل میں سیاسی اور ماحولیاتی بحران کے باعث بخارا میں شہری اور علمی نظام زوال کا شکار تھا۔ نادر شاہ کے حملہ کے بعد از بک منغت سیاسی اور علمی دارالحکومت کے طور پر بخارا کی پوزشن کو دوبارہ مضبوط کرنا چاہتے تھے۔

آہستہ آہستہ بخارا کے کلیدی خواجگانی سلسلے، جن میں جویبار، احراری خواجہ، اور دمبیدی خواجہ شامل تھے، مجددی طریقے میں ضم ہو گئے، اور سرہندی حضرات کے تالیف شدہ متون بخارا میں نقل کیئے جانے لگے۔ موسیٰ خان دمبیدی جیسی شخصیات باطنی تعلیم حاصل کرنے ہندوستان بھی جانے لگے۔

اس دور میں، جب درانی علاقوں میں مقیم مجددی شیوخ سے تعلیم حاصل کرنے بحال شدہ تجارتی راستوں کے ذریعہ ترکستان کے متصوفین بخارا (اور خوقند اور خیوہ تک سے) سفر کرنے لگے تو بخارا کے مجددیوں کو کافی سرپرستی حاصل ہوئی۔ مثال کے طور پر شور بازار کابل، اور پشاور میں حافظ دراز کا مدرسہ گنج دروازہ میں تعلیم حاصل کرنے بخارا، قارشی اور سمرقند سے کئی لوگ آئے۔ ان میں خلیفہ نیاز قلی ترکمان شامل تھے، جن کے طریقہ نے روس میں قازان تک مجددی تعلیمات پہنچانے میں کلیدی کردار ادا کیا۔

Marfat.com

پشاور کی طرح، یہاں بھی مجددی علماء اور متصوفین کا ایک جال بچھا ہوا تھا، جن میں خراسان سے آنے والے نئے مہاجروں کے علاوہ پرانے نقشبندی بھی شامل تھے، جیسے دھبیدی خواجگان جنہوں نے سرہندی پیروں کے ہاتھوں بیعت کی تھی۔ ہنوستانی متصوفین بھی بخارا آ کر بس گئے۔

ان میں حضرت فضل احمد شامل تھے، جنہیں نوجوان خان شاہ مراد نے ۱۷۸۷ میں اپنی تاجداری کے دو برس بعد قارہ کول دروازہ کے قریب تاریخی خانقاہ میر کان عنایت کیا۔

شاہ مراد

شاہ مراد کو تصوف سے گہرا شغف تھا، اور وہ پہلے سے ہی دو مجددی بزرگوں، جان محمد کلابی اور شیخ سفر، جو انتقال کر چکے تھے سے سب بیعت کر چکا تھا۔ ذرائع سے معلوم ہوتا ہے کہ خود بادشاہ مزدوری کرتا تھا، سادہ لباس پہنتا تھا، جس پر پیوند لگے ہوتے تھے اور عوام کے دباؤ ڈالنے سے قبل، خود تاج سے انکار کر چکا تھا۔ خان حضرت فضل احمد کی خانقاہ میں روزانہ کئی گھنٹے گزارتا تھا، اور اپنی انکساری میں خانقاہ کے باہر کھڑا اس وقت تک انتظار کرتا تھا جب تک شیخ اسے اندر آنے کو نہ کہیں۔ وہ شیخ کی درخواستوں پر پورا دیہان دیتا تھا۔

درحقیقت حضرت فضل احمد کے پہلے دورے پر اس نے بخارا میں قرأت کے طریقے کی تحقیق کرنے کے لیے ایک عالمانہ انکوائری منعقد کی۔

بالآخر اسے روحانی اعمال (توجہ) میں مہارت حاصل ہوئی، اور اسے اور اس کے فرزند اور وارث، امیر حیدر کو خلافت نصیب ہوئی۔

Marfat.com

پادشاہ امیر حیدر اور حضرت فضل احمد کے درمیان سو سے زائد خطوط موجود ہیں، جو فی الحال سینٹ پیٹرز برگ، روس میں رکھے ہیں۔ ان خطوط کے مطالعہ سے پتا چلتا ہے امیر حیدر روزانہ اپنے مریدوں کی راہنمائی کرتا تھا، اور اکثر اشغال باطنی پر توجہ نہ دینے پر، پیر صاحب اسے ڈانٹا بھی کرتے تھے۔

شاہ مراد نے حدیث پر ایک کتاب بھی لکھی، اور امیر حیدر روزانہ تین گھنٹے درس دیتا تھا۔

اور شام کے وقت، تین سے چار گھنٹے اشغالِ باطنی میں مشغول رہتا تھا۔ مزید، ہر ہفتے دونوں بادشاہ خواجہ نقشبند کے مزار تک پیدل جایا کرتے تھے، جو کہ بخارا سے ۲۰ کلومیٹر کے فاصلہ پر ہے۔

یہ حضرت فضل احمد اور اُن کے معاصرین کے زیر اثر ہی تھا کہ بخارا میں ایک نئے طرز حکومت نے جنم لیا۔ ذاتی سطح پر، شاہ مراد نے درویشانہ طریقہ اپنائے رکھا۔ وہ اپنے خاندان کے اخراجات کے لیے ایک دن کے صرف چار درہم ہی رکھتا تھا اور مذہبی امور پر مقالے لکھتا تھا۔ اس نے فقہ پر بھی کتاب لکھی۔

خاندان کو آمدنی جاری رکھنے کے لیے اس کی دونوں بیویاں دستکاری کیا کرتی تھیں۔ اس نے تمام عوام کو اپنے تک رسائی کے دروازے کھلے رکھے، اور ہر روز ہر آنے والے کے لیے دربار لگاتا تھا۔

مشہور ہے کہ شریعت کو مضبوط کرنے کے لیے اس نے وسیع پیمانے پر قانونی اور سیاسی اصلاحات کیں، جس میں زکوٰۃ اور عشر کے علاوہ دیگر ٹیکس منسوخ کیئے، بدعنوانی کی روک تھام کی، اور اپنے دربار کو معزول کر کے اس کی جگہ چالیس علماء کی

Marfat.com

شوریٰ منعقد کی۔ اس نے تجارت کو فروغ دیا، جس کے نتیجہ میں بخارا روس، چین اور خراسان کے میں ایک مرکز کے طور پر ابھرا اور خوب منافع پایا۔ غیر مسلم عقلیتوں کی جانب اس نے رواداری پالیسی اختیار کی، اور یہودی، ارمنی، عیسائی، اور ہندو تاجروں کی مدد کی۔

شاید اس سے اہم کام یہ تھا کہ تعلیم کو فروغ دیا، جس کے نتیجہ میں اس کے فرزند کے دور تک بخارا میں ۸۰ مدرسے تھے، جن میں ۳۰،۰۰۰ طلبہ ریاست کی مدد سے تعلیم پا رہے تے۔ درانی ریاست نے پھر بخارا میں تعلیم حاصل کرنے کے لیے طلبہ کو وظیفے دینے شروع کیے۔ ایلنسٹون ذکر کرتا ہے کہ ۱۸۰۸ء میں پشاور اور بخارا کے درمیان تعلیمی تبادلہ کا ایک وسیع نظام ارتقا کر چکا تھا، اور بخارا سے پشاور کی جانب زیادہ وظیفے آرہے تھے۔ میاں فضل احمد کے ادارے اس تبادلے کا حصہ تھے۔

ساتھ ساتھ بادشاہت کا ایک نیا انداز سامنے آیا، جو کہ چنگیزی اور ایرانی طریقوں کے ساتھ مجددی اخلاقی شعور کا مرکب تھا۔ بعد کے تاریخ ناموں میں شاہ مراد کے دورِ حکومت کا آغاز حدیث تجدید کے ساتھ کیا جاتا ہے، اور شاہ مراد کو لقب مجدد قرن سیزدھم دیا جاتا ہے۔ ان تاریخوں میں اس بات کا ذکر خاص طور پر کیا جاتا ہے کہ اس کی بادشاہت کا آغاز سن ۱۲۰۰ھ میں ہوا، اور اس نے سنت کا احیا کیا۔ چنگیزی اور ایرانی پادشاہوں کی طرح لکھا جاتا ہے کہ شاہ مراد نے ایک طاقتور سلطنت قائم کی۔

اس کو فاتح، سلطان اور سپاہی کہا جاتا ہے، مگر ساتھ ساتھ عالم، صوفی، خادم خلق کا لقب بھی دیا جاتا ہے، اور یہ بھی کہا جاتا ہے کہ بخارا میں اس کے قبرستان کی خاک میں شفا ہے۔

Marfat.com

نتیجہ

آمو دریا کے دونوں طرف سے سرپرستی حاصل ہوتے ہوئے، حضرت فضل احمد کا سلسلہ تیزی سے پھیلا۔ بخارا میں ان کا آخری دورہ ۱۸۱۴ء میں ختم ہوا اور وہ پشاور میں اس کے دو برس بعد ۱۸۱۶ء کو وصال کر گئے۔

ایلیکزینڈر برنز کا اسسٹنٹ، موہن لال بتاتا ہے کہ ان کے فرزند فضل حق پشاوری تمام پشاور اور ترکستان کے شیخ تھے۔ ان کے بیٹوں نے اس سلسلے کو سوات اور وزیرستان تک پھیلایا۔

ایک اور فرزند میاں بزرگ خوقند کے سب سے اہم صوفی خاندانوں کے جداعلیٰ تھے۔ وہ بخارا سے خوقند اس زمانے میں آئے جب خوقند، چین جنوبی اور وسطی ایشیاء کے درمیان دولتمند سلطنت کے طور پر ابھر رہا تھا۔ ان کے اولاد آج خوقند اور سمرقند میں مقیم ہے۔

ازبک زبان کے مشہورترین شاعر، مقیمی حقیقتاً ان کے مرید تھے۔ ان کے چچازاد بھائی خوقند کے سب سے معزز سفیر تھے اور خوقند اور روس کے درمیان سرحد کے تعین کے سلسلے میں مذاکریت کرنے انہیں روس کے زار سے ملاقات کرنے بھیجا گیا۔ خوقند میں میاں فضل احمد کے ایک اور خلیفہ نے سلسلے کو فرغانہ سے چین تک پھیلایا۔ چین میں سب سے بڑا تاریخی مدرسہ (چونگ مدرسہ) کا تعلق دراصل اسی سلسلے سے ہے، بخارا میں میاں فضل احمد کے فرزند میاں عبدالقادر شہر کے مشہورترین اولیاء میں سے تھے، اور تاتارستان کے سب سے عظیم معلم اور روشن خیال شخصیت، شہاب الدین

Marfat.com

مرحانی ان کے طالب علم تھے، جنہوں نے اپنی کتاب ''مستفاد الاخبار'' میں ان کی تعریف کی ہے۔ ان کے فرزند فضل ملک بخارا کی جامع مسجد کے پیش امام تھے۔

ان کے وارثوں کی تاریخیں یہ بات واضح کر دیتی ہیں حضرت فضل احمد کے جیسے صوفی سلسلوں نے امور دریا کے شمار اور جنوب کے علاقوں کو آپس میں مربوط کرنے میں کس حد تک کردار ادا کیا۔

حقیقت تو یہ ہے کہ ان کے تذکروں تک میں بخارا کے کوکلراش مدرسے کا حوالہ، حضرت مخدوم اعظم کے ترکستانی صوفی سلسلوں کا حوالہ، دھبیدیہ کا حوالہ۔

ہندوستان کے مجددی اور چشتی روایتوں کا ذکر ساتھ ساتھ کیا جاتا ہے۔

دیگر قسم کے صوفی ذرائع سے معلوم ہوتا ہے کہ نقشبندی نیٹورکس کو ایک مسلسل بین العلاقائی روایت تصور کیا جاتا تھا۔

مثال کے طور پر تاشکند میں مجھے انیسویں صدی کے ۱۵ مجموعہ ھائے مراسلات ملے، جو کہ نقشبندی صوفی اعمال کے رسالے تھے۔ ان میں حضرت فضل احمد کا رسالہ، بخارا کے صوفی اللہ یار کے درس، اور اس کے علاوہ سمرقند کے موسیٰ خان دھبیدی، دہلی کے شاہ غلام علی اور شاہ ولی اللہ اور ان کے سرہندی مجددی پیشروؤں کے رسالے شامل تھے۔

اختتام پر موجودہ پشاور میں حضرت فضل احمد کی خانقاہ میں موجود اس شجرہ سے کرتا ہوں، جس سے ہمیں اندازہ ہوتا ہے کہ مجددیہ سلسلے کے شعور میں یہ بات آج تک پائی جاتی ہے کہ اس سلسلے کی تمام شاخیں آپس میں جڑی ہوئی ہیں، چاہے وہ پاکستان میں ہوں، یا افغانستان میں، یا ہندوستان میں۔

Marfat.com

بیچ میں حضرت فضل احمد کی شاخ ہے۔

کابل کی خانقاہ شور بازار، اور دہلی کی مشہور خانقاہ مظہو یہ بھی اس شجرہ میں شامل ہیں۔ شجرات ایک دوسرے سے برابر ملتی ہوئی گذرتی ہیں، جس سے حضرت مجدد الف ثانی سے تعلق مربوط ہوتا ہے۔

البتہ جو بات یہاں نمایاں ہے وہ ترکستان کی مکمل غیر موجودگی ہے، جو کہ تاریخی کڑیوں کے ٹوٹنے کی طرف اشارہ کرتی ہے۔ یہ کیسے ہوا، کب ہوا۔ یہ ایک اور کہانی کا سلسلہ ہے۔

Marfat.com

Ḥażarāt of Kandahar, Peshawar, and Shor Bāzār Kabul



Marfat.com

فارسی نثر میں امام ربانی کی خدمات
(مکتوبات کی روشنی میں)

ڈاکٹر انجم طاہرہ

اگر اس مقالے کا عنوان یہ ہوتا: فارسی نثر میں امام ربانی کی کرامات، تو بھی کچھ غلط نہ تھا۔ کیونکہ مذہبی ابتلا کے دور میں جب سیاست اور انشا نگاری کا میدان ابوالفضل اور اس کے خاندان کے ہاتھوں سر کیا جا چکا ہو، علماء اور صوفیہ دین میں کئی الحاقات کر چکے ہوں۔ قرآن کی افادیت ختم کر دی جائے اور نقطویوں اور اشراقیوں کے تمام عقاید بادشاہ کے نظریات میں جلوہ گر ہو گئے ہوں اور مہابھارت کا ترجمہ کر کے اسے مصور کرا کر دربار میں حصول برکت کی خاطر اس کی تعظیم کا اہتمام شروع کر دیا گیا ہو، آئین و قوانین بنانے والے بادشاہ کی خوشنودی اور دنیاوی اغراض کی خاطر ایک محضر نامہ تیار کر چکے ہوں تو اس سارے پس منظر میں انقلابی تبدیلی لانے میں تالیفات امام ربانی کا وجود کسی کرامت سے کم نہیں۔

جنوبی ایشیا میں فارسی زبان ہی کو یہ اعزاز حاصل ہے کہ اس نے مختلف سلسلہ ہائے طریقت کے لوگوں کی ظاہری اور باطنی تربیت کے لئے بہت وسیع سرمایہ چھوڑا ہے۔ کشف المحجوب، فوائد الفواد، ذخیرۃ الملوک اور ایسی کئی قیمتی تالیفات ایک سالک کی روحانی تربیت کے لئے نہایت اہم ہیں اسی طرح حضرت شیخ احمد سرہندیؒ (۹۷۱-۱۰۳۴ھ/۱۵۶۳-۱۶۲۴ء) ملقب بہ حضرت امام ربانی کی تالیفات عرفان و

Marfat.com

تصوف اور معرفت کے خزانوں سے لبریز اور اجتماعی فکر سازی کا عظیم پہلو لئے ہوئے ہیں۔ان کے دو رسالے اثبات النبوۃ اور تہلیلیہ (تحقیق لمۃ الطیبہ) عربی زبان میں۔ جبکہ باقی تمام رسائل بشمول ردّ روافض، معارف لدنیہ، مبدا و معاد، مکاشفات غیبیہ، تعلیقات العوارف، شرح رباعیات خواجہ عبدالباقی اور مکتوبات امام ربانی فارسی زبان میں ہیں۔

حضرت مجدد الف ثانی کے مکتوبات حضرت خواجہ باقی باللہ کے اشارہ پر لکھنا شروع کئے یہ تین جلدوں پر مشتمل ہیں اور ان کی ترتیب بلحاظ جلد ۳۱۳، ۹۹، ۱۱۴ اور ۱۰ ہے:

پہلی جلد میں ۳۱۳ مکتوب شامل ہیں۔ اس کا نام ''درّ المعرفت'' رکھا گیا۔ ان مکتوبات کی تعداد اصحاب غزوۂ بدر کی تعداد کے مطابق رکھی گئی۔ اسی عدد کو اصحاب بدر سے منسوب کر کے اس جلد کو ختم کر دیا گیا:

''چون جلدِ اول مکتوبات بہ عددِ سہ صد و سیزدہ مکتوب رسید۔ حضرت ایشان سلمہ اللہ تعالیٰ فرمودند کہ برھمین عدد ختم کنند کہ موافق عدد پیغمبران مرسل است صلوات اللہ تعالیٰ علیٰ نبینا و علیہم و نیز موافقِ اہلِ بدر است رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین، تبرّکاً و تیمناً بر آن عدد ختم نمودہ آید۔'' (مکتوبات، جلد دوم، آغاز)

ان کو مرتب کرنے والے آپ کے مرید خواجہ یار محمد جدید بدخشی طالقانی ہیں اس کے آخر میں تین مکتوب محمد صادق مرحوم کے بھی شامل کر دیے جو انہوں نے ارسال کئے تھے۔ پہلی جلد میں جس میں سلسلہ نقشبندیہ کے آداب کا ذکر کیا ہے وہ بیس خطوط حضرت خواجہ باقی باللہ کے نام ہیں۔ ۲۱ خطوط شیخ فرید بخاری، ۱۰ عبدالرحیم خانخاناں، ۱۵ خطوط خواجہ حسام الدین اور تین خطوط میر فتح اللہ حکیم اور باقی خطوط مختلف امرا جیسے مرزا داراب، صدر جہاں، قلیج خاں وغیرہ کے نام ہیں جن میں اصلاح اعمال

Marfat.com

وایمان کی تلقین کی گئی ہے۔اس کے سال تالیف ۱۰۲۵ھ کے عدد کی مناسبت ہی سے اس کا نام ''درالمعرفت'' رکھا۔

دفتر دوم موسوم بہ ''نورالخلائق'' ہے۔اس سے بھی سال تالیف ۱۰۲۸ھ/ ۱۶۱۹ء نکلتا ہے اسی بنا پر اس کا نام یہی رکھا گیا۔ان کو ۹۹ کے اسمائے حسنہ کے اعداد کی مناسبت سے یہیں ختم کردیا گیا

''چون آن جلد بہ نود و نہ مکتوب رسید کہ مطابق اسماء حسنہ است، برھمان ختم شد درسالی کہ تاریخ آن از ''نورالخلائق'' ھویدا است۔'' (مکتوبات، جلد دوم، آغاز)

یہ جلد یا دفتر حضرت مجدد کے ایک مرید خواجہ عبدالحیی ابن خواجہ چاکر حصاری نے خواجہ محمد معصوم کے حکم کے مطابق مرتب کیا۔اس دفتر میں اسلامی عقائد کو صراحت کے ساتھ بیان کیا گیا ہے۔اس میں عقائد کی درستی کے متعلق ایک مکتوب (نمبر ۳۶) سولہ اور ایک مکتوب (نمبر ۴۴) پانچ صفحات پر مشتمل ہے۔

دفتر سوم کے مرتب خواجہ محمد ہاشم کشمی ہیں انہوں نے اس دفتر کو معرفت الحقائق کے نام سے ۱۰۳۱ھ/۱۶۲۲ء میں حضرت مجدد الف ثانی کی خدمت میں رہ کر مکمل کیا ہے۔لفظ ''ثالث'' کے اعداد شمار کئے جائیں تو ۱۰۳۱ھ ہوتے ہیں جو جلد ثالث کا تاریخی نام ہے (۱) اس میں مکتوبات کی تعداد ۱۱۴ قرآنی سورتوں کی تعداد کے مطابق متعین کی گئی ہے۔لیکن کچھ مزید خطوط بھی اس میں شامل ہیں جن کی تعداد بعض نسخوں میں مختلف ہے:

''بدان کہ در خطبۂ این جلد مصرع ست کہ جملہ مکاتیب این جلد یک صد و چہاردہ اند مطابق عدد سُوَر قرآنی، پس این نہ مکاتیب اخیرۂ این جلد شاید بعد از ان بہ معرض

Marfat.com

تسوید آمدہ باشد و ملحق شدہ فافھم واللہ اعلم۔ (مکتوبات امام ربانی، جلد دوم، آغاز)

مکتوبات کے سال تالیف ۱۰۲۵ھ / درالمعرفت ؛ ۱۰۲۸ھ / نورالخلائق اور ۱۰۳۱ھ / ثالث کے سال کے مطابق اور ان کی تعداد بھی خاص توجیہ یعنی اصحاب بدر، اسمائے حسنہ، اور سورات قرآن کے مطابق ۳۱۳، ۹۹، ۱۱۴ رکھے جانا کسی طور ادبی ذوق اور محبت الٰہی سے خالی نہیں۔

مکتوبات میں جو امر قابل ذکر ہے وہ یہ کہ ہر مکتوب نصیحت، تربیت، اصلاح دین وایمان، پر مشتمل ہے اس کے علاوہ مکاشفات اور مسائل شریعت وطریقت کے جوابات انتہائی اطمینان اور سکون سے لکھے گئے ہیں۔ حکیم موسیٰ امرتسری لکھتے ہیں:

"مکتوبات قدسیہ میں زیادہ تعداد ایسے مکاتیب کی ہے جو مسائل شریعت و طریقت اور حقیقت ومعرفت پر مشتمل ہیں۔ اور بعض میں مصلحانہ اور مجدّدانہ انداز میں جادۂ شریعت سے ہٹے ہوئے صوفیۂ کام کی غلط روش اور ان کے ناپسندیدہ افعال پر تنقید کی گئی ہے۔ علماء سو کی جاہ پسندی سے اسلام کو جو نقصانِ عظیم پہنچ رہا تھا، اس پر اظہار تاسف کیا گیا ہے۔ اکبر بادشاہ اور اس کے ملحد امراء کے کفریہ عقائد کی وجہ سے دین مبین پر جو مصیبتیں نازل ہورہی تھیں، ان کے دفعیہ کے لئے امرا، علما اور صوفیہ کو متوجہ کیا گیا ہے ہندووں کے میل جول سے مسلمانوں میں جو قبیح رسوم رائج ہوگئی تھیں، ان سے اجتناب اور بدعت کو محو کر کے سنت کو زندہ کرنے کی ترغیب دلائی گئی ہے ...غرض کہ سیکڑوں مسائل شریعت وطریقت پر روشنی ڈالی گئی ہے۔" (مکتوبات، جلد اول، ص ۲۱)

ہر ایک کی عبارت مکتوب الیہم کی صلاحیت، لیاقت واستعداد کے مطابق لکھی گئی ہے۔ اصطلاحات صوفیہ کا کثرت سے استعمال ہے اور یہی معاملہ ان کے

Marfat.com

دیگر رسائل کے بارے میں ہے۔

حضرت امام ربانی اپنی حیات طیبہ اور اس کے بعد کئی القاب سے معروف ہیں مثلاً غوث المحققین ، قطب العارفین ، برھان الولایۃ المحمدیہ ، حجۃ الشریعۃ المصطفویہ اور شیخ الاسلام والمسلمین ، قبلۂ اولیائے عصر ، خلاصہ اصفیائی دھر ، در، یگانہ بحار معنی ، غوث ربانی ، صدیق ثانی ، غلام یزدانی ، گوہر شاہوار شمس علوم ظاہر و باطن اور مجدد الف ثانی ۔ ان کی تالیفات ان القاب کا منہ بولتا ثبوت ہیں۔

معاصر نثر میں قابل ذکر شیخ اللہ داد فیضی سرہندی کی تاریخ اکبر شاہی (اکبر کے ۴۶ سالہ دور حکومت پر مشتمل ہے اس کا ماخذ طبقات اکبری ہے اس کی نثر بھی سادہ ہے ۔ اس کے علاوہ طبقات اکبری کی نثر بھی سادہ اور رواں ہے ۔ منتخب التواریخ میں عبدالقادر بدایونی نے ذرا دقیق مگر قابل فہم نثر کا استعمال کیا ہے ۔ اخبار الاخیار ، شرح مشکوۃ شریف اور مدارج النبوۃ از شیخ محدث دھلوی ان کتب کی نثر نہایت خوبصورت ، سادہ ہے اور حدیث کی شرح بھی سادہ اور انداز دلنشین ہے ۔ لیکن ابوالفضل نے اکبرنامہ اور آئین اکبری کی نثر مغلق ، ثقیل ، مسجع اور مقفی رکھی ہے تاکہ اس کی علمیت اور افضلیت کا اندازہ اس کی اس تجر علمی سے بھی ہو۔

مجددی تحریک اور اس کے مقابل آزاد خیال گروہ جسے حضرت مجددؒ نے علمائے سوء اور صوفیائے خام کہا ہے ، دونوں اس وقت اپنے میدان میں برسرِ پیکار تھے ۔ مکتوبات حضرت امام ربانی اس وقت کے بدلے ہوئے حالات اور آپ کی احیائے دین کی تحریک کو سمجھنے کا ایک بنیادی ماخذ ہے ۔ جس کے مندرجات کی تائید معاصر کتب تاریخ سے بھی ہوتی ہے ۔ ہم مثال کے طور پر صرف محضرنامے کا ذکر کرتے ہیں ۔ اس

Marfat.com

کی عبارت طبقات اکبری اور منتخب التواریخ میں بھی نقل ہوئی ہے۔ ابوالفضل نے بدنامی سے بچنے کے لئے نہ تو محضرنامے کی عبارت نقل کی اور نہ ہی اپنے والد کے اس پر دستخط کا ذکر کیا ہے۔ اس کی عبارت کے مطابق بادشاہ اکبر کو سلطان الاسلام، کھف الانام، امیر المومنین ظل اللہ علی العالمین اور اعدل، اعقل اور اعلم باللہ لکھا ہے۔

(۲) اعلم باللہ یعنی جو علم اسے عطا ہوا ہے وہ براہ راست اللہ سے ملا ہے، اس میں نبی کا کوئی واسطہ نہیں ہے۔ اکبر بادشاہ نے جو کلمہ جاری کیا وہ کچھ یوں ہے: ''لا الہ الا اللہ اکبر خلیفۃ اللہ'' اس میں اس نے اشراقیوں کے زیر اثر نبی آخر الزمان کی نبوت کی نفی کرتے ہوئے خود کو خلیفہ یعنی نبی قرار دیا جو اشراقی فلسفہ کے عین مطابق ہے۔ اس پر جن علما نے دستخط کیے ان میں شیخ مبارک بھی شامل تھے اور کہا کہ اب اجتھاد کے دروازے کھل گئے ہیں۔ اور اکبر کو مجتھد اعظم بنادیا گیا۔

محضرنامے پر اثباتی دستخط کرنے والے علما یہ چاہتے تھے کہ اب ایسے اجتہاد کے دروازے کھل جائیں جو ائمہ مجتھدینِ مطلق کی آراء یا فتاویٰ پر فوقیت رکھتے ہوں اور ان کا حل عصر حاضر کے مسائل کے تقاضوں کے مطابق پیش کیا جائے۔ یہ بات تو درست تھی لیکن انہوں نے اکبر سے ایسے احکام جاری کروائے جو شریعت مطہرہ کے خلاف تھے۔ جیسے معاصر کتابوں میں لکھا ہے کہ شراب کو جائز بنادیا گیا اور ذبیحہ پر پابندی لگادی گئی۔ حج کی اجازت لینا گویا موت کو دعوت دینے کے برابر تھا۔ نانچہ اکبر بادشاہ کا رضاعی بھائی گورنر گجرات عزیز کوکہ بنا اجازت ہی حج کے لئے چلا گیا اور وہیں جا کر مقیم ہوگیا۔ اس نے وہاں اکبر کے خلاف محاذ بنایا اور اس کے خلافِ اسلام اقدام کی تشہیر کی جس سے عالمِ اسلام میں اس کی بدنامی ہوئی۔ بدنامی کے اس داغ کو

Marfat.com

[illegible]

[illegible] (۳)

[illegible]

[illegible] سنت و بدعت ہیں۔

آپ [illegible] ہوئے بھی اس [illegible]

[illegible] ہے جو [illegible] محسوس نہیں ہوتی [illegible] بیان کے باوجود متعدد مقامات پر اس میں [illegible] مکتوبات میں آپ کی ایک رباعی ملتی ہے:

در [illegible] کائنات با وقت [illegible] فہم
بسیار گذشتیم بسرعت چون [illegible]
گشتیم [illegible] ہیچ ندیدیم درو
جز ظل صفات آمدہ ثبات در وہم

(مکتوب ۶۷، دفتر سوم)(۴)

Marfat.com

اس کے علاوہ مکتوبات کی تینوں جلدوں میں رومی کے اشعار تین بار، حافظ شیرازی کا ایک اور شیخ سعدی کے تین اشعار نقل ہوئے ہیں۔

نواب مرتضی خاں ں فرید بخاری کے نام مکتوب میں لکھتے ہیں:

این فقیر از صحبت گرامی شما دور افتادہ است، معلوم ندارد کہ در مجلس شریف از کدام قسم مردم را گنجائش است، و انیس خلوت و جلوت کیست۔

(انتخاب مکتوبات شیخ احمد سرہندی، مرتبہ: ڈاکٹر فضل الرحمٰن، مکتوب ۵۴، ص ۱۹۲،)

''فسادِ صحبتِ مبتدع زیادہ از فساد صحبت کافراست۔'' (ص ۱۹۲)

''ہر چند وصول نعمت بیشتر وجوبِ شکر زیادہ تر'' (ص ۲۰۴)

حضرت امام ربانی کی نثر پر عربی زبان کا غلبہ ہے۔

مقامی فارسی زبان کے مفاہیم کا استعمال کثرت سے کیا ہے:

اکثر جملات میں فعل دوم کو حذف کیا ہے یا فعل جملے کے درمیان میں لاتے ہیں اور عبارت بعد میں مکمل کرتے ہیں۔ گلستان جیسے اس انداز تحریر کا بھی اپنا ہی ایک حسن ہے۔ قاری اپنی فہم سے اسکو خود سمجھے اور جانے:

''وجہ اولی، عالی است و وجہِ ثانیہ سافل، و ایضاً وجہ اولی رنگی از وجوب دارد و وجہ ثانیہ رنگی از امکان۔ (مکتوب ۲/۳)

''چون بہ افاقہ آوردند در این مرتبہ حق را سبحانہ نہ متصل عالم یافت و نہ منفصل، نہ داخل عالم و نہ خارج۔'' (مکتوب ۱/۲۹۰)

جہاں عبارت دقیق ہے تو وہ بھی بحکم حضرت خواجہ باقی باللہ۔ کہ آپ نے فرمایا: ''آپ اپنے مکاشفات کی تحریر مغلق پیرائے میں لکھا کریں۔''

Marfat.com

مکتوبات امام ربانی اپنے مضامین کے تنوع اور معنویت اور اخلاصِ مطلب کی بنا پر بہت زیادہ مقبول ہوئے۔ حضرت مجددؒ نے مسائل کلامیہ کا اظہار اجتہاد سے پیش کیا ہے۔ وہ انشائی اسلوب سے بخوبی واقف تھے۔ جو مکتوب سلکوں اور شاگردوں کو لکھے ان کی عبارت قدرے آسان اور زود فہم ہے۔ لیکن علما کو مخاطب کرتے وقت انداز تحریر بھی اسی کے مطابق ہے۔ اس کے علاوہ اگر اس دور کی نثر جیسے حضرت خواجہ باقی باللہ، شیخ محدث دہلوی، عبدالقادر بدایونی اور شیخ نورالحق بن شیخ محدث کی نثر سے موازنہ کیا جائے تو جتنی بلندی فکر اور اصلاحات دینی کی بے شمار تجاویز عبارت کی چاشنی کے ہمراہ امام ربانی کی نثر میں ملتی ہیں اور کہیں موجود نہیں۔ پڑھنے والا اپنے مزاج اور افعال میں نمایاں تبدیلی محسوس کرتا ہے۔ یہ گویا ان کے الوہی اور علم کے بحر بیکراں ہونے کی دلیل ہے۔ خاص طور پر وحدت الوجود اور وحدت الشہود کا تصور اس خوبی سے واضح کیا کہ عبودیت کی شان دو چند کر دی۔ گویا ان کا مخاطب اور مرکز گفتگو ہمیشہ انسان ہی رہا کیونکہ ان کے نزدیک انسان ہونا ہی کمال روح ہے نہ وصال حق۔ علامہ اقبال کے فکری تحول وارتقا میں نثر امام ربانی کا بڑا دخل ہے۔ اقبال کہتے ہیں'' کہ عبدیت یعنی انسان ہونے کے درجے سے بڑا کوئی درجہ نہیں۔'' (کلیات مکاتیب اقبال، جلد اول، ص ۱۵۵)

یہ مکتوبات علوم و معارف اور حکمت و حقیقت کا خزانہ ہیں۔ اور عام سالک کے درک و فراست کی حدود سے ماورا ہیں لیکن ایسے بھی نہیں ہیں کہ سمجھ نہ آسکیں۔ یہ کشف صحیح سے وابستہ اور قرآن و حدیث سے ثابت ہیں۔ قرآن کریم اور احادیث نبویہ کے بعد کتب اسلامیہ کے رنگ میں رنگی ہوئی چند بہترین کتابوں میں سے ایک

Marfat.com

بہترین کتاب مکتوبات امام ربانی ہے۔ عبد الماجد دریابادی لکھتے ہیں:

شیخ موصوف کے مکتوبات کے ضخیم دفتر ملک میں شائع ہو چکے ہیں۔ ان میں شروع سے آخر تک مختلف اسلوبوں اور پیرایوں صرف ایک دعوت کا اعادہ ہے، اور وہ یہی ہے کہ صوفیہ کو عقائد و اعمال ہر شے میں کتاب وسنت کو ہی کو اپنا دلیل راہ بنانا چاہیے ...مکتوبات مجددی کی ایک ایک سطر اسی تعلیم محمدی پر ہے۔ (تصوف اسلام، ص ۴، ۵)

علماء سو کے مقابل احیائے دین کے لئے آپ نے ''جرگہ ممدان دولت اسلام'' کے نام سے اسلام دوست طبقے کا ایک گروہ تیار کیا جس کے ساتھ مل کر بادشاہ اوران کے امرا سے روابط رکھے اور اسلام کی شفافیت کا عمل شروع کیا تا کہ یہ دین اپنی اصل کی طرف لوٹ آئے۔ اور خلافت راشدہ کا دور جاری وساری ہو جائے۔ اس تصور محض کو ختم کیا کہ امام ابوحنیفہ کے بعد اجتھاد کے راستے بند ہو گئے۔

ان کے مکتوبات نے وقت کے دھارے کا رخ موڑ دیا اور شاہجہان اور اورنگ زیب ان سے متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکے۔ ان کے تراجم دنیا بھر میں ہونے لگے اور فارسی نثر کی خدمات کا ثمر آج بھی دنیا بھر میں قائم مستقل اور منظم نقشبندی مراکز کی صورت میں دیکھا جا رہا ہے۔ حضرت مجدد صرف روحانی تعلیم پر توجہ نہ دیتے تھے بلکہ رسمی تعلیم بھی ان کی خاص توجہ تھی۔ کیونکہ ان پڑھ صوفی مسخر شیطان ہوتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ آج صاحب علم وفضل ان کے لاکھوں مرید اشاعت اسلام اور الحاقی نظریات کی تردید میں سرگرم ہیں۔

پھر بھی آج ضرورت ہے نثر امام ربانی کے تناظر میں انسان کے فکر وعمل اور کردار کی تربیت کی۔ کیونکہ یہ اشرف المخلوق جو اپنے وجود میں ایک مکمل پیکیج ہے اس

Marfat.com

کی شخصیت، اس کا ظاہر اور اس کا باطن سنوارنے اور اس کو سوشلائز کرنے کی ضرورت ہے۔ کیونکہ مجدد فکر سازی کرتا ہے اور مومن کو اپنے عہد اور دورِ خلافت راشدہ کے حسین امتزاج کے ہمراہ جینے کا طریق سکھلاتا ہے تاکہ دوسری اقوام کو اپنے فکر و عمل اور کردار کی برتری کا احساس دلائے۔

حواشی

۱۔ مقامات معصومی، جلد چہارم، تعلیقات: محمد اقبال مجددی، ص ۵۹

۲۔ منتخب التواریخ، عبدالقادر بدایونی، جلد دوم، ص ۱۸۸

۳۔ رسالہ مبدء و معاد، مرتبہ: محبوب الٰہی، ص ۱۰۷

۴۔ مکتوبات امام ربانی، دفتر سوم، مرتبہ: نور احمد امرتسری، مکتبہ ایشیق، استنبول، ۱۹۷۷ء

مآخذ

عبدالقادر بدایونی، منتخب التواریخ، ج ۲، مرتبہ: مولوی احمد علی صاحب، با مقدمہ و اضافات: توفیق ھ۔ سبحانی، انجمن آثار و مفاخر فرہنگی، تہران، ۱۳۸۰ھ ش

عبدالماجد دریابادی، تصوف اسلام، مطبع معارف اعظم گڑھ، ۱۳۴۸ھ

مجدد الف ثانیؒ، حضرت، ، مکتوبات امام ربانی، دفتر اول، مرتبہ: نور احمد پسروری مقیم امرتسر چوک فرید، روز بازار الیکٹرک پریس، امرتسر، ۱۳۳۱ھ

مجدد الف ثانیؒ، حضرت، ، مکتوبات امام ربانی، دفتر دوم و سوم، مرتبہ: نور احمد پسروری مقیم امرتسر چوک فرید، روز بازار الیکٹرک پریس، امرتسر، ۱۳۳۴ھ

مجدد الف ثانیؒ، حضرت، ، مکتوبات امام ربانی، مترجم: محمد سعید احمد، ۳ جلد، اعتقاد

Marfat.com

پبلشنگ ہاؤس۔دہلی،۱۹۹۶ء

مجدد الف ثانیؒ،حضرت،رسالہ مبدء ومعاد،مرتب:محبوب الٰہی،ادارہ سعدیہ مجددیہ،
لاہور،۱۹۶۵ء

مجدد الف ثانیؒ،حضرت،،مکتوبات امام ربانی،انتخاب ومقدمہ:ڈاکٹر فضل الرحمن،
اقبال اکادمی پاکستان،لاہور،۱۹۸۴ء

معصوم سرہندی،خواجہ محمد،مقامات معصومی،مرتبہ:محمد اقبال مجددی،ضیاء القرآن
پبلیکیشنز،لاہور،۲۰۰۴ھ

Marfat.com

مکتوبات امام ربانی کی معاشرتی اہمیت

حضرت امام ربانیؒ کا معاشرتی بگاڑ کی اصلاح کا تاریخی کارنامہ

نادیہ عالم

(یونیورسٹی آف لاہور، لاہور)

پی ایچ ڈی سکالر، شعبۂ علوم اسلامیہ

حضرت امام ربانی علیہ الرحمۃ حصول علم کے بعد مسند تعلیم وارشاد پر جلوہ فرما ہوئے تو اس وقت معاشرے کی یہ ناگفتہ بہ صورت حال تھی۔ آپؒ کے سامنے غیر مسلموں کو دعوت وتبلیغ کے کام سے زیادہ مشکل کام مسلم معاشرے کے عقائد کی اصلاح وپختگی اور احکام شریعت کی ترویج تھی۔ انہوں نے اس کے لیے اپنا اصلاحی مشن یا تحریک احیائے اسلام شروع کی۔ مسلم معاشرہ کے تینوں اہم طبقوں علماء، صوفیہ اور اہل حکومت کو مخاطب کیا۔ اپنے عہد کے تجزیہ سے وہ اس نتیجہ پر پہنچے کہ مسلمانوں میں جو دینی وسماجی خرابیاں آچکی ہیں اس کے تین اہم ذرائع ہیں ۱۔ علمائے سوء یا دنیا دار علماء، ۲۔ صوفیائے خام اور ۳۔ اہل حکومت۔ ان کی اصلاح کے بعد عوام کی اصلاح آسان ہوگی۔ حضرت امام ربانی کے سامنے اس معاشرتی خراب صورت حال کی اصلاح کے لیے کچھ بنیادی اور مختلف مقاصد تھے مثلاً:

☆ اسلامی عقائد کی پختگی پر زور اور انھیں غیر اسلامی تصورات سے محفوظ رکھنا۔

☆ اسلامی تعلیمات کو قرآن سنت کی روشنی میں بیان کر کے لوگوں کو اس طرف لانا۔

☆ صوفیہ کو اسلام کے چشمۂ صافی کی طرف رغبت دلانا کہ غیر محمود وغیر اسلامی

Marfat.com

نظریات ومیلانات پیدا نہ ہوسکیں۔

☆ علمائے خام/ دنیادار علماء کی کجیوں اور خامیوں کی نشاندہی اور ان کی اصلاح۔

☆ بادشاہ اور عوام کے تعلقات کو اسلامی اصولوں کی بنیاد پر استوار کرنا۔

☆ ان بدعات ومنکرات کا خاتمہ کرنا جو عوام میں عام ہو چکی تھیں۔

درپیش صورت حال میں حضرت امام ربانیؒ کا طریق اصلاح

اس کے لیے آپؒ نے دستیاب ہر ممکن مختلف طریقے اپنائے۔مثلاً اپنی خانقاہ میں براہ راست تعلیم وتربیت فرمائی۔مختلف علاقوں میں اپنے خلفاء بھیجے،مختلف موضوعات پر رسائل لکھے اور اپنی تعلیمات کو مکاتیب کے ذریعے پھیلایا۔انہوں نے تینوں معاشرتی طبقات کو شرعی اصولوں کے مطابق کرنے کی کوشش کی اور ان میں اس بات کی تحریک پیدا کرنے کی کوشش کی کہ اپنے اپنے حلقہ میں شریعت کو رائج کریں۔وہ اس بات کو جانتے تھے کہ تمام طبقات میں اہم ترین طبقہ اہل حکومت کا ہے کہ عوام کی اصلاح بادشاہ کی اصلاح کے بعد ہی ممکن ہے کہ عموماً یہ کہا جاتا ہے:

الناس علی دین ملوکھم

(لوگ اپنے بادشاہوں کے دین پر ہوتے ہیں)

نواب سید فرید مرتضٰی بخاری کے نام خط میں خود اس بارے میں لکھتے ہیں کہ:

"بادشاہ نسبت عالم دررنگِ دل است نسبت بدن کہ اگر دل صالح است بدن صالح است واگر فاسد است فاسد،صلاحِ بادشاہ صلاحِ عالم است وفسادِ او فسادِ عالم"

Marfat.com

(بادشاہ کو عالم سے وہی نسبت ہے جو دل کو جسم سے ہے۔ اگر دل درست ہے تو جسم بھی درست ہوگا، اگر وہ خراب ہے تو جسم بھی خراب ہوگا۔ بادشاہ کی اچھائی عالم کی اچھائی ہے اور اس کی خرابی عالم کی خرابی ہے)

اس وقت حضرت امام ربانی علیہ الرحمۃ کے پاس اس سنگین اور نازک صورت حال میں تین راستے تھے۔

1۔ سلطنت کو اسکے حال پر چھوڑ کر کسی گوشے میں یاد الٰہی میں مشغول رہیں اور خاموشی سے طالبان حق کی تعلیم و تربیت میں مصروف رہیں۔ یہ وہ طرز عمل تھا جو اس صورتِ حال میں اس عہد کی کئی شخصیات نے اختیار کیا۔ اس وقت ملک میں جا بجا خانقاہیں موجود تھیں۔ علماء و مشائخ پوری یکسوئی اور خاموشی سے اپنا کام کر رہے تھے اور خلقت کو ان سے فیض اور فائدہ بھی پہنچ رہا تھا۔

2۔ ہندوستان کی موجودہ سلطنت اور اس کے فرمانروا جو اسلام مخالف دین الٰہی کا پیروکار اور داعی تھا۔ اس کے خلاف ایک دینی محاذ قائم کریں اور فوجی بغاوت کے ذریعے انقلاب لانے کی کوشش کریں۔

3۔ وہ خود ہر طرح کے جاہ و منصب سے علیحدہ رہتے ہوئے ارکان سلطنت اور امرائے دربار سے تعلقات پیدا کریں اور جن کے ساتھ پہلے سے تعلقات ہیں، ان سب میں دینی جذبہ اور حمیت بیدار کریں۔ ان کی اپنی اصلاح کرنے کے ساتھ ان کو اس بات پر بھی تیار کریں تا کہ وہ بادشاہ کو نیک مشورہ دے سکیں اور اسے اسلامی تعلیمات یا شریعت کے مطابق حکومت کرنے پر

Marfat.com

آمادہ کر سکیں۔

جہاں تک پہلے راستے کا تعلق ہے وہ حضرت امام ربانی علیہ الرحمۃ کی افتادِ طبع اور ان کی شانِ عزیمت سے مناسبت نہیں رکھتا تھا۔ اور نہ ہی وہ حالات کا تقاضا تھا۔ دوسرا راستہ بھی ان کی حکمت دعوت اور جذبہ خیر خواہی و نصیحت کے خلاف تھا۔ امام ربانی علیہ الرحمۃ نے اس طرف بالکل التفات نہیں فرمایا۔ یہ طریق کار ایک داعی الی اللہ کا طریقہ نہیں خصوصاً ایسا شخص جس کا مقصد اپنی ذات یا جماعت کے لیے حصول اقتدار نہیں بلکہ صرف دین کا غلبہ اور احکام شریعت کا نفاذ و اجراء ہوتا ہے۔ خواہ وہ کسی کے ہاتھ ہو۔ حضرت امام ربانی علیہ الرحمۃ نے سلطنت کو ہر مخالف اسلام بات سے پاک کرنے کے لیے تیسرے راستہ کا چناؤ کیا۔ جو اپنی نوعیت کے اعتبار سے ممتاز اور آنے والے ادوار کے داعیانِ دین کے لیے مشعل راہ بنا۔

اہم ارکان سلطنت جنہیں حضرت امام ربانی علیہ الرحمۃ نے مکاتیب لکھے

حضرت امام ربانی علیہ الرحمۃ نے پہلے عہد اکبری میں اور پھر خصوصاً عہد جہانگیری کے آغاز میں ترویجِ شریعت، ملتِ اسلامیہ کی تائید و تقویت اور معاشرے کی بگڑتی ہوئی صورت حال سے نمٹنے کے لیے بہت سے حکومتی عہدہ داروں کو الگ الگ مکاتیب لکھے۔ آپؒ نے بہت تحمل اور حکمت کے ساتھ پہلے بادشاہ کے قریبی ارکانِ سلطنت کو اسلام کی حقیقی روح سے روشناس کروایا، پھر ان کو اس قربت سے فائدہ اٹھانے پر زور دیا کہ بادشاہ کو ایسے مسائل دینیہ سے آگاہ کریں جس پر عقائد اسلامیہ کی بنیاد ہے۔ خاص طور پر یہ کوشش کی کہ دین دار طبقے کو بادشاہ کا قرب حاصل ہو جائے تاکہ علمائے سوء اور ہندو درباری بادشاہ کے مزاج میں رسوخ حاصل کرنے

Marfat.com

میں پہل نہ کر جائیں اور اکبری عہد کی طرح جہانگیری عہد میں بھی ملتِ اسلامیہ کو ویسے حالات کا سامنا ہو۔ ان اہم امراء اور ارکانِ سلطنت میں:

1۔ عہد اکبر کے میر بخشی اور عہد جہانگیری میں صوبہ گجرات و پنجاب کے گورنر نواب مرتضیٰ خان شیخ فرید (م ۱۰۲۵ھ/ ۱۶۱۶ء) بطور خاص قابلِ ذکر ہیں۔ ان کو امراء و خواص میں حضرت امام ربانی نے سب سے زیادہ مکاتیب لکھے۔

2۔ ان کے بعد زیادہ مکاتیب جہانگیر کے اتالیق، اکبر کے نو رتنوں میں سے ایک، گجرات، سندھ اور دکن کی فتوحات کے سالار، بزرگان دین کے ارادت مند، علم دوست، ممتاز و اہم ترین رکن سلطنت عبدالرحیم خان خاناں (م ۱۰۳۶ھ/ ۱۶۲۷ء) کے نام ہیں۔ ان کے علاوہ درج ذیل اہم امراء ہیں۔

3۔ اکبر کے رضائی بھائی، بہترین فوجی جرنیل، مرکزی حکومت کے وکیل اور عہد جہانگیری میں گجرات کے گورنر، مرزا ''عزیز کوکہ'' خان اعظم (م ۱۰۳۳ھ/ ۱۶۲۴ء)

4۔ عہد اکبری و جہانگیری میں کل مذہبی امور کے صدر، شعبہ افتاء کے سربراہ، جہانگیر کے اتالیق اور اس کے بہت مقرب، سید میراں صدر جہاں پہانی (م ۱۰۲۰ھ/ ۱۶۱۱ء)

5۔ شہزادہ دانیال (م ۱۰۱۲ھ/ ۱۶۰۴ء) کے اتالیق و سسر، عہد اکبری میں مرکزی وزیر، گجرات، لاہور، کابل، مالوہ کے یکے بعد دیگرے بننے والے گورنر محمد قلیج خان اندجانی (م ۱۰۲۹ھ/ ۱۶۲۰ء)۔

6۔ جہانگیر کے سسر اور اس کی شہزادگی کے زمانہ کے دیوان، تخت نشینی کے بعد

Marfat.com

جہانگیر کے مقرب و میر بخشی، کچھ عرصہ کے لئے آگرہ کے حاکم، خواجہ جہاں دوست محمد کابلی (م۱۰۲۹ھ/۱۶۲۰ء)

7۔ عالم، حکیم و شاعر، اکبر کے بہت مقرب، پہلے دیوان اور پھر صدر الصدور کے عہدے پر فائز، میر فتح اللہ حکیم شیرازی (م۹۹۷ھ/۱۵۸۸ء)

8۔ عہد جہانگیری کے اعظم امیر، شہزادہ مراد (۱۰۰۷ھ/۱۵۹۹ء) کے بخشی، پٹنہ و بہار کے گورنر اور قرآن کریم سننے کے بہت زیادہ شائق، باز بہادر قلی خان (لالہ بیگ جہانگیری)

9۔ اکبر کے اہم فوجی جرنیل، جہانگیر کے دور میں سپہ سالار، دکن میں شہزادہ پرویز کے اتالیق، بہت علم دوست اور علماء پرور، خان جہان خضر خان لودھی (م۱۰۴۰ھ/۱۶۳۱ء)

10۔ شجاعت و سپہ آرائی میں یکتائے زمانہ، مرزا عبدالرحیم خان خاناں کے بڑے بیٹے المعروف جوان خانِ خاناں شاہ نواز خان بہادر مرزا ایرج (م۱۰۲۸ھ/۱۶۱۹ء)

11۔ جہانگیر کے اعظم امیر، برار واحمد نگر کیحاکم، خان خاناں کا خطاب پانے والے، مرزا عبدالرحیم خان خاناں کے دوسرے بیٹے مرزا داراب (م۱۰۳۴ھ/۱۶۲۵ء)

12۔ محمد قلیچ خان اندجانی کے لائق فرزند محمد قلیچ اللہ بیگ۔

13۔ علوی سادات سے خان جہان جباری خان بن مجنون خان قاقشال۔

Marfat.com

اصلاح معاشرہ میں حضرت امام ربانی علیہ الرحمۃ کا پہلا اور بنیادی کام

حضرت امام ربانی علیہ الرحمۃ مسلمانوں کی اصلاح کے لیے معاشرے میں شریعت مطہرہ کا نفاذ اوراس کی ترویج بہت ضروری خیال کرتے تھے۔اس کے لیے انہوں نے اپنے مکتوبات میں دو بنیادی باتوں پر زور دیا۔پہلی بات عقائد اہل سنت وجماعت کی وضاحت اوران کی پختگی ہےاوردوسری اہم بات شریعت مبارکہ پرعمل کرنا۔

عقائد کی تصحیح

اس بارے میں وہ اپنے مکتوبات کی تیسری جلد میں اپنی ایک ارادت مند خاتون کو لکھتے ہیں کہ:

''و شریعت دو جزو دارد، اعتقادی و عملی. اعتقادی از اصول دین است و عملی از فروع دین. فاقدِ اعتقاد از اهل نجات نیست و خلاصی از عذاب آخرت در حق او متصور نه...... و فاقدِ عمل اگرچه معذب شود امّا خلود در نار حقِ او مفقود است''

(اورشریعت کے دو حصے ہیں، اعتقادی اورعملی۔اعتقادی حصہ دین کے اصول ہیں اورعملی حصہ دین کے فروع ہیں۔بدعقیدہ شخص اہل نجات سےنہیں ہےاورعذاب آخرت سے خلاصی اس کے حق میں متصورنہیں ہےجبکہ بدعمل آدمی کی نجات کا احتمال ہے

Marfat.com

اور اس کا معاملہ اللہ تعالیٰ کی مشیت پر منحصر ہے۔ اگر وہ چاہے تو معاف کر دیا اور اگر چاہے تو گناہ کے اندازے کے مطابق اسے سزا دے۔ آگ میں ہمیشہ رہنا یہ صرف بد عقیدہ اور ضروریات دین کے منکر کے لیے مخصوص ہے۔ عمل نہ کرنے والا اگرچہ سزا پائے گا مگر آگ میں ہمیشہ رہنا اس کے لیے نہیں ہے)

اہل سنت والجماعت کے عقائد کی وضاحت اور ان کی پختگی پر زور

اس سلسلے میں حضرت امام ربانی علیہ الرحمۃ نے مختلف لوگوں کو تفصیلی مکاتیب لکھے ہیں اور اہل سنت وجماعت کی رائے کے مطابق عقائد پر گفتگو کی ہے۔ مثلاً پہلی جلد میں اپنے مخدوم زادوں خواجہ عبداللہ اور خواجہ عبیداللہ کو (مکتوب نمبر ۲۶۶)، دوسری جلد میں خان جہان کو (مکتوب نمبر ۶۷) اور تیسری جلد میں اپنی ایک ارادت مند خاتون کو (مکتوب نمبر ۱۷) اہل سنت کے بنیادی عقائد کو بیان کیا ہے۔ ان کے علاوہ بھی جا بجا اپنے مکتوبات میں اس بات پر بہت زور دیا۔ خان جہان کو لکھتے ہیں کہ:

"سعادت و نجابت آثارا! آدمی را از تصحیح اعتقاد بموجب آرائے فرقہ ناجیہ اهل سنت و جماعت رضوان اللہ تعالیٰ علیهم اجمعین که سواد اعظم و جمّ غفیر اند......از حضرت حق سبحانه و تعالیٰ استقامت برین دولت بتضرع و زاری مسالت بائد نمود"۔

Marfat.com

(اے نجابت وسعادت آثار! سب سے پہلے آدمی کو فرقہ ناجیہ اہلسنت و جماعت رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کی رائے کے مطابق جو کہ مسلمانوں کی سب سے بڑی جماعت ہے، عقیدے کا درست کرنا لازم ہے۔ تاکہ اخروی نجات اور کامیابی متصور ہو سکے اور بد اعتقادی جو اہل سنت کے عقیدہ کے خلاف ہے سمِّ قاتل ہے۔ جو ابدی موت اور دائمی عذاب تک پہنچاتی ہے اور اگر عمل میں کچھ کوتاہی اور سستی ہو تو اس کی بخشش کی امید ہو سکتی ہے۔ لیکن اگر عقیدہ میں سستی ہو تو اس کی معافی کی امید نہیں ہے۔۔۔۔۔۔ اہل سنت کے عقائد کو مختصر طور پر لکھا جاتا ہے۔ ان کے مطابق اپنے عقیدہ کی تصحیح کریں اور (پھر) اس دولت پر اللہ تعالیٰ سے عاجزی وزاری سے استقامت کی دعا کریں)

اکبر کے پریشان کن عہد کے خاتمے پر جہانگیر کے تخت نشین ہونے کے بعد شیخ فرید کی راہنمائی کرتے ہوئے ان کو لکھتے ہیں:

"امروز کہ نوید زوالِ مانع دولتِ اسلام و بشارت جلوسِ بادشاہِ اسلام بگوش خاص و عام رسیدہ، اھلِ اسلام بر خود لازم دانستند کہ ممد و معاون بادشاہ باشند...... و اظھار عقائد کلامیہ برطبقِ کتاب و سنت و اجماعِ امت تا مبتدعی و ضّالی درمیان آمدہ از راہ نبرد و کار بفساد نہ انجامد"

Marfat.com

(آج جبکہ دولت اسلام کی رکاوٹوں کے زوال کی خوشخبری اور بادشاہ اسلام کی تخت نشینی کی بشارت ہر خاص و عام کے کانوں تک پہنچی ہے تو اہل اسلام اپنے اوپر لازم کرلیں کہ وہ بادشاہ کے معاون و مددگار بنیں گے اور شریعت کو رواج دینے اور مذہب کو قوت پہنچانے میں اس کی راہنمائی کریں۔ خواہ یہ مدد اور تقویت زبان سے میسر آئے یا ہاتھ سے۔ نعمت اسلام کی سب سے اولین مدد یہ ہے کہ مسائل شریعہ کی وضاحت کی جائے اور کتاب وسنت اور اجماع کے مطابق عقائد کلامی کا اظہار کیا جائے تا کہ (پھر سے کوئی) گمراہ اور بدعتی شخص درمیان میں آکر بادشاہ کو راہ سے گمراہ نہ کردے اور کام خراب نہ کردے)

مرزا داراب بن عبدالرحیم خان خانان کو نعمتوں کے شکرانے کا طریقہ بتاتے ہوئے لکھتے ہیں کہ:

"و شکر منعِم تعالیٰ اولاً بتصحیح عقائد است بمقتضای آرای فرقه ناجیه که اهل سنت و جماعت اند و ثانیاً باتیان احکام شرعیه عملیه است ......مخالفِ این ارکان ثلثه است اگرچه از جنس ریاضات شاقه و مجاهدات شدیده باشد داخلِ معصیت است و نافرمانی و ناسپاسی منعِم جل سلطانه"

Marfat.com

(نعمتیں عطا کرنے والے رب تعالیٰ کے ادائے شکر کا پہلا درجہ یہ ہے کہ بندہ اپنے عقائد فرقہ ناجیہ اہلِ سنت و جماعت کی آراء کے مطابق درست رکھے۔ دوسرا درجہ یہ ہے کہ اس بلند مرتبہ گروہ کے مجتہدین کی آراء کے مطابق احکام شرعیہ بجالاتا رہے۔ تیسرا درجہ یہ ہے کہ بلند درجہ گروہ صوفیہ کے سلوک کے موافق اپنے نفس کا تذکیہ و تصفیہ کرے۔ اس آخری رکن کا وجوب درجہ استحسان میں ہے۔ بخلاف پہلے دو ارکان کے کہ اصل اسلام پہلے دو رکنوں کے ساتھ وابستہ ہے اور کمال اسلام تیسرے رکن سے متعلق ہے اور وہ عمل جو ان تینوں ارکان کے خلاف ہے اگرچہ شدید ریاضتوں اور مجاہدوں کی جنس سے ہی ہو، معصیت، نافرمانی اور ناشکری میں داخل ہے)

(اکثر مسائل خلافیہ جن میں ماتریدیہ اور اشاعرہ میں اختلاف ہے۔ شروع مسئلہ میں اشاعرہ حق پر معلوم ہوتے ہیں۔ لیکن جب نور فراست سے دیکھا جائے تو یہ واضح ہو جاتا ہے کہ ماتریدیہ حق بجانب ہیں علم الکلام کے متعلق تمام مسائل خلافیہ میں میری رائے علمائے ماتریدیہ کی رائے کے موافق ہے اور حق یہ ہے کہ ماتریدیہ کو روشن سنت علی صاحبہا الصلوٰۃ والسلام والتحیۃ کی پیروی کی وجہ سے شان عظیم حاصل ہے، جو ان کے مخالفین کو فلسفیانہ موشگافیوں کی بنا پر میسر نہیں ہے۔ اگرچہ دونوں فریق اہل حق سے ہیں)

Marfat.com

عقیدہ نبوت کا تحفظ و دفاع

جیسا پیچھے ذکر ہوا کہ شریعت سے لاعلمی و دوری، ہندو ہمسائیگی، بھگتی تحریک اور فلسفہ کے اثرات اور کچھ اس نظریہ کی وجہ سے کہ ''اسلامی تقویم کا ایک ہزار سال پورا ہو رہا ہے اور اب نئے ہزاریے کے لیے ایک نئے نظام عالم کی ضرورت ہوگی'' اسلام کے بنیادی عقیدہ، عقیدہ نبوت و رسالت سے بیزاری، دوری اور اجنبیت پیدا ہو رہی تھی۔ حضرت امام ربانی علیہ الرحمۃ نے اس عقیدہ کا بھرپور طریقے سے دفاع کیا۔ اثبات نبوت پر عربی زبان میں ایک مستقل رسالہ لکھا اور اس بارے میں بار ہا اپنے مکاتیب میں بھی لکھا۔ اس کا تحفظ کیا اور عقیدہ نبوت کی ابدیت اس کی ضرورت پر مسلمانوں میں اعتقاد و اعتماد بحال کیا لوگوں کے دلوں میں اس عقیدے کو مستحکم کیا۔ جو زمانہ کی اشد ضرورت تھی۔ وہ اپنے مخدوم زادوں کو ایک مکتوب میں بنیادی اسلامی عقائد بیان کرتے ہوئے عقیدہ نبوت سے متعلق لکھتے ہیں کہ:

"عقیدہ ۲۱: بعثتِ انبیاء علیهم الصلوات والتسلیمات رحمت عالمیان است اگر توسط وجود این بزرگواران نمے بود ما گمراهان را بمعرفت ذات و صفاتِ واجب الوجود تعالیٰ و تقدس که دلالت می فرمود...... افهامِ ناتمام مابے تقلید این بزرگواران درین مسئله معامله مخذول "

(انبیائے کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کا مبعوث ہونا اہل جہان کے

Marfat.com

لیے سراسر رحمت ہے اگر ان بزرگوں کا واسطہ و ذریعہ نہ ہوتا تو ہم گمراہوں کو اس واجب الوجود تقدس و تعالیٰ کی ذات و صفات کی معرفت سے متعلق کون ہدایت فرماتا اور ہمارے مولیٰ جل شانہ کی پسند و ناپسند کی چیزوں میں کون تمیز کرتا۔ ہماری ناقص عقلیں ان عظیم بزرگان دین کی دعوت کی روشنی کی مدد کے بغیر معزول و بیکار ہیں اور ہماری ناتمام اور ادھوری سمجھ ان کی تقلید و راہنمائی کے بغیر اس معاملہ میں بے بس و خوار ہے)

اسی مکتوب میں آگے یہ وضاحت کرتے ہیں کہ بعثتِ انبیاء ہی اللہ تعالیٰ کی ذات و صفات اور اس کے احکام کی معرفت کا واحد ذریعہ ہے جو تمام تر دنیوی اور اخروی سعادتوں کا ذریعہ ہے۔ اسی سے معلوم ہوا ہے کہ کون سی چیز اس کی پاک بارگاہ کے مناسب ہے اور کون سی نامناسب؟ ان کے ذریعہ ہی اس قدیم ذات کے مناسب اور نامناسب اسماء، صفات اور افعال کے بارے میں معلوم ہوا، تاکہ اس پاک ذات پر ان کا اطلاق کیا جائے یا ان سے اجتناب کیا جائے۔ کیوں کہ ہماری ناقص عقل جو حدوث اور امکان کے داغ سے داغدار ہے اکثر اوقات الٹا سمجھ لیتی ہے۔ یہ تمیز میرے نزدیک تمام ظاہری و باطنی نعمتوں سے بڑھ کر ہے۔

آپؒ نے یہ وضاحت فرمائی کہ بعثت انبیاء ہی کی بدولت حق، باطل سے جدا ہوا ہے۔ اس وجہ سے ہی عبادت کی مستحق ذات اور غیر مستحق میں تمیز ہوئی۔ اس ذریعہ سے اللہ تعالیٰ کے راستہ کی طرف دعوت دی جاتی ہے اور بندوں کو انکے مولیٰ کے قرب اور وصل کی سعادت تک پہنچاتے ہیں۔ اس کے فائدے بکثرت ہیں۔ پس ثابت ہوا

Marfat.com

کہ بعثت (انبیاءؑ) سراسر رحمت ہے۔ حضرت امام ربانی کے نزدیک عقیدہ رسالت ہی اسلام کا اولیں اور بنیادی عقیدہ ہے۔ اس بارے میں وہ اپنے خلیفہ میر محمد نعمان بدخشیؒ کو لکھتے ہیں:

"اول فکر ایمان برسول باید کرد و تصدیق رسالتِ او باید نمود تا در جمیع احکام او را صادق دانسته شود......هر فرع را بے اِثباتِ اصل معقول ساختن بسیار متعسر ست الخ"

(سب سے پہلے رسول پر ایمان لانے کی فکر کرنی چاہیے اور اس کی رسالت کی تصدیق کرنی چاہیے، تا کہ تمام احکام میں اسے سچا جانا جائے اور اس کے ذریعے سے شکوک وشبہات کی تاریکیوں سے نجات حاصل میسر ہو، جڑ کو پہلے معلوم ومعقول کر لینا چاہیے تا کہ سب فروع اور شاخیں آسانی سے معلوم ہو جائیں۔ ہر شاخ اور ہر فرع کو اصل کے ثابت کئے بغیر معقول بنانا بہت مشکل ہے)

(اس طرح وہ تمام منقولات (تمام سنی ہوئی باتیں) جو ہم تک انبیاء علیہم الصلوات والتسلیمات کے پہنچانے سے پہنچے ہیں مثلاً ذات الٰہی کی صفات کمالیہ، بعثت انبیاء، ملائکہ کا معصوم ہونا علیہم الصلوات والتسلیمات والبرکات، حشر ونشر، جنت وجہنم کا وجود، جنت کی دائمی راحت وعیش اور جہنم کا دائمی عذاب، یہ اور اس طرح کی کئی دوسری باتیں جن کی شریعت خبر دیتی ہے عقل ان کو پا

Marfat.com

لینے سے قاصر ہے۔)

اسی خط میں اہل فلسفہ کی حقیقت یوں لکھتے ہیں:

(اگر ان کے بزرگ وجود کا وسیلہ نہ ہوتا تو بشری عقول اللہ تعالیٰ کے اثبات میں ناقص اور قاصر ہوتیں قدیم فلاسفہ جو اپنے آپ کو اکبر اہل عقول سمجھتے تھے اللہ تعالیٰ کے منکر تھے اور اپنی عقل کی کمی کی وجہ سے چیزوں کو زمانہ کی طرف منسوب کرتے تھے ------جس طرح عقل کا طریقہ حس کے طریقے سے بالا ہے کہ جس کا حس کے ساتھ ادراک نہیں کیا جا سکتا، عقل اس کا ادراک کر لیتی ہے اور اسی طرح نبوت کا طریقہ عقل کے طریقہ سے بلند ہے کہ جو کچھ عقل کے طریقہ سے معلوم نہیں کیا جا سکتا وہ نبوت کے ذریعہ سے حاصل ہو سکتا ہے------اور اگر عقل اس معاملہ میں کفایت کرتی تو یونان کے فلاسفہ جنھوں نے اپنا راہنما عقل کو سمجھا گمراہی کے بیابان میں نہ بھٹکتے پھرتے اور وہ اللہ تعالیٰ کو سب سے زیادہ پہچانتے۔ حالانکہ اللہ تعالیٰ کی ذات وصفات کے متعلق جاہل ترین آدمی وہی ہیں)

امام ربانی علیہ الرحمۃ کا دوسرا اہم کام

عقائد کی تصحیح اور پختگی کے ساتھ حضرت امام ربانی علیہ الرحمۃ نے علم شریعت کے حصول اور اس کے احکام پر عمل کرنے اور حضور نبی کریم کی سنت مبارکہ کے مطابق

Marfat.com

زندگی گزارنے پر بہت زور دیا۔یعنی آپؒ نے اعتقادی اصلاح کے ساتھ عمل کی ترغیب اوراس کی، ملازمت کی دینی اہمیت کو واضح فرمایا۔آپؒ نے اس اصلاحی مشن کی تکمیل کے لیے علماء، امراءاوراپنے مریدین کواپنے مکاتیب میں بار بارلکھا۔ان کی وضاحت بیان فرمائی اوران سب کوشریعت مبارکہ پرعمل کے لیے ترغیب دی۔

احکام شریعت کی ترویج پرزور

دفتر اول میں شیخ قربان کے نام اپنے مکتوب میں لکھتے ہیں کہ تمام سعادتوں کا سرمایہ سنت کی متابعت اور تمام فسادوں کی جڑ شریعت کی مخالفت ہے۔گمراہ لوگوں نے بھی بہت ریاضتیں اور سخت مجاہدے کئے ہیں لیکن شریعت کے موافق نہ ہونے کی وجہ سے سب بے اعتبار اور خوار ہیں۔اگران سخت اعمال پر کچھ اجر بھی ہوتو وہ دنیاوی نفع ہوگا۔جس کا کیا اعتبار ہے؟شریعت پرعمل کرنے والوں کی مثال ایسی ہے کہ جیسے وہ قیمتی جواہرات کا کام کرتے ہیں کہ کام تھوڑا اوراسکی مزدوری زیادہ ہے۔اپنے مخدوم زادوں خواجہ عبداللہ اور خواجہ عبیداللہ کے نام مکتوب (٦٦٢) میں اہل سنت کے عقائدکو بیان کرنے کے بعد لکھتے ہیں:

> "بعد از تصحیح عقائد تعلم احکام فقه چاره نبود و از دانستن فرض و واجب...... و همچنین عمل بمقتضائے این علم نیز ضروری است. مطالعه کتب فقه از ضروریات شمرد و سعی بلیغ در اتیان اعمال صالحه مرعی دارند"

Marfat.com

(عقائد کے درست کرنے کے بعد احکام فقہ کا سیکھنا ضروری ہے۔فرض وواجب، حلال وحرام، سنت ومندوب اور مشتبہ ومکروہ کے جاننے سے چارہ نہیں اور ایسے ہی اس علم کے موافق عمل کرنا بھی ضروری ہے۔فقہ کی کتابوں کا مطالعہ ضروری سمجھیں اور اعمال صالحہ کے بجالانے کو مدنظر رکھیں)

اپنے ایک مرید شیخ کبیر کو لکھتے ہیں:

"کار اینست که اولاً تصحیح عقائد بر وفقِ آرای علماءِ اهل سنت و جماعت که فرقه ناجیه اند باید کرد ثانیاً علم و عمل بمقتضای احکامِ فقهیه لازم باید ساخت بعد از تحصیل این دو جناحِ اعتقادی و عملی قصد طیرانِ عالمِ قدس باید نمود مصرع:

کار اینست وغیر این همه هیچ"

(کرنے والا ضروری کام یہ ہے کہ اولاً علمائے اہل سنت و جماعت کی آراء کے مطابق عقائد درست کئے جائیں کیوں کہ نجات پانے والا یہی گروہ ہے پھر اس کے بعد احکام فقہ کے مطابق علم وعمل کو اپنے اوپر لازم کر لینا چاہیے۔ان دو اعتقادی اور عملی پروں کے حاصل ہونے کے بعد عالم قدس کی طرف پرواز کرنا چاہیئے۔کرنے کا کام یہی ہے اس کے سوا سب ہیچ ہے)

شریعت کی اہمیت پر روشنی ڈالتے ہوئے اپنے ایک اور مرید ملا حاجی محمد

Marfat.com

لاہوری کو لکھتے ہیں:

''شریعت را سہ جزوست علم، عمل و اخلاص تا این ہر سہ جزو متحقق نشوند شریعت متحقق نشود۔۔۔۔۔۔طریقت و حقیقت کہ صوفیہ بآن ممتاز گشتہ اند ہر دو خادمِ شریعت اند و تکمیلِ جزوِ ثالث کہ اخلاص است نہ امر دیگر ورائے شریعت''

(شریعت کے تین جزو ہیں علم، عمل اور اخلاص۔ جب تک یہ تینوں جزو پائے نہ جائیں شریعت متحقق نہیں ہوتی۔ ان تینوں کا حصول اللہ تعالیٰ کی رضا کا حصول ہے اور یہی رضا دنیا و آخرت کی تمام سعادتوں سے بڑھ کر ہے [و رضوان من اللہ اکبر] ایسا کوئی مطلوب و مقصود نہیں جس کے حاصل کرنے کے لیے شریعت کے سوا کسی اور چیز کی ضرورت پڑے۔ طریقت اور حقیقت جن کے ساتھ صوفیہ کرامؒ ممتاز ہیں۔ یہ دونوں شریعت کی خادم ہیں ان دونوں سے شریعت کے تیسرے جزو یعنی اخلاص کی تکمیل ہوتی ہے۔ لہٰذا دونوں سے مقصود بھی شریعت کی تکمیل ہے نہ کہ کوئی اور امر، جو شریعت کے علاوہ ہو)

اسی بارے میں شیخ محمد چتری کو لکھتے ہیں:

''شریعت را پوست خیال می کنند و حقیقت را مغز می دانند۔ نمی دانند کہ حقیقت معاملہ چیست۔ بہ تُرّہات صوفیہ مغرور اند و بہ احوال و مقامات مفتون''

Marfat.com

(جو لوگ) شریعت کو پوست خیال کرتے ہیں اور حقیقت کو مغز خیال کرتے ہیں۔ وہ یہ نہیں جانتے کہ اصل معاملہ کیا ہے۔ وہ صوفیہ کی سکر و مستی میں کہی گئی باتوں سے دھوکے میں ہیں اور احوال و مقامات سے لاعلمی کے باعث فتنہ میں ہیں)

شیخ محمد یوسف کو لکھتے ہیں:

''ظاہر را بظاہر شریعت و باطن را بباطن شریعت کہ عبارت را حقیقت است متحلّی و متزین دارند چہ حقیقت و طریقت عبارت از حقیقتِ شریعت است و طریقتِ آن حقیقت نہ آنکہ شریعت امری دیگر است و طریقت و حقیقت دیگر کہ آن اِلحاد و زندقہ است''

(اپنے) ظاہر کو ظاہر شریعت سے اور اپنے باطن کو باطن شریعت جو اس کی حقیقت ہے، سے آراستہ کریں اور (دراصل) حقیقت اور طریقت دونوں شریعت ہی کی حقیقت ہیں نہ کہ شریعت اور ہے اور طریقت و حقیقت کچھ اور، ان کو علیحدہ علیحدہ کرنا الحاد و زندقہ ہے)

احیائے سنت اور ردِ بدعت پر زور

حضرت امام ربانی علیہ الرحمۃ کی دینی خدمات میں ایک اہم ترین اور نمایاں خدمت احیائے سنت ہے۔ آپؒ نے سنتِ رسول پر عمل کرنے اور معاشرے میں رائج بدعات کو ختم کرنے کے لیے بڑا زور دیا۔ یہ وہ زمانہ تھا جب ہر طرف بدعات کا رواج زور پکڑ رہا تھا۔ دین میں خلاف شرع نئی باتوں کو شامل کر لیا گیا تھا۔ مسلمانوں میں

Marfat.com

ہندوانہ رسومات زندگی کے ہر شعبے میں شامل ہو رہی تھیں۔ آپؒ نے ان کے خلاف بھر پور جہاد فرمایا اور بدعت کی مذمت اور سنت کی مدحت کو مختلف انداز میں اجاگر کر کے لوگوں کو بدعات سے دور رہنے اور سنت رسول کو اختیار کرنے کی ترغیب دلائی۔ یہ واضح کیا کہ بدعت رافع سنت ہوتی ہے۔ جب بدعت رواج پاتی ہے تو اس کی جگہ کوئی سنت اٹھ جاتی ہے۔ آپؒ بدعت سیئہ وحسنہ کی عمومی تفریق کو نہیں مانتے۔ جس بات کو بدعت حسنہ کہا جاتا ہے آپؒ نے اسے سنت میں ہی شمار کیا ہے۔ مثلاً تراویح کی جماعت، اسے آپؒ نے اپنے مکتوب میں سنت میں شمار کیا اور اسے دلائل سے ثابت کیا ہے۔

آپؒ نے اپنے مرید فتح خان افغان کو دفتر دوم مکتوب (۸۷) میں اس بارے میں لکھا کہ وہ نصیحت جو سعادت مند دوستوں سے کہی جاتی ہے، وہ سنت سنیہ کی اتباع اور ناپسندیدہ بدعت سے پرہیز ہے۔ جو بھی سنتوں میں سے کسی مردہ سنت کو جو متروک العمل ہو چکی ہو زندہ کرتا ہے اس کو سو شہیدوں کا ثواب ملتا ہے۔ ملا احمد برکی کو دفتر اول مکتوب (۲۷۵) میں بتایا کہ بدعات کے خاتمہ کے لیے کیا طرزِ عمل اپنایا جائے۔ لکھتے ہیں کہ ایسے مقامات میں جہاں کفر کا دور دورہ ہو اور بدعتیں جاری ہوں وہاں علوم شرعیہ کی تعلیم دیں اور فقہی احکام کو پھیلائیں کیوں کہ یہی دونوں اصل مقصود ہیں۔ اور ان پر ہی ایمانی ترقی اور نجات اخروی کا انحصار ہے۔ اسی طرح خواجہ عبدالرحمٰن مفتی کابلی کو دفتر اول مکتوب (۱۸۶) میں لکھتے ہیں کہ پس آپ پر لازم ہے کہ رسول اللہ کی سنت کی پیروی پر کمربستہ رہیں اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی اقتداء پر ہی کفایت کریں کیوں کہ وہ ہدایت کے ستارے ہیں۔ ان میں سے جن کی بھی اقتداء کریں گے ہدایت پائیں گے۔ یاد رہے کہ قیاس اور اجتہاد کوئی بدعت نہیں بلکہ وہ

Marfat.com

نصوص کے معنوں کو ظاہر و واضح کرنے کے لیے ہیں۔

اپنے خلیفہ ملا طاہر لاہوری کو لکھتے ہیں کہ:

"چہ نعمتے است کہ محبان و مخلصان بھمگی ہمتِ خود متوجہ احیائے سنتے از سنن مصطفیٰ علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والتحیۃ باشند سنت و بدعت ضد یک دیگر اند۔۔۔۔۔۔۔۔پس احیائے سنت یکے مستلزم اماتت دیگرے بود، احیائے سنت مؤجب اماتت بدعت است و بالعکس"

(یہ) کس قدر عظیم نعمت ہے کہ محبّ و مخلص لوگ ہمہ تن حضور ﷺ کی سنتوں میں سے کسی سنت کے زندہ کرنے میں مشغول ہوں اور منکرہ اور غیر پسندیدہ بدعتوں میں سے کسی ایک بدعت کے دور کرنے کے خواہاں ہوں۔ سنت اور بدعت ایک دوسرے کی بالکل ضد ہیں۔ ایک کا وجود دوسرے کے خاتمہ کے لیے لازم ہے یعنی سنت کا زندہ کرنا بدعت کو ختم کرنے کا موجب ہے اور اسی طرح اس کے خلاف)

آپؒ نے فرمایا کہ تقلید ائمہ سے ہٹ کر جو کوئی اور راہ اختیار کرے گا وہ خود بھی گمراہ ہے اور دوسروں کو بھی گمراہ کرنے والا ہے۔ مخالفین تقلید نے امام اعظم حضرت ابو حنیفہؒ کی عظمتوں کا انکار کر کے ان پر بے بنیاد اعتراضات کیے اور ان کے لیے نازیبا کلمات استعمال کیے تو آپؒ نے حضرت امام اعظمؒ کا بھرپور دفاع کیا اور آپؒ پر اعتراضات کے جوابات دیے۔

امام ابو حنیفہؒ کی عظمت و شان کے بارے میں لکھا کہ وہ سنت رسول ﷺ کی

Marfat.com

پیروی کے باعث تمام ائمہ میں سب سے آگے ہیں۔ وہ مسلمانوں کے رئیس، دین کے سردار، سواد اعظم کے پیشوا، اللہ کا نور، علم فقہ کے بانی، فقہ میں صاحب خانہ، امام اجل، پیشوائے اکمل، تمام مجتہدین میں اعلم، سب سے زیادہ تقویٰ وورع رکھنے والے ہیں۔ اپنے بیٹوں خواجہ محمد سعید اور خواجہ محمد معصوم کو ایک مکتوب میں اس بارے میں لکھتے ہیں:

''عجب معاملہ است امام ابو حنیفہ در تقلید سنت از ہمہ پیش قدم است واحادیث مرسل را در رنگِ مُسنَد شایان متابعت میداند و بر رائے خود مقدم می دارد وہمچنین قول صحابی را بواسطہ شرفِ صحبت خیر البشرؐ رائے خود مقدم میدارد و دیگران نہ چنین اند، مع ذلک مخالفان او را اصاحب رائے می دانند''

(عجب معاملہ ہے کہ امام ابو حنیفہ سنت کی پیروی میں سب سے بڑھ چڑھ کر ہیں، یہاں تک کہ مرسل احادیث کی پیروی بھی مسند احادیث کی طرح کرتے ہیں اور ان کو اپنی رائے پر مقدم رکھتے ہیں۔ اور اسی طرح صحابی کے قول کو بھی خیر البشرؐ کی صحبت کی وجہ سے اپنی رائے پر مقدم رکھتے ہیں اور دوسروں کا یہ مسلک نہیں ہے اس کے باوجود مخالفین ان کو 'اصحاب الرائے' میں شمار کرتے ہیں)

حضرت امام ربانی علیہ الرحمۃ ''فصول ستہ'' سے حضرت محمد پارساؒ کا قول پیش کرتے ہیں کہ حضرت عیسیٰ علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام بعد از نزول امام ابو حنیفہؒ کے مذہب پر عمل کریں گے۔ پھر اس کی وضاحت بھی فرما دی۔ یعنی حضرت روح اللہ کا اجتہاد امام اعظمؒ کے اجتہاد کے مطابق ہوگا۔ یہ نہیں کہ وہ مذہب حنفی کی تقلید کریں گے

Marfat.com

کہ انبیاءؑ کی شان اس سے بہت بلند ہے کہ وہ علمائے امت کی تقلید کریں۔

آپؒ ان منکرین کے بارے میں لکھتے ہیں کہ چند ایک ناقص لوگوں نے چند احادیث یاد کر رکھی ہیں اور احکام دین کو انہی میں منحصر سمجھتے ہیں اور اپنی معلومات کے علاوہ دوسری چیزوں کی نفی کرتے ہیں اور جو ان کے نزدیک ثابت نہیں اس کا انکار کرتے ہیں۔ ان کا حال اس کیڑے کی طرح ہے جو کسی پتھر میں پوشیدہ ہے اور اس کا زمین و آسمان وہی پتھر ہے۔

مکتوبات امام ربانیؒ کے نمایاں اثرات

حضرت امام ربانیؒ نے اپنی تحریک سے معاشرے کے تمام اہم طبقات کو متحرک کیا۔ ان کو ایک واضح سوچ عطا کی اور دعوتِ فکر و عمل دی۔ قرآن مجید، حدیث مبارکہ اور فقہ کی تعلیمات جو محض علم تک محدود ہو رہی تھیں لوگوں کو ان پر عمل کی طرف لائے۔ دوسرے الفاظ میں اسلام کو بالفعل کر دیا۔ آپؒ کی کوششوں سے دین جو غبار آلود ہو رہا تھا نکھر کر سامنے آ گیا۔ عقائد کی تصحیح ہوئی اور ان میں پختگی آئی۔ معاشرے میں ایک ہمہ گیر انقلاب پیدا ہوا اور بادشاہ سے لے کر عوام تک سب کا رویہ تبدیل ہونے لگا۔ سلطنتِ مغلیہ کے عظیم تاجدار تعلیماتِ مجددی کے آگے سپر انداز ہوئے اور بالآخر اورنگ زیب عالمگیرؒ جیسا اسلام پسند خدا ترس اور عادل بادشاہ برسرِ اقتدار آیا۔ ذیل میں عہد جہانگیری، عہد شاہجہانی اور عہد عالمگیری پر ایک اجمالی نظر کہ جس سے ان ہونے والی مثبت اور اہم تبدیلیوں کی وضاحت ہوتی ہے۔

عہد جہانگیری

اکبر کی وفات کے ساتھ اس کا جاری کردہ دین الٰہی بھی ختم ہوا، مگر اس میں

Marfat.com

شامل بدعات بعد تک جاری رہیں۔ جہانگیر (۱۵۶۹ء۔۱۶۲۷ء) کی تخت نشینی ان امراء کی کوششوں سے ہوئی جو حضرت امام ربانی علیہ الرحمۃ کے تربیت یافتہ تھے۔ اور اس تخت نشینی کی بنیادی شرائط میں احکام شریعت کی پاسداری اور اس کا اجراء شامل تھا۔ مگر اکبر کے پچاس سالہ دور مضبوط اقتدار کی تمام غلط باتوں کو یکدم ختم کرنا ایک ناممکن امر تھا۔ اگر اکبری عہد میں دربار میں ہندو اثرات کا غلبہ ہو رہا تھا تو جہانگیری عہد میں شیعہ اثرات زیادہ ہونے لگے تھے۔ حضرت امام ربانیؒ نے اس کے خلاف مسلسل جدوجہد کی اور اہل سنت و جماعت کے عقائد کو واضح کیا۔ ان کی ضرورت اور اہمیت بتائی۔ پھر ہم دیکھتے ہیں کہ بتدریج ان خلاف اسلام باتوں اور بدعات میں کمی آتی گئی۔ ناواقفیت کی بنا پر جہانگیر نے آپؒ کو قید بھی کروایا۔ لیکن اس قید کے بعد جب امام ربانیؒ جہانگیر کے لشکر میں رہے اور بادشاہ سے مسلسل ملاقات رہی پھر اسکا واضح اثر نظر بھی آتا ہے۔ عہد جہانگیری میں جہانگیر کی ایک اہم کامیابی قلعہ کانگڑہ کی فتح ہے۔ اس قلعہ کی فتح پر جہانگیر نے اپنی توزک میں جس طرح ذکر کیا ہے اس میں یہ اثرات واضح نظر آتے ہیں:

''بتاریخ بست و چہارم ماہ مذکور متوجہ سیر قلعہ کانگڑہ شدم و حکم کردم کہ قاضی و میر عدل و دیگر علمائے اسلام در رکاب بودہ انچہ شعار اسلام و شرائط دین محمدی است ۔۔۔۔۔۔ سجداتِ شکر این موہبت عظمیٰ کہ ہیچ بادشاہی توفیق برآن نیافتہ بود بتقدیم رسانیدہ حکم فرمودم کہ مسجد عالی درون قلعہ بنا نہند''

(ماہ مذکور کی چوبیس تاریخ کو قلعہ کانگڑہ کی سیر کے ارادہ سے

Marfat.com

نکلا، میں نے حکم دیا کہ قاضی اور میر عدل اور دیگر علماء ساتھ ہوں اور جو اسلامی شعائر اور دین محمدی ﷺ کی شرائط ہیں وہ اس قلعہ میں عمل میں لائیں مختصراً ایک کوس کی مسافت کے بعد قلعہ کی بلندی پر پہنچا، توفیق الٰہی سے اپنی موجودگی میں اذان دلوائی، خطبہ پڑھا گیا اور اپنے سامنے گائے ذبح کروائی کہ جس پر اس قلعہ کی تعمیر سے لے کر آج تک کبھی عمل نہ ہوا تھا۔ اس انعام الٰہی پر کہ کسی بادشاہ کو کبھی اس کی توفیق نہیں ہوئی تھی، شکر کے سجدے ادا کئے۔ میں نے حکم دیا کہ ایک عالی شان مسجد قلعہ میں تعمیر کی جائے)

عہد شاہجہانی

شاہجہان (۱۵۹۲ء۔۱۶۶۶ء) کے متعلق مؤرخین متفق ہیں کہ وہ ایک نیک دل اور شریعت کا احترام کرنے والا بادشاہ تھا۔ وہ حضرت امام ربانی علیہ الرحمۃ کے وصال کے دو سال بعد تخت نشین ہوا اور تقریباً اکتیس (۳۱) سال حکومت کی۔ یہ بات بھی کہی جاتی ہے کہ وہ آپؒ سے باقاعدہ بیعت تھا اور یہ بھی کہ وہ حضرت محمد معصوم علیہ الرحمۃ کا مرید تھا۔ گو ان باتوں کا کوئی قابل اعتماد ثبوت نہیں ملتا۔ مگر اس بات میں شک نہیں کہ وہ ہمیشہ آپؒ کا احترام کرتا رہا اور اس کے دل میں آپؒ کے لیے خلوص رہا۔

اس نے تخت نشینی کے بعد شریعت محمدی کے پاس ادب میں پہلے دربار میں حاضری پر سجدہ ختم کیا اور اس کی جگہ زمین بوسی کا حکم جاری کیا۔ مگر چونکہ اس میں بھی سجدہ سے مشابہت پائی جاتی تھی اس لئے کچھ عرصہ بعد اسے بھی موقوف کر کے "تسلیم

Marfat.com

چہارم'' مقرر کی۔ سن الٰہی جو کہ اکبر نے رائج کیا تھا، اسے ختم کردیا۔ ہندوؤں اور مسلمانوں کے درمیان مناکحت (جو کہ پنجاب وکشمیر میں عام تھی) کو ممنوع قرار دے دیا۔ اسلامی تعلیمات اور احکام شریعت پر عمل درآمد کے لیے سرکاری طور پر قاضی اور معلم مقرر کیے گئے۔

عہد عالمگیری

اورنگ زیب عالمگیرؒ (۱۶۱۸ء۔۱۷۰۷ء) کا عہد جو صحیح اسلامی حکومت کا آئینہ دار تھا۔ بلاشبہ اس میں حضرت امام ربانی علیہ الرحمۃ کی مسلسل کوششوں اور محنت کا عمل دخل تھا۔ عالمگیرؒ کو شروع سے ہی حضرت امام ربانی علیہ الرحمۃ کے خاندان سے عقیدت و مناسبت تھی۔ حضرت امام ربانی کے فرزند اور جانشین خواجہ محمد معصومؒ نے اورنگ زیب عالمگیرؒ کے پاس تربیت کے لیے اپنے فرزند خواجہ سیف الدینؒ کو بھیجا ہوا تھا۔ خواجہ سیف الدینؒ کے اپنے والد خواجہ محمد معصومؒ کے نام مکاتیب کے مطالعے سے علم ہوتا ہے کہ بادشاہ کا حضرت خواجہؒ سے تعلق صرف عقیدت اور عام نیازمندی ہی کا نہ تھا بلکہ باقاعدہ اصلاح و تربیت کا تھا۔ تمام مؤرخین کے مطابق اورنگ زیب عالمگیرؒ ایک متشرع، پابند شریعت اور متقی مسلمان تھے۔ وہ برصغیر میں اسلام کی نشاۃ ثانیہ اور سربلندی کو ایک بادشاہ کا سب سے اہم فریضہ خیال کرتے تھے اور انہوں نے تمام امور سلطانی میں ہمیشہ حضور اکرم ﷺ اور خلفائے راشدین کی مثالوں کو پیش نظر رکھا اور خزانہ شاہی کو ایک امانت خیال کیا۔ انہوں نے اپنے عہد میں بہت سی اسلامی اصلاحات نافذ کیں۔ ان میں درج ذیل اہم ہیں:

☆ قمری کیلنڈر کو رواج دیا۔

Marfat.com

☆ بے ادبی کے پیش نظر کلمہ طیبہ کو سکوں پر کندہ کروانا ختم کروایا۔

☆ ۸۰ کے قریب ناجائز ٹیکس ختم کر کے زکوۃ کی وصولی لازم قرار دی اور ہندوؤں پر جزیہ عائد کیا۔

☆ جشن نوروز ختم کر دیا۔

☆ دربار میں مسنون طریقہ سلام نافذ کیا۔

☆ مسلمانوں کے اخلاق واطوار کی اصلاح کے لیے محکمہ احتساب قائم کیا۔

☆ تلک لگانا اور بادشاہ کا جھروکہ درشن کروانا ختم کیا۔

☆ جشن ولادت اور تخت نشینی سادگی سے منانے کا حکم دیا۔

☆ بادشاہ کو سونے چاندی میں تلوانے کی رسم ختم کی۔

☆ درباری لباس میں اصلاح کی، امراء کے لیے زیورات اور ریشمی لباس ممنوع قرار دیا۔

☆ شاہی تکلفات ختم کیے۔

☆ ستی کی رسم بند کروائی۔

☆ غلاموں کی خرید وفروخت ممنوع۔

☆ دربار میں محافل موسیقی ختم کر دی اور گائیکوں، رقاصوں اور بھانڈوں کو مناسب پینشن دے کر دربار سے رخصت کر دیا۔

☆ شعراء کی سرکاری سرپرستی ختم کی اور ملک الشعراء کا عہدہ بھی ختم کر دیا۔

☆ سرکاری سرپرستی میں تاریخ نویسی ختم کر دی۔

☆ بھنگ کی کاشت ممنوع کی۔

Marfat.com

☆ امراء کا ان کی وفات کے بعد تمام مال جو پہلے ضبط کر لیا جاتا تھا۔ اسے منع کیا اور ان کا مال ان کے ورثاء کو دینے کا حکم جاری کیا۔

☆ اسلامی تعلیمات اور مساجد کا بہترین انتظام کیا۔

☆ شرعی مقدمات کے فیصلوں کے لیے جامع و مانع کتاب فتاویٰ ہندیہ لکھوائی۔

☆ عدل وانصاف کی ہر ایک تک رسائی یقینی بنائی، حتیٰ کہ اپنی ذات کو بھی اس کے لیے پیش کر دیا کہ اگر کسی کو مجھ سے شکایت ہو تو پیش کرے اور اسے دربار تک پہنچنے میں کوئی تکلیف نہ ہو۔ اس کے لیے تمام اضلاع میں وکیل مقرر کیے اور یہ منادی کروادی کہ جس کسی کو بادشاہ پر کوئی دعویٰ ہو وہ اس وکیل کے ذریعے پیش کرسکتا ہے۔ اس کا حق ثابت ہوتا ہو تو وہ سرکاری وکیل سے اپنا مطالبہ وصول کرسکتا ہے۔

دوقومی نظریہ اور قیام پاکستان

دوقومی نظریہ (کہ کافر اور مسلمان دو علیحدہ علیحدہ قومیں ہیں) یہ آج کا نظریہ نہیں ہے۔ یہ نظریہ ہمیشہ سے موجود رہا ہے۔ قرآن کریم میں ارشاد باری تعالیٰ ہے: ''هُوَ الَّذِي خَلَقَكُمْ فَمِنكُمْ كَافِرٌ وَمِنكُم مُّؤْمِنٌ'' کافروں کی ہمیشہ سے یہ کوشش رہی ہے کہ مسلمانوں کی انفرادیّت، ان کی ملی و دینی تشخص کو ختم کر کے ان کو ایک ہی قوم ثابت کیا جائے۔ ہندوستان میں ان کی یہ کوشش عہد اکبری میں کامیاب ہوئی جب اکبر نے دین الٰہی کے نام سے ایک نیا دین ایجاد کیا۔ اس میں کچھ اسلامی اور اکثر ہندوانہ تعلیمات، افکار اور نظریات کو یکجا کر کے ایک قومی نظریہ کو پروان

Marfat.com

چڑھانے کی ناپاک کوشش کی گئی۔ اگر اکبری الحاد اور اس کی صلح کل کی پالیسی کے آگے یوں بند نہ باندھا جاتا تو آج برصغیر میں اسلام نہ ہوتا۔ یا کم از کم اپنی اصل شکل میں ہم تک نہ پہنچ پاتا۔

حضرت امام ربانی نے ''ملت ما جدا گانہ است'' کا نعرہ لگا کر ''ایک قومی نظریہ'' کے خلاف بھرپور جہاد کیا اور اپنی تحریر اور تقریر کے ذریعے کفر و شرک اور اس کی رسومات کی قرآن وسنت کی روشنی میں بھرپور مذمت کی اور اسلام کی عظمت اور کفر کی ذلت کو واضح فرمایا اور یوں آپؒ نے ہندوستان میں ''دو قومی نظریہ'' کی بنیاد رکھی۔ آپؒ نے برصغیر کے مسلمانوں کو یہ شعور دیا کہ ہم ایک جداگانہ تشخص رکھتے ہیں۔ آپؒ کا یہ جملہ ''ملت ما جدا گانہ است'' دو قومی نظریہ کی بنیاد بنا۔ آپؒ کے بعد آپؒ کی اولاد امجاد اور خلفاء و مریدین نے اس نظریے کو مسلسل زندہ رکھا اور اسے پروان چڑھایا۔ یہاں تک کہ اسی دو قومی نظریہ کی بنیاد پر پاکستان کی صورت میں اس سرزمین پر مدینہ منورہ کے بعد ایک دوسری اسلامی ریاست معرض وجود میں آئی۔

Marfat.com

فضائل الباری فی مناقب حاجی دوست محمد قندھاری

نوشتہ محمد سعد سراجی مرشد بابا
خانقاہ احمدیہ سعیدیہ، موسیٰ زئی شریف،
ضلع ڈیرہ اسماعیل خان

یہ کتاب حضرت حاجی دوست محمد قندھاری (۱۲۱۶-۱۲۸۴ھ/۱۸۰۱-۱۸۶۷ء) کے مفوظات کا پہلا مجموعہ ہے۔ جسے آپ کے خلیفہ شیخ رحیم بخش اجمیری ہرصوری (ف ۱۲۸۳ھ/۱۸۶۶ء) نے جمع کیا اس میں (۱۲۷۱ھ سے ۱۲۷۳ھ) تک کے ملفوظات شامل ہیں۔ ۱۲۷۳ھ/۱۸۵۷ کو حضرت حاجی صاحب نے انہیں خانقوں، مظہری (دہلی) کی تولیت کے لیے دہلی بھیج دیا تھا۔ اس کے بعد آپ کے دوسرے خلفاء نے آپ کے ملفوظات جمع کیے جن میں شیخ معزالدین کوہی، شیخ محمد عادل کاکڑی وغیرہ شامل ہیں۔

حضرت حاجی دوست محمد قندھاری انیسویں صدی عیسوی کے پاکستان کے اکابر علماو مشائخ میں سے تھے۔ جن کا سلسلہ دعوت وارشاد پاکستان، ہندوستان، افغانستان، وسطی ایشیاء اور عربستان تک اتنا وسیع تھا کہ خلفاء ومریدین کا شمار دشوار ہے۔

آپ جوانی سے ہی ہمہ وقت شیخ کامل کی تلاش میں رہتے تھے۔ اس سلسلہ میں آپ نے طویل سفر کیے تھے۔ آپ کردستان کے شہر سلیمانیہ میں تھے کہ مولانا خالد کردی رومی (خلفیہ شاہ غلام علی دہلوی) کی نشاندہی پر حضرت شاہ ابوسعید مجددی کی خدمت میں حاضری کے لیے روانہ ہوئے طویل سفر کے بعد بمبئی پہنچے تو معلوم ہوا کہ حضرت حج کے ارادہ سے یہیں بمبئی سے حرمین اشریفین جارہے ہیں آپ نے حاجی

Marfat.com

صاحب کو اپنے فرزند گرامی حضرت شاہ احمد سعید مجددی کی خدمت میں دہلی جانے کا امر فرمایا تو آپ عازم دہلی ہوئے جہاں آپ کو روحانی تسکین نصیب ہوئی۔ آپ نے خود لکھا کہ میں دہلی میں حضرت کی خدمت میں ایک سال دو ماہ اور پانچ روز مقیم رہا۔ پھر تکمیل کے بعد مجھے میرے مستقر افغانستان کے لیے رخصت کیا۔ مجھے سلسلہ نقشبندیہ، قادریہ اور چشتیہ کی خلافت عطا ہوئی، دوسری حاضری کے موقع پر دوسرا تحریری اجازت نامہ بھی دیا جس میں تمام مروجہ سلاسل کی خلافت واجازت مطلقہ سے نوازا گیا۔

آپ کو اپنے شیخ حضرت شاہ احمد سعید مجددی کے ساتھ صرف عقیدت ہی نہیں تھی۔ بلکہ عشق تھا، آپ کے شیخ جو دہلی میں خانقاہ حضرت مرزا مظہر جان جانان شہید کے متولی تھے نے ۱۸۷۵ء کے غدر کو انگریزوں کے خلاف جہاد قرار دیا اور جہاد کے فتوی پر اثباتی دستخط کیے۔ جس کے باعث آپ کا ہندوستان میں قیام دشوار ہو گیا تو آپ نے حرمین شریفین کی طرف ہجرت کی اور جاتے ہوئے اپنے سب سے معروف خلیفہ حضرت حاجی دوست محمد قندھاری کے پاس ان کی خانقاہ بمقام موسیٰ زئی شریف ضلع ڈیرہ اسماعیل خان تشریف لے گئے اور خانقاہ دہلی ان کے حوالہ کر دی، حاجی صاحب نے آپ کی موجودگی میں ہی اپنے ایک خلیفہ میاں رحیم بخش اجمیری ہرصوری کو خانقاہ دہلی کی تولیت اور خدمت کے لیے روانہ کیا۔ یہی بزرگ ملفوظات حاضرہ۔ فضائل الباری کے جامع ہیں۔

حضرت حاجی صاحب کی تین خانقاہیں یعنی دعوت وارشاد کے تین مراکز تھے دو افغانستان کے معروف صوبہ قندھار میں اور ایک موسیٰ زئی شریف (ضلع ڈیرہ اسماعیل خان) میں تھے۔ آپ سال کے چھ ماہ موسم گرما کے قندھار میں گزارتے تھے

Marfat.com

اور سردی کے چھ ماہ موسیٰ زئی شریف میں دعوت وارشاد کے کام میں لگے رہتے تھے۔

آپ کے ان گنت مریدین تھے، خلفاء بھی بڑی تعداد میں تھے اپنے شیخ زادہ شاہ محمد مظہر مدنی کے خط کے جواب میں آپ نے اپنے پچپن خلفاء کے حالات اور روحانی کمالات کا تذکرہ کیا ہے۔ آپ کا یہ مکتوب آپ کے مجموعہ مکاتیب میں موجود ہے۔

فضائل الباری کا یہ واحد قلمی نسخہ ایک عرصہ سے مجھ خاکسار کے پاس ہے جسے خاکسار ہی نے اشاعت کے لیے امام ربانی پبلی کیشنز لاہور کے مالک جناب محمد ناظم بشیر صاحب کو دیا۔ جسے انہوں نے عکسی صورت میں شائع کر دیا ہے۔ جس کے لیے ہماری خانقاہ ان کی مشکور ہے۔ جزاھم اللہ۔ یقیناً اس کی اشاعت اہل علم اور روحانیت کے طالب حضرات کے لیے یکساں مفید ہوگی۔

اس پر ایک جامع مقدمہ جناب پروفیسر محمد اقبال مجددی نے تحریر کیا ہے۔ جو ایک جامع تعارف کو حاوی ہے۔ اس کے مطالعہ سے صاحب ملفوظات کی بزرگی شخصیت کو سمجھنے میں مدد ملتی ہے۔

مجددی صاحب نے مقدمہ میں جہاں تمام ضروری امور بیان کئے ہیں وہاں حضرت حاجی صاحب کے عقائد کا بیان بھی دلچسپی سے خالی نہیں ہے کہ حضرت حاجی صاحب اپنے شیخ حضرت شاہ احمد سعید مجددی کی طرح متصلب سنی حنفی بزرگ تھے بدعقیدہ اصحاب کی صحبت سے بچنے کی برابر تلقین کرتے تھے۔

حضرت حاجی صاحب فرمایا کرتے تھے کہ بدعقیدہ شخص کی صحبت کا ادنیٰ ضرر یہ ہوتا ہے کہ حب رسول ﷺ جو ایمان کی بنیاد ہے متزلزل ہو جاتی ہے۔ رب کریم ہمیں صراط مستقیم پر رکھے، آمین۔

Marfat.com

سرہند اور کیتھل کے روحانی روابط

پروفیسر محمد اقبال مجددی

سرہند اور کیتھل دونوں ہندوستان کی قدیم بستیاں ہیں، کیتھل کا ذکر مختلف صورتوں میں ہندوؤں کی مذہبی کتابوں میں بھی آیا ہے۔

سرہند بھی قدیم علاقہ ہے، جو کئی اعتبار سے اہمیت رکھتا ہے، ہندستان کے مسلم دور حکومت کے دوران ان دونوں شہروں میں ماہرین فن موجود تھے، وہاں کے علماء، صوفیہ اور شعراء کا تذکرہ کتب تاریخ میں ملتا ہے۔

ان دونوں خطوں کے علماء وصوفیہ کی علمی اور روحانی شہرت سارے ہندستان میں تھی، کیتھل کے حضرت شاہ کمال کیتھلی (ف ۹۸۱ھ/۱۵۷۳ء) حضرت مجدد الف ثانی کے والد گرامی مخدوم عبدالاحد سرہندی (ف ۱۰۰۷ھ/۱۵۹۸ء) کے سلسلہ قادریہ کے مرشد تھے اور آپ کے نبیرہ حضرت شاہ سکندر کیتھلی (ف ۱۰۲۳ھ/۱۶۱۴ء) خود حضرت مجدد الف ثانی کے سلسلۂ قادریہ کے شیخ تھے۔[۱]

---

[۱] کیتھل کی مختصر تاریخ اور وہاں کے بزرگوں کے احوال کے لیے ملاحظہ ہو:

(۱) مقبول محی الدین گیلانی: بزرگان کیتھل (تلخیص وترجمہ تذکرۃ الانساب تالیف محمد شاکر قریشی) ڈیرہ غازیخان ۲۰۰۵ء

(۲) خورشید بخاری: الکمال (حالات شاہ کمال کیتھلی)، لاہور

(۳) ایضاً: تذکرہ شاہ سکندر کیتھلی، لاہور

(۴) کشمی، محمد ہاشم، خواجہ: زبدۃ المقامات، کانپور، مطبع نولکشور ۱۳۰۷ھ، ص ۱۰۵۔۱۰۸

Marfat.com

دوسری طرف سرہند بھی اہل علم وفن کا مرکز تھا، جہاں حضرت مجدد الف ثانی کے خانوادہ کے قیام کے باعث یہ شہر شہرت دوام حاصل کر چکا تھا۔[1]

حضرت مجدد الف ثانی کے والد گرامی مخدوم عبدالاحد کابلی سرہندی ایک عالم و عارف بزرگ تھے، آپ کا تعلق سلسلہ چشتہ صابریہ سے تھا، آپ شیخ حضرت عبدالقدوس گنگوہی سے بیعت اور آپ کے فرزند شیخ رکن الدین سے خلافت یاب تھے، اس مناسبت سے آپ اپنے ہم مشرب شیخ جلال الدین تھانیسری (ف ۹۷۹ھ) سے ملاقات کے لیے تھانیسر جایا کرتے تھے جہاں شاہ کمال بھی شریک محفل ہوتے تھے، معاصر کتاب زبدۃ المقامات میں مخدوم صاحب اور شاہ کمال کی وہاں ملاقات اور پھر آپ کا ان سے ان کے مسکن کا پتہ دریافت کرنے کا واقعہ لکھا ہوا ہے، جس کے جواب میں انہوں نے فرمایا کہ میں زیادہ تر پائل میں رہتا ہوں تم وہاں آ کر مجھ سے ملو، ہمیں کسی ذریعہ سے یہ معلوم نہیں ہوسکا کہ شاہ کمال اپنے مسکن کیتھل کو چھوڑ کر پائل میں کیوں رہتے تھے؟

---

۱ سرہند کی تاریخ اور شخصیات کے لیے حالات کے لیے ملاحظہ ہو:

1. Fauja Singh: Sirhind through the Ages, Patiala, Panjabi University.
2. Parihar,Subhash: History and Architectural Remains of Sirhind, Delhi, Aryan 2006

۳۔ کشمی، محمد ہاشم، خواجہ: زبدۃ المقامات، کانپور، مطبع نولکشور ۱۳۰۷ھ

۴۔ سرہندی، بدرالدین: حضرات القدس، لاہور ۱۹۷۱ء

Marfat.com

پائل[1] سرہند کے مضافات میں ایک بستی تھی، کیتھل اور سرہند کے باشندے سرہند سے کیتھل جایا آیا کرتے تھے، براستہ سرہند سے پٹیالہ، سامانہ اور پھر کیتھل روٹ ہوتا تھا۔[2]

مخدوم عبدالاحد سرہندی اور شاہ کمال کیتھلی میں بڑی موانست پیدا ہوگئی تھی، مخدوم صاحب اپنے خاندان سمیت کیتھل جا کر کئی کئی دن رہتے اور اسی طرح شاہ کمال بھی سرہند اپنے خانوادہ کے ساتھ جا کر رہا کرتے اور بے پایاں روحانی فوائد حاصل کرتے رہتے تھے۔[3] اگرچہ مخدوم صاحب کو شیخ فضیل قادری سے ارادت تھی لیکن اس کے باوجود آپ کو شاہ کمال سے بھی خلافت حاصل تھی۔[4]

حضرت مجدد الف ثانی کو اپنے والد گرامی سے سلسلہ چشتیہ اور قادریہ میں خلافت حاصل تھی لیکن اس کے باوجود آپ نے حضرت شاہ کمال کے نبیرے حضرت شاہ سکندر سے

---

[1] پائل، سرہند سے چار پانچ فرسخ کے فاصلہ پر ایک قصبہ تھا (زبدۃ المقامات ۱۰۵) ہندوستان کے برطانوی عہد میں پائل پٹیالہ کے ایک تحصیل تھی (اسپیریل گزیٹیر آف انڈیا ۲۱/۳۸۲) پائل میں اب صرف کھنڈرات ہی باقی رہ گئے ہیں، اب یہ ویران قصبہ گنگووال واناد پور کے قریب پانچ کلومیٹر شمال میں واقع ہے۔

Encyclapoedia of Sikhism III /266

[2] مقالہ حاضر سے منسلک نقشہ ملاحظہ کیجیے

[3] زبدۃ المقامات ۱۰۵

[4] شاہ ولی اللہ محدث: الانتباہ، ۱۵۔۱۶

Marfat.com

سلسلہ قادریہ کی خلافت حاصل کی تھی[1] اور ان دونوں بزرگوں کے مابین بھی وہی الفت و عقیدت تھی جو مخدوم صاحب اور شاہ کمال کے درمیان تھی، یہ حضرات حضرت غوث اعظم شیخ عبدالقادر جیلانی کی اولا میں سے تھے اور ان کے پاس کیتھل میں حضرت شاہ کمال کا جبہ مبارک محفوظ چلا آ رہا تھا ایک مرتبہ خواب میں حضرت نے شاہ سکندر کو امر فرمایا کہ ہمارا یہ جبہ سرہند جا کر میاں شیخ احمد سرہندی (مجدد الف ثانی) کو دے دیں، انہیں اس میں تامل ہوا کہ ہم اپنا آبائی تبرک کسی کو کیوں کر دے دیں؟ جس پر حضرت نے انہیں مکرر یہی حکم دیا، آخر شاہ سکندر نیم شب کو ہی وہ جبہ لے کر کیتھل سے سرہند کے لیے روانہ ہو گئے، جب سرہند پہنچے تو فجر کی نماز کے بعد حضرت مجدد الف ثانی اپنے مریدین کے درمیان حلقہ میں بیٹھے ہوئے تھے، شاہ صاحب نے وہ جبہ نکالا اور حضرت کے کندھوں پر ڈال دیا جس پر آپ نے آنکھیں کھولیں تو شاہ سکندر کو وہاں پایا اور انہوں نے یہ سارا واقعہ آپ کے گوش گذار کیا۔[2]

حضرت شاہ سکندر اکثر سرہند تشریف لایا کرتے تھے، ایک مرتبہ انہوں نے حضرت مجدد الف ثانی سے اپنی اس خواہش کا اظہار کیا کہ آپ اپنا کوئی فرزند مجھے عطا کر دیں، تو آپ نے فی الفور اپنے فرزند اصغر شیخ محمد یحییٰ (ف ۱۰۹۶ھ ۱۶۸۵ء) کو طلب فرما کر ان کے حوالہ کر دیا، انہوں نے بچے کو پیار کرتے ہوئے فرمایا کہ آج سے سب لوگ انہیں شاہ محمد یحییٰ کہا کریں[3] اس وقت سے آپ اور آپ کی اولاد کے ساتھ لفظ

---

[1] بدرالدین سرہندی: حضرات القدس ۲۹/۲

[2] زبدۃ المقامات ۱۳۴۔۱۳۵

[3] زبدۃ المقامات ۳۲۵، حضرات القدس ۲۹۶/۲

Marfat.com

''شاہ'' لکھا جانے لگا۔[۱]

حضرت مجدد الف ثانی کے خلیفہ نامدار حضرت شیخ ملا محمد طاہر لاہوری (ف ۱۰۴۰ھ) پہلے شاہ سکندر کیتھلی سے سلسلہ قادریہ میں بیعت تھے، ان کے وصال (۱۰۲۳ھ/۱۶۱۴ھ) کے بعد حضرت مجدد الف ثانی سے بیعت و خلافت یاب ہوئے۔[۲] جب آپ کو لاہور کے لیے رخصت کیا گیا تو آپ کو سلسلہ قادریہ کی خلافت بھی مرحمت ہوئی۔[۳]

کیتھل میں حضرت شاہ کمال اور حضرت شاہ سکندر کے مزارات کے احاطہ میں شش درہ کے قریب حضرت مجدد الف ثانی کا حجرۂ اعتکاف بھی ہے۔[۴]

یقیناً حضرت مجدد الف ثانی کے وصال (۱۰۳۴ھ/۱۶۲۴ء) کے بعد بھی طرفین میں اخوت و یگانت کا سلسلہ اسی طرح جاری رہا ہوگا لیکن ہمارے پاس اس کی کوئی تفصیلات نہیں ہیں۔[۵]

۱۔ شاہ محمد یحییٰ کے تفصیلی احوال کے لیے رسالہ ردشبہات برکلام حضرت مجدد الف ثانی تالیف شاہ محمد یحییٰ پر ہمارا مقدمہ ملاحظہ کریں جو ارمغان امام ربانی کی جلد نہم میں شامل ہے۔

۲۔ غلام سرور لاہوری، مفتی: خزینۃ الاصفیاء ۱/۶۱۹

۳۔ زبدۃ المقامات ۳۴۲، حضرات القدس ۲/۳۲۰

۴۔ بزرگان کیتھل ص ۱۷۵ (نقشہ مزارات کیتھل)

۵۔ پروفیسر خورشید حسین بخاری نے اپنی کتاب تذکرہ شاہ سکندر کیتھلی (ص ۱۰۱) میں شاہ محب اللہ الیاس بن شاہ سکندر کے نام حضرت خواجہ محمد معصوم سرہندی کے دو مکتوبات (جلد اول مکتوب ۲۷، ۴۷) کی نشاندہی کی تو میں خوش ہو گیا لیکن جب مکتوبات معصومیہ کی مذکورہ جلد کی طرف رجوع کیا تو وہ دونوں مکاتیب شاہ نعمت اللہ قادری کے نام نکلے، یقیناً پروفیسر صاحب مرحوم کو اس معاملہ میں سہو ہوا ہے۔

Marfat.com

۱۹۴۷ء تک یہ خانوادہ پورے ہندوستان میں اپنی روحانیت کے لیے مشہور تھا، تقسیم ہند کے وقت اس خاندان کے ایک بڑے بزرگ حضرت سید علی احمد شاہ پاکستان تشریف لے آئے اور اس سے پہلے انہوں نے مسلم لیگ کی بھرپور حمایت کی اور آپ کے تمام مریدین نے جن کی تعداد ہزاروں سے تجاوز تھی مسلم لیگ کو ووٹ دیا اور انہوں نے اعلان کیا کہ اس وقت ہندوستان کے مسلمان بہت نازک دور سے گزر رہے ہیں اس لیے لازم ہے کہ ہم سب مسلمان ایک پرچم تلے جمع ہو جائیں اور قیام پاکستان کا اپنے دل میں پختہ ارادہ کرلیں، تقسیم کے وقت قائد ملت لیاقت علی خان نے آپ کے پاس کیتھل میں ایک کنوائے بھیجا کہ آپ کے خاندان کو بحفاظت تمام ہم پاکستان لانے کا انتظام کر رہے ہیں لیکن آپ نے کہا کہ جب تک کیتھل سے سارے مسلمان پاکستان نہیں چلے جاتے میں نہیں جاؤں گا، چنانچہ ایسا ہی ہوا۔

آپ پاکستان آ کر ڈیرہ غازی خان میں مقیم ہو گئے اور آپ نے یہیں تاحیات دعوت وارشاد میں مصروف رہ کر ۲۱ دسمبر ۱۹۶۲ء کو وصال فرمایا۔

آپ کے صاحبزادے حضرت سید مقبول محی الدین گیلانی آپ کے جانشین ہوئے جواب تک اپنے اکابر کے طریقے کار کے مطابق تبلیغ دین اور روحانی مدارج کے لیے مستعد ہیں۔

آپ نے وہاں ایک دربار قادریہ تعمیر کروایا ہے، جو روحانیت کا ایک بڑا مرکز ہے۔

Marfat.com



نقشہ برائے سفر ہند تا کیتھل و پائل و بیتور
مستفاد از

Luther, Usha: Historical Routes of North west Indian Subcontinent, Delhi, 1990.

Marfat.com



Fig. 2. Map showing the location of monuments at Sirhind.

Marfat.com

شیخ الاسلام عارف حکمت

پروفیسر محمد اقبال مجددی

شیخ الاسلام عارف حکمت تیرھویں صدی ہجری/انیسویں صدی عیسوی کے اکابر علماء و مشائخ میں سے تھے، القدس، مصر اور مدینہ منورہ کے قاضی رہے، آخر میں شیخ الاسلام کے منصب پر بھی فائز رہے۔

حضرت علامہ شہاب محمود آلوسی (ف ۱۸۵۳ء/مؤلف تفسیر روح المعانی) نے شیخ عارف حکمت کے حالات پر آپ کے حین حیات ایک کتاب شهی النغم فی ترجمة شیخ الاسلام عارف الحکم کے نام سے لکھی تھی، درج ذیل سطور میں آپ کے تمام تر احوال اسی کتاب سے ماخوذ ہیں:

شیخ عارف کی ولادت، ۱۷ محرم ۱۲۰۰ھ/۱۷۸۶ء کو ہوئی۔[۱] آپ کے والد گرامی سید ابراہیم عصمة بک آفندی بن سید اسماعیل پاشا بن سید ابراہیم پاشا...... صلحا میں سے تھے، ان کا نسب حضرت امام حسین سے واصل ہوتا ہے۔[۲]

۱۲۲۸ھ/۱۸۱۳ء کو پہلا حج کیا[۳]

۱۲۳۱ھ/۱۸۱۵ء کو القدس کے قاضی مقرر ہوئے[۴]

۱۲۳۴ھ/۱۸۱۸ء کو دوسری مرتبہ حج کی سعادت نصیب ہوئی۔[۵]

۱۲۳۶ھ/۱۸۲۰ء کو مصر کے قاضی کے عہدہ پر فائز ہوئے۔[۶]

۱۔ شهی النغم ۵۸ ۲۔ ایضاً ۱۰۴

۳۔ ایضاً ۶۴ ۴۔ ایضاً ۶۸

۵۔ ۷۰ ۶۔ ایضاً ۷۵

Marfat.com

۱۲۳۸ھ/۱۸۲۲ء کو تیسرا حج کیا[1] اور اسی سال مدینہ منورہ کے منصب قضا پر فائز ہوئے[1] اور ۱۲۴۶ھ/۱۸۳۰ء تک وہاں رہ کر عدل وانصاف کا فریضہ انجام دیتے رہے، گو آٹھ سال مدینہ منورہ کے قاضی رہے، پھر اس سال واپس استنبول چلے گئے۔[2]

۱۲۴۷ھ/۱۸۳۱ء کو آپ ''نقیب الاشراف'' کے لقب سے مشرف ہوئے۔[3]

۱۲۵۶ھ/۱۸۴۰ء کو ترکی کے محکمہ عدل کا انچارج بنایا گیا۔[4]

۱۲۶۰ھ/۱۸۴۴ء کو انہیں فوج کا قاضی مقرر کیا گیا۔[5]

۱۲۶۸ھ/۱۸۵۱ء کو شیخ عارف حکمت کو آستانہ استنبول کے قیام کے دوران شیخ الاسلام کے عہدہ پر فائز کیا گیا۔[6]

شیخ عارف حکمت عربی، فارسی اور ترکی میں شعر بھی کہتے تھے، ان کا عربی نمونہ کلام بھی علامہ آلوسی نے دیا ہے۔[7]

شیخ حکمت کے زمانہ میں عالم اسلام اور ترکی پر سلطان عبدالمجید خان (۱۲۵۵۔۱۲۷۷ھ/۱۸۳۹۔۱۸۶۱ء) بن سلطان محمود خان بن سلطان عبدالحمید خان کی حکومت تھی جو علماء وصلحاء سے بہت عقیدت رکھتا تھا، اس نے صاحب تفسیر روح المعانی علامہ آلوسی اور شیخ الاسلام عارف حکمت کو بہت عزت واحترام کے ساتھ رکھا، انہیں

۱۔ شہی النغم ۸۴ ۔۔۔ ۲۔ ایضاً ۹۹

۳۔ ایضاً ۱۰۲ ۔۔۔ ۴۔ ایضاً ۱۰۶

۵۔ ایضاً ۱۰۸ ۔۔۔ ۶۔ ایضاً ۱۰۸

۷۔ ۱۴۰۔۱۵۶

Marfat.com

پورے ترکی میں جو اعزازات حاصل ہوئے وہ اسی سلطان کی توجہ کا نتیجہ تھا۔

شیخ حکمت نے عمر بھر تحصیل علم کا سلسلہ جاری رکھا، علامہ آلوسی نے ۱۲۷۰ھ/۱۸۵۲ء تک آپ کے ۲۲/ اساتذہ کا مسلسل ذکر کر کے ان کے اجازت نامے بھی نقل کر دیئے ہیں[1]، اس کے بعد شیخ حکمت پانچ سال مزید بقید حیات رہے، معلوم نہیں آپ نے مزید کن اساتذہ کی خدمت میں کیا کچھ پڑھا، آپ نے اپنی اسناد بھی جمع کی تھیں جو مجموع اجازات عارف حکمت کے نام سے مکتبہ مدینہ منورہ میں محفوظ ہے۔[2]

شیخ حکمت استنبول میں ۱۲۷۵ھ/۱۸۵۸ء کو فوت ہوئے[3] شیخ حکمت حضرت مولانا خالد نقشبندی بغدادی (ف ۱۲۴۲ھ) کے خلیفہ سید عمر فیضی آفندی[4] سے بیعت تھے[5] مولانا خالد حضرت شاہ غلام علی دہلوی (ف ۱۲۴۰ھ/۱۸۲۴ء) کے سب سے نامور خلیفہ ہے۔[6]

شیخ حکمۃ کا سب سے بڑا کارنامہ اپنے مدینہ منورہ میں عہدۂ قضا کے دوران ۱۲۷۰ھ/۱۸۵۲ء کو ایک کتب خانہ کی بنیاد رکھنا تھا، جس میں آپ نے اپنی عمر بھر کی جمع کی ہوئی کتابیں داخل کروادیں، جن میں تقریباً پانچ ہزار مخطوطات، چھ ہزار سے زائد

---

[1] ایضاً ۱۶۸۔۲۱۳ [2] معجم المعاجم ۲/۲۶۲

[3] زرکلی، خیر الدین: الاعلام ۱/۱۴۱

[4] شیخ فیضی، سید عمر غزی برادر سید اسماعیل غزی، مولانا خالد کے خلفاء میں سے تھے (مولانا خالد نقشبندی و پیروان طریقت او ص ۴۵

[5] شھی النغم ۹۸

[6] ملفوظات چہل روزہ ۸۴۔۸۹

Marfat.com

مطبوعات اور رسائل ہیں[۱]، اکابر علماء و محققین اس کتب خانہ کے مخطوطات سے استفادہ کرتے تھے، مشہور محدث حضرت مولانا شاہ عبدالغنی مجددی (ف ۱۲۹۶ھ/ ۱۸۷۸ء) وہاں سے کتب مستعار لیا کرتے تھے۔[۲]

مجموعہ التراجم

شیخ حکمت کئی کتابوں کے مؤلف بھی تھے، جن سے بعض کی تفصیلات ملتی ہیں[۳] آپ کی تالیفات میں سے مجموعۃ التراجم ایک اہم کتاب ہے، جس میں آپ نے زیادہ تر معاصرین علماء وصوفیہ کے احوال جمع کیے ہیں، یہ تاریخی نام ہے جس کے عدد ۱۲۳۴ھ ہوتے ہیں[۴] اس قلمی نسخہ کی ورق گردانی سے اندازہ ہوتا ہے کہ مؤلف اسے مکمل نہیں کر سکے، آپ کے معاصر اسماعیل پاشا بغدادی نے لکھا ہے:

مجموعة التراجم فی تراجم علماء القرن الثالث عشر، لم یکمل[۵]

مخطوطہ میں متعدد مقامات میں خلاء پائے جاتے ہیں، مثلاً شیخ اسماعیل حقی (مؤلف تفسیر روح البیان) کے حالات میں ایک بڑی بیاض چھوڑ کر صرف ان کی تفسیر کا ذکر کیا ہے، عبدالقادر بیدل، صدر اعظم رجب آفندی کے نام اپنا ایک مکتوب بھی

---

۱ مخطوطات ومطبوعات کی تعداد کے اختلاف کے لیے دیکھئے: شھی النغم کا مقدمہ ۳۱-۳۲، شروانی، حبیب الرحمٰن خان: الفوز العظیم، معارف، مارچ ۱۹۶۷ء، ص ۱۷۰

۲ بگوی، ظہور احمد: برق آسمانی بر خرمن قادیانی ص ۶۱ (حاشیہ)

۳ معجم المعاجم ۲/۲۶۲

۴ گویا آپ نے دوسرے حج کے دوران اس کا آغاز کیا

۵ ہدیۃ العارفین ۱/۱۸۸

Marfat.com

نقل کیا ہے، ملاظریف، (بیاض) شیخ عبدالاحد سرہندی کی تالیفات کے نام لکھنے کی بجائے بیاض رہنے دی ہے، مؤلف چونکہ خود نقشبندی سلسلہ سے تعلق رکھتے تھے، اس لیے اس کتاب میں ان کے مختصر حالات خصوصیت سے بیان کیے گئے ہیں۔

اسماعیل پاشا مذکور نے عبدالرحمٰن بن عبدالکریم قونوی آمدی کی شرح سراجیہ پر نوٹ لکھتے وقت شیخ حکمۃ کی اس کتاب مجموعۃ التراجم کے حوالہ سے تامل کے ساتھ شیخ آمدی کا سال وفات حدود۱۲۲۲ھ لکھا ہے۔[1] جب کہ ہمارے پیش نظر مخطوطہ میں سرے سے شیخ آمدی کے حالات ہی درج نہیں ہیں۔

گمان ہے کہ مؤلف مختلف عہدوں پر خدمت انجام دینے کے بعد جب واپس استنبول واپس کر متقاعدانہ زندگی گذار رہے تھے تو اس وقت اس کا یہ مسودہ تیار کرنے کی کوشش کرتے رہے، ایک تو آپ کا کتب خانہ مدینہ منورہ میں تھا، جہاں سے علماء کے بارے میں معلومات حاصل کی جاسکتی تھیں، جس تک رسائی اب آسان نہیں تھی، اس لیے اس مخطوط میں اتنے خلاراہ پاگئے۔

ڈاکٹر یوسف مرعشلی نے شیخ حکمت کے متعلق بالکل صحیح لکھا ہے:

کان له بعلماء العرب ارتباط کبیر واتصال عظیم، وبالروایة اعتناء شدید واستجازمن ھو دونه فی المراتب، ولو بالمکاتبة مما یعلم منه انه جدیر.[2]

---

[1] ایضاً ا/۵۵۳

[2] معجم المعاجم ۲/۲۶۱

Marfat.com

مجموعۃ التراجم کا یہ قلمی نسخہ کتابخانہ ملت (ترکی) میں ہے جس کا نمبر تاریخ 788 ہے، اس کی عکسی نقل ہمیں حضرت مجدد الف ثانی کے بین الاقوامی سمپوزم (۲۰۱۳ء) کے موقع پر وہاں کے مشہور محقق ڈاکٹر نجدت طوسون نے عنایت کیا، جس کا اس وقت عکس شائع کیا جارہا ہے[1]

---

[1] کوشش کے باوجود ہمیں اب تک اس کی کاپی نہیں مل سکی۔

Marfat.com

محمد اقبال مجددی

حکیم رحیم الدین احمد طرب دہلوی

مترجم معمولات مظہریہ

حکیم طرب انیسویں صدی کے دہلی کے اردو اور فارسی کے شاعر، مولف، مترجم اور صوفی تھے، وہ اصلاً تھانیسر کے تھے، ان کے نانا شیخ نور محمد قادری تھانیسری، تھانیسر سے دہلی منتقل ہو گئے تھے، [1] طرب فارسی و اردو کے معروف شاعر امام بخش صہبائی سے قرابت رکھتے تھے، صہبائی کی والدہ سلسلہ قادریہ کی خاتون تھیں، اس بنا پر خیال ہے کہ شاید طرب اور ان کے نانا شیخ نور محمد قادری کے نہالی رشتہ داروں میں ہوں۔ [2]

حکیم طرب کا سال ولادت معلوم نہیں ہے، انہوں نے خود لکھا ہے کہ "جوانی میں ہی طلب کی لگن کے تحت ۱۲۷۲ھ/۱۸۵۶ء کو خانقاہِ مظہری میں حاضر ہوا تھا" [3] اگر اس وقت ان کی عمر بیس سال فرض کر لی جائے تو حدود ۱۲۵۲ھ/۱۸۳۶ء (۱۲۷۲-۲۰ = ۱۲۵۲ھ) ان کا سال پیدائش قیاس کیا جا سکتا ہے، پھر جس سال وہ خانقاہ گئے تھے اُسی سال یعنی ۱۲۷۲ھ/۱۸۵۶ء کو خانقاہ میں شاہ ابوالخیر مجددی کی ولادت ہوئی تھی، [4] جنہیں حکیم طرب گود میں اٹھائے پھرتے تھے۔ [5]

حکیم طرب کا اصل نام رحیم بخش تھا لیکن وہ رحیم الدین احمد قادری کے عرف سے معروف تھے۔ [6] حکیم طرب آغاز جوانی میں ہی خانقاہ مظہری، دہلی میں حاضر ہو کر وہاں کے سجادہ نشین اور بزرگ عالم شاہ احمد سعید مجددی [7] سے بیعت ہوئے، اور ایک

Marfat.com

سال ودو ماہ تک دہلی میں ان سے منسلک رہے۔۸

اسی طرح حکیم طرب شاہ احمد سعید کے برادر صغیر شاہ عبدالغنی مجددی۹ محدث مدنی کی تربیت سے بھی دہلی میں ہی بہرور ہوئے ۱۰ اور ان سے خصوصی تعلق تاحیات رکھا۔۱۱

اس کے بعد حکیم طرب نے دہلی سے تھانہ بھون کا سفر کیا تو وہاں مشہور بزرگ حاجی امداد اللہ مہاجر مکی (۱۲۳۳ھ۔ ۱۳۱۷ھ/۱۸۱۸۔۱۸۹۹ء) کی خدمت میں حاضر ہوئے اور ۴/ربیع الاول ۱۲۷۳ھ/۱۸۵۶ء کو سلسلہ چشتیہ میں آپ سے بیعت کی، وہ دس ماں تک حاجی صاحب، حافظ شاہ محمد ضامن شہید (۱۲۷۴ھ/۱۸۵۷ء) اور مولانا شیخ محمد تھانوی (م ۱۲۹۶ھ/۱۸۷۸ء) کی صحبت سے بھی فیض یاب ہوتے رہے۔۱۲

پھر چند ماہ بعد ہی ہندوستان میں آزادی کی جنگ (۱۸۵۷ء) شروع ہوئی تو ہر طرف تباہی و بربادی کے آثار نمایاں ہونے لگے، اکابر علماء ومشائخ کی گرفتاریاں شروع ہوئیں تو شاہ احمد سعید مجددی، شاہ عبدالغنی مجددی اور حاجی امداد اللہ ہجرت کرنے پر مجبور ہوئے اور حرمین الشریفین جا کر مقیم ہو گئے۔

حکیم طرب بھی ان ایام میں دہلی سے دور پہلے موضع چھرولی اور پھر قصبہ بڑوت ضلع میرٹھ میں رہے، پھر چھرولی سے پانی پت جا کر مشہور عالم اور صوفی قاری عبدالرحمٰن پانی پتی (ف ۱۳۱۴ھ/۱۸۹۶ء) سے ۲۷ رمضان ۱۲۸۱ھ/۱۸۶۵ء) کو سلسلہ قادریہ میں بیعت کی اور ۳۳ سال چند ماہ تک کبھی وہاں حاضر رہ کر اور اکثر مراسلت کے ذریعہ ظاہری و باطنی فیض پایا، آپ ہی سے خلافت یاب ہوئے، مولانا

Marfat.com

شیخ محمد (ف ۱۲۹۶ھ/۱۸۷۸ء) سے بھی ملاقات ہوئی تھی۔

حکیم طرب کو حج کی سعادت بھی نصیب ہوئی تھی اور مذکورہ سنہ میں مدینہ منورہ میں معروف بزرگ شاہ محمد مظہر مجددی مدنی (ف ۱۳۰۱ھ/۱۸۸۳ء) بن شاہ احمد سعید مجددی سے بھی ملے تھے۔۱۳

حکیم طربؒ نے فارسی کی کتب درسیہ امام بخش مہبائی سے پڑھی تھیں۔۱۴ اور خوب تحقیق و تدقین کے ساتھ پڑھا۔۱۵ پھر اس عہد کے ماحول کے مطابق شعر گوئی کا آغاز کیا اور عبدالکریم سوز (ف ۱۲۷۲ھ/۱۸۵۶ء) بن صہبائی سے باقاعدہ تلمذ اختیار کیا۔۱۶

حکیم صاحب اردو اور فارسی دونوں زبانوں میں شعر کہتے تھے، طرب تخلص تھا، شعراء کے تذکرہ نویسوں نے ان کے کلام کو سراہا ہے، مرزا قادر بخش نے جب اپنا تذکرہ گلستان سخن ۱۲۷۱ھ/۱۸۵۵ء کو لکھا تو حکیم طرب جواں سال اور ان کے ہم شہر تھے، وہ طرب کے متعلق لکھتے ہیں:

> اگر مشقِ سخن کا سلسلہ یوں ہی دراز رہے گا تو یقین ہے کہ پایہ کلام ارتقا اور فرق سخن سنجی اعتلا بہم پہنچائے گا...... طبیعت تحقیق طلب اور سلامت ذہن رہنما ہے اور تاریخ گوئی میں تو مبداء فیاض نے ایسا یدطولیٰ عطا کیا ہے کہ اس کی مدح حز تقریر سے خارج ہے۔۱۷

اس کے علاوہ نساخ ۱۸ اور لالہ سری رام نے بھی طرب کا ذکر بحیثیت شاعر کیا ہے ۱۹، طرب تاریخ گوئی کے فن پر کامل دسترس رکھتے تھے، اپنی تمام تالیفات و

Marfat.com

مترجمات کے کئی کئی قطعات تاریخ لکھے، تکمیل الایمان کا ترجمہ منفذ العرفان کے نام کیا تو اس کے دو قطعات تاریخ ترجمہ کہے اور اسی سال ۱۳۱۱ھ کو یہ ترجمہ شائع ہوا، ۱۳۱۲ھ کو معراج المومنین کا ترجمہ نصائح العارفین کے نام سے ترجمہ کیا اور اس کے ۹۹ مادہ ہای تاریخ ترجمہ تجویز کیے جو اس کے آخر میں شامل ہیں۔

اسی طرح ۱۳۱۵ھ کو حکیم طرب نے معمولات مظہریہ کا اردو میں ترجمہ کیا تو اس کے اندرونی سرورق پر اس ترجمہ کی تاریخ کے لیے ۱۹ مادہ ہای تاریخ تحریر کیے اور اس کے خاتموں کے بھی تاریخی مادے الگ لکھے۔

ایک اور قابل توجہ امر یہ ہے کہ حکیم طرب فارسی منظومات کا اردو نظم میں بڑی مہارت سے ترجمہ کر لیتے تھے، معمولات مظہریہ میں بعض فارسی کے منظوم مناقب نقل ہوئے ہیں حکیم صاحب نے ان سب کا بڑی کامیابی سے اردو نظم میں ترجمہ کیا ہے۔

دہلی کی ڈیوڑھی صاحبہ محل میں حکیم طرب مشاعرہ بھی کرواتے تھے[۲۰]، طرب اردو اور فارسی کے علاوہ عربی میں بھی طبع آزمائی کرتے تھے، انہوں نے اپنے ترجمہ معراج المومنین کا ایک قطعہ تاریخ عربی میں بھی لکھا تھا۔

حکیم طرب اصلاً ایک صوفی منش بزرگ تھے، وہ تاحیات خانقاہ مظہری، دہلی سے وابستہ رہے ۱۸۵۷ء میں خانقاہ کے سجادہ نشین شاہ احمد سعید کی ہجرت سے پہلے اور پھر جنگ آزادی کے بعد جب دہلی کے حالات بہتر ہوئے تو طرب پھر سے وہاں جانے لگے، پہلے شاہ صاحب کے پوتے شاہ ابوالخیر مجددی کی کم سنی سے پرورش کرتے رہے، ان کے ایک معاصر عالم، صوفی و شاعر شیخ محمد معصوم رام پوری جن کے ساتھ ان کی محبت قدیمی و ارتباط' تھا، نے لکھا ہے کہ حکیم طرب کی ''ذات سے معموری

Marfat.com

خانقاہ متصور ہے ۲۱''۔ مطبع رضوی دہلی کے مالک اور معمولات مظہریہ کے ترجمہ طرب کے ناشر میر حسن نے ۱۸۹۷ء کو طرب کے متعلق صحیح لکھا ہے:

طرب صنادید دہلی سے ہیں اور اس وقت مشرب نقشبندیہ میں فرد اکمل ہیں۔ ۲۲

حکیم طرب کی کتابوں پر ان کے معاصر ادبا وشعراء نے قطعات تاریخ تالیف و طباعت بھی لکھے تھے، ۱۳۱۱ھ/۱۸۹۳ء کو انہوں نے تکمیل الایمان کا ترجمہ منفذ العرفان کے نام سے کیا تو اس پر منشی محمد ابراہیم خان، منشی محمد نظر علی ظہیری، منشی محمد علی خان (رئیس قصبہ بروت ضلع میرٹھ) نے قطعات لکھے تھے، اسی طرح طرب نے معراج المومنین کا اردو ترجمہ نصائح العارفین کے نام سے ۱۳۱۲ھ/۱۸۹۴ء کو کر کے شائع کروایا تو اس پر حکیم حافظ محمد عبداللہ (رئیس قصبہ بروت)، حافظ محمد اشفاق رسول (رئیس اعظم قصبہ بروت)، منشی محمد قیام الدین خان کلیم شاگرد طرب، حافظ محمد ظہیر الدین ظہیر بن طرب، حکیم مولوی محمد عبدالستار خان (ڈاکٹر شفاخانہ قصبہ بروت، تقریظ نثر اردو)۔

اس طرح طرب نے ۱۳۱۵ھ/ ۱۸۹۸ء کو معمولات مظہریہ کا ترجمہ مخزن حقیقت کے نام سے شائع کیا تو اس پر بھی بعض مذکورہ شعراء نے فارسی و اردو میں قطعات لکھے تھے۔

حکیم طرب کی اولاد کے بارے میں ہمیں زیادہ معلومات نہیں ہیں، ان کے ایک چھوٹے بیٹے حافظ ظہیر الدین ظہیر بھی اپنے والد کی طرح تاریخ گو شاعر تھے۔ ۲۳

حکیم طرب کے ایک برادر زادے محمد عبدالواحد خان بھی تھے۔ ۲۴

Marfat.com

حکیم طرب کا سال وفات ہمیں تا حال معلوم نہیں ہے، ان کے ایک ہم شہر اور شعراء کے تذکرہ نویس لالہ سری رام کو بھی جن کا انتقال ۲۵ر مارچ ۱۹۳۰ء کو ہوا تھا، خمخانۂ جاوید میں طرب کے حالات میں ان کا سال وفات نہیں لکھا بلکہ بتایا ہے کہ وہ غدر (۱۸۵۷ء) کے بعد بھی زندہ تھے، اس تذکرہ کے مرتب پنڈت کیفی بھی ان کا سال وفات معلوم نہ کر سکے، جیسا کہ ہم نے قیاسی طور پر طرب کا سال ولادت ۱۲۵۲ھ/ ۱۸۳۶ء لکھا ہے، ان کی آخری کتاب مخزن حقیقت ۱۳۱۵ھ/۱۸۹۷ء کو شائع ہوئی تو وہ اس وقت تخمیناً ۶۳ سال کے ہو چکے تھے، اگر پانچ سال مزید بقید حیات رہے ہوں تو قیاسی طور پر طرب کا سال وفات حدود ۱۳۲۰ھ/۱۹۰۲ء متعین کیا جا سکتا ہے۔

حکیم طرب کا دہلی میں مطلب بھی تھا[۲۵]، ان کی دہلی میں ایک مسجد بھی تھی، ۱۹۸۹ء کے ہندوستان کے ایک علمی سفر کے دوران خانقاہ مظہری (دہلی) کے سجادہ نشین مولانا ابوالحسن زید فاروقی نے مجھے بتایا کہ طرب کی مسجد کو ہندوؤں نے مسمار کر کے وہاں مندر تعمیر کر لیا ہے، حکیم طرب نے زیادہ تر فارسی کتابوں کے اردو میں تراجم کیے تھے، ان کی باقاعدہ کوئی تالیف ہمیں دستیاب نہیں ہو سکی ہے، انہیں شاعری سے جس قدر شغف تھا اور تاریخ گوئی کے فن پر جس طرح دسترس حاصل تھی اس سے گمان کیا جا سکتا ہے کہ انہوں نے اپنا کوئی کلیات بھی مرتب کیا ہوگا لیکن ہم تا حال اس کے وجود سے بے خبر ہیں، ان کے تراجم کی تفصیل حسب ذیل ہے:

ا۔ منقذ العرفان ترجمہ تکمیل الایمان

تکمیل الایمان شیخ عبدالحق محدث دہلوی کی تالیف ہے، حکیم طرب نے

Marfat.com

۱۳۱۱ھ/۱۸۹۳ء کو ترجمہ کیا تھا، جس کی مترجم کے شیخ قاری عبدالرحمٰن پانی پتی نے ۱۳۰۸ھ/۱۸۹۰ء کو اصلاح کی تھی اور اس پر ایک تقریظ بھی لکھی تھی جس کا اردو ترجمہ مترجم نے اس کتاب کے آخر میں شامل کر دیا تھا، یہ کتاب ۱۳۱۱ھ کو ہی مطبع خادم الاسلام، دہلی سے طبع ہوئی تھی۔

۲۔ نصائح العارفین لھدایۃ المسلمین

طرب نے قاضی محمد بدل بلخی کی ایک تصوف کی کتاب معراج المومنین لارشاد السالکین کا ۱۳۱۲ھ/۱۸۹۴ء کو اردو میں ترجمہ کیا اور ۱۳۱۴ھ/۱۸۹۶ء کو مطبع رضوی، دہلی سے شائع کر دیا۔

۳۔ مخزن حقیقت (منشور طریقت)

یہ معمولات مظہریہ تالیف شیخ نعیم اللہ بڑائچی (ف ۱۲۱۸ھ) خلیفہ میرزا مظہر جان جانان شہید (۱۱۹۵ھ/۱۷۸۱ء) کی تالیف ہے جو حضرت مظہر کے احوال اور معمولات پر مشتمل ہے، حکیم طرب نے مذکورہ دونوں تاریخی ناموں سے اس کا ترجمہ کیا تھا، جن سے ۱۳۱۵ھ (سال ترجمہ) برآمد ہوتا ہے، یہ ترجمہ بھی مطبع رضوی، دہلی سے مذکورہ سنہ کو طبع ہوا تھا۔

چونکہ طرب شاعر تھے اور اسی مزاج کے تحت انہوں نے محمد حسین آزاد کی آب حیات میں سے میرزا مظہر کے حالات من و عن اس میں بطور ضمیمہ شامل کر دیئے، جب کتاب طبع ہو کر خانقاہ مظہری (دہلی) میں پہنچی تو اس کے سجادہ نشین شاہ ابوالخیر مجددی (ف ۱۹۲۳ء) نے جن کے مترجم (طرب) مربی بھی تھے، خانقاہ میں طلب کیا اور یہ

Marfat.com

ضمیمہ لگانے پر باز پرس کی، تو انہوں نے اس پر معذرت کی جسے شاہ صاحب نے قبول نہ کیا اور یہ امر فرمایا کہ تم اپنا توبہ نامہ لکھ کر شائع کرو چنانچہ انہوں نے توبہ نامہ طبع کروایا، یہ ایک ورق کا توبہ نامہ ہے جو مجھے اپنے سفر ہندوستان (۱۹۸۹ء) کے دوران مذکورہ خانقاہ کے کتابخانہ میں دیکھنے کا اتفاق ہوا تھا۔

(ماخوذ از ششماہی تحصیل، کراچی، نمبر۴)

Marfat.com

مآخذ

۱۔ انصاراللہ،۱۹۸۶ء،صہبائی،لکھنو،فخر الدین علی احمد میموریل اکیڈمی۔

۲۔ ترہٹی،محمد محسن،۲۰۱۶ء،الیانع الجنی من اسانید الشیخ عبدالغنی،مرتبہ ولی الدین تقی الدین ندوی،عمان،اردقہ

۳۔ سری رام،لالہ،۱۹۴۰ء،خمخانۂ جاوید مرتبہ دتاتریہ کیفی،دہلی لالہ امیر چند کھنہ (جلد پنجم)

۴۔ سنگین بیگ،۱۹۸۲ء،سیر المنازل،ترتیب و ترجمہ شریف حسین قاسمی،دہلی، غالب انسٹی ٹیوٹ۔

۵۔ صابر،قادر بخش دہلوی ۱۹۶۶ء تذکرہ گلستان سخن،مرتبہ خلیل الرحمٰن داؤدی، لاہور،مجلس ترقی ادب

۶۔ صمدانی،محمد عامر،۲۰۰۳ء،کاملان تھانیسر،علی گڈھ،مرکز ادب و تحقیق اسلامی

۷۔ ظل الرحمٰن حکیم،(س۔ن)،دلی اور طب یونانی،لاہور

۸۔ طرب،رحیم الدین احمد،۱۳۱۱ھ،مخزن حقیقت،دہلی،مطبع رضوی

۹۔ مدنی،محمد مظہر مجددی، ۲۰۱۱ء مناقب احمدیہ و مقامات سعیدیہ، لاہور دارالاسلام

۱۰۔ معصوم،محمد معصوم رام پوری، ۲۰۱۷ء، ذکر السعیدین فی سیرۃ الوالدین، گوجرانوالہ تنظیم الاسلام پبلی کیشنز

۱۱۔ نساخ،عبدالغفور خان،۱۲۹۱ھ،سخن شعراء،لکھنو،مطبع نولکشور

12- Chenoy, S.M, 1998, Shahjahanabad, Delhi,

Marfat.com

حواشی

۱۔ صمدانی، محمد عامر، ۲۰۰۳ء، کاملان تھانیسر، مرکز ادب و تحقیق اسلامی، علی گڑھ ص ۶۶

۲۔ انصار اللہ، ۱۹۸۶ء، صہبائی، فخر الدین علی احمد میموریل اکادمی، لکھنو ص ۲۳۔۲۴

۳۔ طرب، رحیم الدین دہلوی، حکیم ۱۳۱۵ھ، مخزن حقیقت (ترجمہ معمولات مظہریہ)، مطبع رضوی، دہلی، ص ۲۰۸

۴۔ زید، ابوالحسن فاروقی، ۱۹۷۲ء، مقامات خیر، شاہ ابوالخیر اکادمی، دہلی ص ۱۴۶

۵۔ معصوم، محمد معصوم مجددی رام پوری، شاہ، ۲۰۱۷ء، ذکر السعیدین فی سیرۃ الوالدین، تنظیم الاسلام پبلی کیشنز، گوجرانوالہ ص ۱۱۱

۶۔ طرب، رحیم الدین، ۱۳۱۱ھ منفذ العرفان ترجمہ تکمیل الایمان، مطبع خادم الاسلام، دہلی (سرورق)

۷۔ شاہ احمد سعید مجددی (۱۲۱۷۔۱۲۷۷ھ/۱۸۰۲۔۱۸۶۰ء) شاہ ابوسعید مجددی (ف ۱۲۵۰ھ/ ۱۸۳۵ء) کے فرزند اکبر، کئی کتابوں کے مؤلف اور معروف نقشبندی بزرگ میرزا مظہر جان جاناں شہید (۱۱۹۵ھ/۱۷۸۱ء) کی درگاہ مظہری، دہلی کے سجادہ نشین تھے، ۱۸۵۷ء کی جنگ آزادی کے جہاد کے فتویٰ پر اثباتی دستخط کیئے تو انہیں ہندوستان سے ہجرت کرنا پڑی اور وہ مدینہ منورہ جا کر مقیم ہو گئے، تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو۔

Marfat.com

(i) محمد مظہر مجددی مدنی: مناقب احمدیہ ومقامات سعیدیہ، لاہور

(ii) معصوم، محمد معصوم رام پوری، ذکر السعیدین فی سیرۃ الوالدین، تنظیم الاسلام پبلی کیشنز، گوجرانوالہ ۲۰۱۷ء

۸۔ طرب، مخزنِ حقیقت ص ۲۰۸

۹۔ شاہ عبدالغنی مجددی (۱۲۳۴۔ ۱۲۹۶ھ/ ۱۸۱۹۔ ۱۸۷۸ء) معروف عالم، محدث اور مدرس تھے، شیخ محمد عابد سندھی (ف ۱۲۵۷ھ/ ۱۸۴۱ء)، شیخ اسماعیل رومی (ف ۱۲۵۰ھ/ ۱۸۳۵ء) اور شاہ محمد اسحٰق محدث دہلوی (ف ۱۲۶۲ھ/ ۱۸۴۵ء) سے تحصیل، کی اپنے والد بزرگوار شاہ ابوسعید مجددی اور اپنے برادر بزرگ شاہ احمد سعید مجددی سے سلوک کی تعلیم لی، کئی کتابوں کے مولف تھے، ۱۸۵۷ء کی جنگ آزادی کے فتوی جہاد پر اثباتی دستخط کیے تو آپ کو ہندوستان سے ہجرت کرنا پڑی، آپ اپنے بھائی شاہ احمد سعید کے ساتھ مدینہ منورہ جا کر مقیم ہوگئے، جہاں آپ ۲۲ سال بقید حیات رہے، جہاں عالم اسلام کے علماء نے ان سے استفادہ کیا، حالات کے لئے دیکھیے:

۱۰۔ ایضاً

۱۱۔ ایضاً، ص ۱۱۱

(i) محمد محسن ترہٹی: الیانع الجنی من اسانید الشیخ عبدالغنی، مرتبہ ولی الدین تقی الدین ندوی، اروقۃ، عمان ۲۰۱۶ء

(ii) عبدالستار دہلوی مکی: المورد المنی فی اسانید الشیخ عبدالغنی، قلمی مخزونہ کتابخانہ خانقاہ مظہری، دہلی۔

(iii) معصوم، محمد معصوم رام پوری: ذکر السعیدین فی سیرۃ الوالدین،

Marfat.com

گوجرانوالہ ۲۰۱۷ء

۱۲۔ طرب، مخزن حقیقت ۲۰۸

۱۳۔ ایضاً

۱۴۔ سری رام، لالہ: خمخانہ جاوید مرتبہ برجموہن دتا سریہ کیفی، جلد پنجم، دہلی ۱۹۴۰ء ص ۴۴۱

۱۵۔ صابر، قادر بخش: گلشن سخن مرتبہ خلیل الرحمٰن داؤدی لاہور ۱۹، جلد دوم ص ۱۷۹۔۱۸۱

۱۶۔ سررام ۵/۴۴۱

۱۷۔ صابر، قادر بخش گلستان سخن مرتبہ خلیل الرحمٰن داؤدی ۲/۱۷۹۔۱۸۱

۱۸۔ نساخ، عبدالغفور: سخن شعراء ۳۰۴

۱۹۔ سری رام ۵/۴۴۱

یہ ڈیوڑھی ایک تاریخی عمارت تھی جو محمد شاہ بادشاہ (۱۷۱۹۔۱۷۴۸ء) کی ملکہ صاحبہ محل کی ملکیت تھی، ایسٹ انڈیا کمپنی کے دور میں یہ طویلہ داراشکوہ اور ڈاک خانہ کے قریب تھی (سنگین بیگ: سیر المنازل ۴۴) جو انیسویں صدی کے آغاز تک موجود تھی، جس کا اس زمانہ میں کوئی مالک نہیں تھا:

Chenoy, S.M: Shahjahanabad P.85

۲۰۔ ایضاً

۲۱۔ محمد، معصوم رام پوری، ذکر السعیدین فی سیرۃ الوالدین ۱۱۲

Marfat.com

۲۲۔ ابتدائیہ مخزن حقیقت ترجمہ معمولات مظہریہ، مطبوعہ مطبع رضوی، دہلی ۱۳۱۵ھ

۲۳۔ ظہیر نے طرب کے تراجم میں سے نصائح العارفین ص ۳۴۸ اور مخزن حقیقت (ص ۲۱۴) پر بھی قطعات تاریخ لکھے تھے۔

۲۴۔ عبدالواحد خان نے معمولات مظہریہ میں مشائخ کے سنین وفات کا جدول مرتب کرنے میں طرب کی مدد کی تھی۔ (ص ۲۰۵)

۲۵۔ سری رام ۴۴۱/۵، ظل الرحمٰن، حکیم، دلی اور طب یونانی ص ۳۰۰

Marfat.com

نوادراتِ سلسلہ نقشبندیہ

عکسیات مبنی بر مخطوطات و مصورات

ذخیرۂ محمد اقبال مجددی

(مخزونہ پنجاب یونیورسٹی لائبریری، لاہور)

Marfat.com

عکس مبنی بر نسخۂ خطی منحصر بفرد مخزونہ کتابخانہ رضا، رام پور (ہندوستان)

رسالہ رد شبہات مخالفین

برکلام

حضرت مجدد الف ثانی

تالیف

حضرت شاہ محمد یحییٰ (ف ۱۰۹۶ھ/ ۱۶۸۵ء)

بن

حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی

بمقدمہ

محمد اقبال مجددی

Marfat.com

رسالۂ حاضر کی دریافت

۱۹۷۰ء کے آغاز کی بات ہے کہ راقم مسکین اسلامیہ کالج سول لائنز، لاہور میں بی اے (سال سوم) کا طالب تھا کہ حضرت مجدد الف ثانی کے دفاع میں ایک کتاب احوال و آثار عبداللہ خویشگی تالیف کی تو اس وقت اس رسالہ کا حوالہ مکتوبات حضرت میرزا مظہر جان جاناں شہید میں پڑھا اور اس کی جستجو شروع کر دی اور پھر ۱۹۷۴ء میں علم تاریخ کا لکچرر منتخب ہونے کے بعد مخطوطات کی تلاش میں کئی ملکی و غیر ملکی اسفار کیے، تو اس رسالہ کی کھوج لگا تا رہا لیکن کامیابی نہ ہوئی۔

۱۹۸۳ء میں مقامات مظہری کا ہمارے مفصل مقدمہ اور تعلیقات کے ساتھ پہلا اڈیشن منظر عام پر آیا تو حضرت مظہر کے مذکورہ مکتوب پر حواشی میں اس رسالہ کے وجود سے لاعلمی کا اظہار کیا۔

۱۹۸۸ء کو احقر نے حضرت مجدد الف ثانی کے دفاع میں لکھی جانے والی کتابوں کی فہرست رسالہ نور اسلام (شرقپور) کے حضرت مجدد الف ثانی نمبر میں شائع کی تو اس میں بھی اس رسالہ کے غیر موجود ہونے کا ذکر کیا، پھر خوش نصیبی سے ۱۹۹۵ء کو رضا لائبریری، رام پور کے فارسی مخطوطات کے رجسٹر کا عکس خدا بخش لائبریری، پٹنہ سے چھپ کر آیا تو اس کے ذریعہ پہلی بار اس رسالہ کے مذکورہ کتب خانہ میں موجود ہونے کا علم ہوا تو بے حد مسرت ہوئی، اس کی عکسی نقل حاصل کرنے کی سعی کرنے لگا، لیکن لائبریری مذکور میں عکس نقل کے ذرائع کے فقدان اور پھر لائبریرین حضرات کے عدم تعاون کے باعث اس کا حصول التوا کا شکار رہا۔

Marfat.com

آخر ۲۰۱۷ء کو میں نے اپنی مرتبہ تمام کتب کے دو بڑے پارسل کتب خانہ رضا، رام پور، ارسال کیے تو وہاں کے ڈائریکٹر جو نہ صرف میرے دوست ہیں بلکہ صحیح معنوں میں علم دوست بھی ہیں یعنی ڈاکٹر حسن عباس صاحب سے خط کے ذریعہ اس رسالہ دفاع کی عکسی نقل کی درخواست تو انہوں نے فوری طور پر عزیز القدر ڈاکٹر عارف نوشاہی کے ذریعہ ارسال فرمادی، جس کے لیے میں اپنے کرم فرما ڈاکٹر حسن عباس صاحب کا شکر گذار ہوں، چونکہ اس رسالہ کے اب تک ہمیں کسی دوسرے نسخہ کے وجود کا علم نہیں ہے، اس لیے فی الحال اس کا عکس شائع کیا جارہا ہے، بعد میں اگر اس کے اور نسخے معلوم ہوئے تو تقابل و تصحیح متن کے بعد ترجمہ کے ساتھ شائع کیا جائے گا، ان شاء اللہ تعالیٰ، اس طرح نصف صدی پہلے کی یہ علمی خواہش اب پوری ہورہی ہے۔

امام ربانی کانفرنس کے موقع پر شائع ہونے والے سارے مخطوطات کے مقدمات کے پروف کی تصحیح عزیز القدر رضاء الحسن قادری صاحب نے کامل توجہ سے کی اور جناب محمد راشد مگھالوی نے ان کی طباعت کا اہتمام پورے خلوص سے کیا، رب کریم سے ان کے لیے جزائے خیر کی دعا ہے۔

دار المؤرخین — مخلص

196 بی بلاک سبزہ زار، لاہور — محمد اقبال مجددی

۹ رمارچ ۲۰۱۸ء

Marfat.com

مقدمہ

نوشتہ

محمد اقبال مجددی

Marfat.com

حضرت شاہ محمد یحییٰ سرہندیؒ

(مولف رسالۂ حاضر)

حضرت شاہ محمد یحییٰ حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی (ف ۱۰۳۴ھ/۱۶۲۴ء) کے فرزند اصغر، عالم، مدرس اور شیخ طریقت تھے۔

حضرت شاہ محمد یحییٰ کی ولادت سرہند میں ہوئی[1] گویا آپ اپنے والد گرامی کے وصال (۱۰۳۴ھ) کے وقت صرف نو دس سال کے تھے، آپ کی ولادت سے قبل آپ کو الہامی طور پر بتایا گیا کہ تمہارے ہاں جو فرزند تولد ہو اس کا نام یحییٰ رکھنا کہ وہ تمہارا نام زندہ رکھے گا، جب آپ شکم مادر میں تھے کہ حضرت یحییٰ علیہ السلام نے حضرت مجدد الف ثانی کے خواب میں تشریف لا کر فرمایا کہ تیرے ہاں جو بچہ پیدا ہو اس کا نام میرے نام پر رکھنا، چنانچہ آپ نے ان کی ولادت سے پہلے ہی ان کا نام محمد یحییٰ رکھ دیا تھا[2]

---

[1] شاہ محمد یحییٰ کا سال ولادت دونوں معاصر تذکرہ نویسوں خواجہ محمد ہاشم کشمی اور شیخ بدر الدین سرہندی نے نہیں لکھا، البتہ ایک متاخر تذکرہ نگار کمال الدین محمد احسان نے روضۃ القیومیہ (۲۰۶/۱ قلمی) میں آپ کا سال ولادت ۱۰۲۴ھ لکھ دیا ہے، جو بالکل لایعنی ہے، شاہ سکندر کیتھلی کا سال وفات ۱۰۲۳ھ زبدۃ المقامات جیسی معاصر کتاب میں درج ہے، جس کی رو سے ان کے شاہ محمد یحییٰ کو گود لینے اور انہیں اپنا فرزند قرار دینے کی روایت کی تکذیب ہو جاتی ہے، مؤلف ہدیہ احمدیہ (ص ۸۶) نے ۱۰۲۷ھ لکھا ہے، شاہ یحییٰ کی اولاد میں سے آخری ذی علم بزرگ شاہ روف احمد رافت مجددی تھے، انہوں نے جواہر علویہ میں بھی آپ کا سال ولادت نہیں لکھا۔

[2] محمد ہاشم کشمی: زبدۃ المقامات ۳۲۴

Marfat.com

شیخ محمد یحییٰ کے نام کے ساتھ لقب ''شاہ'' لکھنے کی وجہ یہ تھی کہ حضرت مجدد الف ثانی اور شاہ سکندر کیتھلی (ف ۱۰۲۳ھ/۱۶۱۴ء) کے مابین اخوت ومحبت کے گہرے مراسم تھے، موصوف اکثر کیتھل سے سرہند آیا کرتے تھے، ایک مرتبہ آپ نے حضرت مجدد الف ثانی سے اپنی اس خواہش کا اظہار کیا کہ اپنا کوئی فرزند مجھے عطا کر دیں، تو آپ نے فی الفور اپنے فرزند اصغر شیخ محمد یحییٰ کو طلب فرما کر ان کے حوالہ کر دیا، انہوں نے بچہ کو پیار کرتے ہوئے فرمایا کہ آج سے سب لوگ انہیں شاہ محمد یحییٰ کہا کریں، اس وقت سے آپ اور آپ کی اولاد کے ساتھ لفظ ''شاہ'' لکھا جانے لگا۔[۱]

آپ نے نو دس سال کی عمر میں ہی قرآن مجید حفظ کر لیا اور بیس سال کی عمر میں اپنے دونوں بڑے بھائیوں حضرت خواجہ محمد سعید اور حضرت خواجہ محمد معصوم سرہندی کی خدمت میں مروجہ علوم کی تکمیل کر لی، شیخ بدرالدین سرہندی کی معاصر روایت ہے کہ آپ نے علم حدیث کی جید سند حاصل کی تھی۔[۲]

روضۃ القیومیہ میں تحریر ہے کہ شاہ محمد یحییٰ نے حضرت شیخ عبدالحق محدث (ف ۱۰۵۳ھ/۱۶۴۲ء) سے حدیث کی سند لی تھی۔[۳]

معاصر تذکرہ نویس شیخ بدرالدین سرہندی کا مشاہدہ ہے:

---

۱ زبدۃ المقامات ۳۲۵، حضرات القدس ۲/۲۹۶

۲ حضرات القدس ۲/۲۹۵

۳ روضۃ القیومیہ ۱/۲۰۷ (قلمی) شاہ محمد یحییٰ حدیث کی سند بھی دیتے تھے، روضۃ القیومیہ کے مولف کمال الدین محمد احسان کے دادا شیخ محمد ہادی نے موطا کی اجازت شاہ محمد یحییٰ سے ہی لی تھی۔ (ایضاً)

Marfat.com

درفقاہت دستگاہ کامل، الحال بدرس کتب عالیہ اشتغال دارندو
بقدرت ومتانت بطلبہ علم افادہ می نمایند[1]

تحصیل علم کے بعد شاہ محمد یحییٰ سلوک کی طرف متوجہ ہوئے اور اپنے برادر بزرگ حضرت خواجہ محمد سعید سے طریقت کی تعلیم کا آغاز کر دیا، آپ کے وصال (۱۰۷۱ھ/۱۶۶۱ء) کے بعد حضرت مجدد الف ثانی کے سب سے مشہور خلیفہ شیخ آدم بنوڑی (ف ۱۰۵۳ھ/۱۶۴۳ء) کی خدمت میں بنوڑ جا کر سلوک کی مشق کا آغاز کیا، یہ روایت بھی اس معاصر کی ہے جو شاہ محمد یحییٰ سے کئی بار مل چکے تھے[2] یعنی شیخ محمد مراد ٹنگ کشمیری (ف ۱۱۳۱ھ/۱۷۱۸ء)۔ اس سے صاحب روضۃ القیومیہ اور ڈاکٹر ایس ایم اکرام نے ان بزرگوں کے جو دو متحارب گروہ بنانے کی کوشش کی ہے کی تکذیب ہو جاتی ہے، شیخ آدم سے فراغت کے بعد شاہ محمد یحییٰ اپنے دوسرے بھائی حضرت خواجہ محمد معصوم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور سلوک کی تکمیل کی۔[3]

---

[1] حضرات القدس ۲/۲۹۵، زبدۃ المقامات ۳۲۶ شاہ محمد یحییٰ بچپن سے ہی تحصیل علم کا شوق رکھتے تھے، حضرت مجدد الف ثانی ایک مرتبہ جب جہانگیر کے لشکر کے ساتھ رہنے کی پابندی کے بعد سرہند تشریف لائے تو صاحبزادگان اور خلفاء دو تین منزل تک آپ کے استقبال کے لیے حاضر ہوئے، ان میں کم سن شاہ محمد یحییٰ بھی تھے، وہ آپ سے ملے اور جلد ہی واپس مدرسہ جانے کی اجازت لے کر چلے گئے، جس پر آپ بہت خوش ہوئے اور فرمایا کہ ہمارا یہ فرزند طبقہ علماء میں سے ہے (زبدۃ ۳۲۵)

[2] اس روایت کی تنقیح کے لیے ملاحظہ ہو حسنات الحرمین، مقدمہ ۲۶۰۔۲۶۹

[3] حضرات القدس ۲/۲۹۵۔۲۹۶

Marfat.com

شاہ محمد یحیٰی کو دو مرتبہ حج کی سعادت نصیب ہوئی، پہلے اپنے دونوں بڑے بھائیوں کے ہمراہ ۱۰۶۸ھ/ ۱۶۵۸ء کو اور دوسری مرتبہ کچھ عرصہ کے بعد حرمین الشریفین کا سفر اختیار کیا۔[۱]

شاہ محمد یحیٰی کا نکاح حضرت عبید اللہ معروف بہ خواجہ کلاں بن حضرت خواجہ باقی باللہ کی دختر سے ہوا، آپ کی تمام تر اولاد انہی کے بطن سے ہے۔[۲] آپ کے تین فرزند اور ایک دختر زینت النساء تھیں، جن کا عقد نکاح شیخ محمد عابد بن شیخ محمد بن شیخ محمد صادق بن حضرت مجدد الف ثانی سے ہوا تھا، اس عروسی کے اخراجات ایک منصب دار کی زوجہ نے خواجہ محمد نقشبند ثانی کی وساطت سے دو سو روپے دیئے تھے۔[۳]

آپ کے بیٹے شیخ ضیاء الدین یوسف عرف میاں جیو، شیخ زین العابدین عرف میاں فقیر اللہ اور شیخ محمد امام تھے، پہلے دو فرزندوں کی اولاد کا سلسلہ اب تک موجود ہے۔[۴]

۱۔ محمد مراد ننگ کشمیری: تحفۃ الفقراء ۵۱۔۵۲

۲۔ روضۃ القیومیہ ۱/ ۲۰۸

۳۔ وسیلۃ القبول الی اللہ والرسول ۱/ ۸/ ۲۳، مقامات معصومی ۱/ ۱۹۹

۴۔ شاہ محمد یحیٰی کی اولاد کی تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو:

(i) روضۃ القیومیہ ۱/ ۲۰۸

(ii) ہدیۂ احمدیہ ۸۶۔۱۰۷

(iii) انساب الانجاب

۴۔ جواہر علویہ مؤلفہ شاہ رؤف احمد رافت مجددی

Marfat.com

شاہ محمد یحییٰ اور اورنگ زیب

حضرت شاہ محمد یحییٰ نے مندرجہ ذیل تین مغل بادشاہوں کا زمانہ پایا تھا:

(۱) نورالدین جہانگیر (۱۰۱۴۔۱۰۳۷ھ/۱۶۰۵۔۱۶۲۷ء)

(۲) شاہ جہان (۱۰۳۷۔۱۰۶۸ھ/۱۶۲۷۔۱۶۵۸ء)

(۳) اورنگ زیبؒ عالمگیر (۱۰۶۸۔۱۱۱۸ھ/۱۶۵۸۔۱۷۰۷ء)

جہانگیر کے زمانہ میں آپ کم سن تھے، شاہ جہان کے ساتھ آپ کے مراسم کا ہمیں تا حال علم نہیں ہے، البتہ اورنگ زیب عالمگیر کے ساتھ آپ کے قریبی تعلقات تھے، اورنگ زیب کے حضرت مجدد الف ثانی کے سارے صاحبزادگان کے ساتھ بہت ہی اچھے مراسم تھے، انہی حضرات نے جنگ نشینی میں اورنگ زیب کی حمایت کر کے اُسے تخت نشین کروایا تھا اور انہی حضرات کے زیر اثر وہ دین اسلام کا حامی و ناصر بن کر محی الدین کہلایا تھا۔

دراصل شاہ محمد یحییٰ حضرت خواجہ محمد معصوم سرہندی کے ایما پر ہی اورنگ زیب کی تعلیم و تربیت کے لئے مقرر کئے گئے تھے اور ان کا دہلی میں ہی قیام رہتا تھا، جہاں حضرت خواجہ کے صاحبزادگان اور خلفاء باری باری مرکز میں رہ کر ترویج شریعت کے لیے اورنگ زیب سے احکام جاری کرواتے رہتے تھے، یہ حضرات اورنگ زیب کے ساتھ مجالست کا حال باقاعدہ حضرت خواجہ کو لکھ کر آگاہ کیا کرتے تھے، جن کی تمام تر تفصیلات ہم نے مقامات معصومی کے مقدمہ میں جمع کر دی ہیں۔

شاہ محمد یحییٰ بھی خطوط کے ذریعہ اورنگ زیب کے ساتھ اپنی صحبتوں کا حال

Marfat.com

لکھا کرتے تھے، ایک خط کے جواب میں حضرت خواجہ نے مسرت کا اظہار کرتے ہوئے لکھا ہے:

''صحیفہ گرامی......رسیدہ مسرت بخش گردید، حمد اللہ سبحانہ کہ بعافیت اندواز خلیفہ عہد مہربانی ہا دیدند باعث خوشحالی ہمہ دوستان شد''

اسی مکتوب میں اورنگ زیب کے ''محبت ذاتیہ'' کے درجہ تک ترقی کرنے پر بھی اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتے ہوئے لکھا ہے:

حضرت امیر کہ بمحبت ذاتیہ رسید و مورد ممسوس فی ذات اللہ گردید اثر محبت حق بود جل وعلا کہ اورا بایں درجہ رسانید۔[1]

اورنگ زیب، شاہ محمد یحییٰ کو انعامات دیا کرتا تھا، معاصر مؤرخ کا بیان ہے:

مکرر بدرگاہ سلاطین پناہ (اورنگ زیب) رسیدہ، مورد مراحم و اعطاف شاہنشاہی شد۔[2]

اورنگ زیب نے مدد معاش کے طور پر بھی شاہ محمد یحییٰ کو بہت کچھ دیا تھا اور ان کی ثروتمندی کی شہرت تھی[3]، آپ نے سرہند میں ایک شاندار مسجد بھی بنوائی تھی جو حضرت مجدد الف ثانی کے روضہ سے شمال کی طرف تھی، اس کے مقابل حوض، حمام اور مدرسہ بھی تعمیر کروایا تھا۔[4]

---

[1] محمد معصوم، خواجہ: مکتوبات ۲/۱۱۱/۲۰۲-۲۰۳

[2] بختاور خان: مراۃ العالم ۲/۴۱۴

[3] روضۃ القیومیہ ۱/۲۰۸

[4] ایضاً

Marfat.com

شاہ محمد یحییٰ کا وصال ۲۷/ جمادی الثانی ۱۰۹۶ھ/ ۱۶۸۵ء کو ہوا، روضۂ حضرت مجدد الف ثانی کے جوار میں دفن کیا گیا، آپ کے مرقد پر ایک عالی شان گنبد بھی تعمیر کیا گیا،[۱] آپ کے برادرزادہ خواجہ عبدالاحد وحدت بن خواجہ محمد سعید سرہندی نے قطعہ تاریخ وفات لکھا:

سال وصالش چوں پرسند عزیزان
گو "بودہ ولی شیخ محمد یحییٰ"[۲]

تالیفات

حضرت شاہ محمد یحییٰ جو شب و روز درس و تدریس اور دعوت وارشاد میں مصروف رہتے تھے، کو تصنیف و تالیف کے زیادہ مواقع میسر نہیں آئے، اپنے دونوں بزرگ بھائیوں کے وصال کے بعد آپ ہی خانقاہ سرہند میں مرکزی شخصیت تھے، تاہم آپ کی صرف دو تالیفات سے ہم واقف ہیں:

۱۔ رسالہ در اثبات رفع سبابہ

۲۔ رسالہ در رد اعتراضات بر حضرت مجدد الف ثانی [۳]

یہاں رسالۂ اول در اثبات رفع سبابہ کا مختصر سا تعاوف کروایا جا رہا ہے۔

---

[۱] روضۃ القیومیہ، جواہر علویہ ۱۰۳

[۲] محمد مراد ننگ کشمیری: تحفۃ الفقراء مرتبہ سیدہ رقیہ ۵۲

[۳] ان دونوں رسائل کا ذکر شاہ رؤف احمد رافت مجددی نے جواہر علویہ (ص ۱۰۲) میں کیا ہے، نیز حضرت میرزا مظہر جان جاناں نے بھی اپنے مکاتیب (۱۴ اور ۱۵) میں ان رسائل سے استفادہ کیا ہے۔ (مقامات مظہری ۴۴۴، ۴۶۰)

Marfat.com

حضرت مجدد الف ثانی نے مکتوبات (۱/۳۱۲) میں نماز میں شہادت کی انگلی اٹھانے کی نفی کی ہے کیوں کہ اس وقت تک آپ کو رفع سبابہ کے اثبات میں واضح دلائل نہیں مل سکے تھے، اس لیے کمال احتیاط کے طور پر بعض اوقات نوافل میں رفع سبابہ کیا کرتے تھے (زبدۃ المقامات ۲۰۹) سب سے پہلے حضرت خواجہ محمد سعید نے حضرت مجدد الف ثانی کے حین حیات رفع سبابہ کی نفی میں ایک رسالہ لکھا تھا، جس کا آپ نے اپنے ایک مکتوب (۱/۳۱۲) میں ذکر کیا ہے، جس کی طرف زبدۃ المقامات (ص ۳۱۰) اور حضرات القدس (۲/۲۳۵) میں بھی اشارہ کیا گیا ہے، موخر الذکر کتاب کا ایک قلمی نسخہ حضرت شاہ عبدالغنی مجددی (ف ۱۲۹۶ھ/۱۸۷۸ء) کے مطالعہ میں مدینہ منورہ میں رہتا تھا جو اب کتب خانہ خانقاہ مظہری (دہلی) میں ہے، آپ نے اس کے حاشیہ پر رسالہ نفی رفع سبابہ مولفہ خواجہ محمد سعید پر لکھ کر اس پر تعجب کا اظہار کیا ہے کہ حضرت خواجہ کے دل میں معلوم نہیں کہ کیا آیا کہ سنت قائمہ کا مقابلہ قوت علمیہ سے کر بیٹھے ہیں، لکھا ہے:

> ''سوائے بخاری ہمہ محدثان روایت رفع سبابہ کردہ اندو سبابہ
> ازیں جہت مُسَبِّحَہ نام یافتہ، معلوم نیست چہ بہ خاطر آمدہ، بہ
> قوت علمی مقابلہ سنت قائمہ کردہ شد''
>
> یعنی بجز بخاری کے تمام محدثین نے التحیات میں انگشت شہادت اٹھانے کی روایت کی ہے اور اسی وجہ سے اس انگلی کا نام مسبحہ پڑ گیا ہے، معلوم نہیں کہ ان کی خاطر میں کیا آیا کہ ایک سنت کا مقابلہ علمی قوت سے کر بیٹھے ہیں [1]

---

[1] زید، ابوالحسن فاروقی: مقامات خیر ۷۸

Marfat.com

گویا حضرت شاہ محمد یحییٰ نے بھی اپنے حضرت والد اور برادر بزرگ خواجہ محمد سعید سے اختلاف کرتے ہوئے یہ رسالہ لکھا ہے۔[1] اسی طرح حضرت شاہ سراج احمد مجددی رام پوری (ف ۱۲۳۰ھ) نے شرح ترمذی میں شاہ یحییٰ کے مذکورہ رسالہ سے استفادہ کیا ہے۔[2]

شاہ محمد یحییٰؒ کا رسالہ اثبات رفع سبابہ تا حال ہماری نظر سے نہیں گزرا۔

۱۔ محسن ترہتی: الیانع الجنی ۶۷

۲۔ محمد حسن جان مجددی: رسالہ نفی رفع سبابہ قلمی بخط مولف، مخزونہ کتابخانہ مولانا حافظ محمد ہاشم مجددی، ٹنڈو سائیں داد (سندھ)، رفع سبابہ کے موضوع پر علماء و مشائخ کے اختلافات کے لیے ملاحظہ ہو: مقامات مظہری پر ہمارے حواشی ۴۹۷۔۵۰۰

Marfat.com

رسالہ ردشبہات شیخ عبدالحق دہلوی بر کلام حضرت مجدد الف ثانی

یہ رسالہ حضرت شاہ محمد یحییٰ (ف ۱۰۹۶ھ/۱۶۸۵ء) بن حضرت مجدد الف ثانی کی تالیف ہے، اس میں حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی کے ان اعتراضات کے جوابات دیے گئے ہیں جو انہوں نے حسن افغان کے حضرت مجدد الف ثانی کی تحریف شدہ تحریرات کی بنیاد پر کیے تھے، بعد میں جب حضرت مجدد الف ثانی نے اپنے اصل مکاتیب کی نقل حضرت شیخ محدث کو بھیجی تو آپ نے ان اعتراضات سے رجوع کر لیا۔[1]

رجوع کی یہ روایت بہت پرانی ہے، شیخ نور الحق مشرقی بن شیخ عبدالحق محدث کے ایک معاصر شیخ فتح محمد فتح پوری نے مناقب العارفین میں لکھا ہے کہ جب حضرت شیخ کو حسن خان کی تحریف کا واقعہ معلوم ہوا تو انہوں نے معذرت کر لی۔[2]

دوسرا قریب العہد بیان مخدوم محمد معین ٹھٹھوی (ف ۱۱۶۱ھ/۱۷۴۸ء) کا ہے کہ جب انہوں نے شیخ محدث کے اعتراضات کے جواب میں ایک ضخیم کتاب بہجۃ النظار فی براۃ الابرار لکھی تو یہ روایت درج کی کہ جب شیخ نور الحق سے پوچھا گیا کہ کیا رسالہ اعتراضات واقعی شیخ محدث کی تالیف ہے؟ تو اس پر انہوں نے ترددات کا اظہار کیا۔[3]

---

[1] رجوع کے سلسلہ میں شیخ محدث کا مکتوب اخبار الاخیار کے مطبع مجتبائی ایڈیشن کے آخر میں درج ہے۔

[2] محمد داؤد، ابوالبیان پسروری: سیرت امام ربانی، امرتسر ۱۹۲۵ء ص ۱۹۸

[3] محمد معین ٹھٹھوی، مخدوم: بہجۃ النظار، عکسی اشاعت لاہور ص ۲۳۹

Marfat.com

بہرحال شیخ محدث کے رجوع کے باوجود اہل علم حضرات ان کے جوابات اپنے اپنے طور پر لکھتے رہے، پہلا جواب یہی رسالہ حاضر ہے جو شاہ یحییٰ کی تالیف ہے، دوسرا جواب مخدوم محمد معین کی مذکورہ کتاب ہے، تیسرا جواب میاں شاہ فی الحال بن شیخ محمد اشرف بن خواجہ محمد معصوم کا ہے اور چوتھا قاضی ثناء اللہ پانی پتی کا رسالہ احقاق حق ہے۔[1]

پانچواں جواب حضرت شاہ عبدالعزیز محدث (ف ۱۲۳۹ھ/۱۸۲۴ء) اور چھٹا جواب حضرت شاہ غلام علی دہلوی (ف ۱۲۴۰ھ/۱۸۲۵ء) کا ہے۔[2] آخری جواب مشہور عالم مولانا وکیل احمد سکندر پوری (ف ۱۳۲۲ھ/۱۹۰۴ء) کا ہے جس کا نام ہدیہ مجددیہ ہے۔[3]

ہاں یہ سوال اہم ہے کہ شاہ محمد یحییٰ تو حضرت شیخ عبدالحق دہلوی کے شاگرد تھے، پھر انہوں نے اپنے استاد کے خلاف یہ رسالہ کیونکر لکھا؟ تو اس کا جواب یہ ہے کہ شاہ صاحب نے بڑی متانت اور احترام کے ساتھ شیخ محدث کے اعتراضات کے جوابات لکھے ہیں، ادب کا دامن کہیں بھی ہاتھ سے نہیں چھوڑا، اس میں کوئی حرف اعتراض نہیں ہے، شاہ صاحب نے نماز میں رفع سبابہ کے اثبات کے موضوع پر بھی ایک رسالہ لکھا تھا جس میں انہوں نے اپنے والد گرامی حضرت مجدد الف ثانی اور اپنے

---

[1] مشمولہ (کتاب) دفاع حضرت مجدد الف ثانی، ص ۲۵۴ - ۲۸۶

[2] یہ تمام تر رسائل ہمارے مرتبہ مجموعہ دفاع حضرت مجدد الف ثانی میں شامل ہیں۔

[3] ہدیۂ مجددیہ مشمولہ رسائل در دفاع حضرت مجدد الف ثانی مطبوعہ لاہور

Marfat.com

برادر بزرگ حضرت خواجہ محمد سعید سرہندی کے رسالہ نفی رفع سبابہ کا ادب کے ساتھ رفع سبابہ کا اثبات کیا حالانکہ حضرت خواجہ آپ کے استاد اور شیخ طریقت بھی تھے، دراصل اختلاف رائے کے یہ مسئلے علمی اور کشفی دونوں طرح کے تھے، ان میں استاد شاگرد یا شیخ ہونے کا کوئی سوال نہیں تھا۔

ایک اور امر قابل توجہ ہے کہ شاہ محمد یحییٰ نے دور وسطیٰ کے قاعدہ تصنیف و تالیف کے مطابق اس رسالہ کے آغاز وانجام میں کہیں بھی اپنا نام بحیثیت مؤلف نہیں لکھا[1] اور نہ ہی معترض حضرت شیخ محدث کا نام لیا ہے۔

لیکن ہمارے بزرگوں نے تواتر کے ساتھ شاہ محمد یحییٰ کے اس رسالہ دفاع سے استفادہ کا ذکر کیا ہے۔ حضرت میرزا مظہر جان جاناں شہید (۱۱۹۵ھ/۱۷۸۱ء) نے اپنے مکتوب[2] (نمبر ۵) میں اس رسالہ کا حوالہ دیا ہے، اسی طرح شاہ یحییٰ کی اولاد میں سے ایک بزرگ و عالم شاہ رؤف احمد رافت مجددی (ف ۱۲۴۹ھ/۱۸۳۳ء) نے بھی اس رسالہ کا انتساب شاہ یحییٰ سے کیا ہے،[3] اس لیے اس رسالہ کے آپ کی تالیف ہونے میں کوئی شبہ نہیں ہے۔

---

[1] جیسا کہ اس خطی نسخہ رضا لائبریری رام پور کے ترقیمہ کے ساتھ ایک نوٹ میں تحریر ہے کہ یہ رسالہ بنظر کیمیا اثر حاجی محمد افضل سیالکوٹی سے گذرا تھا اور اس کی نقل حضرت میرزا مظہر جان جاناں نے بھی حاصل کر لی تھی، ہمارے خیال میں حضرت شاہ یحییٰ کا یہ وہی نسخہ ہے جس کا حوالہ آپ نے اپنے مکتوب پنجم (مشمولہ مقامات مظہری) میں دیا ہے۔

[2] مکاتیب حضرت میرزا مظہر، مشمولہ مقامات مظہری ۴۴۳۔۴۴۵

[3] رافت، رؤف احمد: جواہر علویہ (اردو ترجمہ) ۱۰۳

Marfat.com

خطی نسخہ حاضر

رسالہ ردشبہات برکلام حضرت مجدد الف ثانی کا یہ قلمی نسخہ جس کا عکسی ایڈیشن آپ کے ہاتھوں میں ہے اس وقت رضا لائبریری، رام پور، ہندوستان میں ہے، جس کا نمبرم ۔ ۸۶۳۰ ہے، [۱] اوراق کی تعداد ۱۶ (صفحات ۳۲) ہے جسے عبدالباقی نے ۳ رمحرم ۱۱۸۹ھ کو اس کی یہ دوسری نقل تیار کی، ترقیمہ کے ساتھ محررہ ایک یادداشت بھی ہے، جس کے مطابق یہ نسخہ حضرت حاجی محمد افضل سیالکوٹی (ف ۱۱۴۶ھ) کی نظر سے گذرا تھا اور حضرت میرزا مظہر جان جاناں شہید (۱۱۹۵ھ/۱۷۸۱ء) نے اسی نسخہ سے اپنے لیے ایک نقل حاصل کی تھی، حضرت حاجی صاحب دہلی کے مدرسہ نواب غازی الدین خان میں مدرس تھے، آپ کا بڑا کتب خانہ تھا جس کے باقاعدہ متولی (کتابدار) بھی ہوتے تھے، حضرت حاجی صاحب، حضرت مرزا مظہر اور شاہ ولی اللہ محدث دہلوی کے استاد حدیث بھی تھے [۲] یقیناً نسخہ حاضر یہی خطی نسخہ ہے جو خوش نصیبی سے کتابخانہ رضا، رام پور میں محفوظ ہوگیا، یہ نسخہ خانقاہ مظہری دہلی کے کتب خانہ سے رام پور کیسے پہنچا؟ اس کی کوئی حتمی اطلاع ہمارے پاس نہیں ہے لیکن قیاس ہے کہ نواب کلب علی خان والی رام پور (۱۸۶۴ ـ ۱۸۸۷ء) خانقاہ مظہری کے بزرگ سجادہ نشین حضرت شاہ احمد سعید مجددی (ف ۱۲۷۷ھ/۱۸۶۰ء) کے فرزند شاہ عبدالرشید

---

۱ فہرست مخطوطات فارسی رام پور رضا لائبریری (رجسٹر مخطوطات) ص ۱۴۷، فہرست نسخہ ہای خطی فارسی کتابخانہ رضا ۱/۳۰۲

۲ مقامات مظہری (طبع سوم) ۲۳۱ ـ ۲۳۲، ۲۴۰ ـ ۲۴۱

Marfat.com

سے ۱۲۷۳ھ/۱۸۵۶ء کو بیعت ہوا، اس سے اگلے ہی سال ۱۸۵۷ء کو حضرت شاہ صاحب دہلی سے ہجرت کر کے مع اولاد مدینہ منورہ مقیم گئے، نواب اپنے شیخ شاہ عبدالرشید کی وفات ۱۸۷۰ء کے بعد حج کے لیے حرمین الشریفین حاضر ہوا تو آپ کے فرزند شاہ محمد معصوم مجددی سے رام پور تشریف لانے کے لیے اصرار کیا تو آپ ۱۲۹۱ھ کو رام پور پہنچے، جہاں آپ ۳۲ سال تک نہایت عزت واحترام کے ساتھ رہے، وہاں آپ نے خانقاہ معصومی کے نام سے ایک مرکز دعوت وارشاد بنایا، جس کی مسجد اب تک آباد ہے،[1] آپ کے والد گرامی شاہ عبدالرشید بھی اکثر رام پور جایا کرتے تھے، یقیناً یہ بیش بہا خطی نسخہ خانقاہ مظہری دہلی سے خانقاہِ معصومی (رام پور) منتقل ہوا اور پھر وہاں کے کتب خانہ کے منتشر ہونے کی صورت میں رضا لائبریری میں داخل ہوا ہوگا۔

نسخہ حاضر کے پہلے زائد ورق پر تین یادداشتیں بھی خاصی قابل توجہ ہیں، پہلی دائیں جانب کی تحریر دراصل حضرت مجدد الف ثانی کے خلاف لکھے گئے ایک فتویٰ کا اقتباس ہے، جو علامہ عبدالحکیم سیالکوٹی (ف ۱۰۶۷ھ/۱۶۵۷ء) کی خدمت میں رائے زنی کے لئے بھیجا گیا تھا، جس کے جواب میں علامہ سیالکوٹی نے واضح الفاظ میں لکھا کہ:

> قدح کردن درسخن بزرگان بی علم بمراد ایشاں جہل است ونتیجہ نیک ندارد کہ غیبت عوام گناہ است، چہ جایکہ غیبت خواص، پس ردکلام مشیخت پناہ عرفان دستگاہ شیخ احمد از جہل ونافہمیدگی است،
>
> کتبہ الفقیر عبدالحکیم

---

[1] مقامات خیر ۹۶

معارج الولایت (تالیف بسال ۱۰۹۶ھ) کے ایک اندراج کے مطابق حضرت مجدد الف ثانی کے خلاف چار فتوے لکھے گئے تھے، جن میں خویشگی نے موخرترین فتوی حدود ۱۰۹۰۔۱۰۹۴ھ/۱۶۸۰۔۱۶۸۲ء اپنی مذکورہ کتاب میں نقل کر کے محفوظ کرلیا تھا، [1] لیکن اولین تین فتوؤں کے وجود کا ہمیں تا حال علم نہیں ہے، یقیناً جو فتویٰ علامہ سیالکوٹی کی خدمت میں بھیجا گیا وہ آپ کی وفات ۱۰۶۷ھ/۱۶۵۷ء سے پہلے مرتب ہوا ہوگا، گویا رسالہ حاضر کی اس یادداشت کے ذریعہ ہمیں پہلی مرتبہ علامہ سیالکوٹی کے حین حیات اس استفتاء کا علم ہوا ہے۔

اسی ورق کے بائیں جانب کی تحریر سے تو واضح ہوتا کہ اس کے ناقل عبدالباقی نے یہ مخطوطہ حضرت حاجی محمد افضل کے کتب خانہ کے اس نسخہ سے نقل کیا ہے جو ان کی نظر سے گذرا تھا۔

ترجمہ۔ الٰہی مجھے اس سرو ناز کے پاس پہنچا دے اس دل پر مہربانی کرنے والے معشوق کے پاس پہنچا دے اس کی چوکھٹ میرے سر کا ٹھکانا نہ ہو مجھ کو اپنے

Marfat.com

مطلوبہ مقام پر پھر پہنچا دے۔

حضرت خواجہ سید ہاشم اپنی کتاب زبدۃ المقامات میں لکھتے ہیں کہ یہ دو سلسلے کی فریدی قطع نظر میں حضرت مجدد قدس سرہٗ کا عاشق زار تھا، چنانچہ حضرت قیوم اول (حضرت مجددؒ) کے وصال کے بعد حضرت خواجہ محمد معصومؒ قیوم ثانی کی طرف آپ نے رجوع باطنی فرمایا اور بہت فائدہ اٹھایا جیسا کہ حضرت قیوم ثانی کے ایک مکتوب سے واضح ہوتا ہے وَھُوَ ھٰذا۔

حضرت خواجہ محمد معصوم قیوم ثانی کا آپ کے نام ایک مکتوب

بھائی صاحب! آپ خوف زوال سے نجات پا کر وصول حقیقی تک پہنچ گئے ہوں گے اور قوسین سے او ادنیٰ تک رسائی حاصل کر لی ہوگی، بقا عرض کو مخلوط سے الگ کر لیا ہو گا۔ دائرہ صفات سے گزر کر ملاحت تک دسترس ہو گئی ہوگی۔ بحکم المرء مع من احب آپ کے بموجب اُن کے مرکز تک پہنچ گئے ہوں گے علم سے نادانی تک گفتگو سے خاموشی تک آ گئے ہوں گے نفی کے مقام میں پشت ڈال کر ہمہ تن اثبات کو دیکھ رہے ہوں گے بلکہ وہاں سے مجہول الکیفیت تک پہنچ گئے ہوں گے اور وہاں تو از کر چڑھا ہوگا اور خلیل سے حبیب کا رخ کیا ہوگا یعنی ولایت ابراہیمی سے ولایت محمدی صلی اللہ علیہ وسلم

۱؎ حضرت خواجہ محمد معصوم قیوم ثانی فرزند حضرت امام ربانی مجدد الف ثانیؒ متوفی سنہ ۱۰۸۲ھ

Marfat.com

آ گئے ہوں گے۔

آپکی تصنیفات و تالیفات آپ کو علوم ظاہری و باطنی کے علاوہ علم تاریخ اور علوم ادبیہ میں بھی دستگاہ کامل تھی آپ کی تصانیف اور تالیفات اس بات کی شاہد ہیں نظم و نثر فارسی آپ کی مشہور نزدیک و دور اور تا حال متداول بین الاولیاء و العلماء ہیں جن سے چند تصانیف کا نام مع مضمون حسب ذیل ہے

جلد سوم مکتوبات شریف کی تدوین (۱) جلد سوم مکتوبات شریف موسوم باسم تاریخی معرفۃ الحقائق اس کو آپ نے سن ۱۰۳۱ھ میں جمع و ترتیب دیا، یہ کتاب ان مکتوبات کا مجموعہ ہے جو آپ کے پیر و مرشد حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی قدس سرہ نے وقتاً فوقتاً مختلف احباب مریدین و معتقدین اور مشائخ عصر کو لکھے ہیں۔

کتاب زبدۃ المقامات کی تالیف (۲) کتاب زبدۃ المقامات معروف بہ برکات احمدیہ اس کو آپ نے سن ۱۰۳۷ھ میں اپنے پیر و مرشد حضرت مجدد رضی اللہ عنہ اور ان کے پیر حضرت خواجہ باقی باللہ رضی اللہ عنہ کے واقعات و حالات میں تحریر فرمایا ہے یہ کتاب نہایت مفید اور قابل مطالعہ ہے۔

آپ کا منظوم کلام آپ کا فارسی منظوم کلام نہایت فصیح و بلیغ ہے جا بجا انواع صنائع و بدائع لفظی و معنوی نے اس کی خوبی کو دوبالا کر دیا ہے جا بجا اخلاق و تصوف کی چاشنی اور ہر جگہ کیفیت باطنی کی لذت موجود ہے۔ قصائد، مثنویات

Marfat.com

رباعیات، قطعات اور غزلیات وغیرہ تمام اصنافِ نظم پر خامہ عنبریں شمامہ کی جولانیاں دکھائی ہیں اور ہر صنف میں امثال و اقران سے گوئے سبقت لے گئے ہیں۔ رنگ معنوی ہر جگہ نمایاں اور سوز و دروں ہر صنف میں پنہاں ہے۔

آپ کا دیوان موسوم بہ دیوانِ ہاشم

یہ ایک فصیح و بلیغ و ضخیم دیوان تقریباً چار ہزار ابیات کا مجموعہ ہے اس میں قصائد و غزلیات، مثنویات اور قطعات سب کچھ موجود ہے اس لحاظ سے اس کو کلیاتِ ہاشم کہنا زیادہ مناسب ہے۔

ہم اس موقع پر ناظرین کے تفننِ طبع کے لئے دیوانِ مذکور میں سے بطور مشتے نمونہ از خروارے آپ کا ایک قصیدہ، دو غزلیں اور ایک مثنوی اور چند قطعات نقل کرتے ہیں۔

آپ کا ایک نعتیہ قصیدہ

قصیدہ حلیہ حضرت خیر البریہ
علیہ الصلوٰۃ والتحیۃ الزکیہ

اگر پرسی ز قدش سرو باغِ راستاں آمد — ستونِ بارگاہِ پادشاہِ لامکاں آمد
الف بود و سر آغاز حروفِ ابجدِ ہستی — نشانِ وحدتِ پروردگارِ بے نشاں آمد
سحر زلفش ز تیرِ درد دل بابا دمی گفتم — سرشکِ خوں فشانی از چشمِ شاخِ ارغواں آمد
ز رفتارش چہ می پرسی من از کبکِ دری جستم — نہالِ دستِ خیالِ او و نغمہ زار آمد
اگر پرسند از عارض زبانِ لال گویا گم — بگو خورشیدِ رخشانِ چراغِ آسمانی آمد

Marfat.com

۲۴

زتاب خور چه می پرسی بروی نظر بودش
نه از بر سائبان ناگه حجابی درمیان آمد

اگر پرسی ز زلف گیسو بانت گرنی پیچید
بگو هر موی زنجیر دل دیوانگان آمد

ز هر سو گیسوی آتش از ندہ مرم سر گوشی ہم
ازان عارض مذ انتہا چہ ره را اندر میان آمد

بود بالا ایستادہ دو گیسوی سیاه او
ز معجز گر رباید بی خوش ہالہ سان آمد

ز عقد موی او گر ہے کشاید دل چه می پرسی
بہر جنبش ز محبین کاروان در کاروان آمد

چه می پرسی ز بوی او که باد از گرد کوی او
عبیر افشان به پیراہن حوران جنان آمد

ازان بو خود چه شد اسیر اندر دل دستیه
وزان انفاس ایشان تا قیامت تو چنان آمد

چه نیرنگ است زلفش کرو شد فاسد تنگیر
چه گویم از نسبش کا عجبات اندر دہان آمد

اگر پرسی ز دندان همی بگو گر راست بینی تو
از و نور الف بر صفحہ رسیلی عیان آمد

لبش شیرین بنشتہ کز دار الفتنه
ولی بیمار را گلشکر صحت رسان آمد

اگر گوئی چه ...ش سنگو نمی آید
بجز اعجاز لب ... ہم آن آمد

دارد ول ... کان انا افصح ... کان الله
بالآخر زبان الآن کما کان از ازل آمد

ز ... تبسم نور از سحاب آمد
نبازک غنچه در شد آفتاب ... آمد

نهفتم ... و شر در زیر زبان ...
سر تنگ از دیده ... صد گریہ روان آمد

اگر پرسی ز چشم غزال دشت حدیث گو
کہ از ہر گوشہ صیاد دو صد تیر زبان آمد

گر از نیم نگہ ... آخر زمان پرسی
بہ آشوب بلا فتنہ آخر زمان آمد

Marfat.com

۲۵

چه پرسی ز آب تیغ آن نگه کان زلال است این ... قتیلش را چه می پرسی که خضر جاودان آمد

بر اندر رفتش از بهر مشتبه فکر آن خم ابرو ... ندا آمد که محراب نیاز مقبلان آمد

از آن ابرو چه گویم قاب قوسین مختصر شد ... وز آن مژگان سخن گویم که با تیغش ترجمان آمد

عطارد تیر خود را همی گوید که بسم الله ... بچندین شوخی بسمل شو که این تیر آن کمان آمد

بگفتم گر دهانش را نقطه خوانم وهمی دانم ... که از خامی زبانم را درین ره بر زبان آمد

تن آن بحر جود از کان سیم آمد سزد کان ... به کیفیات سراپای گنج شایگان آمد

اگر پرسند اخوان زمان ذوقش چه بیان گوید ... درین چه چون مه نخشب و مه کنعان آمد

خوشم از دست و از تحریر وصف دست او گر حق ... ید الله فوق ایدیهم بشرح و بیان آمد

اگر گویند جسمش چون منزه بود از سایه ... بگو جان را نباشد سایه جسمش چو جان آمد

دل پر داغ عشاقش نماند اندر قضا گوئی ... بر دو مهر سوخته داغ دلها ز آتشان آمد

چه پرسی از تجلی آن کلیم طور محبوبی ... که هر تار رخش نقاب خیمه هفت آسمان آمد

مگس را چه بر لبش مگس چون سوخته شد از خود گو ... مگس از شهد چه بر لبش گرد این در دکان آمد

کجا بر شهد شیرین تر ز لب باشد این مگس شاید ... مگس این شهد را انوار قدس آشیان آمد

ز رنگ مسجد اقصی اش چه می پرسی که گل جنت ... به پیش رنگ او چون پیش گلگون خزان آمد

سواد نامه تفسیر طلوعان شمسه شد از وی ... که بر شمع آب خوبان برگ گل از روی عیان آمد

چمن بود از هزاران یک گل از ما سیحائی ... هزار گلشنش را هر هزار رکن شکان آمد

Marfat.com

۲۶

ہم از بعد ہزاراں آخر بگردد این چمن با ما — خوردستان بلبلی با صد ہزار الحان آن

مرا خاموش زبان با ہمہ گر بوسیم از شادی — کز و ما سینہ چاکان را حدیثے بر زبان آید

لب دارم ز این مستان نہ ما مستان بحمد اللہ — سگان کوے او را ما سزا با استخوان آید

ز مرکب العطش ای جان بیا خاکی گوی خوشتر خیال — کہ بر لب تشنگان این خاک کو آب زلال آید

آپ کی ایک غزل

ہست تا دلبرم با جانِ مجنون آشنا — تارِ جانِ من بود با تارِ قانون آشنا

گر نہ بیگانہ ہوس آشنا شد با کسے — کز درون بیگانہ خلق است بیرون آشنا

کے شناسی مرد چون مردمانِ چشمِ من — تا نہ گردی از ہجومِ گریہ با خون آشنا

خالِ آن لب دیدہ کے عقل ار ماند بجاے — با خیال مے چون شود بی گونہ افسون آشنا

ریشِ دل تا سوز شد زان گیسوانِ مشکبار — زخمِ این افعی نمی باشد بہ افسون آشنا

پیے بریز کار گر دل از ہلال بادہ سنج — ہر کہ باشد با فریبِ لعل دارد دل آشنا

شہدِ دانش را بہ تلخیہاے نادانی دہد
گر بود صفراى ہاشم با فلاطون آشنا

Marfat.com

۲۶

آپ کی دوسری غزل

نگر صراحیِ مے اگر از طریقهٔ راست / که گاه قهقهه صد گریه در گلو دارد

کجاست سوزنِ مژگان بجلت تا تنگ / که پاره پارهٔ دلِ من چو صد رفو دارد

لباسِ فاختگان ارچه اسپید است / که سروِ باغ نشیمن بطرفِ جو دارد

گره ز نظارهٔ او دل برسم ابرو پیش / ز گفتگوی لبِ بسته گفتگو دارد

هزار مژده به دیوانگانِ عشق که یار / هزار سلسله در پیچ پیچ مو دارد

بکعبه سجده کنان خلق و سجده آنِ هم / به دلبرے که دلِ کعبه رو برو دارد

آپ کی ایک مثنوی

ذبابے را تمنائے شکر شد / بپر یا سود اسوئے هر بام و در شد

بدکانِ شکر ریزے بناگاه / رسید از بعد جستجو ها سے جاگاه

به پیرامونِ دکان بخیله برخواست / کز آشوبِ سفر سازد نفس راست

نکرده کامِ خود شیرین بناکام / بدامِ عنکبوتش کرد آرام

نهانِ خواجه پرواز از دلِ ریش / ببریدی زود دست از جانِ خویش

من اکنون یک ذبابِ ناتوانم / بقید افتاده سے بید دست و پایم

که از دستِ غمِ سودائے شکر / به دکانِ زجودم گشته رهبر

Marfat.com

۲۸

مشامم بوی آن شکر ندیده
جهان در دام حیرانم کشیده

شکر خاطر طیم در خویش محبوس
ز هندوستان شکر مانده مایوس

چه خواهد شد اگر این دم زمانی
درین دکان از آن قندم چشانی

چه یاد آرم شکر غلطیدن از پیش
زنم بر سنگ و آهن سینهٔ ریش

کنون چون ذکر هندوستان در افتاد
مرا عود جگر در مجمر افتاد

که آن قندی که شیرین تر ز جان است
کنون در خطهٔ هندوستان است

یکی زین تنگ شکرهای نیرنگ
سرایم کز شکیب آمد دلم تنگ

الا سودائیان شهریست در هند
که اندر پای او بنهاده سر هند

سوادش زلف و رخسار شوخ است
غبارش طوطیای چشم روح است

درین شهری که نامش مظهر آمد
بعهد ما عجب کانی بر آمد

چه معدن معدن قند معانی
به شکر اوست این شکر فشانی

ازو پیدا بهر شهری دکانها
روان در دشت جانها کاروانها

تو اندر جنس خود دانم یقینی
به دشت این کاروانها که بینی

جهان یک ذره قندش را بهائیست
ولیکن مشتری غیر از گدا نیست

شکر بخشم بنامش کام جان را
نیی شکر کنم کلک بیان را

مرا هم تا رقم الها بشارت
بر اسمی کز مسیحا شد اشارت

Marfat.com

۲۹

بود هر حرف نامش رمز غایت / الف از راستی بگرفته رایت

بود قلاب خاور بحر نامش / که او صاف شما آید بکامش

ز دال شد میم تا باشد سخنگو / نه بد در کار محرم مرشد او

چهارم حرف کان چار است دال است / که او از چار نعمت ذی نوال است

بسه قسمت ولایت خیمه افراشت / ز بس کار صحیح نبوت نور برداشت

ز نامش اول و آخر شد میم / از آن سو سوی رمز راه بردم

گر شخص نام او سطی و آخر می / ز رحمتها ست دریا بیا ای

همی تنها به اجداد نسبتی نیست / چه گویم با کسی کو محرمی نیست

ز تجدیدش حدیث کهنه نو شد / کسی داند که در عشقش گرو شد

هزار اندر چمن دستان گذار است / که این گل رونق باغ و بهار است

ترا گر نیست فهم راز بلبل / به بین گل گر نداری درد فهم گل

بتذکیرش دل هر ذره خاشر / ولی کمتر ابها انتما هند کمتر

مرا نسبت به اخلاق فاروقی / به زهر منقصت تریاق فاروقی

همین فرزند فاروقی است چون آب / کشود لطفی از زبان او گند آب

ز سر یک نقطه اش چون نافه پر / شمیم و گل چا تا ... زند سر

گران کس که مغز از کام است / چه داند نافه اش گر و رشامه است

که ... ولایت صغری و ولایت کبری و ولایت علیا ۱۲ منه

Marfat.com

زعفران گرچه صد ره یار دان کرد ‌ ‌ یکے پر گفت و خند دیگہماں کرد

اگر ظاہر کند اسرار مورے ‌ ‌ ورا ندازد بہفت افلاک شورے

لیسے پیران بنزدش طفل راہند ‌ ‌ چومن لب تشنہ نیم نگاہ هند

بصحرائے سمند انگیخت این شاہ ‌ ‌ کہ تا آید ار شما در اجماره دررا ه

ملاحت ہای ذاتی را درین خوان ‌ ‌ بدا از طرف حبیب اللہ نمکدان

صباحت ہای آن قند مصفا ‌ ‌ سوی خوان خلیل اللہ مہیا

شناست را از این یہ شہد در آمیخت ‌ ‌ بجا ہم قطرۂ والا می اندر یخت

خلیلا! تلخ کام و سینہ ریشم ‌ ‌ شنو دریک شب کمی مہمان خویشم

نمک بیزی بر لیشم ز آن ملاحت ‌ ‌ شکر ریزی بکامم زان صباحت

سوی خوان خلیل آن سر کافر ‌ ‌ بیاں آمد نمایاں شد تو اگر

مکمول ای طفل دون آن سر مخذول ‌ ‌ بدین نان آمد و باندہ چول اول

نمکت بیزد ہمیں ناسور حرمانش ‌ ‌ شکر ریزد ہمیں صفرائے ایمانش

اگر بودم سراپا سنگ خاره ‌ ‌ ہم از افسردگی سنگ شراره

بر طلوا شیرے تو شد فلاخن ‌ ‌ زد از آوارگی بر سینہ ناخن

سنول گرفتار و ہم نہرین شب تاریک خانہ ‌ ‌ فگندہ ہم شورے درول نمک سار

زنگیہ آن بود کہ بہت گمارد ‌ ‌ دگر گاہ برپا از دو کنارے کم دارد

Marfat.com

آپ کا ایک والہانہ قطعہ[31]

ای آبشار[1] نوحہ گر از بہر کیستی   چیں برجبیں فگندہ ز اندوہ کیستی

آخر چہ درد بود کہ چوں من تمام شب   سر را بہ سنگ می زدی و می گریستی

قلمی دیوان ہاشم کا تذکرہ | اس دیوان و مثنویات و قطعات وغیرہ کا مجموعہ ابھی تک طبع نہیں ہوا ہے بمبئی میں ملا فیروز نامی ایک پارسی کے کتب خانہ[2] میں آپ کا ایک

۱؎ برہان پور سے چھ سات میل کے فاصلہ پر بجانب مشرق ایک مقام محل گرہ اڑا کے نام سے مشہور ہے وہاں ایک ندی ہے جس کے دونوں جانب یعنی شرقی و مغربی کنارے پر شاہی زمانے کے محل بنے ہوئے ہیں ان محلوں کے بیچ ندی میں جو آبشار شمال رویہ بلندی سے گرتی ہے اس کا نظارہ نہایت دلفریب اور جاذب توجہ ہے لوگ سیر و تفریح کے لئے وہاں جاتے ہیں حضرت خواجہ سید ہاشم آنجناب پیر و مرشد کے ہمراہ معہ احباب و مریدین گئے تھے وہاں شب بسر کی تھی آبشار کو دیکھ کر آپ کے دل پر پیر و مرشد کی فرقت کا چوٹ لگی اور بے اختیار یہ قطعہ آپ کی خاطر عاطر سے نکلا جو آج تک کتب تاریخ میں ثبت ہوا اور آپ کے عشق صادق بجناب مرشد پر گواہ عادل ہے ۱۲ مصنف۔

کتب خانہ ملا فیروز | ۲؎ اس فہرست میں تحریر ہے کہ ملا فیروز ابن کاؤس پارسی کا کتب خانہ جو ملا فیروز ولادت ۱۷۵۸ء میں مقام بمبئی قائم ہوا اور ۱۸۵۸ء میں کتب خانہ مدرسہ سے جدا کر دیا گیا اور بمبئی کے خورشید جی رستم جی کے ایک بڑے کتب خانے کے ساتھ الحاق کر دیا گیا

Marfat.com

قلمی دیوان موسومہ بہ دیوان ہاشم موجود ہے اس کتب خانہ کی ایک فہرست انگریزی زبان میں قلمبند ہے اُس کے صفحہ ۵۴۲ پر کتب قلمیہ کے ضمن میں یہ پہلے دیوان ہاشم

تکملہ صـ۲۱ حاشیہ۔

تحفظ فہرست جداگانہ بطور ایک مستقل کتب خانہ کے منتقل کر دیا گیا جس کا پتہ یہ ہے کہ۔

آر کاما اورینٹل انسٹیٹیوٹ نمبر ۱۳-۱۳۶ اپولو اسٹریٹ فورٹ بمبئی۔

حالات ملا فیروز | بانی کتب خانہ مذکورہ یعنی ملا فیروز ابن کاؤس بھڑوچ میں ۱۷۵۸ء میں پیدا ہوئے ۱۷۶۸ء میں بعمر ہشت سال ان کے والد کاؤس انہیں اپنے ہمراہ ملک ایران لے گئے وہیں ان کا نشو ونما اور تعلیم ہوئی اور فضلا ہر علمائے بہ تحصیل علوم کی تکمیل کے بعد پھر ہندوستان واپس ہوئے علوم مشرقیہ کے مشاغل سے دلچسپی رہی کتب خانہ جمع کیا چنانچہ دیوان ہاشم مشرحہ بالا کے ابتدائی ورق پر لکھا ہے کہ اس کو ۱۵ روپیہ میں خرید کیا۔

ملا صاحب موصوف نے مختلف شعبہ جات علوم پر تصانیف کی ہیں ۱۸۰۶ء میں انگریزوں کے ہندوستان فتح کرنے پر ایک کتاب بطرز شاہنامہ فارسی میں جارج نامہ لکھا ۱۸۱۷ء میں فتح پونہ تک کے حالات لکھنے پائے تھے کہ ۱۸۳۰ء میں بعمر ہشتاد سال راہی ملک عدم ہوئے ان کے انتقال کے سات سال کے بعد ۱۸۳۷ء میں ان کے برادر زادہ رستم جی ابن کیقباد نے اس کو طبع کرایا ۱۲ منہ

Marfat.com

مندرج ہے۔

اس دیوان کا ورق آخر دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ حسب الحکم میر قطب الدین عرف منجھلے شاہ سورتی برای شاہ پیراں محمد بتاریخ ۲۷ صفر ۱۱۵۸ھ بمقام سورت بقلم محمد فقیر اللہ لکھا گیا۔

اس کے اوراق ایک سو اڑتیس گویا دو سو چھہتر صفحے ہیں عمدہ سورتی کاغذ پر تحریر کیا گیا ہے تقطیع ۱۰-۶-۱ انچہ مسطرہ ۱۵ سطری ہے اس حساب سے (۴۱۴۰) اشعار ہوتے ہیں۔

خاتمہ منظوم دیوان ہاشم قلمی

شکر للہ تمام شد نسخہ ... میر ہاشم دیوان خوش تحفہ
ہر قدمش در میان دائرہ درد ... شد منور بہ کشمیر برہان پور
از خطِ کمترین فقیر اللہ ... خاک پائے نبی رسول اللہ
حسب ارشادِ التفاتِ پناہ ... قطب دیں میر عرف منجھلے شاہ
زحسب و نسب ز فرزنداں ... بندگی شاہ نور قطب زماں
دولت و عمر او مدام زیاد ... بقا اللہ در جہاں دل شاد
در میان مقام خوش شد ... نام او سورت است فتح و ظفر
ہم نشیں اتفاق پیش حضور ... خلق بسیار در دو پشتش مشہور

Marfat.com

شاہ پیراں محمدؐ است اسم | محترم ہم معظم و اعظم
مسجدِ جو بگو ز فیضِ نظام | شدہ مشہور از طفیلش نام
ہم تبارِیخ بست و ہفتم شہر | الغضنفر شامش تحبیر ظفر
درمیانِ جلوسِ عالی جاہ | بادشاہِ جہاں محمد شاہ
سنِ ہجری ہزار و یکصد بود | ہشت و پنجاہ وگر بر وافزود
گر کسے می کند مطالعہ ایں | از دل و جاں دعا کند بہ یقیں
کہ رود کاتبش بخیر تمام | از طفیلِ حبیب و آلِ کرام

درمیانِ بہشت جائش باد
تادم آخریں دلش بادا شاد

آپ کی تاریخ گوئی حضرت خواجہ سید ہاشمؒ فن تاریخ میں بھی کمال رکھتے اور بے تکلف تاریخ گوئی فرماتے تھے چنانچہ حضرت مجددؒ کے قطعاتِ وفات میں تاریخی جملے نکالے اور حضرت مخدوم زادہ کا مرثیہ اور قطعاتِ تاریخی نیز قصبہ جات برہان پور کے تاریخی قطعات تحریر فرمائے۔

حوضِ اکبر برہانپور کی تاریخ تعمیر چنانچہ آپ کے زمانہ میں بحکم شاہی برہان پور میں جب حوض کلاں کی تعمیر اختتام کو پہونچی (یہ حوض اب تک جناب مرزا سکندر علی صاحب پیرزادہ کے صحن مکان کے آگے متصل کاریز بازار میں مچھلی کا ریخ کے نام سے موسوم

Marfat.com

اور ہر طرح سے محفوظ ہے۔ آپ نے اس کی تاریخ تعمیر الفاظ در حوض اکبر ۱۰۳۷ھ
سے نکالی اور قطعہ تاریخ لکھا۔ ۱۰۳۷ھ

از حکم شہ جہاں خورشید ظہور ٭ در شہر شان اعظم برہان پور
بنہاد شاہ خان جہاں حوض بزرگ ٭ شد سال بنایش حوض اکبر مسطور

تاریخ وفات حضرت شیخ محمد بن فضل اللہ

حضرت شیخ محمد ابن فضل اللہ نائب رسول اللہ قدس سرہ العزیز نے جو برہان پور کے مشائخ کبار سے تھے، جب ۱۰۲۹ھ میں یکم رمضان المبارک کو انتقال فرمایا آپ نے الفاظ ابن فضل اللہ میں اُن کی تاریخ وفات ارقام فرمائی۔

۵۔ مختصر تذکرہ حضرت شیخ محمد ابن فضل اللہ نائب رسول اللہ و حضرت عیسیٰ العرفاء مسیح الاولیاء شاہ عیسیٰ جند اللہ رحمہما اللہ تعالیٰ۔

یہ ہر دو بزرگواران موصوف الصدر حضرت خواجہ میر محمد نعمان رحمہ کے معاصر ایسے بزرگان کاملین سے تھے جن کے حالات سے بڑی بڑی کتب تواریخ بھری ہوئی ہیں اور جن کے فیوضات ظاہری و باطنی سے ہندوستان سے لیکر عرب و عجم تک منور ہیں اور جن کے مزارات آج تک زیارت گاہ خلائق اور وسیلہ انجاح مطالب و آرزو ہیں۔ لہٰذا مناسب معلوم ہوتا ہے کہ برہان پور کے ان دونو بزرگوار کامل ہستیوں کا تذکرہ مختصر انداز میں تبرکاً و تیمناً کر دیا جاتا ہے۔

Marfat.com

تاریخ وفات حضرت خواجہ حسام الدین نقشبندی

آپ نے یہ قطعہ تاریخ بابت وفات خواجہ حسام الدین خلیفہ ولایت پناہ حضرت سید نا خواجہ باقی باللہ تحریر فرمایا۔

پاک دل خواجہ حسام الدین را ؎ بازئی تا قلعہ این زادہ گوئے
ہم بہ انوارِ وجود دانش داں ؎ ہم ز اسرارِ شہود آگہ گوئے
نافعِ خلق بُد او سالِ وفات ؎ ولی نافعِ خلق اللہ گوئے

نوٹ۔ یہ قطعات تاریخ جناب سید مطیع اللہ صاحب راشد برہان پوری نے دیئے ہیں و بحوالہ شکریہ

احوال حضرت شیخ محمد ابن فضل اللہ
نائب رسول اللہ

آپ برہان پور کے مشہور اولیاء کبار سے ہیں علوم ظاہری و باطنی میں کامل و اکمل تھے آپ کی تصانیف بکثرت ہیں از انجملہ تحفۃ المرسلہ الی النبی عربی زبان میں آپ کی نہایت قابل قدر تصنیف ہے جس کی مختلف علماء نے شرحیں لکھی ہیں یہ کتاب علوم حقائق میں ہے آپ زیارت حرمین شریفین سے بھی مشرف ہوئے تھے عرصہ تک مدینہ منورہ میں رہکر تحصیل علوم فرمائی یکم رمضان المبارک ۱۰۲۹ھ میں آپ نے داعی اجل کو لبیک کہا۔

آپ کا مزار شریف بیرون حصار برہان پور محلہ شیخ پورہ میں واقع ہے یہ محلہ آپ نے ہی بسایا تھا کہتے ہیں کہ کسی زمانہ میں صرف اس ایک محلہ میں سات سو حفاظ قرآن شریف کے تھے اب یہ محلہ ویران اور جنگل کی صورت میں ہے صرف آپ کا گنبد شریف اور ایک مسجد باقی ہے

Marfat.com

آپکی پھر مسند شریف سے برہانپور واپسی | اس کے بعد آنحضرت کے ارشاد کے مطابق آپ برہانپور واپس تشریف لائے اور

چونکہ حضرت میر محمد نعمان صاحب بحکم بادشاہی اکبر آباد (آگرہ) بلالیے گئے تھے اور وہ

آپ کے مزار سے کچھ فاصلہ پر آپ کے نبیرہ محترم شاہ محمد وارث رحمۃ اللہ علیہ متوفی سنہ ۱۱۸۲ھ کا مزار شریف ہے کسی شاعر نے اپنی ایک نظم میں آپ کے سن وفات کا مادہ تاریخ "رکن عالم رکن دین رفت" نکالا ہے سنہ ۱۱۸۲ھ (اس کے متعلق بھی انعام جاگیر از قسم اراضیات گرام جیسرا دن کے وارثوں کا قبض دخل ہے اور وہ اسکو اپنی ضروریات اور عرس شریف میں صرف کرتے ہیں)

سفینۃ الاولیاء میں دارا شکوہ نے آپ کو حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی اولاد سے لکھا ہے لیکن تاریخ برہان پور میں مولوی خلیل الرحمن صاحب مرحوم نے بدلائل واضحہ ثابت کیا ہے کہ آپ نسباً سید تھے اور شیخ کا لفظ آپ کے نام کے ساتھ محض ازراہ تعظیم اور بسبب علمی قابلیت کے مستعمل ہوا ہے۔

آپ کے دو فرزند تھے بڑے فرزند حضرت خواجہ فضل اللہ رحمۃ اللہ علیہ جن کی اولاد بلدہ حیدرآباد میں آپ کی معزز عہدوں پر فائز رہی اور دوسرے فرزند حضرت خواجہ فضیل علیہ الرحمۃ جن کی اولاد آج تک اپنے مسکن برہان پور اور بیجاپور میں موجود ہے اور آپ کی جاگیرات و انعامات سے بقدر حصہ شرعی بہرہ مند ہے یکم رمضان المبارک کو آپ کا اور حضرت شاہ وارث صاحب کا عرس شریف نہایت اہتمام سے ہوتا ہے۔

Marfat.com

مجبوراً وہیں ٹھہر گئے تھے۔ لہٰذا برہان پور اور دکن کی قطبیت وارشاد کا تعلق آپ کی
ذات عالیہ سے رہا یہاں پہنچکر آپ نے جس محنت و توجہ سے اس سلسلہ
عالیہ نقشبندیہ مجددیہ کی ـــ

طریقہ نقشبندیہ مجددیہ کی خدمت | احیاء سنت کی اور اس کا بیان حیطۂ تحریر و تقریر سے باہر ہے

آپ حضرت مجدد الف ثانی رضی اللہ عنہ کے مراقب عالیہ کے متصرف تھے اور حضرت
میر محمد نعمان علیہ الرحمۃ کو آپ سے بالمشافہ ملاقات تھی۔

ایک مرتبہ ایک شخص ملاقات کے لیے آپ کے پاس مرید ہونے کے لیے آیا تو آپ نے فرمایا ہمارے
قریب ہی اتنے بڑے مرجع خلائق بزرگ (حضرت مجدد) موجود ہوتے ہوئے تم مجھ سے بیعت کرنے آئے
چنانچہ شخص حضرت مجدد کے ... آپ بھی پابند اتباع سنت و مجتنب بدعات تھے۔

آپ کے حالات تذکرات کتب تواریخ میں بہ تفصیل مندرج ہیں ۱۲ منہ

حضرت شاہ عیسیٰ جند اللہ
رحمۃ اللہ علیہ

جامع معقول و منقول حاوی فروع و اصول علوم ظاہری و باطنی میں وحید عصر و فرید دہر تھے
تمام تعلیم اپنے والد ماجد شیخ محمد قاسم اور عم بزرگوار شیخ محمد طاہر سے حاصل کی اپنے وطن مالوف ملک سندھ
سے آکر برہان پور اقامت گزیں ہوئے آپ کے دریائے فیض سے ہزاروں تشنہ کامان وادی طلب
سیراب ہوئے۔ حضرت شاہ برہان رازالٰہی آپ کے اعظم خلفا سے تھے جن کا مزار شریف محلہ سندھی پورہ

حق تو یہ ہے کہ ملک دکن میں اس سلسلہ کو وہ فروغ حاصل ہوا کہ دوسرے سلاسل ماند پڑ گئے گویا کہ آفتاب و کواکب کا فرق نظر آنے لگا۔

معلوم رہے کہ طریقۂ عالیہ نقشبندیہ مجددیہ (جیسا کہ جواہر مجددیہ میں بیان ہوا ہے) بدعات مرضیہ خلاف شرعیہ سے مجتنب اور محترز رہنا اور اتباع

برہان پور کے ایک وسیع احاطہ میں زیارت گاہ خلائق ہے ان کا عرس شریف ۱۵ شعبان المعظم کو ہوتا ہے وصال شریف سنہ ۱۲۰۸ھ ہے عمر شریف اسی سال سے زیادہ پائی۔

حضرت شاہ علی طریقہ شطاریہ میں حضرت شاہ لشکر محمد عارف کے مرید و خلیفہ خاص ہیں وجود با کمال بزرگ اور حضرت محمد غوث گوالیاری کے خلفاء سے تھے بیرون حصار برہان پور موضع رتی پورہ میں (جو آپ کی بیٹی صالحہ کاملہ مسماۃ بی بی رتی کے نام مبارک سے آباد ہے) آپ کا مزار شریف ہے ۲ شوال المکرم سنہ ۱۰۳۱ھ کو آپ کا وصال ہوا یکم شوال کو آپ کا اور ۲۱ رمضان المبارک کو صاحبزادی کا عرس شریف ہوتا ہے بہت کم اراضیات ان درگاہوں کے نام معافی انعام تھیں جو اب نہیں ہیں۔ مزار پر صاحب موجود متولی اور سجادہ نشین دونوں عرس کرتے ہیں۔

آپ کا لقب خلیفۃ اللہ پیر و مرشد شاہ لشکر کی طرف سے تھا کہ خلیفہ اور لشکر قدس سرہ العزیز آپ کا وصال ۲ شوال المکرم سنہ ۱۰۳۱ھ کو ہوا۔ آپ کے فرزند اور خلیفہ خاص حضرت شاہ شیخ محمد صاحب محدث مؤلف حضرت الشیخ شاہ ہیں۔ مصنف کتب مفتاح الصلوٰۃ فتوح الاوراد و فتوح الغیب و فتح المدارج الانفہ آپکی تصانیف سے ہیں آپ کے بڑے فرزند شیخ عبد الستار صاحب کامل بزرگ تھے مجلد دوم ادبیہ میں

سنت سنیہ پر مواظبت و مداومت کرنا ہے چنانچہ کتاب مذکور میں لکھا ہے کہ

انتخاب از جواہر مجددیہ

اس سلسلہ کی ابتدا حضرت سیدنا ابوبکر الصدیق رضی اللہ عنہ سے ہے اور جس طرح حضرت ابوبکر صدیق مرتبہ انبیا و مرسلین کے بعد تمام انسانوں سے خواہ وہ صحابہ ہوں یا غیر صحابہ سب سے افضل و اعلیٰ ہے اسی طرح اس سلسلہ علیہ کی افضلیت و برتری تمام طریقوں پر ثابت ہے سبب یہی ہے جو بیان کیا گیا کہ یہ طریقہ عالیہ یعنی صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا طریقہ ہے اور بالکل شریعت نبویہ اور سنت مصطفویہ علی صاحبہا الصلوٰۃ والسلام سے مستنبط و ماخوذ ہے

افضلیت طریقہ نقشبندیہ

اس طریقہ عالیہ میں نہ کوئی امتیازی لباس ہے نہ ذکر

آپ کا مزار شریف گنبد عالی شان کے اندر ہے اسی احاطہ میں ایک بلند چبوترہ پر مسجد بھی ہے۔ آپ کے خاندان کے مزارات بھی یہیں ہیں جاگیرات جو تھیں وہ اب حکومت کے قبضہ میں آگئے ہیں۔ اس وقت آپ کی درگاہ کے متولی جناب حکیم لاڈلے صاحب ابن جناب بسم اللہ صاحب ہیں آپ اور آپ کے بہنوئی جناب محمد منور صاحب نائب قاضی برہان پور اور آپ کے بھتیجے یعنی فرزندان حافظ احمد صاحب مرحوم آپ کا عرس شریف حسب شریعت عمدہ طریقہ سے کرتے ہیں یہ سب حضرت شاہ عیسیٰ کے خاندان سے ہیں ۱۲ منہ

Marfat.com

بالجہر معازف و مزامیر کے ساتھ سماع و غناء نہ یہ طریقہ قبور پر روشنی اور چراغاں کی اجازت دیتا ہے اور نہ کسی کی قدم بوسی اور سجدہ تعظیمی کو جائز رکھتا ہے ایسا ہی اُن بدعات اور رسومات سے دور رہتا ہے جس کو شریعت حقہ کے اصول و قواعد سے کوئی تعلق نہیں بخلاف دوسرے طریقوں کے کہ اُن میں ایسی پابندی نہیں ہے۔ یہ ظاہر ہے کہ اس پر آشوب زمانہ ظہور کذب و فساد اور شیوع بدعات شنیعہ میں کہ عوام کے لئے یہی چیزیں دلچسپی کا موجب اور یہی باتیں ولایت کی علامت رہ گئی ہیں کسی ایسے پاک طریقہ کا رائج ہونا بجز کسی محترم ذات کے ذریعہ ایسا ترقی پانا کیسا مشکل کام تھا۔

مشکلات اشاعت طریقہ نقشبندیہ

پس ہمیں خیال کرنا چاہیئے کہ حضرت خواجہ معصوم رحمۃ اللہ علیہ کو قطب ارشاد ہو کر یہاں آ نکلے بعد ملک دکن میں طریقہ نقشبندیہ کی ترویج و اشاعت میں کیسی مشکلات پیش آئی ہوں گی۔ خود آپ کے پیر و مرشد ہمارے آقا و مولا حضرت مجدد الف ثانی رضی اللہ عنہ کو اسی زمانہ کی بدعتوں کو مٹانے اور احکام شریعت شریفہ پر چلانے میں ایسی دشواریاں پیش آئیں کہ خارج از حد بیان ہیں۔ سلاطین و امراء سے لیکر عوام کالانعام تک قرآن و حدیث و فقہ و تفسیر کے آداب و قوانین اور احکام و فرائض عین کو پس پشت ڈالکر لا ابالی زندگانی میں منہمک و مصروف تھے صوفیائے کرام سے قطع نظر

Marfat.com

۲۴۱

کبائر کا ارتکاب بغیر خوف و ملامت لائم ہوتا تھا اور ایک گروہ کثیر و جم غفیر کی زندگی [illegible] و آوارگی میں بسر ہوتی تھی۔

حضرت مجدد الف ثانی رضی اللہ عنہ نے قید و بند کے مصائب جھیلے زن و فرزند کو تکلیف میں ڈالا مگر جو کام من جانب اللہ لیکر آئے تھے اس کو بہر طور پورا کیا اور چونکہ الف ثانی کے مجدد اور مامور من اللہ تھے لہٰذا انھوں نے کسی مصیبت اور کسی خطرہ کی اور شریعت نبویہ اور دین قیم رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ و اصحابہ وسلم کی تجدید و تاسیس کر کے حق کے جھنڈے کو بلند کیا۔

یہی کام مخدوم زادگان گرامی اور آپ کے خلفاء کبار نے اطراف و اکناف ہند و بیرون ہند ایران و توران اور ممالک روم و شام و افغانستان میں انجام دیا اور ایسا انجام دیا کہ تاریخ داں حضرات آج تک احسنت و مرحبا کہتے اور موافقین شاباش و صلی علی کے نعرے بلند کرتے رہے ہیں۔

اشاعت طریقہ نقشبندیہ حضرت خواجہ سید ہاشم رحمۃ اللہ علیہ جب سرہند سے برہان پور آئے تو یہاں بھی شہر کا حال و قال اور وہی رنگ و خیال تھا یہاں کے خواص بھی عوام کی رائے کے تابع تھے اور مرشدین و مسترشدین سب کے سب ہم نوا بہ استثنائے معدودے چند خواص سب کے یہاں بدعات و مخترعات مروج تھے اور جن لوگوں کو بدعات میں زیادہ توغل ہوتا تھا وہی زیادہ روشن خیال سمجھے جاتے تھے اس لئے آپ شروع میں کچھ کھٹکے سے لوگوں کو کوسنے سے کیا فائدہ مگر چونکہ آپ کے کام میں للہیت

اور سنوں میں تھا اور حضرت قیوم اول کی توجہات باطنیہ شامل تھیں اس لئے کچھ زیادہ عرصہ نہ گزرا کہ آپ کے کام کو وہ فروغ حاصل ہوا کہ آپ خورشید درخشاں بن کر آسمان فضل و کمال پر چمکنے لگے علماء و فضلاء اور مشائخ کرام سے لیکر امراء و سلاطین تک پروانہ وار اس شمع ہدایت کے گرد و پیش جمع ہو گئے جب آپ کوئی مجلس کرتے تو ہزارہا شائقین جمع ہوتے اور کمال اعتقاد سے آپ کی ہدایات کو سنتے اور بدل و جان اُن پر عمل پیرا ہوتے اور جب آپ سوار ہوتے تو اکابر و عمائد شہر آپ کی ہمراہی کو باعث سعادت و افتخار سمجھتے

آپ کی شان سواری آپ ایک روز بزمانہ ہدایت و ارشاد برہان پور میں گھوڑے پر سوار ہو کر کہیں جا رہے تھے اور بہت سے امراء و حکام آپ کے جلوس میں تھے لوگوں کا زیادہ ہجوم تھا اس وقت براہ فطری انکسار آپ پر رقت طاری ہو گئی اور فرمایا کہ میں کیا اور میری لیاقت و قابلیت کیا یہ سب کچھ پیر و مرشد کے ایک کلمہ کا ظہور ہے جو آپ نے اس فقیر کی نسبت فرمایا تھا جس کا واقعہ یہ ہے کہ لاہور میں ایک روز میں اور دوسرے اکابر آپ کی سواری کے ہمراہ جا رہے تھے پس اس ہجوم میں بھیڑ میں گر پڑا آپ نے فرمایا کہ ای خواجہ بہت جلد وہ زمانہ آئیگا کہ تو گھوڑے پر سوار ہو گا اور اکابر تیری سواری کے جلوس میں ہوں گے۔

آپ کی بے ریائی و حق گوئی آپ کی بے ریائی اور حق گوئی کی یہ کیفیت تھی کہ خواہ کوئی ایک معمولی آدمی سمجھتے تھے اور کیسا ہی بڑا آدمی ہو آپ حق گوئی میں اس کی رعایت

Marfat.com

نہیں کرتے تھے اور منہ پر کھری کھری کہہ دیتے تھے۔

آپ کا استغنا بے پروائی اور استغنا کا یہ عالم تھا کہ لوگ نذریں دیتے اور نہ لیتے حالانکہ برہان پور میں ایسے بہت بزرگ ہیں جن کے یومئے اور جاگیر بند بھی ہوئی ہیں مگر آپ اس سے بالکل مستغنی اور بے نیاز رہے۔ بزرگان دین کی بہت سی درگاہوں کے معمول مقرر ہیں لیکن آپ کی درگاہ کے لئے کچھ بھی نہیں ہے نہ گنبد ہے نہ گنبد کے متعلق کوئی خانقاہ ہے۔ توکل قناعت آپ کا شیوہ اور صبر و ایثار آپ کا شعار تھا۔ جو کچھ آپ کے پاس آتا اس میں سے بقدر احتیاج رکھ لیتے باقی سب راہ خدا میں دے دیتے تھے۔

آپ کے اوراد و وظائف آپ اوراد و وظائف میں اپنے پیر و مرشد حضرت مجدد کے قدم بقدم پیرو تھے۔ جو اذکار و اشغال ان کے کتب تواریخ خصوصاً جواہر مجددیہ میں مرقوم ہیں بعینہٖ وہی آپ کے تھے۔

آپ کی شادی معزز خاندان شیوخ دہلی میں آپ کی شادی ہوئی آپ کے خسر صاحب کا نام معلوم نہ ہو سکا اتنا معلوم ہوتا ہے کہ دہلی کے باشندے تھے فوج بادشاہی میں ملازم تھے بادشاہ کے ساتھ دہلی سے برہان پور آئے اور یہیں سکونت اختیار کر لی تھی اور یہیں وفات واقع ہوئی۔

آپ کی اولاد آپ کی اولاد میں ایک صاحبزادہ خواجہ قاسم اور ایک دختر

۵۴

مسماۃ صفیہ خاتون بی بی تھے جن کا بعمر ۱۴ سال لاولد انتقال ہو گیا تھا صاحبزادہ کے
متعلق ایک زمانہ تک برہان پور میں قیام کا پتہ چلتا ہے چنانچہ ایک دستاویز پر العبد
فقیر محمد قاسم بن خواجہ ہاشم مرحوم بتاریخ ۲ ماہ ذی قعدہ ۱۰۶۹ھ تحریر دیکھی گئی۔

آپکے خلفاء

آپ کے سب خلفاء کا حال معلوم نہ ہو سکا مگر تحقیق ہے کہ آپ کے
مشہور خلفاء سے ایک تو آپ کے صاحبزادے یعنی خواجہ سید محمد قاسم علیہ الرحمۃ تھے اور دوسرے
مرد صحبت یافتہ فاضل و کامل التحصیل مولانا شاہ سید عبداللطیف صاحب تھے جن کی تاریخ
وفات اور عمر شریف معلوم نہ ہو سکی صرف اتنا پتہ چلتا ہے کہ ان کے مزارات دہلی
میں جہاں بعد میں آپ کے نعش مبارک منتقل کی گئی اور وہاں حالیہ مزار شریف واقع ہے۔

آپکی وفات و مزار شریف

وفات شریف حضرت خواجہ سید ہاشم رحمۃ اللہ علیہ

آخر وہ وقت آپہنچا جو ہر ذی روح کے لیے مقرر و متعین ہے اور جس سے انبیاء و
مرسلین بھی مستثنیٰ نہیں ہیں یعنی حضرت خواجہ سید ہاشمؒ نے بعد تین روز کی مختصر علالت کے
داعی اجل کو لبیک کہا اور آخری سانس تک بندگان خدا کو ہدایت کرتے رہے اور شاہباز شہر
طریقت دیکھتے دیکھتے وہ شاہباز اوج معرفت اور شاہین آشیانہ حقیقت رجب ۱۰۵۴ھ
میں اپنے رفیق اعلیٰ سے جا ملے اور عیدگاہ برہان پور کے جانب شرق ایک ٹیلے کے
فاصلہ پر باغ زیرا ندی ہے کی قدر دور بجانب غرب سپرد خاک ہوئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

Marfat.com

۱۶۴
آپ کی کرامتیں

حضرت خواجہ سید ہاشمؒ کی کرامات اور خوارق عادات بہت زیادہ ہیں جن کا بیان موجب طوالت ہوگا یہاں صرف چند کرامات بیان کی جاتی ہیں۔

ایک تو یہ کہ منتقلی مزار کے وقت جو دو سو سال بعد عمل میں آئی آپ کی نعش مبارک جیسی تھی ویسی ہی رہی کسی قسم کی بوسیدگی یا خستگی کفن یا جسم مبارک میں پیدا نہیں ہوئی کہ آپ کی بشارت کے مطابق اس کو دوسری جگہ دفن کیا گیا

دوسری کرامت یہ کہ اتنی مدت گزر جانے پر مولانا خواجہ احمد حسینؒ صاحب نے ارشاد روحی فرما کر سلسلہ کو دوسرے طریقہ سے جاری کرایا۔ مزار شریف کی تعمیر ہوئی: عرس شریف دوبارہ جاری ہوا۔ اس کے علاوہ دو کرامتیں آپ کے مزار شریف سے اب تک جاری ہیں اور اہل شہر و دیہات کا اسی پر عمل درآمد ہے۔

ایک یہ کہ کوئی لڑکا کیسا ہی غبی اور کند ذہن ہو آپ کے مزار پاک کی تھوڑی سی مٹی پانی میں گھول کر اس کو پلا دی جائے تو وہ ذکی و ذہین ہو جاتا ہے۔

دوسری یہ کہ اگر کسی کو سانپ کاٹا ہو اور شفا کے لئے آپ کے مزار پر انوار پر حاضر ہو کر عرض کیا جائے تو بفضل خدا اس کو صحت ہو جاتی ہے۔

کرامت | آپ فرماتے ہیں کہ ایک روز میں نے اثنائے تلاوت میں سورہ بنی اسرائیل کی یہ آیت کریمہ وَمِنَ اللَّيْلِ فَتَهَجَّدْ بِهِ نَافِلَةً

Marfat.com

پڑھی اور خیال کیا کہ برکات مقام محمود حاصل کرنے کے لئے نماز
تہجد کا پڑھنا کچھ خصوصیت ضرور رکھتا ہوگا حضرت پیر و مرشد سے دریافت کرنا چاہیے
پس اس نیت سے میں آپ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ اس وقت آپ ارادہ وضو
فرما رہے تھے مجھے دیکھتے ہی فرمایا کہ کیا تم نماز تہجد پڑھتے ہو۔ میں نے عرض کیا جی ہاں
ارشاد فرمایا جو شخص مقام محمود (مقام شفاعت) سے برکات لینا چاہتا ہے اس کو چاہیے
کہ پابندی کے ساتھ نماز تہجد پڑھے اور یہی آیت تلاوت فرمائی میں نے عرض کیا کہ میں
اس وقت اسی کے دریافت کے لئے حاضر ہوا تھا الحمد للہ کہ بلا عرض کئے مقصود
حاصل ہو گیا۔ سہ اے لقائے تو جواب ہر سوال مشکل آساں می شود بے قیل و قال

کرامت | آپ فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ آنحضرت نے ایک مخلص کے نام خط لکھا
میرے دل میں خیال گذرا اور یہ تمنا پیدا ہوئی کہ آنحضرت ایک مکتوب میرے نام
بھی تحریر فرماتے اور مکتوبات شریف کی جلد اول اسی مکتوب پر ختم ہوتی کیونکہ میں
آخری ہوں اور کمترین درویش آنحضرت کا ہوں۔ آنحضرت نے اشراق باطن سے
میرے اس خیال کو معلوم کر لیا اور ایک مکتوب میرے نام لکھا اور اس کے آخر میں یہ
لکھا کہ جلد اول کے مکتوبات کو اس میں مطابق اعداد فرقۂ اصحاب بدر تعداد پوری
ہو گئی ہے خواجہ ہاشم کے موسومہ مکتوب پر ختم کیا جاتا ہے۔

کرامت | آپ کا ایک مرید بیان کرتا تھا کہ میں نے ایک مرتبہ نذر مانی کہ اگر میرا

Marfat.com

گھوڑا فروخت ہو جائے تو اتنی شدہ اسے پیر خواجہ سید ہاشم کی خدمت میں گذرانوں گا
چونکہ پھر میرا گھوڑا فروخت ہو گیا اور نذر مجھے پورا کر سکے میں دو تین روز کی تاخیر ہو گئی۔
ایک روز میں آنحضرت کی خدمت میں حاضر ہوا اور اس وقت میری ہمسائی میں بیٹھے
تھے حضرت نے خود فرمایا کہ آج تمہاری تھیلی کی رقم میں ہماری بھی شرکت ہے
کیوں اسے اپنی کرتے ہو آپ کے اس کلام کو سنکر میرا حال دگرگوں ہو گیا اور
فوراً آپ کی نذر ادا کی۔

کرامت آپ کے ایک مرید کا بیان ہے کہ زمانہ ملازمت فوج میں ایک جنگ میں
ہمیں شکست ہوئی اور لوگ ہر طرف جان بچا کر بھاگے جاتے تھے میں نے
اس وقت آپ کو یاد کیا اور گھوڑا دوڑایا اس پریشانی میں زین سے الگ ہو کر میں
گر گیا اس وقت آپ فوراً تشریف فرما ہوئے اور مجھ کو اٹھا کر گھوڑے پر بٹھا دیا
اور فرمایا کہ اچھی طرح بیٹھو میں اچھی طرح بیٹھ گیا پھر فرمایا کہ جاؤ سلامتی سے نکل جاؤ۔
اللہ تعالیٰ آپ کے طفیل مجھے سلامت لے آیا اور بہت سے سپاہی وہاں قتل ہو گئے

آپکی بشارت بنسبت شبلی

مزار شریف

شہر برہان پور سے مغرب کی طرف دروازہ شہر سے ایک دو فرلانگ کے فاصلہ پر
ایک ندی ہے جس کو زینا بادول کہتے ہیں آپ کا اسی ندی کے مغربی کنارے کی

Marfat.com

جانب دفن کیا گیا تھا اُس وقت یہ نہیں معلوم ہوتا تھا کہ ندی کا بہاؤ اُس طرف
زور کریگا لیکن ایک مدت دراز کے بعد اُس پہاڑی ندی کے بہاؤ کا زور
حضرت موصوف کی مزار شریف کی طرف بڑھ گیا اور ایسا بڑھا کہ مزار شریف
کے منہدم ہو جانے کا قوی خطرہ ہو گیا تو آپ نے خواب سے تقریباً اسی برس
پہلے اپنے مزار کی منتقلی کی نسبت اپنے ایک عقیدت مند خاص کو خواب
میں ہدایت کی آپ کے جسد اطہر کو اس خطرناک جگہ سے نکال کر فلاں جگہ
دفن کیا جائے جہاں اون کے خاندان اور خلفاء کے مزارات ہیں اس
اجمال کی تفصیل بقدر مناسب مقام حسب ذیل ہے۔

ذکر شیخ محمد طاہر صاحب جھنجھار

یہ بزرگ شہر برہان پور کے شاہ میراں جی ... ظریف اور خدا پرستوں میں سے تھے محلہ ... میں مسجد خانقاہ کے ... کی طرف آپکا مکان ... تھا ... بھی آپ سے شرف ملاقات حاصل تھا اکبر جب شہر برہان پور آیا تو برہان پور کی یادگار ... آپ کے مکان پر ... گیا ...

تمد۔ آپ کو خرقہ ... سلسلہ ... حضرت شاہ ... حاصل تھا ... شریف سے
حاصل تھا والد ماجد حضرت شاہ محمد اکبر صاحب قدس سرہ ... برہان پور ...

Marfat.com

رہا ہے اور آپ کی اور آپ کے لائق فرزند جناب محمد انور صاحب مرحوم داروغہ شہر کی مجھ فقیر پر بڑی کرم فرمائی رہی ہے۔

آپ ہی کی ایک ذات گرامی تھی جو اپنے اہتمام سے مختصر طور پر حضرت خواجہ محمد باقی کا عرس شریف کیا کرتے تھے بلکہ ہر جمعرات کو مزار مبارک پر حاضر ہوتے اور پھول چڑھاتے تھے آپ شہر میں ایک معمر بزرگ اور عابد و زاہد شخص تھے اور چونکہ حضرت کے معتقدین سے تھے اس لیے ان کو [illegible] اول مخدوم انہدام مزار حضرت خواجہ سید ہاشم نے خواب میں آپ کو بشارت دی کہ ان کے جسد شریف کو مزار سے نکال کر حالیہ مقام پر دفن کر دیا جائے۔

ذکر مولانا سید عبداللہ صاحب

آپ نے اس عجیب و غریب خواب کو شہر کے ایک فاضل اجل عالم نبیل حضرت مولانا سید جلال الدین اللہ والے صاحب قدس سرہ العزیز متوفی ۱۲۷۳ھ کے خلیفہ اکمل ملانا الوری عالم الہدیٰ کی حضرت مولانا سید نصیر الدین بن سید عبداللہ

محمد وسیم مشرقی جانب ایک احاطہ مدرسہ قدیم لب سڑک واقع ہے ان کا عرس شریف مورخہ ۲۸ و ۲۹ ذی الحجہ کو بڑی دھوم سے ہوتا ہے جس میں اہل بمبئی و اطراف و جوانب کے زائرین شرکت کرتے ہیں ان کا وصال انداز ۱۳۰۰ھ میں ہوا۔

Marfat.com

۱۵

رحمۃ اللہ علیہ متوفی ۱۳۱۲ھ (نظام حضرت البقیع) کی خدمت میں حاضر ہو کر
عرض کیا (یہ علماء کرام آپ ہی کے تعارف میں تھے، موجودہ خانقاہ کے متصل سکونت
رکھتے تھے اور شہر برہان پور کے علاوہ ممالک مالوہ خاندیس، برار وغیرہ
مرجع خاص و عام تھے) آپ نے اس کو باور نہ کیا کیونکہ ایسے واقعات شاذ و نادر
ہی ہوتے ہیں لیکن جب یہی رویا مسلسل شب جمعہ کو خود حضرت مولانا موصوف کو
نظر آیا تو مولانا موصوف نے بیقرار ہو کر اپنی اور جمعدار صاحب کے خواب کا ذکر
ظاہر کیا سب نے تفتیش حال اور تعمیل ارشاد کی رائے دی۔ چنانچہ مولانا موصوف
صبح ہوتے ہی بمعیت چند علماء کرام و مشائخ عظام آپ کے مزار پر انوار پر تشریف لائے
اور قبر شریف کو کھلوایا تاکہ حکم کے مطابق عمل کیا جائے کہ جمعہ کا دن تھا کیا دیکھتے ہیں
نعش مبارک قبر میں موجود نہیں ہے ناچار حیرت و استعجاب کے ساتھ بند کر کے
واپس آئے اور تمام دن پریشانی میں گزرا بعد از نماز عشاء سو گئے کیا دیکھتے ہیں کہ
حضرت خواجہ سید ہاشم مسکراتے ہوئے سرہانے کھڑے ہیں اور فرماتے ہیں آج جمعہ کے روز
جو ہماری نعش قبر میں نہیں پائی گئی اس کا سبب یہ تھا کہ ہم نماز جمعہ ادا کرنے مدینہ منورہ
حرسہا اللہ تعالیٰ مجلس رسالت پناہی صلی اللہ علیہ وسلم میں گئے تھے اب از راہ عنایت و شفقت کی
وہیں اپنے مقام پر پائیں گے چنانچہ دوسرے دن روز شنبہ خلق کے ازدحام کثیر کے ساتھ

Marfat.com

پھر تشریف لے گئے اور نعش مبارک کو دیکھا کہ کفن نیا تر و تازہ ہے اور جسد اطہر بھی زمین کی دست برد سے پاک و مصئون ہے۔

ذکر مولانا حافظ محمد انور خان و منتقلی مزار شریف بمقام عالیہ

حضرت مولانا سید عبید اللہ صاحب مرحوم نے جمعیت کے لئے والد مرحوم کے شاگرد رشید مولوی حافظ انور خان صاحب نے حضرت خواجہ صاحب نور اللہ مرقدہ کو قبر میں اتارا حافظ صاحب بھی وہیں سے اور

تذکرہ حافظ مولوی محمد انور خان صاحب

محلہ برہانپور میں مولانا عبید اللہ صاحب اور ان کے والد مولانا عنایت اللہ صاحب کی ذوات ستودہ صفات اخیر دور میں غنیمت تھیں شہر میں ان کے بہت سے شاگرد اور تلامذہ تھے مثلاً مولوی اکرام اللہ صاحب مرحوم موجودہ امام جامع مسجد مولوی سید حفیظ اللہ صاحب کے دادا صاحب مولوی فصیح الدین صاحب مرحوم اور مولوی حاجی حافظ محمد انور خان صاحب مرحوم تمام شاگردوں میں حافظ صاحب کو خاص امتیاز تھا کیونکہ علم و عمل اور حق گوئی راست بازی میں آپ سب سے سبقت لے گئے مسجد خانقاہ کی امامت بھی دونوں اساتذہ کی زندگی اور انتقال کے بعد حافظ صاحب موصوف کے ذمہ رہی اور آپ نے اپنی زندگی بھر اس فرض کو بغیر کسی معاوضہ و غرض کے نبھایا۔ فقیر مؤلف پر بڑے مہربان تھے چاندی سونے کے زرتار بنا کر گذر اوقات کیا کرتے تھے تمام عمر کسب حلال رزق حلال پیدا کیا بڑے حق گو اور نہایت متقی المزاج تھے مولانا عبید اللہ صاحب کے ساتھ حج و زیارت کو بھی تشریف لے گئے تھے میں اکثر فرصت کے وقت ان کے پاس بیٹھتا اور باوجود کبر سنی کے بوجہ تبلیغ سوالات بھی استفادہ کرنے سے دریغ نہ کرتے تقریباً نوے سال کی عمر پاکر سنہ ۱۳۲۲ھ میں انتقال فرمایا۔ غفر اللہ لنا ولہم اجمعین ۱۲ منہ۔

Marfat.com

بلند کہا کہ مولانا تابچہ میں کوئی کاغذ رکھا ہوا ہے۔ چنانچہ کاغذ دیکھا گیا تو وہ حضرت کا
شجرۂ طریقت تھا جس میں آپ کا نام بھی درج تھا۔ الغرض نعش شریف کو قبر سے نکالا اور
تجہیز و تکفین کے ساتھ نماز جنازہ ادا کر کے موجودہ مقام پر بہ تزک و احتشام دفن کیا۔

موجودہ مقام پر دفن کرنے کی ایک وجہ یہ تھی کہ اسی جگہ آپ کے خلفاء اور خاندان کے
ذکور و اناث دفن ہیں گویا یہ مقام آپ کا خاندانی احاطہ (ہڈوارہ) ہے۔ چنانچہ آپ کے مزار شریف سے بجانب غرب آپ کے فرزند خواجہ میر کاظم عرف محمد قاسمؒ اور ان کی ہمشیرہ حفیظہ
خاتون بی بی کے مزارات ہیں اور آپ کے خلیفہ سید شاہ عبداللطیف صاحب اور ان کے
برادر سید عبدالرحیم کے مزارات آپ کے پائیں بجانب مشرق واقع ہیں۔ نیز آپ کے مزار شریف سے
چند گز کے فاصلہ پر مشرق کی جانب ایک نہایت پختہ ... ۱۲۷۱ھ میں تعمیر کرائی گئی تھی اب تک خوب
شکستہ حالت میں موجود ہے۔

تذکرہ سید محمد برہانپوری

آپ کے والد کا نام حافظ سید میراں تھا۔ آپ کی ولادت
برہانپور میں ۱۲۲۰ھ میں ہوئی۔ چودہ سال کی عمر میں خواجہ ہاشمؒ کے مزار کے متعلق کے
واقعات بچشم خود دیکھے تھے اور خود آپ کے مرید رہ چکے تھے۔ ہمارے پیر و مرشد
مدظلہ کی تشریف آوری ... کے وقت آپ کی عمر ... تھی اور خود آپ نے ان واقعات
کو بیان کیا اور حضرت پیر و مرشد کو اپنے ہمراہ بہ معیت چند علماء و شرفا حضرت سید ہاشم کے مزار

ہزار پر انوار پر لیگئے اور مذکورہ واقعات کو رقت انگیز انداز میں بیان کیا اور حیدر آباد

کی حالات کا مختصر جائزہ رجوع کا ہوا اور آن کی وفات موقوعہ ۱۲۰۲ھ کے بعد لوگوں کا

بند ہو جانا بیان کیا جس کی تصدیق بہت سے معتبر اصحاب نے فرمائی سید صاحب قرآن

شریف خوب پڑھتے اور اردو۔ فارسی سے بخوبی واقفیت رکھتے تھے مولانا اشرف علی

کی اور ان کے فرزند کی مجالس میں شریک رہتے ہوئے تھے کثیر الصلاۃ و اوراد پابند صوم و

صلوۃ تھے بتاریخ ۶ محرم ۱۳۵۳ھ انتقال کیا۔

تذکرہ محمد سلیم صاحب | برادر حاجی منشی علی صاحب ناقل ہیں کہ ان سے محمد سلیم صاحب مرحوم

نے بیان کیا کہ میرے والد ماجد محمد اسلم صاحب مرحوم متوفی سنہ ۱۳۲۰ھ پیش امام مسجد

دارالشفاء حیدرآباد پور متصل مزار شریف حضرت سید ہاشم کے موقع پر موجود تھے تاہم جب عرس

شریف دستیاب ہوا تو دوسرے زائرین کی طرح انہوں نے بھی اس کو ملاحظہ کیا جس میں

حضرت خواجہ سید ہاشم صاحب کا نام اور آن کے سلسلہ چشتیہ و نقشبندیہ کے اسامی گرامی مندرج

تھے جس سے ثابت ہوا کہ آپ وہی بزرگ ہیں جو بحکم حضرت مجدد و اصلاح مروان دکن تشریف لائے

برہانپور تشریف لائے تھے اس کے بعد ایک عرصہ تک حضرت خواجہ سید ہاشم کی کرامت

تحریر کیا حاجی مرزا محمد بیگ صاحب مرحوم نائب مہتمم دو مرتبہ مسجد حضرت علی عفا قدس سرہ | و ولایت کا چرچا زبان زد خاص و عام رہا اور آپ کی جانب رجوع خلائق ہوتا رہا

Marfat.com

پھر کچھ مدت مدید بعد مسلمانوں کی غفلت سے کسی کو ادہر توجہ نہ رہی حتی کہ عرس شریف تک مسدود ہو گیا اور حالیہ مزار و مسجد کی حالت بھی ناگفتہ بہ ہو گئی کوئی شخص وہاں جاتا لامحالہ درندگان صحرا نے وہاں اپنا مسکن و ماویٰ بنا لیا تقریباً ستر برس گذر گئے مگر چونکہ خدا کو منظور تھا کہ حضرت خواجہ صاحب مرحوم کے ذریعہ ملک دکن میں پھر چشتیہ و نقشبندیہ سلسلہ کو قائم کرے اس لئے غیب سے ایسے اسباب پیدا ہو گئے کہ خدا کے فضل سے پھر ترویج سلسلہ عالیہ اور درستی مزار شریف و مسجد کا ظہور عمل میں آیا جس کی تفصیل حسب ذیل ہے۔

حضرت میرانجی صدیقی و شاہ جان اللہ احمد شاہ باب اللہ کے حالات

حاجی مرزا امیر بیگ صاحب مرحوم شہر کے نمازیوں سے تھے اور محلہ حیدر پورہ میں سکونت رکھتے تھے اسی محلہ میں حضرت شیخ میراں جی صدیقی قدس سرہ کی مسجد ہے اور وہیں آپکا مزار شریف ہے آپ کا طریقہ قادریہ سہروردیہ تھا شجرۂ طریقت حسب ذیل ہے۔

میرانجی صدیقی عن شاہ عبدالشکور گجراتی عن شاہ برہان الدین گجراتی عن شاہ عالم گجراتی عن شاہ نجم الدین گجراتی عن شاہ یحیی الخطیب (قطب عرش اللہ) عن سید برہان الدین قطب عالم عن سید ناصر الدین محمد عن میر سید جلال الدین ثانی جہانیاں جہانگشت یہاں سے دو شاخیں حضرت غوث اعظم رضی اللہ عنہ تک ہیں شاخ اول عن شیخ نور الدین علی بن یوسف الشطنوفی (مؤلف بہجۃ الاسرار و معدن الانوار) عن شیخ صالح المجذوب الجیلی عن شیخ کمال الدین کوفی

Marfat.com

عن شیخ سعید الدین ابو الفتوح بغدادی عن حضرت سیدنا شیخ عبد القادر الجیلانی رضی اللہ عنہم

شجرہ دوم عن سید رکن الدین ملتانی عن سید صدر الدین ملتانی عن سید بہاؤ الدین زکریا ملتانی

عن شیخ الشیوخ شہاب الدین عمر السہروردی عن خالہ شیخ ابو النجیب ضیاء الدین السہروردی عن شیخ

سیدنا شیخ عبد القادر الجیلانی رضی اللہ عنہم ان کے بعد کے اسماء مشہورہ ہیں ۔

آپ علم سلوک کے علاوہ فن دعوات میں بھی عالم تھے دو خلیفہ آپ کے مشہور ہیں سید جان محمد

و سید عبد السلام ابناء سید عبد اللطیف ساکن قصبہ سنور علاقہ پٹیالہ پنجاب عالم باعمل ان میں سے بڑے کو

اور چھوٹے بھی کامل تھے چند روز آپ کے خدمت میں رہے آپ نے خلعت خرقہ و خلافت

سے سرفراز کر کے دکن کی رخصت دی اور لکھ آباد کو رخصت کیا اب دونوں بھائیوں کو سید جان محمد

و سید عبد السلام اللہ بخشا اور فرمایا کہ الحاجۃ الی الطریق دوسرے شیخ سے بھی فیض حاصل کرنے کی اجازت ہے

دونوں لکھ آباد گئے وہاں سے دونوں بھائی باز حکم حرمین شریفین (زادہما اللہ شرفا و کرامۃ)

تشریف لے گئے وہاں حضرت سید شاہ عبد الجلیل ثانی بن نبیرہ صاحبزادہ جانشین حضرت غوث اعظم

سے بیعت کیا و خلافت تامہ سے سرفراز ہوئے آپ کا سلسلہ قادریہ جدیدہ کا شجرہ حسب ذیل ہے

عن سید شاہ عبد الجلیل ثانی البغدادی عن والدہ سید محمد الحق حسنی الحسینی عن والدہ سید شاہ عبد الجلیل

اول عن والدہ سید ابو الفرج سراج الحق و الدین عن والدہ شیخ الشیوخ ابو البرکات سید عبد الجبار عن

والدہ ابو محمد سید محی الدین عبد القادر الجیلانی رضی اللہ عنہم آپ کے نام بعد آپ کے

۷۵

سیدنا شیخ ابو صالح اور دادا پردادا کے نام حضرت امام حسن مجتبیٰ رضی اللہ عنہ تک پہنچا ہے۔ جب آپ
ہندوستان واپس تشریف لائے تو کچھ دنوں اورنگ آباد مقیم رہے اوس کے بعد چلے گئے
شاہ اورنگ زیب آپ کا بڑا ادب اور وقار کرتا تھا بہت نیازمندی کے ساتھ آپ کی خدمت
حاضر ہوتا تھا۔ مشہور ہے کہ چودہ مرید اور تین سو خلیفہ آپ کے ہمراہ تھے۔ روزانہ ایک سو اکیاون
من پانی دم کی جاتی تھی اور ۲۵ تنور روشن کئے جاتے تھے سالن کبھی کم پڑتا تو خدام
آپ کو وضو کراتے تو آپ کی کرامت سے وہ پانی سرکہ اور اچار بن جاتا تھا اور لنگر پورا
ہو جاتا تھا۔ آپ کے پانچ خلیفہ حضرت شاہ ... حضرت شاہ دیانی حضرت شاہ محمود
حضرت شیخ حضرت شاہ عنایت لنگر والے ... رہے وہیں ان کی قبور ہیں ...
بن آسودہ ہیں۔ روایت ہے کہ ... پور کے قریب ایک ندی کے کنارے ...
شیواجی مرہٹہ سے جنگ ہوئی ... شکست کھا کر فرار ہوا آپ نے اوس کو بد دعا دی ...
زمانہ ۱۰۹۱ھ میں وہ مرتے ہی پور جا کر گیا۔ ... خان اور ... آزاد اپنی تاریخ
لکھتے ہیں سید جان محمد جان اللہ در دعوت ... مشاہیر ... کن ... توجہ باطنی ان بزرگ
خورشید تاباں ... سیواجی ... ناگہانی داشت متوجہ ...
در ہمو سال ... گشت و تاریخ ... جہنم رفت ...
شکست کھا کر جب سیوا فرار ہوا تو بہت کچھ مال غنیمت مسلمانوں کے ہاتھ لگا۔ اوس کے بعد آپ

Marfat.com

برنجی اور نوبت کا نقارہ درگاہ شریف میں بطور یادگار موجود ہے برابر استعمال میں لایا جاتا ہے۔ آپ کے مزار کے لنگر کے لیے بادشاہ وقت نے پورا جالنہ کا تعلقہ بطور جاگیر عطا کرنا چاہا تھا۔ آپ نے منظور نہ فرمایا اور اس میں سے صرف پانچسو اسی بیگہ زمین قبول فرمائی اور شہر پناہ کی تعمیر کا حکم دیا اور اس قلعہ کا نام قادر آباد تجویز کیا جو اب بفضلہ تعالیٰ آباد ہے سرکار نظام کے زمانہ میں معاوضہ جاگیر وغیرہ اور متفرقات آکر بہتر ہزار روپیہ سالانہ آپ کے درگاہ شریف کے خزانہ میں جو ایک علیحدہ صیغہ تحصیل جالنہ میں ہے جمع ہوتا ہے اس کارکن کا لقب داروغہ قادر آباد ہے بالفعل شنکر راؤ داروغہ اسی آمدنی سے جملہ مصارف عرسیات و عود گل درگاہ جات جالنہ و برہانپور و انتظام مساجد مدارس و مشاہرہ خدام و مصارف تعمیر و ترمیم عمارات وغیرہ ادا ہوتے ہیں۔

حضرت شاہ جان اللہ رح کی تاریخ وفات ۲۲ رمضان المبارک ۱۱۳۴ھ و تاریخ وفات قطب المشائخ ۱۰۹۳ھ رحیم عرس شریف اور شوال کے پہلے عود گل ادا ہوتی ہے پونے پانسو روپیہ خزانہ درگاہ شریف ملتے ہیں حضرت شاہ بابا پشتہ کا عرس شریف ۵ ذی الحجہ کو ہوتا ہے سنہ ۱۰۹۶ھ سنہ وفات ہے آپ کے عرس شریف کے مصارف پونے چار سو روپیہ ملتے ہیں دونوں بزرگواروں کا مزار شریف ایک عالی گنبد میں ہے جس کے احاطہ میں مسجد اور خانقاہ و مدرسہ ہے۔ ان خدمات کی ہر ماہ تنخواہ ادا ہوتی ہیں جالنہ کی چند مساجد اور درگاہوں کے مصارف عود گل و روشنی جاروب کش

Marfat.com

ادا ہو تجہیز کی۔ خدام ہی کی تعداد کم و بیش ہوتی رہتی ہے بطور تنخواہ ہر مہینہ تنخواہ پاتے
ہیں چنانچہ ماہ اردی بہشت ۱۳۱۴ف میں تعداد خدام چار رہی آٹھ سے زیادہ تھی اور
تنخواہ فی کس (للعہ) کچھ اضافہ ہوا تھا ہر خادم کی شادی کے لئے دس روپیہ اور ہر متوفی کی
تجہیز و تکفین کے لئے پانچ روپیہ اور بچہ کے لئے (للعہ) ملتے ہیں اسی خزانہ درگاہ شریف سے مسجد کا
حضرت میراں جی صاحب جو واقع برہان پور کے خدمتی محمد شاہ اللہ کو بہ حالی وظیفہ مقرر رکھا
اون کے لاوارث حالت میں فوت ہو جانے کے سبب سے وظیفہ مذکور مسدود ہو گیا مگر مصارف
درگاہ و مسجد کے نام سے رقم مقررہ جمع ہوتی رہی بہا سال کے بعد اوس کی مقدار
کئی ہزار ہو گئی۔

مرزا صاحب موصوف نے چاہا کہ اس جمع شدہ وظیفہ کو حاصل کر کے اوس سے
مسجد و مزار کی تعمیر و مرمت کی جاوے (جو اوس وقت شکستہ حالت میں تھے) چنانچہ
اونہوں نے بذریعہ خط و کتابت برہان پور کے باشندے
دو معزز وکلا اورنگ آباد یعنی جناب مولوی خواجہ حکیم الدین صاحب

وکیل مولوی خواجہ حکیم الدین
و مولوی حافظ محمد عبدالغفور صاحب

ناظم اور جناب حافظ عبدالغفور صاحب مرحوم سے مشورہ لیا اور دوسرے حضرات کے
مشورہ سے بھی فائدہ اٹھایا جب ان کی ہدایت حاصل ہو گئیں تب چند برس تک باقاعدہ
کارروائی جاری رہنے کے بعد خدا خدا کر کے وہ دن آیا کہ مرزا صاحب کی اور ان
بزرگوں کی کوششیں بار آور ہو گئیں۔

Marfat.com

۶۰

"نقل خطبہ صدارت"

الحمد للہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علی حبیبہ محمد وآلہ واصحابہ اجمعین اما بعد فقد قال اللہ تعالیٰ لئن شکرتم لازیدنکم وقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم من لم یشکر الناس لم یشکر اللہ۔

حضرات چونکہ اللہ تبارک وتعالیٰ کا ارشاد ہے کہ اگر تم میرا شکر کروگے تو میں تمہاری نعمت زیادہ کروں گا اور نیز ہمارے آقائے نامدار حضرت محمد رسول اللہ نے فرمایا ہے کہ جو شخص لوگوں کا شکر نہیں کرتا وہ خدا کا بھی شکر نہیں کرتا لہٰذا مجھ پر واجب ہوا کہ میں آپ کی اس عزت افزائی کا شکریہ ادا کروں جو آپ نے میرے لئے حضرت خواجہ سید محمد ہاشم صاحب کشمی برہانپوری قدس سرہ کے جلسہ عرس شریف کی صدارت کے لئے تجویز فرمائی اور اس جلسہ کے لئے مجھکو صدر منتخب کیا ہے۔

مرا عمریست چون عزت نواخت ٭ بدست رحمت از خاکی برداشت

دنیاوی اجتماعات اور سیاسی کانفرنسوں کی صدارت ضرور ایک اہمیت رکھتی ہے اور صدر صاحبان عہدگی سے اس کے فرائض ادا کرسکتے ہیں

Marfat.com

لیکن مذہبی اور خاص دینی جلسوں کی صدارت اور اُس کے فرائض کی ادائیگی حقیقت میں ایک ایسا اہم کام ہے کہ کمترین بہ نظر تو خود کو اس اہل نہیں سمجھتا مگر چونکہ آپ حضرات کے اصرار و اتفاق سے یہ عہدہ جلیلہ تجویز ہوا اس لئے میں آپ ہی سے ملتجی ہوں کہ دعا فرمائے اللہ تعالیٰ بطفیل اولیاء طیبات بزرگان عظام مجھ ایسے بضاعت کو ان فرائض کے انجام دہی کی توفیق مرحمت فرمائے۔

بزرگان کرام! چونکہ آخر کے تعلقات اور حضرت خواجہ سید محمد اعظم شاہ کے مختصر حالات ابھی آپ کو فاضل اجل مولانا مولوی اختر محمد صاحب نقشبندی مجددی خلیفہ حضرت پیر و مرشد مولانا خواجہ احمد حسین خان صاحب کی تقریر سے معلوم ہو گئے ہیں اس لئے یہ دعا گو ان امور پر زیادہ روشنی ڈالنا تحصیل حاصل اور غیر مناسب سمجھتا ہے صرف یہ ایک ضروری بات آپ حضرات سے عرض کرنا ہے کہ سلسلہ نقشبندیہ مجددیہ جو تقریباً تین سو دس سال کے بعد پھر سے محترم بزرگ زادہ حضرت پیر مولانا خواجہ احمد حسین خان صاحب مجددی الہاشمی کی کوشش فراواں سے دوبارہ رواں ہوا۔ تو واضح ہو کہ سلسلہ کی پیروانی بطور نسبت اویسیہ کے ہے اس قسم کی تعلیمات اویسیہ اس سلسلہ عالیہ نقشبندیہ

Marfat.com

ابتدا ہی میں ظہور پذیر نہیں ہوا جیسے حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ کا یہ سلسلہ بہت زمانہ کے بعد حضرت بایزید بسطامی رحمۃ اللہ علیہ تک جاری ہوا اور حضرت بایزید بسطامی کا سلسلہ عرصۂ ایک سو سال کے بعد حضرت خواجہ ابوالحسن خرقانی رحمہ تک روان ہوا۔ اسی طرح سے اس روانیٔ سلسلۂ نقشبندیہ اور نسبت اویسیہ کی بابت جیسا کہ بذریعہ مراقبہ و مکاشفہ دربار عالیہ حضرت خواجہ خواجگان سرتاج عرفائے ہندوستان سیدنا رضی الدین محمد المعروف بہ خواجہ محمد باقی باللہ صاحب سے بھی تحقیق کیا تو حکم ہوا کہ عبدالمجید بن خواجہ محمد ہاشم کے مسدود شدہ سلسلے کو جاری کر چکا ہماری طرف سے اسکو "محی السلسلۃ الہاشمیہ" کا خطاب دیا جاتا ہے اور اس کی نسبت صحیح ہے اور تو بھی اس شاخ کے سلسلہ کو اس سے حاصل کر لہٰذا میں نے اپنے بزرگوں کے حکم سے بر آں پیر حاضر ہو کر اس سلسلہ کی بیعت و ارشاد و شجرہ اویسیہ ہاشمیہ کو بتوسط حضرت مولانا موصوف دل و جان سے حاصل و قبول کیا۔

حضرات! میں سمجھتا ہوں کہ اس مختصر تقریر کے بعد میں اپنا ضروری فرض ادا کر چکا ہوں لہٰذا میں دوبارہ آپ کی عزت افزائی کا شکریہ ادا کرتا ہوں اور آپ حضرات کے حق میں حصولِ فیوضاتِ باطنی کے لئے بشارت دیکر دعا

Marfat.com

اپنی تقریر کو ختم کرتا ہوں وآخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین والصلوٰۃ
والسلام علی طٰہٰ و یٰسٓ وآلہ الطیبین واصحابہ قائلی الحق بالحق و
اولیاء امتہ وعلماء ملتہ اجمعین برحمتک یا ارحم الراحمین

شرح دستخط جناب مصنف

عاجز سید منور علی غفر لہ نبیرہ حضرت خواجہ خواجگان خواجہ
سید محمد باقی باللہ قدس سرہ رحمۃ اللہ علیہ
ساکن دہلی - ۱۱ ماہ رجب المرجب سنہ ۱۳۵۰ھ

Marfat.com

مولانا مشتاق احمد انبیٹھوی

(۱۲۷۳۔۱۳۶۰ھ/۱۸۵۶۔۱۹۴۱ء)

مولانا مشتاق احمد بن مخدوم بخش بن نوازش علی حنفی انصاری انبیٹھوی چودھویں صدی ربیسوی صدی کے اکابر علماء وصوفیہ میں سے تھے۔

آپ سہارنپور کے ایک قصبہ انبیٹھہ (Anbatha) میں ۱۲۷۳ھ/۱۸۶۵ءکو پیدا ہوئے، انہوں نے مولانا سعادت علی سہارنپوری، مولانا سدید الدین بن مولانا رشید الدین خان دہلوی، مولانا سید محمد علی چاندپوری اور علامہ فیض الحسن سہارنپوری کی خدمت میں تحصیل کی، اس کے بعد علم حدیث پڑھنے کے لیے حضرت مولانا قاری عبدالرحمٰن پانی پتی کے حضور رہ کر تکمیل کی، اس کے بعد خود درس وتدریس سے وابستہ ہو گئے، مولانا انبیٹھوی کا انتقال محرم ۱۳۶۰ھ/۱۹۴۱ءکو ہوا۔[۱]

گنج پورہ (ضلع کرنال) کے رئیس مولانا کے تقدس اور مرتبہ علمی کے باعث ان کو اپنے سے جدا نہیں کرنا چاہتے، قصبہ کی تمام آبادی ان کا بہت احترام کرتی ہے۔[۲]

مولانا انبیٹھوی مدتوں حضرت مولانا شیخ الاسلام محمد انوار اللہ معین المہام امور مذہبی دکن کی خدمت میں رہے، آپ کے امر پر کئی اہم رسائل تالیف کیے، جو حیدر (دکن) سے ہی طبع ہوتے رہے۔

---

۱ عبدالحی حسنی: نزہۃ الخواطر ۴۷۲/۸

۲ عبدالحلیم انصاری: تذکرہ رحمانیہ ۴۳

Marfat.com

صاحب نزہتہ الخواطر مولانا عبدالحی حسنی کے فرزند مولانا ابوالحسن علی ندوی صاحب نے جو نزہتہ الخواطر کی اٹھویں جلد کے مرتب بھی ہیں، مولانا انبیٹھوی کے حالات میں قوسین میں ایک عجیب جملہ کا اضافہ کیا ہے:

کان عنده میل الی الانتصار بعض البدع [1]

ان کے علاوہ ان کے نشست نے اساتذہ دارالعلوم دیوبند سے بھی رہی جو ہرگز بدعتی نہیں تھے، ہاں مولانا انبیٹھوی اپنے سلسلہ چشتیہ صابریہ کے مشائخ سے بہت عقیدت رکھتے تھے، یقیناً ان کا ارشارہ اسی طرف ہے، جب کہ مولانا ندوی خود بھی نقشبندیہ بنوریہ سلسلہ میں مجاز ہیں اور پاکستان، ہندوستان اور عربستان میں ان کے مریدین کی بڑی تعداد مصروف کار ہے۔

مولانا انبیٹھوی کا پیش نظر یہ رسالہ (عقد اللآلی) اگرچہ قدیم طرز تذکرہ نویسی کے تحت لکھا گیا ہے لیکن اس میں انہوں نے تمام احوال و واقعات اصل اور معاصر مآخذ کے حوالوں سے تحریر کئے ہیں، یہ رسالہ صرف ایک ہی بار طبع ہوا تھا، اس لیے بہت کمیاب ہے، اب اس کا عکس ہدیہ قارئین ہے، مولانا کے حالات کے لیے ملاحظہ ہو۔

(۱) نگرامی، محمد ادریس: تذکرہ علمائے حال ۱۴۲، ۲۴۳

(۲) بدایونی، محمد حسین: مظہر العلماء مرتبہ خوشتر نورانی، لاہور، دارالنعمان ۴۴۹، ۸۳۸

(۶۰) حضرت مجددؒ اور خانخاناں

(۶۱) حضرت مجددؒ اور صدر جہاں

(۶۲) سلسلہ نقشبندیہ کی برصغیر پاک و ہند میں اشاعت اور امام ربانی

(۶۳) سلسلہ نقشبندیہ کے بزرگوں کے مختصر حالات

(۶۴) سندھ میں سلسلہ نقشبندیہ مجددیہ کے بزرگان دین

(۶۵) بلوچستان میں سلسلہ نقشبندیہ مجددیہ کے بزرگان دین

(۶۶) پنجاب میں سلسلہ عالیہ نقشبندیہ مجددیہ کے بزرگان دین

(۶۷) سرحد میں سلسلہ عالیہ نقشبندیہ مجددیہ کے بزرگان دین

(۶۸) افغانستان میں سلسلہ عالیہ نقشبندیہ مجددیہ کے بزرگان دین

(۶۹) ترکی میں سلسلہ عالیہ نقشبندیہ مجددیہ کے بزرگان دین

(۷۰) سرہند کا مدرسہ حدیث اور اس کے اثرات

(۷۱) حضرت مجدد الف ثانیؒ اور علامہ اقبال فکری اور ارتقائے ذات کا ایک مطالعہ

(۷۲) خانوادہ مجددیہ کی عربی ادب میں خدمات۔

(۷۳) حضرت مجددؒ کا اثر مابعد پر

(۷۴) حضرت امام ربانیؒ پر معترضین کے اعتراضات کا جائزہ

(۷۵) حضرت امام ربانیؒ اور ان کے ناقدین

(۷۶) حضرت امام مجدد الف ثانیؒ اور جدید ناقدین

(۷۷) مکتوب امام ربانیؒ کا اشاریہ مضمون

یہ ایک خاکہ تھا جو مختلف اہل قلم کو روانہ کیا گیا وصول شدہ مضامین، جو شائع

Marfat.com

ہوئے ان کی تفصیل بیان کرتے ہوئے میاں جمیل احمد شرقپوری لکھتے ہیں:

''پہلی جلد حضرت مجدد الف ثانی کے سوانح حیات، آپ کی اولاد امجاد آپ کے مولد و مسکن اور مرکز تبلیغ ......سرزمین سرہند کے ذکر پر مشتمل ہے۔ دوسری جلد میں آپ کے علمی اور دینی گرانقدر کارناموں کا کوذکر ہے۔ آپ کی عظیم تصانیف پر تبصرہ ہے۔ مقام مجدد کو اُجاگر کیا گیا ہے۔ آپ کے دوقومی نظریے کے پیش کرنے اور اسلامی ملی تشخص کو اُبھارنے کا ذکر کیا گیا ہے۔ اس تنقید کا بھی ذکر ہے جو معاندین نے آپ کے روشن چہرے کو داغدار صورت میں پیش کرنے کے لیے انجام دی ہے اور حضرت مجددؒ کے ان اوصاف حمیدہ اور فکری توانائیوں کا بھی ذکر کیا گیا ہے جن سے آپ کی شخصیت یوں نکھر کر سامنے آ گئی جیسے چاند کالی بدلیوں سے نکل کر پوری آب و تاب کے ساتھ دیکھنے والوں کو سکون و طمانیت بخشنے والی ٹھنڈی کرنوں سے محظوظ کرتا ہے۔

فاضل نوجوان سردار علی قادری نے حضرت مجدد الف ثانیؒ اور دوقومی نظریے ......پس منظر، تحریک، اثرات..........کو بڑے مبسوط انداز میں پاکستان کے قیام تک مربوط پیش کیا ہے۔

نور اسلام، مجدد الف ثانی نمبر، جنوری فروری ۱۹۸۸، جلد اول، ص: ۷۔۸

اس شمارہ کے مقالہ نگاروں میں ملک کے ممتاز اہل قلم شامل ہیں۔ جن میں ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خاں، ڈاکٹر مسعود احمد، پروفیسر خورشید حسین بخاری، ڈاکٹر بشیر احمد صدیقی اور پروفیسر اقبال مجددی شامل ہیں۔

Marfat.com

تنظیم الاسلام (گوجرانوالہ)

شارح مکتوبات امام ربانی علامہ محمد سعید احمد مجددی کی نگرانی میں اس رسالہ کا آغاز ہوا۔ ان کی وفات کے بعد بھی جاری ہے۔ ''مجدد الف ثانی نمبر'' سے ہی اس کا آغاز ہوا۔ اس کے اداریہ (بعنوان مطلع) میں علامہ محمد سعید مجددی نے اس نمبر کی غرض و غابت ان الفاظ میں بیان کی اور کون نہیں جانتا کہ حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی قدس سرہ النورانی وہ آفتاب رشد و ہدایت ہیں کہ جس کی ضیاء پاشیوں اور جلوہ سامانیوں سے پوری کائنات جگمگا اٹھی، برصغیر پاک و ہند بلکہ پورے ایشیا میں جہاں کہیں، علم و عرفان کے اسرار اور عمل وایقان کے انوار نظر آ رہے ہیں وہ سب آپ کے فیضان تجدید کے نتائج وثمرات ہیں، ہمیں پوری طرح احساس ہے کہ یہ نمبر آپ کی عظمت وجلالت اور شان ولایت کے لائق ہرگز نہیں تاہم اظہار نسبت کا ایک طریقہ ضرور ہے''۔

(سہ ماہی تنظیم الاسلام، ۱۴۰۹ھ، ص:۸)

۱۰۰ صفحات پر مشتمل اس خاص نمبر میں علامہ سعید احمد مجددی کے علاوہ ڈاکٹر محمد مسعود احمد کے مضامین شامل ہیں۔

انوار لاثانی: (سیالکوٹ)

جولائی اگست ۱۹۹۴ء کا شمارہ مجدد اعظم نمبر کے طور پر شائع ہوا اس نمبر کی اہم ترین خصوصیت غلام مصطفیٰ مجددی کی ایک طویل نظم بعنوان ''مجدد نامہ'' ہے جناب غلام مصطفیٰ نے حضرت مجدد کے حالات اور دیگر تفصیلات کو نظام کی صورت میں بیان کیا ہے۔ حواشی میں بعض تفصیلات درج کی گئی ہیں۔

Marfat.com

الطاہر: حیدر آباد

۱۹۹۹ء میں اس رسالہ کا خصوصی شمارہ حضرت مجدد الف ثانی نمبر کے

صورت میں شائع ہوا۔

۱۰۰ صفحات پر مشتمل اس شمارہ میں چھوٹے بڑے مقالات شامل

ہیں۔ چند اہم مقالات درج ذیل ہیں۔

(۱) حضرت مجدد رحمۃ اللہ علیہ کے عہد کی صورت حالات اور تحریک تجدید کا مرکزی نقطہ

(۲) حضرت مجدد الف ثانی اور [illegible]

(۳) حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کی تحریک کا تاریخی پس منظر

(۴) دین اکبری کے فتنے

(۵) حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کا طریقہ تجدید

(۶) ہندوستان میں بدعت کا تجزیہ

(۷) حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ [illegible]

منظوم کلام بھی اس شمارہ کا حصہ ہے۔

یہ رسالہ معروف نقشبندی صوفی محمد صابر کی نگرانی میں حیدر آباد پاکستان سے

شائع ہوتا ہے۔

السیف الصارم: لاہور

۱۹۹۷ء میں اس رسالہ کا خصوصی نمبر شائع ہوا۔ رسالہ کے مدیر محمد شہزاد مجددی

تھے، اس میں شائع ہونے والے مقالات اعلیٰ تحقیقی معیار کے نہ تھے۔ بلکہ اپنے حلقہ

Marfat.com

ارادات میں شامل لوگوں کے اصلاح اور معلومات کے حوالے سے اہم تھے۔ سلسلہ مجددیہ سیفیہ کا بہرصورت یہ خراج عقیدت تھا حضرت مجدد کی خدمات کو۔ رسالہ کے صفحات کی تعداد ۱۵۲ ہے۔

مجلّہ یادگار مجدد: (کراچی)

یہ مجلّہ دراصل کراچی میں ہونے والی مجدد الف ثانی کانفرنس کے مقالات کی اشاعت کے لیے شروع کیا گیا۔ اس کا شمارہ سال بعد شائع ہوتا پہلا شمارہ ۲۰۰۲ء /۱۴۲۲ھ میں شائع ہوا جبکہ نواں اور دسواں شمارہ ۲۰۱۱ء میں شائع ہوا۔ اس شمارہ پر صاحبزادہ ابوالسرور محمد مسرور احمد کا نام بطور مدیر درج ہے اسی طرح گیارھویں شمارہ میں ہے جبکہ بقیہ شماروں پر مرتبین کی فہرست مختلف شماروں کی اس فہرست میں درج ذیل نام شامل ہیں۔

مولانا جاوید اقبال مظہری، ڈاکٹر سید عدنان خورشید سعودی، مولانا محمد یونس باڑی حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ پر شائع ہونے والے ان خصوصی شماروں کے عموماً تین حصے ہیں ایک حصہ میں مختلف صاحبان علم و دانش کے پیغامات ہیں۔ دوسرے حصہ میں پچھلی کانفرنس یا کسی اور جگہ ہونے والی مجدد الف ثانی کانفرنس کی روئداد اور تیسرے حصہ میں کراچی کانفرنس میں پڑھے جانے والے علمی مقالات میں، مختلف مواقع کی کانفرنسوں کے چند اہم مقالات اور پیش کنندگان کے نام درج ذیل ہیں۔

(۱) حضرت شیخ احمد سرہندی اور عقیدۂ توحید: پروفیسر سید مقصود علی محمودی

(۲) سلطنت مغلیہ پر حضرت مجدد الف ثانی کی تعلیم و تبلیغ کے حیرت انگیز

Marfat.com

اثرات: ڈاکٹر محمد مسعود احمد

(۳) حضرت مجدد الف ثانی اور دو قومی نظریہ: علامہ رضوان احمد نقشبندی

(۴) مکتوبات امام ربانی مجدد الف ثانی کی اہمیت: ڈاکٹر محمد انصار احمد

(۵) عہد جدید میں حضرت مجدد الف ثانی پر تحقیقی کام کا جائزہ: ابوالسرور محمد مسرور احمد (شمارہ:۱)

(۶) اتباع سنت، مکتوبات کی روشنی میں: ڈاکٹر محمد مسعود احمد

(۷) حضرت مجدد الف ثانی اور صحابہ کرام: علامہ رضوان احمد خاں

(۸) تعلیمات امام ربانی کے عہد جہانگیری میں اثرات: ڈاکٹر مجید اللہ قادری (شمارہ:۲)

(۹) حضرت امام ربانی اور وحدۃ الشھود: حافظ سید مقصود علی

(۱۰) حضرت مجدد الف ثانی پر کام کے آغاز اور کام کی رفتار کا سرسری جائزہ: ابوالسرور محمد مسرور احمد۔ (شمارہ:۳)

(۱۱) حضرت مجدد الف ثانی اور مسلک اہلسنت: پروفیسر نثار احمد جان

(۱۲) مکتوبات امام ربانی کا عربی ترجمہ: علامہ محمد ذاکر اللہ نقشبندی (شمارہ:۴)

(۱۳) حضرت امام ربانی کے پیر طریقت خواجہ باقی باللہ: ڈاکٹر حافظ عبدالباری صدیقی

(۱۴) دور حاضر کو درپیش چیلنجز اور ان کا مقابلہ حضرت مجدد الف ثانی کی دعوت حق اور طرز تبلیغ کی روشنی میں: پروفیسر محمد عامر بیگ

(۱۵) مکتوبات خواجہ محمد معصوم بنام اورنگ زیب عالمگیر: جاوید اقبال مظہری (شمارہ:۶)

(۱۶) اجتھادات امام ربانی مجدد الف ثانی: پروفیسر غلام مصطفیٰ مجددی

Marfat.com

(۱۷) لاہور کے مشائخ نقشبندیہ مجددیہ: صوفی محمد عبدالستار طاہر مسعودی

(۱۸) مستحقین کے لیے اعیان مملکت کے نام سفارشات: قاری محمد رفیق (شمارہ: ۷)

(۱۹) حضرت مجدد کا نظریہ جہاد: پیر نثار احمد جان سرہندی

(۲۰) شیخ سلطان تھانیسری کی جلاوطنی اور شہادت: پروفیسر محمد اقبال مجددی (شمارہ: ۸)

(۲۱) فتاوی رضویہ میں اذکار مجدد الف ثانی: ڈاکٹر ناصر الدین صدیقی

(۲۲) تکفیر مسلم میں حضرت مجدد کی کمال احتیاط: پروفیسر نثار احمد جان (شمارہ ۹۔۱۰)

(۲۳) مجدد الف ثانی اور محبت اہل بیت: ڈاکٹر ناصر الدین صدیقی

(۲۴) حضرت مجدد بحیثیت مشفق والد: صاحبزادہ احمد بلال مجددی (شمارہ: ۱۱)

ان شماروں میں بلا شبہ ایسے عنوانات زیر بحث آئے جن پر مزید تحقیق ہو سکتی ہے۔ حضرت امام ربانی پر ہونے والے کام کی فہرست بھی ان گیارہ شماروں سے مرتب کی جا سکتی ہے۔ اگر پیغامات کا حصہ نہ بھی شامل ہوتا تو ان کی علمی افادیت میں کوئی فرق نہ پڑتا۔ علاوہ ازیں مقالات میں غیر تحقیقی عنوانات بھی شامل ہو گئے ہیں اور کئی مقالہ نگاروں نے حوالہ جات کا اہتمام بھی نہیں کیا۔ ایک ہی عنوان سے ہر سال مقالہ شامل کرنا بھی مناسب معلوم نہیں ہوتا۔

مجلّہ معارف اولیاء (لاہور)

محکمہ مذہبی امور و اوقاف پنجاب کا نمائندہ رسالہ ہے۔ اس کی جلد ۶ کا شمارہ ۴ حضرت مجدد الف ثانی نمبر ہے۔ اس رسالہ کے مدیر اعلیٰ ڈاکٹر طاہر رضا بخاری ہیں،

Marfat.com

زیر نظر شمارہ کے لیے جن لوگوں نے تگ و دو کی ان میں صوفی غلام سرور مجددی (م:۲۰۰۹ء) نمایاں ہیں۔ اس شمارہ کے اداریہ میں مدیر اعلیٰ لکھتے ہیں: ''زیر نظر شمارہ حضرت مجدد الف ثانی، شیخ احمد سرہندیؒ کے افکار و احوال سے مزین ہے۔ حضرت اقبال نے حضرت مجدد الف ثانیؒ کو ''سرمایہ ملت اسلامیہ کا نگہبان'' اور محافظ قرار دیا ہے۔ حضرت مجدد الف ثانی ملت اسلامیہ کے نگہبان و محافظ ہونے کے ساتھ ساتھ ملت کا اثاثہ و سرمایہ بھی ہیں۔

(معارف اولیاء، جلد ۶، شمارہ ۴، دسمبر ۲۰۰۸، ص:۶)

اس شمارہ میں کل دس مقالات ہیں جن میں آٹھ اردو، اور عربی و انگریزی میں ایک ایک مقالہ ہے جبکہ پندرہ شعراء کے منظوم نذرانہ ہائے عقیدت اس کے علاوہ ہیں۔ مقالات کی تفصیل درج ذیل ہے۔

(۱)　حضرت مجدد بحیثیت فقیہ اسلام　:　مفتی محمد صدیق ہزاروی

(۲)　حضرت مجدد کی تحریک احیاء دین　:　پروفیسر محمد اقبال مجددی

(۳)　حضرت مجدد الف ثانی کا نظریہ تصوف:　ڈاکٹر محمد اسحاق قریشی

(۴)　مجدد الف ثانی، محی الدین ابن عربی اور علامہ محمد اقبال میں مختصر تقابلی جائزہ:　مرزا محمد اسلم

(۵)　امام ربانی کی تعلیمات تصوف　:　صاحبزادہ ڈاکٹر ساجد الرحمٰن

(۶)　اقبال۔ مجدد الف ثانی کے حضور میں:　ڈاکٹر ظہور احمد اظہر

(۷)　عہد اکبری میں اسلام کی زبوں حالی اور حضرت

Marfat.com

مجدد الف ثانی کا تجدیدی وفکری کردار: ڈاکٹر محمد حسین آزاد القادری

(۸) حضرت مجدد الف ثانی بحیثیت محدث: ڈاکٹر محمد ہمایوں عباس شمس

(۹) دراسۃ وتحقیق المکاتیب الامام احمد السرھندی: ڈاکٹر افتخار احمد خاں

(۱۰) Al-Jannat Al-Thamaniyyah

شعراء کے منظوم کلام کو ڈاکٹر محمد سلطان شاہ

نے جمع کیا ہے۔ : ڈاکٹر محمد سلطان شاہ

زیر نظر شمارہ کے مقالہ نگاروں کا تعلق پاکستان کی معروف جامعات سے ہے اس لیے عمومی طور پر اسلوب تحقیقی تقاضوں کو پورا کرتا ہے۔ اکثر مقالات اس شمارہ کے لئے خصوصی طور پر لکھے گئے مگر بعض پہلے سے شائع شدہ میں یا کسی کتاب سے لئے گئے ہیں صفحات کی تعداد ۱۶۰ ہے۔

المظہر: (کراچی)

کراچی سے ابوالسرور مسرور احمد کی سرپرستی میں یہ رسالہ شائع ہوتا ہے۔ جس کے مدیر مولانا جاوید اقبال مظہری ہیں۔ اس کے دو شمارے ۹۶ اور ۱۰۸ بالترتیب ۲۰۱۰ء اور ۲۰۱۱ میں امام ربانی نمبر کے طور پر شائع ہوئے مگر کم وبیش تمام مضامین پہلے سے شائع شدہ ہیں۔ نئے مضامین نہ ہونے کے برابر ہیں۔ چونکہ یہ رسالہ حلقہ مسعودیہ کا نمائندہ اور اس حلقہ میں جہاں امام ربانی جیسا وقیع کام موجود ہے اس لیے غالباً المظہر میں کوئی اعلیٰ درجہ کے تحقیقی مضامین کے لیے اہتمام نہیں کیا گیا۔ صفحات کی تعداد ۴۰ اور ۴۸ ہے۔

Marfat.com

المظہر کا ہی شمارہ ۸۶ بھی امام ربانی نمبر کے طور پر شائع ہوا تھا اس کے صفحات ۶۴ تھے اور مضامین کا علمی معیار درج بالا دونوں شماروں سے بہتر تھا۔

خصوصی شماروں کے اس جائزہ سے ظاہر ہوتا ہے کہ مجدد نمبر سب سے پہلے الفرقان بریلی سے نکلا اور سب سے ضخیم نمبر نور اللہ کا تھا۔ نور اسلام کا نمبر اپنے مقالات کے موضوعات میں تنوع کی وجہ سے نئے تحقیق کاروں کے لیے چراغ راہ ثابت ہوا۔

Marfat.com

خواتین کے لئے منہج دعوت وارشاد

(سلسلہ مجددیہ کے مکتوبات کی روشنی میں)

اسلام نے انسان کو جو شرف و کمال اور عزت و وقار عطا کیا اس کا دائرہ صرف مردوں تک محدود نہیں بلکہ اس شرف و بزرگی میں خواتین بھی شریک ہیں۔ قرآن کریم کے خطاب یاایھا الذین امنوا میں خواتین بھی مخاطب ہیں علاوہ ازیں سورۂ احزاب میں دس اعتقادی، عملی اور اخلاقی صفات کے تذکرہ میں ان کو برابر شریک کیا۔[۱] اسلام نے مرد وزن کے جسمانی فرق کی تفاوت اور خواتین کے کارگاہ حیات میں جداگانہ ذمہ داریوں کا تذکرہ کیا کیوں کہ معاشرتی نظام کو جاری رکھنے کے لیے یہ ضروری ہے مگر روحانی تفاوت میں وہ کسی سے بھی کم نہیں۔ روحانی تکامل کے نتیجہ میں اجر مرتب ہونے کی جہت سے دونوں اصناف میں قرآن کوئی فرق نہیں کرتا۔

(من عمل صالحا من ذكر او انثى وهو مؤمن
فاولئك يدخلون الجنة)[۲]

(جو نیک کام کرتا ہے، مرد ہو یا عورت، بشرطیکہ وہ ایماندار ہو،
تو وہ جنت میں داخل ہوں گے)

اس دنیا میں آرام وسکون اور امن ومحبت کا معاشرہ قائم کرنے کے لیے ایمان کے ساتھ دونوں کی صالحیت پر مبنی مشترکہ جدّ وجہد کو لازمی قرار دیا ہے اس کے نتیجہ میں آخرت میں مرتب ہونے والے اجر کے اعتبار سے بھی دونوں کو مساوی ٹھہرایا۔

Marfat.com

من عمل صالحا من ذکر اوانثی وھو مومن فلنحیینه حیوة
طیبة ولنجزینھم اجر ھم باحسن ما کانوا یعملون۔[3]

(جو بھی نیک کام کرے، مرد ہو یا عورت بشرطیکہ وہ مومن ہو، تو ہم اسے ایک پاکیزہ زندگی عطا کریں گے، اور ہم انہیں ان کا اچھے اور مفید کاموں کے عوض جو وہ کیا کرتے تھے ضرور اجر دیں گے)

اس وجہ سے نبی کریم ﷺ نے خواتین کی تعلیم وتربیت کے حوالے سے بھی خصوصی احکامات ارشاد فرمائے کیونکہ اس طبقہ کی صحیح رہنمائی اور تربیت ہی سے معاشرہ کا توازن واعتدال قائم رہ سکتا ہے، آپ نے ان کی درخواست پر ان کی تعلیم کے لیے ایک علیحدہ دن بھی مقرر فرمایا۔[4]

آپ کی ان تعلیمات کی روح پر عمل کرتے ہوئے صوفیہ نے بھی خواتین کی تعلیم وتربیت کا اہتمام کیا۔ البتہ یہ اہتمام شریعت کے اصولوں کے مطابق پردہ میں ہوتا۔ مرد وزن کے جس اختلاط سے شریعت نے منع کیا ہے خانقاہوں میں اس کی کبھی بھی اجازت نہ رہی۔

تعلیم وتربیت کا یہ سلسلہ شریعت کی پابندی اور حدود وقیود کے ساتھ جاری رہا۔ یہی وجہ ہے کہ صوفیہ کے تذکروں میں صالحات کے تذکرے کے لیے علیحدہ باب قائم کئے گئے سلمی (۳۶۵/۹۷۶_۴۱۲/۱۰۲۱) نے اس موضوع پر ایک کتاب لکھی۔[5] نفحات الانس میں ۳۰ سے زائد صالح خواتین کا ذکر کیا اس باب کا عنوان، فی ذکر النساء العارفات الواصلات الی مراتب الرجال[6] رکھا۔ آغاز بایں الفاظ کیا:

Marfat.com

وکل ماذکره من هؤلاء الرجال باسم الرجال فقد یکون منهم النساء ولکن یغلب ذکر الرجال قیل لبعضهم کم الابدال قال اربعون نفسا فقیل له لم لاتقول اربعون رجالا فقال قدیکون فیهم النساء[7]

شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے اخبار الاخیار میں ''ذکر بعضے از نسائے صالحات''[8] کے عنوان سے چند عارفہ خواتین کا ذکر کیا۔ حضرت ابوالحسن زید فاروقی رحمۃ اللہ علیہ نے ایک خاتون کے احوال ومقامات پر تفصیلی نوٹ لکھا۔[9]

خواجہ باقی باللہ[10] اور آپ کے بعد آپ کے تربیت یافتہ نامور خلیفہ مجدد الف ثانی شیخ احمد سرہندی رحمۃ اللہ علیہ کے ہاں تزکیہ وتعلیم نسواں کے آثار مکاتیب میں دیکھے جاسکتے ہیں۔[11] مجددی حضرات کے ہاں مخاطب خواتین میں معاشرہ کی عام خواتین کے علاوہ امراء کی خواتین اور شاہزادیاں بھی شامل ہیں۔ ایسے مکاتیب کے مضامین پر مجموعی طور پر نظر ڈالیں تو ان میں اصلاح عقائد واعمال کے علاوہ اوراد ووظائف کی تلقین کے مضامین بھی شامل ہیں۔ بعض خواتین نے اپنے باطنی احوال لکھے تو ان کو اس کا جواب بھی دیا گیا۔ ان مکاتیب سے مجددی صوفیہ کے سیاسی ماحول پر گرفت اور سیاسی اصلاح کے طریق کار کی وضاحت بھی ہوتی ہے۔

اصلاح عقائد واعمال کے لیے حضرت امام ربانی رحمۃ اللہ علیہ نے ایک ارادت مند صالح خاتون کو خط لکھا، اس خط کا عنوان ''در بیان عقائد دینیہ وترغیب بر عبادات شرعیہ''[12] رکھا گیا۔ آپ نے اس مکتوب میں اہل سنت کے ۱۴ عقائد عام فہم الفاظ میں بیان کیے۔ ان میں وجود باری تعالیٰ اور اس سے متعلقہ مباحث، صفات

Marfat.com

ثمانیہ، علم الٰہی، دیدار الٰہی، انبیاء کرام اور ان کی بعثت کی ضرورت واہمیت، ملائکہ پر ایمان قیامت، خلفائے اربعہ کی فضیلت، اور مشاجرات صحابہ میں اہل سنت کا مؤقف جیسے اہم اعتقادی اور کلامی مباحث شامل ہیں۔ ایمان کی تعریف اور وضاحت بایں الفاظ کی ''وایمان عبارت از تصدیق قلبی است بہ اموری کہ از دین بہ طریق ضرورت و تواتر بہ ثبوت پیوستہ است، واقرار لسانی نیز بہ آن امور ضرورت (است) ان امور کی وضاحت کرتے ہوئے وجود صانع اور توحید، کتب وصحائف کا منزل من اللہ ہونا، انبیاء کرام ملائکہ آخرت پر ایمان جس میں اجساد کے ساتھ اٹھنا، عذاب دوزخ اور بہشت کا دائمی ہونا، آسمانوں کا انشقاق، ستاروں کا جھڑنا، پہاڑوں کا ریزہ ریزہ ہونا'' اس عبارت میں انتہائی اختصار کے ساتھ ضروریات دین کی وضاحت بیان کر دی۔[۱۳]
چونکہ ایک عام خاتون کے اعتقادات کو مضبوط ومربوط کرنا تھا اس لیے علم العقائد کے پیچیدہ اور فنی مباحث سے اجتناب کیا۔ اس سے آپ کی داعیانہ شان بھی اجاگر ہوتی ہے، عقیدہ چونکہ بنیادی اہمیت کا حامل ہوتا ہے اور اعمال میں عقیدہ کی جھلک وپرتو نظر آتا ہے۔ اس لیے عقائد کے بعد اعمال کا ذکر کرتے ہوئے لکھا: ''بعد از تصحیح اعتقاد، از اتیان اعمال ہم چارہ نبود۔ پیغمبر فرمودہ علیہ وعلی الہ الصلوٰۃ والسلام کہ بنای اسلام بر پنج چیز است''۔[۱۴]

اعمال کی تفصیلات کا ذکر کرتے ہوئے نماز، روزہ، حج، زکوٰۃ، اور اذکار مسنونہ کی تلقین پر ہی اکتفا نہیں کیا بلکہ مطالعہ کی تلقین بھی کی ایک صالح خاتون کو نصیحت کر رہے ہیں ''واز کتاب ہای فقہ کہ بہ عبارت فارسی نوشتہ اند، در رنگ ترغیب الصلوٰۃ و تیسیر الاحکام وامثال اینھا باید کہ ھمہ وقت باخود دارند ومسائل شرعیہ را از آنجا اخذ

Marfat.com

نمایند و بہ عمل در آرند" ۱۵ گویا آپ یہ چاہتے ہیں کہ خواتین فقہی مسائل سے آگاہ ہوں اور اپنے پاس مستند کتب فقہ رکھیں اور ان کے مطابق عمل کریں، اس مکتوب سے اگر ایک طرف آپ کے ہاں دینی تعلیم برائے خواتین کی اہمیت اجاگر ہوتی ہے تو دوسری طرف اس دور کی خواتین کے دینی ذوق کا اندازہ بھی بآسانی لگایا جا سکتا ہے، بلکہ اس مکتوب میں آپ ایک اہم اصول بھی بیان فرما رہے ہیں جو صرف خواتین ہی کے لیے نہیں ہر فرد کے لیے اہم ہے۔ آپ فرماتے ہیں کہ ان کتابوں کے مقابلہ میں گلستان کا مطالعہ بھی فضول اور لایعنی ہے۔ دین میں جس چیز کی ضرورت ہے اس کو لازم جاننا چاہیے اور اس کے علاوہ کسی اور طرف توجہ نہیں کرنی چاہیے۔ ۱۶ اعمال میں نیت کو بنیادی واساسی اہمیت حاصل ہے۔ اس حوالہ سے اس مکتوب میں لکھا کہ ہر عمل میں نیت رضائے الٰہی کی ہونی چاہیے۔ جن اعمال سے اجتناب کرنا چاہیے اس کی تفصیل ایک دوسرے مکتوب ۱۷ میں کی گئی جس کو سورۃ الممتحنہ کی آیت۔

یاایھا النبی اذاجاء ک المومنت یبا یعنک علی ان لایشر کن باللہ شیئا و لا یسرقن و لایزنین و لایقتلن اولادھن و لا یاتین ببھتان یفترینہ بین ایدیھن وارجلھن و لایعصینک فی معروف فبا یعھن واستغفرلھن اللہ ان اللہ غفور رحیم (اے نبی مکرم! جب آپ کی خدمت میں مؤمن عورتیں حاضر ہوں تاکہ اس بات پر بیعت کریں کہ وہ اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہیں ٹھہرائیں گی اور نہ چوری کریں گی، اور نہ بدکاری کریں گی اور نہ اپنے بچوں کو قتل کریں گی اور نہیں لگائیں گی جھوٹا الزام جو انہوں نے گھڑ لیا ہو اپنے ہاتھوں اور پاؤں کے درمیان اور نہ آپ کی نافرمانی کریں گی کسی نیک کام میں تو (اے میرے محبوب)

Marfat.com

انہیں بیعت فرمالیا کرو اور اللہ سے ان کے لئے مغفرت مانگا کرو۔ بے شک اللہ تعالیٰ غفور رحیم ہے۔) کی تفسیر بالماثور کہنا مناسب ہوگا۔ اس آیت کی وضاحت کرتے ہوئے آپ نے خاتون کو لکھا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بیعت کے وقت عورتوں کا ہاتھ نہیں چھوا۔ پھر شرک، کافروں کی رسمیں بجالانا، چوری کرنا، بدکاری، اولاد کو قتل کرنا، بہتان وافترا، جیسے اعمال قبیحہ سے اجتناب پر سیر حاصل بحث کی، فارسی کے تقریباً دس صفحات پر مشتمل اس طویل مکتوب کے مطالعہ سے اس دور میں خواتین کے طبقہ میں پیدا ہونے والی غلط رسوم ورواج کا علم بھی ہوتا ہے اس لیے آپ نے احکام شرعیہ کی پابندی کے ساتھ ان چیزوں کی تلقین کی۔

(۱) تمام نشہ آور چیزوں سے پرہیز کرنا اور ان کو شراب کی طرح حرام اور برا جاننا۔

(۲) گانا بجانے سے پرہیز بھی ضروری ہے کیونکہ یہ لہو ولعب میں داخل ہے۔

(۳) بدشگونی کا ہرگز اعتبار نہ کریں۔ اور یہ عقیدہ بھی نہ رکھا جائے کہ ایک کا مرض دوسرے کو لگ جاتا ہے، کیونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بدشگونی اور مرض کے متعدی ہونے کی نفی فرمائی ہے۔

(۴) کاہن اور نجومی کی بات کا اعتبار نہ کیا جائے۔ ان سے غیبی باتیں ہرگز دریافت نہ کی جائیں۔

(۵) جادو خود بھی نہ کریں اور جادوگر کو بھی کام میں نہ لائیں کیونکہ یہ قطعی طور پر حرام ہے۔

(۶) ہندوؤں کے بڑے دنوں کی تعظیم کرنا اور ان کی مشہور رسموں کو بجالانا بھی سراسر شرک اور کفر کے زمرے میں آتا ہے۔ جیسا کہ دیوالی کے دنوں میں جاہل مسلمان اور ان کی عورتیں کافروں کی رسموں کو بجالاتی ہیں اور اپنی عید

Marfat.com

جیسی خوشی مناتی ہیں اور کافروں کی طرح اپنی بیٹیوں اور بہنوں کو ہدیے بھیجتی ہیں۔ اور اس موسم میں کفار کی طرح اپنے برتنوں کو رنگین کر کے ان کو سرخ رنگین چاولوں سے بھر کر بھیجتی ہیں اور اس موسم کا بڑا اعتبار اور اہتمام کرتی ہیں۔

اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ اس دور میں کیونکہ غیر اسلامی رسمیں، معاشرہ میں رچ بس گئی تھیں۔ اس لیے آپ نے اپنی ارادت مند خواتین کو بالخصوص اور دیگر مومنات کو بالعموم انتہائی سخت فقہی اسلوب میں منع فرمایا۔ یہ مکتوب مشائخ کی ہر دور میں ذمہ داریوں اور فرائض کی بنیادوں کا تعین بھی کرتا ہے۔ اس مکتوب کے آخر میں آپ نے آج کی اور اس دور کی بھی ایک غلط فہمی کی اصلاح فرمائی ہے۔ شیخ کی ضرورت پر تبصرہ کرتے ہوئے آپ اس صالح خاتون کو لکھتے ہیں: ''نجات کا طریقہ اور چھٹکارہ کا راستہ اعتقاد وعمل میں صاحب شریعت علیہ وعلی آلہ الصلوٰۃ والسلام کی متابعت ہے۔ استاد اور پیر کو بھی اسی غرض کے لیے پکڑتے ہیں کہ شریعت کی طرف رہنمائی کریں اور ان کی برکت سے شریعت پر اعتقاد اور عمل میں آسانی اور سہولت پیدا ہو نہ یہ کہ مرید جو چاہیں کرتے پھریں، جو چاہیں کھاتے پھریں اور پیران ان کے لیے ڈھال بن جائیں گے اور ان کو عذاب سے بچائیں گے۔ وہاں بھی حق تعالیٰ کی مرضی کے بغیر کوئی سفارش نہیں کر سکتے۔ اور راضی اس وقت ہوگا جب شریعت کے مطابق عمل کرنے والا ہوگا۔ البتہ بشریت کے تقاضے کی بنا پر اگر کوئی لغزش اس سے ہوئی ہے تو شفاعت کے ذریعے اس کا تدارک ممکن ہے۔[20]

خواجہ میر محمد نعمان۔[21] کی زوجہ کے نام ایک خط میں خصوصاً یہ نصیحت بھی

Marfat.com

فرمائی کہ امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ نے عورتوں کے زیورات میں بھی زکوٰۃ ادا کرنے کا حکم فرمایا ہے۲۲ خواجہ میر محمد نعمان کے نام ایک خط میں ان کی مذکورہ اہلیہ کے لیے یہ نصیحت بھی درج کی: ''وباید کہ خدمت شمارا غنیمت دانستہ ودر رضا جویی شما باشد'' ۲۳ کہ وہ آپ کی (یعنی شوہر کی) خدمت کو غنیمت جانیں اور آپ کی رضا جوئی میں مشغول رہیں، گویا اس خط میں بھی تعلیمات نبوی کی روشنی میں آپ نے خاتون کے لیے دائرہ کار متعین کیا۔ اس دور میں بھی، شاید آج کل کی طرح، عورتوں کو یہ وہم تھا کہ ذکر اذکار کے اثرات مرتب ہونا ضروری ہے آپ نے اس غلط فہمی کو دور کرتے ہوئے لکھا کہ آخرت کو پیش نظر رکھ کر ذکر میں مصروف ہونا چاہیے۔ رہ گئی اثرات ولذت تو ''چہ درکار است کہ لذت تمام در ذکر پیدا شود و چیزھا درنظر آید، آن خود داخل لھو ولعب است ۲۴۔ یعنی یہ ضروری نہیں کہ ذکر میں لذت پیدا ہو اور کچھ نظر آئے یہ بھی لھو ولعب میں داخل ہے۔

حضرت امام ربانی رحمۃ اللہ علیہ کے وصال کے بعد بھی تعلیم وتزکیہ بذریعہ مکتوب نگاری کا رجحان مجددی حضرات میں موجود رہا۔ خواجہ محمد سعید ۲۵۔ آپ کے لخت جگر ہیں۔ ان کے ہاں بھی خواتین کے نام مکاتیب ملتے ہیں ایک خط تعزیت نامہ ہے جو بی بی خانمی بنت تربیت خاں کو غالباً ان کے بیٹے کی وفات پر لکھا گیا اس میں آپ نے وضاحت کی کہ فعل الحکیم لایخلو عن الحکمۃ اور مرحوم کے لیے دعائیہ کلمات لکھے ۲۶۔ آپ کے مجموعۂ مکاتیب میں عبدالرحیم خان خانان ۲۷ کی بیٹی کے نام بھی ایک خط ہے۔ اس کو ابتدا میں نصائح کا آغاز ان الفاظ سے کیا: ''وچوں اتباع شریعت مطہرہ دو جزء است، اتیان مراضی واجتناب از معاصی'' ۲۸ بعد ازاں

Marfat.com

شریعت مطہرہ کی پابندی اور سلوک نقشبندیہ کی وضاحت کی اور سلوک کی مختلف منازل کا تذکرہ کیا۔

خواتین کو تلقین ونصائح کا یہ سلسلہ مکتوبات معصومیہ میں بھی نظر آتا ہے۔ بلکہ یوں محسوس ہوتا ہے کہ مکتوبات معصومیہ اور اس کے بعد مرتب ہونے والے مجموعہ ہائے مکاتیب میں خواتین کے نام مکاتیب میں شغل باطنی، باطنی کیفیات اور مجددی اذکار ووظائف کی تفصیلات بڑھتی گئی ہیں۔ خواتین اپنے رشتہ دار یا شہر سے سرہند حاضر ہونے والے لوگوں کے ہاتھ رقعات ارسال کرتیں۔ خواجگان سرہند کی طرف سے جواب دیا جاتا۔ مکتوبات معصومیہ (مکتوب ۸۹) ۲۹ کے مطالعہ سے اس حقیقت کا اندازہ لگایا جاسکتا ہے۔ اس مکتوب کا اختتام ان الفاظ پر کیا ''جس قدر غفلت زائل ہو گئی ہے اور حضوری حاصل ہوگئی ہے ایک نعمت ہے کوشش کریں کہ باطن سے غفلت پوری طرح سے دور ہو جائے اور حضور کامل کہ جس کے بعد غیبت نہ ہو حاصل ہو جائے۔ یہی حضور جب غالب آجاتا ہے تو نفس حاضر درمیان سے اٹھ جاتا ہے، حق سبحانہ کا حضور خود بخود حاصل ہو جاتا ہے، ۳۰ یہ مکتوب بتاتا ہے کہ خواتین آپ کی دعاء و توجہات سے کاملیت کے مقامات طے کرتیں۔ حاجی بیگم کے لیے آپ فنائے حقیقی کے حصول اور نفس امارہ کا نفس مطمئنہ کے درجہ پر فائز ہونے کا ذکر کیا۔

توحید خواص جیسے دقیق مسئلہ کے معارف وحقائق بھی ایک خاتون کے لیے آپ نے وضاحت سے بیان فرمائے۔ ۳۲ ماہ جیو نے مجددی طریقہ کے اذکار کی بابت معلوم کیا تو آپ نے ذکر اسم ذات ذکر نفی واثبات، وقوف قلبی مراقبہ، اور تصور شیخ کی وضاحت پر مبنی تفصیلی خط لکھا ۳۳ سیدہ بی بی کو صبح وشام کے مختلف وظائف اور

Marfat.com

ماثورہ دعاؤں کی تفصیلات لکھتے ہوئے، آغاز بایں الفاظ کیا: ''عصمت پناہ عفت دستگاہ ہمشیرہ دینی سیدہ بی بی ازیں جانب سلام عافیت انجام خوانند معلوم آں ہمشیرہ باشد کہ دنیا جائے عیش و آسائش نیست محل کشت وکاراست وموطن طاعت وعبادت،۳۴ (عصمت پناہ غفلت دستگاہ ہمشیرۂ دینی سیدہ بی بی اس جانت سے سلام اس ہمشیرہ کو معلوم ہو کہ دنیا عیش و آسائش کی جگہ نہیں ہے کھیتی اور کام کرنے کی جگہ اور طاعت و عبادت کا مقام ہے) اور اختتام ان الفاظ سے کیا'' واین استغفار نیز بست وپنج بار ہر روز بگویند استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الرحمن الرحیم الحی القیوم الذی لایموت واتوب الیہ رب اغفرلی این استغفار جلیل القدر را بزرگان روز وشب مداومت کردہ اند ومنافع وفوائد آنرا بیش از بیش مشاہدہ نمودہ در حدیث آمدہ است ہر کہ این استغفار بگوید در روزے بست وپنج بار ہیچ مکروہی درخانہ خود واز خود و شہر خود نہ بیند و برائے برآمدن حاجات وکشایش مشکلات کلمہ لاحول ولاقوۃ الا باللہ پانصد بار بگویند واول وآخر درود بخوانند لا اقل صد بار ۳۵ (اور استغفار بھی پچیس بار ہر روز کہیں استغفر...... بزرگوں نے اس استغفار کی روز وشب مداومت کی ہے اور اس کے منافع وفوائد کو بہت زیادہ مشاہدہ کیا ہے، حدیث میں آیا ہے کہ جو شخص اس استغفار کو ایک دن میں پچیس بار کہے گا وہ اپنے گھر میں اور اپنے آپ سے اور اپنے شہر سے کوئی ناپسندیدہ چیز نہیں دیکھے گا اور حاجات برآوری وحل مشکلات کے لیے کلمۂ لاحول...... پانچ سو بار کہیں اور اس کے اول وآخر درود شریف پڑھیں جو سو بار سے کم نہ ہو) یہ اقتباس ظاہر کرتے ہیں کہ حضرات مجددیہ نے خواتین کی اصلاح وتربیت کے لیے جو لائحہ عمل مرتب کیا وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات کے تابع ہے۔

Marfat.com

اس نقطہ نظر سے اگر خواجہ سیف الدین رحمۃ اللہ علیہ [۳۶] کے مکاتیب دیکھیں تو یہاں بھی خواتین کے نام پندرہ مکاتیب ملیں گے جن میں ۱۱، روشن رائے بیگم [۳۷] جو اورنگ زیب کی بہن ہیں، کے نام ہیں، ان پندرہ مکاتیب میں درج بالا موضوعات کے علاوہ باطنی حقائق و لطائف سے متعلقہ ابحاث کی کثرت ہے۔ چونکہ یہ عام قارئین کی دلچسپی کا موضوع نہیں اس لیے چند مکاتیب کے عناوین درج کرنے پر اکتفا کرتا ہوں۔

(۱) در تحریص بر محاسن ذکر و بیان آن کہ سرعت تاثیر مخصوص این طریقہ است......

(۲) در بیان فنائے نفس بہ طریق اجمال۔ [۳۸]

(۳) در بیان آنکہ اہل اللہ بعد از فنا و بقا ہر چہ می بینند در خود می بینند...... [۳۹]

(۴) در بیان آنکہ ہر زمین را فیض علیحدہ است و ذکر مکاشفہ مخصوصہ حضرت مجدد الف ثانی رضی اللہ عنہ درین مقام۔ [۴۰]

(۵) در جواب آنچہ عدم یافت احوال باطن نوشتہ بود و بیان اختلاف مشائخ در فقدان و وجدان و ترجیح اول بر ثانی۔ [۴۱]

(۶) در بیان آنکہ لطائف خمسہ عالم امر اسرار الٰہی اند و ہر کدام آنہا زیر قدم نبی است از انبیاء اولوالعزم علیہم الصلوٰۃ والتسلیمات۔ [۴۲]

یہی صوفیانہ مباحث شیخ عبدالاحد وحدت گل [۴۳] کے مکاتیب میں نظر آتے ہیں۔ شہزادی زیب النساء [۴۴] بنت اورنگ زیب کے نام مکاتیب میں صوفیانہ مباحث اور عرفانی اسلوب بیان کا مشاہدہ کیا جا سکتا ہے۔ سلسلہ مجددیہ کی ترویج و اشاعت میں نمایاں کردار ادا کرنے والی شخصیت حضرت مظہر جان جاناں رحمۃ اللہ علیہ [۴۵] کی ہے۔ آپ کے مکاتیب میں قاضی ثناء اللہ پانی پتی کی اہلیہ کے نام ایک خط ملتا ہے۔

Marfat.com

اس خط کے مندرجات عمومی اور عرفانی تربیت کے حوالہ سے بہت مہم ہیں ''عمومی ہدایات یہ ہیں: ''اگر بزرگوں کے ساتھ ادب اور چھوٹوں کے ساتھ محبت اور شفقت سے زندگی بسر کریں تو کوئی شخص آپ کی برائی نہیں کر سکتا ہے اور شوہر کی فرمانبرداری اور خدمت کرنے کی کوشش کرنی چاہیے جس پر دارین کی فلاح اور اللہ تعالیٰ کی رضا مندی موقوف ہے اور قہر اور غصے کو پی جانا چاہیے۔ اور نامناسب کلمات زبان پر نہ لانا چاہیے۔ نماز کی ادائیگی میں پابندی کرنی چاہیے۔ اور اس کے بعد کسی شخص کی کیا مجال ہے کہ آپ کو اذیت پہنچائے۔ اور یہ فقیر جو آپ کا طرف دار ہے اگر آپ میری بات غور سے سنیں تو بہت بہتر ہے ورنہ میں اور آپ دونوں عقلمندوں کے سامنے موردالزام اور شرمندہ ہوں گے۔ اور حج کرنے جانے کے لیے کون سا ایسا مسلمان ہے جو کسی دوسرے مسلمان کو منع کرے گا لیکن شرط یہ ہے کہ اس پر فرض ہو۔ آپ پر فرض نہیں۔ جو کچھ میں نے لکھا اس پر عمل کرنا ضروری ہے۔[۴۶]

ان معاشرتی اور دینی معاملات کی تلقین کے بعد درج ذیل اقتباس ملاحظہ فرمائیں جو تصوف کے حوالہ سے بہت اہمیت رکھتا ہے: ''اگر خواتین کو توفیق ہو اور آپ سے توجہ چاہیں تو اس کی آپ کو اجازت ہے۔ اس کا اثر ہوتا ہے بزرگوں سے قوی امید ہے اور کبھی کبھی میں آپ کو توجہ دیتا ہوں اور ترقی ظاہر ہوتی ہے۔[۴۷]

مکاتیب کے ان اقتباسات اور جائزہ سے یہ بات کہی جاسکتی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اسوۂ حسنہ کی روشنی میں صوفیہ نے خواتین کی تبلیغ واصلاح اور تزکیہ و تربیت کے فریضہ کو انجام دیا۔ عام خواتین اور دربار سے متعلقہ لوگوں کے اہل خانہ کی اصلاح و تربیت کے ذریعہ مجددی سلسلہ کے صوفیہ نے سماجی وسیاسی اصلاح کا فریضہ انجام دیا۔

Marfat.com

حوالہ جات

۱۔ سورۃ الاحزاب: ۳۵

۲۔ سورۃ المومن: ۴۰

۳۔ سورۃ النحل: ۹۷

۴۔ بخاری، محمد بن اسماعیل، الجامع الصحیح، کتاب الاعتصام بالکتاب والسنة، باب تعلیم النبی اُمّته من الرجال والنساء ...... رقم الحدیث: ۷۳۱۰

۵۔ یہ کتاب ابی عبدالرحمٰن محمد بن الحسین السلمی کی طبقات الصوفیۃ کے ساتھ شائع ہو چکی ہے۔ اس کا انگریزی زبان میں ترجمہ Rkia Elaroui Cornell Early Sufi Women کے نام سے کیا۔ اور ساتھ ہی عربی متن شائع ہو چکا ہے۔ Cornell نے اس کتاب کے حوالہ سے مبسوط مقدمہ بھی تحریر کیا ہے۔ اس کا عربی متن مصطفیٰ عبدالقادر عطا کی تحقیق کے ساتھ دارالکتب العلمیۃ بیروت سے ۲۰۰۲ء/۱۴۲۴ھ میں شائع ہوا۔ کتاب کا پورا نام ''ذکر النسوة المتعبدات الصوفيات'' ہے اور اس میں ۸۴ صوفی خواتین کے حالات جمع کئے گئے ہیں زین الدین محمد عبدالرؤف المناوی کی کتاب جو بیروت سے ۵ جلدوں میں شائع ہوئی کئی صوفی خواتین کے احوال اس میں مذکور ہیں۔ کتاب کا نام الکواکب الدرية فی تراجم السادة الصوفية ہے۔ Cornell نے انگریزی کتاب میں بطور ضمیمہ ابن الجوزی کی کتاب صفۃ الصفوہ سے ۱۶ صوفی خواتین کا تذکرہ بھی کیا۔ خواتین صوفیہ کے حوالہ سے Margarat Smith نے لکھا:

It was the development of mysticism (sofism) within Islam which gave women their great

Marfat.com

opportunity to attain the rank of sainthood. (p.1)

مزید یہ بھی لکھا:

The high position attained by the women sofis is attested forther by the fact that the sofis themselves give to a woman the first place among the earliest Muhammadan mystics and have chosen her to be the reprecsantative of the first development of mystiasm in Islam. (Smith, Margaret, Rabia the Mystic and Her Fellow saints In Islam, Hijra Publihers, Lahore, 1983, p.3)

Annemarie Schimmel نے Mystical Dimansions of Islam میں The Feminine Elemant in sufism کے عنوان سے ص:435-426 پر سیر حاصل بحث کی۔ مگر مشمل کی تمام آراء سے اتفاق مشکل ہے۔ Cornell نے بھی بصری اور شامی خواتین کے صوفی مکاتب کا ذکر کیا ہے

Cornell, Rkia Elarovi, Early Sofi women, Suhail Acadcmy Lahore 2005, p61, 63

۶ جامی عبدالرحمٰن، نفحات الانس من حضرات القدس، از انتشارات کتاب فروشی محمودی، ص: ۶۱۵ تا ۶۳۶

۷ ایضاً ص: ۶۱۵

۸ عبدالحق، شیخ، اخبار الاخیار مع مکتوبات، النوریہ الرضویہ پبلشنگ کمپنی، لاہور، ۲۰۰۹ ص ن: ۲۹۴۔۲۹۸۔

Marfat.com

۹ امۃ الجمیل عرف جمیلہ (م:۱۳۵۸ھ/۱۹۳۹ء) کے بارہ میں شاہ ابوالحسن (م:۲دسمبر ۱۹۹۳ء) لکھتے ہیں: ''آپ نے اپنے نانا محدث دارالہجرۃ حضرت شاہ عبدالغنی اور اپنے حضرت والد سے پڑھا تھا اور نسبت شریفہ بہ درجہ اتم حاصل تھی''، فاروقی، شاہ ابوالحسن زید، مقامات خیر، شاہ ابوالخیر اکادمی دہلی، ص:۱۰۹۔

۱۰ پروفیسر محمد اقبال مجددی دامت برکاتہم العالیہ نے اپنی زیر ترتیب کتاب میں بعض خواتین کو حضرت خواجہ باقی باللہ (۹۷۱ھ۔۱۰۱۲ھ) کے خلفاء میں شمار کیا ہے وہ نام یہ ہیں: بی بی دولت قرشیہ، بی بی فاطمہ، بی بی قطب

۱۱ حضرات القدس میں درج یہ واقعہ بھی قابل ملاحظہ ہے۔

''خواجہ محمد ہاشم (م:۱۰۵۴ھ) نے بتایا کہ ایک دن حضرت مجدد زنانہ مکان میں تشریف رکھتے تھے کہ آپ کی صاحبزادی ام کلثوم جو اس وقت سات سال کی تھیں استاد کے پاس سے پڑھ کر آئیں اور بہت افسوس ظاہر کیا کہ من ہمہ شمارا از حق سبحانہ غافل می یابم'' حضرت ایشان فرمودند کہ بی بی! ایں حال برشما از کجا پرتو انداخت؟ صاحبزادی نے عرض کی کہ آپ فلاں عورت کو ذکر تلقین کر رہے تھے، من حاضر بودم اور اس کا اثر بیان کرتے ہوئے عرض کی: ازاں روز دل مرا شغولی گرفتہ است ہیچ گاہ برمن غفلت طاری نمی شود و حال ہیچ دل برمن پوشیدہ نیست (بدرالدین سرہندی، شیخ حضرات القدس، مقدمہ، تحقیق، تصحیح، مولانا محبوب الٰہی محکمہ اوقاف پنجاب، ۱۹۷۱ء، ص:۲۹۸)

۱۲ مکتوبات امام ربانی، دفتر سوم، مکتوب:۱۷

۱۳ ایضاً

۱۴ ایضاً

۱۵ ایضاً

۱۶ ایضاً

Marfat.com

۱۷۔ ایضاً دفتر سوم، مکتوب: ۴۱

۱۸۔ سورۃ الممتحنۃ: ۱۲

۱۹۔ ایضاً

۲۰۔ ایضاً

۲۱۔ خواجہ میر محمد نعمان حضرت مجدد علیہ الرحمۃ کے نامور خلیفہ ہیں آپ کی ولادت ۹۷۷ھ میں ہوئی۔ سال وصال ۱۰۵۸ھ ہے۔ احوال حیات کے لیے ملاحظہ فرمائیں۔

حضرات القدس جلد ۲، ص، ۲۹۹۔۳۱۱

۲۲۔ مکتوبات امام ربانی، دفتر سوم، مکتوب ۳۴

۲۳۔ ایضاً مکتوب ۱۲

۲۴۔ ایضاً

۲۵۔ خواجہ محمد سعید (۱۰۰۵ھ/۱۵۹۶ء۔ ۱۰۷۱ھ/۱۶۶۱ء) حضرت مجدد رحمۃ اللہ علیہ کے بڑے بیٹے ہیں، آپ کے احوال حیات کا مفصل تذکرہ شیخ عبدالاحد نے لطائف المدینہ میں کیا ہے۔ علاوہ ازیں حضرات القدس جلد دوم، ص: ۲۳۴۔۲۶۲ بھی ملاحظہ فرمائیں۔ آپ کے مکتوبات کا مجموعہ ایک جلد میں ہے اور ''مکتوبات سعیدیہ'' کے نام سے معروف ہے۔ اس میں کل ۱۰۰ مکاتیب ہیں جو فارسی اور عربی زبان میں ہیں ان کے جامع حضرت مولانا محمد فرخ ہیں۔ یہ، مکتبہ حکیم سیفی لاہور سے، محکمہ اوقاف مغربی پاکستان کی اعانت سے ۱۳۸۵ء میں شائع ہوئے۔

۲۶۔ مکتوبات سعیدیہ، مکتوب: ۷۷

۲۷۔ عبدالرحیم خان خاناں (۹۶۴ھ۔ ۱۰۲۶) بن بیرم خاں عہد مغلیہ کا ایک معروف نام ہے۔ علم دوستی کی وجہ سے بھی شہرت ہے۔ ایک جلد ساز انہی وسط ایشیا سے بھاگ کر آیا تو آٹھ ہزار ماہانہ پر اسے رکھ لیا۔ حضرت مجدد علیہ الرحمۃ کے ۱۳ مکتوب آپ کے نام

Marfat.com

ہیں۔ حسن عزیز جاوید نے اس علم پرور امیر کے دوھے "عبدالرحیم خانخانان اوران کے دوھے" کے نام سے مرتب کئے جو ۱۹۶۸ء میں "شائستہ ادب" کراچی سے شائع ہوئے اس میں احوال حیات بھی درج ہیں۔

۲۸۔ مکتوبات سعیدیہ، مکتوب:۵۸ (اتباع شریعت کے دو جز ہیں ایک اللہ کی رضا کے مطابق عمل اور دوسرا گناہوں سے بچنا)

۲۹۔ مکتوبات معصومیہ، حضرت خواجہ محمد معصوم (۱۰۰۷ھ/۱۵۹۸ء۔۱۰۷۹ھ/۱۶۶۸ء) حضرت مجدد علیہ الرحمۃ کے دوسرے بیٹے ہیں۔ آپ کے مکاتیب تین جلدوں میں ہیں، ان کی تعداد ۶۵۲ ہے۔ تینوں دفتروں کا اردو ترجمہ سید زوار حسین شاہ نے کیا اور ادارہ مجددیہ کراچی سے شائع ہوا۔ تینوں جلدوں کا ملخص نسیم احمد فریدی نے تیار کیا۔ ترکی ترجمہ مستقیم زادہ سلیمان سعد الدین نے کیا۔ (مقامات معصومی جلد اول ص :۲۰۰۱۔۲۵۳) پروفیسر محمد اقبال مجددی نے آپ کے احوال وآثار وتعلیمات پر مشتمل مقامات معصومی کو چار جلدوں میں (مقدمہ، ترجمہ، متن، حواشی) ضیاء القرآن پبلی کیشنز لاہور سے ۲۰۰۴ء میں شائع کروایا۔

۳۰۔ مکتوبات معصومیہ دفتر سوم، مکتوب:۸۹

۳۱۔ ایضاً مکتوب:۱۸۴

۳۲۔ ایضاً، دفتر اول، مکتوب:۲۳

۳۳۔ ایضاً دفتر دوم، مکتوب:۱۱۳

۳۴۔ ایضاً مکتوب:۳۳

۳۵۔ ایضاً

۳۶۔ خواجہ سیف الدین (۱۰۵۵۔۱۰۹۵ھ) حضرت خواجہ معصوم رحمۃ اللہ علیہ کے پانچویں فرزند ہیں۔ اورنگ زیب نے مدارج روحانیہ آپ کی تربیت سے حاصل کئے۔ بادشاہ

Marfat.com

سے اس مصاحبت کا مقصد حاجت مندوں کی ضرورتوں کی تکمیل کے علاوہ: ترویج سنت وتوہین اہل بدعت کہ درین آخرالزمان بے معاونت ومخالطت سلاطین محال است (مکتوبات سیفیہ مکتوب:۱۶۱) تھا۔آپ کے مکتوبات، مکتوبات سیفیہ کے نام سے معروف ہیں۔ان کی تعداد ۱۹۰ ہے اوران کو مولانا محمد اعظم نے جمع کیا۔ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خاں کے بقول: ''گویا مذکورہ بالا ملکی اور بیرونی سلاطین، امراء اور علماء سبھی آپ سے مستفیض تھے۔اس لیے ظاہر ہے کہ ان مکتوبات کا لکھنے والا، ورع وتقوی، خلوص و کمال میں کس قدر بلند تربیت ہوگا۔'' (مقدمہ مکتوبات) یہ مکتوبات نایاب تھے۔ باقیاتِ جہانِ امامِ ربانی کی تیسری جلد میں ان کے فارسی متن کو شائع کر دیا ہے۔

۳۷۔ عام تاریخوں میں نام روشن آرا ہے۔ان مکاتیب میں روشن رائے بیگم ہے یہ داراشکوہ سے چھوٹی تھی۔

۳۸۔ مکتوبات سیفیہ، مکتوب: ۷ اور ۸ باقیات جہان امام ربانی، جلد ۳ ص: ۸۷۔۸۸

۳۹۔ ایضاً مکتوب: ۱۰/ایضاً ص: ۹۲

۴۰۔ ایضاً مکتوب: ۷۷/ایضاً ص: ۱۸۵

۴۱۔ ایضاً مکتوب: ۷۳/ایضاً ص: ۱۷۷

۴۲۔ ایضاً مکتوب: ۱۵/ایضاً ص: ۲۴۶

۴۳۔ شیخ عبدالاحد وحدت گل (۱۰۵۰ھ/۱۶۴۰۔۱۱۲۶ھ/۱۷۱۴ء) خواجہ سعید کے بیٹے ہیں۔ان کے مکاتیب گلشن وحدت کے نام سے شائع ہوئے، جامع شیخ محمد مراد کشمیری ہیں۔اوران کی تعداد ۱۰۹ ہے۔ادبی لحاظ سے یہ مکاتیب بڑی اہمیت رکھتے ہیں۔یہ مجموعہ مکاتیب بھی جہان امام ربانی میں شائع ہوا ہے۔وحدت گل کے احوال وآثار کے لیے راقم کا مضمون ملاحظہ فرمائیں۔الجنات الثمانیہ اوراس کا مصنف، درفکر ونظر، جلد ۴۶۔شمارہ ۳، ص: ۹۱۔۱۰۴

Marfat.com

۴۴؎ گلشن وحدت مکتوب: ۴۴، ۴۷، ۵۶

۴۵؎ حضرت مظہر جان جاناں (۱۱۱۱ھ۔۱۱۹۵ھ) کے احوال وآثار کے لیے ملاحظہ فرمائیں۔

(i) عبدالرزاق قریشی، میرزا مظہر جانجاناں اوران کا کلام، دارالمصنفین، اعظم گڑھ، ۲۰۰۴ء

(ii) محمد اقبال مجددی (مرتب) مقامات مظہری، اردو سائنس بورڈ لاہور

(iii) ڈاکٹر سید تبارک علی نقشبندی، مرزا مظہر جان جاناں ان کا عہد اور اردو شاعری، دہلی، 1988 حضرت مظہر کے مکاتیب کے دو مجموعے دستیاب ہیں۔

(الف) عبدالرزاق قریشی (تدوین)، مکاتیب میرزا مظہر جانجاناں، ترجمہ: ڈاکٹر محمد عمر، خدا بخش اورنیٹل پبلک لائبریری پٹنہ، ۱۹۹۵

اس میں ۱۴۷ مکاتیب ہیں اکثر قاضی ثناء اللہ پانی پتی اور آپ کے متعلقین کے نام ہیں۔

(ب) خلیق انجم (مرتب ومترجم)، مرزا مظہر جانجاناں کے خطوط، مکتبہ برہان، دہلی اس مجموعہ میں مکاتیب کی تعداد ۹۱ ہے۔

۴۶؎ مکاتیب میرزا مظہر جانجاناں، مکتوب ۱۳۳، ص: ۱۳۱

Marfat.com

برصغیر میں فکر اسلامی کے احیاء میں حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کا کردار (تجزیاتی مطالعہ)

قرآن نے تزکیہ نفس کو نبوت کے فرائض چہارگانہ میں شمار کیا ہے۔(۱) دین کا یہی شعبہ جب ایک مرتب علم یا فن کی صورت میں سامنے آیا تو اسے تصوف کہا جانے لگا(۲)۔ یہ اصطلاح کب اور کہاں سے آئی؟ اس سے زیادہ اہم بات یہ ہے کہ اسکی اصل کیا ہے؟ اس کی اصل تو دین پر اس کی حقیقی روح کے ساتھ عمل پیرا ہونا ہے، اس کو نام جو بھی دے لیا جائے۔ دوسرے مذہب میں بھی اس کا تصور پایا جاتا ہے لیکن اسلام اور دیگر مذاہب کے تصوف میں بنیادی فرق یہ ہے کہ اسلام میں تصوف اخلاص کے ساتھ دین کے تمام تقاضوں کو اتباع رسول ﷺ کی شکل میں پورا کرنا ہے اور اس کے بیرونی مظاہر یا اثرات جو کشف وکرامت کی صورت میں ظاہر ہوتے ہیں ان کی ہرگز کوئی اہمیت نہیں ہے جبکہ دیگر مذاہب (۳) میں ان بیرونی اثرات کو بنیادی اہمیت حاصل ہے۔

برصغیر میں صوفیہ نے معاشرتی سطح پر اہم کردار ادا کیا ہے۔ انہوں نے فرد اور معاشرہ کی اصلاح پر خاص توجہ دی۔ علم کا فروغ اور انسانوں کی بنیادی ضروریات کی تکمیل کے لئے یہ گروہ سرگرم عمل رہا۔ ان صوفیہ میں سے مشرق ومغرب میں ایک معروف نام شیخ احمد سرہندی (۹۷۱-۱۰۳۴ھ/۱۵۶۳-۱۶۲۴ء) کا ہے(۴)۔ یہ اپنے

Marfat.com

نام سے زیادہ لقب مجدد الف ثانی (۵) سے مشہور ہوئے۔ سرہند (۶) میں آپ کی ولادت ہوئی جو ہندوستان کا معروف شہر ہے۔آپ کے والد (۷) ایک نامور عالم دین اور صوفی تھے۔تقریباً سترہ سال کی عمر میں تمام مروجہ دینی علوم حاصل کرنے کے بعد تدریس شروع کی۔ بادشاہ کے دربار میں آنا جانا نہ تھا البتہ مشیران اکبر، ابوالفضل اور فیضی سے نجی ملاقاتوں میں علمی مسائل پر گفتگو ہوا کرتی تھی لیکن یہ سلسلہ بھی جلد ہی منقطع ہوگیا (۸)۔صوفیانہ ذوق چونکہ وراثت میں ملا تھا اس لئے (۱۰۰۸/۱۵۹۹ء) میں نقشبندی سلسلہ کی نامور شخصیت خواجہ محمد باقی باللہ رحمۃ اللہ علیہ کے مرید ہوئے (۹)۔آپ کی روحانی منازل اور عرفانی سفر کی بلندیوں کا اندازہ ان مکاتیب سے لگایا جاسکتا ہے جو آپ نے اپنے شیخ کو لکھے (۱۱)۔خواجہ باقی باللہ تو (۱۰۱۲ھ/۱۶۰۳ء) میں انتقال کر گئے مگر آپ کے تربیت یافتہ خلیفہ حضرت مجدد الف ثانی نے ایک علمی وفکری تحریک بپا کی، اس کی قیادت کی اور اپنے مشن کو پایہ تکمیل تک پہنچایا۔ وقت نے اس بات کو ثابت کیا کہ ان نازک وابتر حالات میں مجددی فکر وفلسفہ ہی فکر اسلامی کے بقا کی، کامیابی سے تگ ودو کرسکتا تھا۔اس تگ ودو میں شیخ سرہندی کا کردار اور کارنامہ کلیدی اور قائدانہ ہے۔

شیخ احمد سرہندی کی تصانیف تعداد میں آٹھ ہیں جن میں سات رسائل اور مکتوبات کے تین دفتر ہیں۔مگر غالب گمان ہے کہ آپ کی تصانیف کی تعداد اس سے زیادہ ہو۔آپ کی اکثر علمی تحقیقات سرہند کی تباہی میں ختم ہوگئی ہوں گی (۱۲)۔

صاحبان علم ودانش کے مکاتیب (۱۳) کی ہمیشہ افادیت وحیثیت کو تاریخی طور پر تسلیم کیا گیا (۱۴)۔مگر جیسی شہرت مکتوبات شیخ احمد سرہندی جو مکتوبات امام ربانی

کے نام سے معروف ہوئے، کو ملی دنیا میں بہت کم مجموعہ ہائے مکاتیب کو مل سکی۔ یہ مکاتیب تعداد میں 536 ہیں اور تین جلدوں میں دستیاب ہیں۔ پہلی جلد ۳۱۳، دوسری ۹۹ جب کہ تیسری ۱۲۴ مکتوبات پر مشتمل ہے (۱۵)۔

یہ مکتوبات اپنے زمانے کی معاشرتی اور دینی تاریخ کا مظہر ہونے کے ساتھ ساتھ فکر شیخ احمد سرہندیؒ کے عکاس بھی ہیں مگر اس حقیقت کو ضرور سامنے رکھنا چاہیے کہ یہ کسی مربوط کتاب کی طرح نہیں ہیں۔ مختلف مباحث مختلف مقامات پر پھیلے ہوئے ہیں۔ علاوہ ازیں مکتوب الیہم جو تعداد میں تقریباً ۱۲۹ ہیں مختلف ذہنی وفکری حیثیتوں کے مالک تھے جن میں شیخ احمد سرہندی کے پیر خواجہ باقی باللہ کے علاوہ آپ کے فرزند اور خلفاء کے ساتھ ساتھ علماء عوام الناس اور دربار سے وابستہ امراء بھی شامل ہیں۔ علاوہ ازیں زمانی اعتبار سے تقریباً ۲۶ سال کے طویل عرصہ میں لکھے گئے ان مکاتیب میں یقیناً تجربات ومشاہدات میں اضافہ سے اسلوب بیان میں لازمی ایک تبدیلی آتی ہے۔ حالات اور زمانہ کی تبدیلی بھی رنگ دکھاتی ہے۔ اسی وجہ سے مکتوبات میں اپنے ہی خیالات کی تشریح وتوضیح، اپنی تحقیقات سے رجوع بھی شامل ہیں۔ شیخ احمد سرہندی شریعت وتصوف، کے مباحث کو مرتب کتاب کی صورت میں مرتب نہ کر سکے علاوہ ازیں مکتوب الیہم کے وہ سوالات جن کے آپ نے جوابات تحریر فرمائے محفوظ نہ رہ سکے۔ ان وجوہ سے یہ کہا جا سکتا ہے کہ مکتوبات امام ربانی سے نتائج اخذ کرنے کے اعتبار سے بہت ساری غلط فہمیاں بھی پیدا ہو سکتی ہیں جو اس عظیم رہنما کی مساعی جمیلہ کو شک وشبہ کی نظر سے دیکھنے کا سبب بنتی ہیں۔ اس لئے شیخ احمد سرہندی کے افکار کو سمجھنے کے لئے ان کا کردار، شریعت کے بارہ ان کا مجموعی مزاج، نبی

Marfat.com

کریم ﷺ کی ذات اقدس پر غیر متزلزل یقین وایمان کے ساتھ آپ ﷺ کی تعلیمات پر عمل کی اہمیت واثرات پر پختہ یقین جیسے اہم امور کو بنیادی طور پر سامنے رکھنا چاہیے۔ اس کے ساتھ ہی آپ کے صاحبزادگان کے مکاتیب اور لکھی گئی سوانح عمریوں اور معاصر تاریخی مواد کو بھی نظر انداز نہ کرنا چاہیے۔ یہ بھی نہیں ہونا چاہیے کہ کسی مکتوب کے آدھے حصے سے نتیجہ نکال لیا جائے اور مکتوب کے بقیہ حصے کو نظر انداز کردیا جائے۔ (۱۶) میرا خیال ہے کہ شیخ احمد سرہندی کے بارے میں اس طرز عمل سے ہی لوگوں کے سامنے آپ کے کارناموں اور فکر کی صحیح تصویر آ سکتی ہے۔

فکر اسلامی کے فروغ میں شیخ احمد سرہندی کے کردار کا جائزہ لینے کے لئے یہ ضروری ہے کہ نہایت ہی اختصار سے اس دور کے مذہبی حالات کا جائزہ لیا جائے۔

مغل بادشاہ اکبر (۹۴۹ھ/۱۵۴۲ء۔۱۰۱۴ھ/۱۵۹۶ء) کے عہد میں شیخ سرہندی نے آنکھ کھولی۔ اکبر کا انتقال ہوا تو آپ کی عمر ۴۳ سال تھی۔ شیخ سرہندی کے مکتوبات میں اکبری عہد کے مذہبی خیالات کی جھلک باآسانی تلاش کی جاسکتی ہے (۱۷)۔ البتہ اس دور کے ایک دوسرے مورخ عبدالقادر بدایونی نے ان حالات پر تفصیل سے روشنی ڈالی ہے (۱۸)۔ صورتحال یہ تھی کہ وہ اکبر جو ابتدا میں ایک خالص مذہبی آدمی تھا، اب بعض سیاسی مقاصد، علماء کے رویے اور مفاد پرستی کی بناء پر خود مجتہد بن گیا تھا۔ وہ یہ سمجھنے لگ گیا کہ اسلام کو ایک ہزار سال پورا ہو گیا اب نبوت محمدی سے رشتہ وتعلق کی کوئی ضرورت نہیں اس لئے ہر وہ کام جس سے مسلمان کا نبوی رشتہ کمزور کیا جاسکتا تھا کیا گیا۔ محمد اور احمد ناموں پر پابندی لگادی، مساجد کو بند کردیا (۱۹)۔ شیخ سرہندی رحمتہ اللہ علیہ نے اس دور کو اسلام کی غربت کے زمانہ سے تعبیر کیا ہے (۲۰)۔

Marfat.com

دین الٰہی کی ساخت میں اعتدال اور روشن خیالی کے نام پر اسلام دشمنی لازمی عنصر تھا۔ اکبر کو نبی کریم ﷺ سے مماثل ثابت کرنے کے لئے امی (۲۱) ثابت کیا جاتا ہے حالانکہ اس کے اساتذہ کے ناموں کی تفصیل دستیاب ہے (۲۲)۔ یہ وہ حالات تھے جن میں شیخ احمد سرہندی نے اپنے کام کا آغاز کیا۔ جہانگیر بھی ایسا ہی تھا مگر چونکہ اسے اس عوامی ردعمل کا احساس وادراک تھا جو اکبر کے خلاف موجود تھا، علاوہ ازیں اس کو اقتدار دلانے میں ان امراء کا کردار بھی تھا، جو شیخ احمد سرہندی رحمۃ اللہ علیہ کے زیر اثر تھے اس لئے اس کے رویہ ومزاج میں آہستہ آہستہ تبدیلی آئی (۲۳)۔ جہانگیر کے دور حکومت میں آپ نے اپنی عمر کے بیس سال بسر کئے اور اس عرصہ میں آپ کی علمی تحریکی، دعوتی، فکری تحریک کے محور ومرکز درج ذیل تین نکات رہے اور یہی نکات فکر اسلامی کے فروغ میں آپ کے بنیادی کام کا تعین کرتے ہیں۔

(۱) شیخ احمد سرہندی نے اسلام کی خالص فکر کے احیاء کے لئے ''بدعت'' کی مذمت پر بہت زور دیا۔ بدعت کی مذمت پر تحقیقات مکتوبات کی تینوں جلدوں میں موجود ہیں۔

بدعت کے حوالے سے آپ کے نقطہ نظر میں سختی کا عنصر اس لئے محسوس ہوتا ہے کہ آپ نے اس حقیقت کو جان لیا تھا کہ اسلام کی خالص تعلیمات پر عمل ہی قرب الٰہی پانے اور موجودہ پریشان کن مسائل سے نجات کا راہ ہے۔ اسی لئے آپ نے فرمایا کہ بعثت نبوی کو ہزار سال ہو گئے ہیں سنت ہم سے پوشیدہ ہو گئی ہے اب یہی راہ ہے کہ اس سنت کو سختی سے اپنا لیں۔

آپ کے خیال میں بدعت وہ دینی عمل ہے جو نبی کریم ﷺ اور صحابہ کے

Marfat.com

زمانے میں نہ تھا (۲۴)۔ آپ نے اس حقیقت کو بھی نظر انداز نہ کیا کہ زمانہ تیز رفتار ہے نئی نئی دریافت انسان کی تگ ودو کے نتیجہ میں منظر عام پر آئیں گی اس لئے آپ نے فرمایا کہ جو چیزیں عرف وعادت سے تعلق رکھتی ہیں ان کا تعلق بدعت سے نہیں ہے۔

علماء نے بدعت کو دو حصوں میں تقسیم کیا ہے۔ بدعت حسنہ اور بدعت سیئہ مگر آپ کو علماء کی اس تقسیم سے بھی سخت اختلاف ہے۔ وہ سمجھتے ہیں کہ بدعت میں کبھی حسن ہو ہی نہیں سکتا۔ اگر متقدمین نے یہ تقسیم کی تو اس کی وجہ یہ تھی کہ سنت کے نور کے غلبہ کی وجہ سے بدعت کی ظلمت کا احساس نہیں ہوتا تھا اور اب اس دور میں چونکہ ظلمات کا ڈیرہ ہے اس لئے بدعت کی کوئی شکل بھی قبول نہیں کی جا سکتی۔

شیخ احمد سرہندی نے اس مسئلہ میں اپنے مؤقف کی وضاحت کے لئے درج ذیل آیات واحادیث سے استدلال کیا ہے۔

اليوم اكملت لكم دينكم واتممت عليكم نعمتي.

(آج کے دن ہم نے تمہارے لئے دین کو مکمل کر دیا اور تم پر اپنی نعمت تمام کر دیں)۔

من احدث في امرنا هذا ماليس منه فهو رد.

(جس نے ہمارے دین میں کوئی نئی چیز نکالی جو اس میں نہیں تو وہ قابل رد ہے)۔

فان خير الحديث كتاب الله وخير الهدى هدى محمد وشر الامور محدثاتها وكل محدثة بدعة ضلالة.

(بہترین کلام کلام اللہ ہے اور بہترین طریقہ حضرت محمد ﷺ کا

Marfat.com

ہے اور سب سے بدترین چیز دین میں نئی باتیں ہیں اور ہر بدعت گمراہی ہے۔)

اوصیکم بتقوی اللّٰہ والسمع والطاعة وان کان عبدا حبشیا فانه من یعش منکم بعدی فسیری اختلافا کثیرا فعلیکم بسنتی وسنة الخلفاء الراشدین المهدیین تمسکوا بها وعضوا علیها بالنواجذ وایاکم ومحدثات الامور فان کل محدثة بدعة وکل بدعة ضلالة.

(میں تم کو وصیت کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور اپنے حاکم کی بات سنو اور اسکی تابعداری کرو اگرچہ تمہارا حاکم حبشی غلام ہی کیوں نہ ہو کیونکہ جو شخص میرے بعد زندہ رہے گا وہ عنقریب بہت اختلافات دیکھے گا پس تم میری اور میرے خلفائے راشدین مہدیین کی سنت کو لازم پکڑو۔ اور اس کو بہت مضبوطی سے تھامو اور نئے پیدا شدہ امور سے بچو کیونکہ ہر نئی چیز بدعت ہے اور ہر بدعت گمراہی ہے) (۴۵)۔

درج بالا مختلف احادیث سے شیخ احمد سرہندی نے اپنے نقطہ نظر کو واضح کیا ہے۔ وہ بدعت کو سنت کی ضد اور نقیض سمجھتے ہیں اس لئے اس کے انکار پر پورا زور صرف کرتے ہیں۔ وہ حدیث سے ما احدث قوم بدعة الا رفع مثلها من السنة کہ کوئی قوم بدعت ایجاد کرتی ہے تو اس سے اس کی مثل سنت اٹھالی جاتی ہے کی وضاحت میں بعض مثالیں بھی درج کرتے ہیں جن سے پتہ چلتا ہے کہ کس طرح بدعت

Marfat.com

،رافع سنت ہے۔ان مثالوں میں یہ بات ضرور ہے کہ سب کا تعلق دینی امور سے ہے۔اختراعات وایجادات یا عرف وعادت کے معاملات ان میں شامل نہیں ہیں (۲۶)۔

شیخ احمد سرہندی بدعتی کی تعظیم اور اس کی صحبت کو ایک مسلمان کے لئے انتہائی مضر سمجھتے ہیں اور اس کے مقابلہ میں سنت کو زندہ کرنا کارثواب لکھتے ہیں (۲۷)۔وہ یہ بھی چاہتے ہیں کہ بدعتوں کا معاشرہ سے خاتمہ ہو مگر اس طرح نہیں کہ ایک نیکی کی کوکھ سے کئی برائیاں جنم لے لیں بلکہ انتہائی دانائی اور حکمت سے بدعت کو مٹایا جائے اور یہ کام ہر کس وناکس کو کرنے کے لئے اٹھ کھڑا نہیں ہونا چاہیے بلکہ یہ اولی الامر کی ذمہ داری ہے (۲۸)۔

شیخ احمد سرہندی کے نظریہ بدعت سے یہ حقیقت عیاں ہوتی ہے کہ وہ معاشرہ میں سنت کا چلن دیکھنا چاہتے ہیں مگر دنیوی امور شریعت کی حدود میں رہتے ہوئے اپنے عرف وعادت کے مطابق انجام دیں۔آپ کے نظریہ بدعت میں بین السطور یہ تاریخی حقیقت بھی محسوس ہوتی ہے کہ اس زمانہ میں ہندوستان کے حالات کس قدر ابتر تھے اسلام کے نام پر کیا کچھ ہو رہا تھا اور لوگ حقیقی اور خالص اسلام سے کس قدر دور کردیئے گئے تھے۔علاوہ ازیں اس نظریہ میں آپ کا سیاسی پیغام بھی پوشیدہ ہے کہ ایسے اولی الامر کا وجود کس قدر ضروری ہے جو بدعات کا قلع قمع کرسکیں۔اگر ایسا اولی الامر نہ ہو تو معاشرہ ابتری کا شکار ہو جائے گا۔

(۲) شیخ احمد سرہندی نے صوفیہ کے ہاں پیدا ہونے والے غلط افکار اور اعمال کی اصلاح پر بڑا زور صرف کیا۔مکتوبات کا ایک حصہ شیخ کے اسی فکر وفلسفہ کو واضح کرتا ہے۔اس سلسلہ میں انہوں نے سب سے زیادہ وضاحت سے

Marfat.com

جس مسئلہ پر تنقید کی وہ وحدت الوجود ہے۔وہ شیخ ابن عربی کے مداح بھی ہیں۔تصوف میں ان کی خدمات کے معترف اور اس میدان میں ان کی اولیات کے اقرار کے ساتھ ساتھ وحدت الشھود کے تصور کو منظم انداز میں پیش کیا ہے۔توحید وجودی ایک ہی ذات کو موجود ماننا اور اس کے غیر کو نیست ونابود سمجھنا اور اس ایک ذات کے سوا سب کو عدم (نیست ونابود) جاننے کے باوجود اس کی جلوہ گاہیں اور مظاہر سمجھنا۔یہ علم الیقین کی قسم ہے۔جب کہ توحید شہودی ایک ہی ذات کو دیکھنا ہے۔یہ عین الیقین کی قسم ہے(۲۹)۔شیخ احمد سرہندی توحید وجودی کو منزل کی ضرورت قرار دیتے ہیں اور ''مقام عبدیت'' کو منزل، جو کہ توحید شہودی سے حاصل ہوتا ہے۔

آپ نے وجودی فکر وفلسفہ کا عمیق نظری سے مطالعہ کرنے کے بعد اس کے افراد و معاشرہ پر اثرات کا بھی جائزہ لیتے ہوئے واضح کیا ہے کہ بندہ کسی بھی صورت میں شریعت کی پابندیوں سے آزاد نہیں ہوتا اور طریقت، شریعت سے متصادم کوئی نظام نہیں بلکہ شریعت کی روح پر عمل کرنے سے عبارت ہے۔اسی طرح وجودی صوفیہ نے حلول کا جوڈھونگ رچایا آپ نے اس پر بھی شرح وبسط سے کلام کیا ہے(۳۰)۔

وحدت الوجود اور شہود کو عموماً محققین نے فلسفیانہ یا صوفیانہ افکار کی روشنی میں ایک فکر وفلسفہ سے زیادہ اہمیت نہیں دی۔اگر اس موضوع پر شیخ احمد سرہندی کے افکار کا تجزیہ کریں تو یہ بات واضح ہوتی ہے کہ یہ صرف ایک نظریہ نہیں فکر انسانی اور اعمال انسانی پر اثر انداز ہونے والی قوت باطنہ ہے۔درحقیقت وجودی فکر وفلسفہ کی بنیاد پر مذہبی سیاسی اور معاشرتی بے راہ روی شیخ کی نگاہوں کے سامنے تھی جس کی بنا پر انہوں نے

Marfat.com

اس فلسفہ پر کاری ضرب لگائی اور دونوں سطحوں پر ایک مثبت تبدیلی کی راہ ہموار کی۔

(۳) عقل کی اہمیت و عظمت، ایک مسلمہ حقیقت ہے لیکن یہ مکار ہے سو بھیس بدل لیتی ہے اور انفرادی مفادات پر زور دیتی ہے۔ جبکہ وحی الٰہی ہمیشہ ذاتی مفادات سے بہت بلند تر ہو کر اجتماعیت کے مفادات کو ملحوظ خاطر رکھتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ فلاسفہ جو اپنے آپ کو عقل کل سمجھتے ہیں ان کی فکر کا ایک نکتہ پر اجماع نہ ہو سکا اگرچہ وہ ایک ہی زمانہ سے تعلق رکھتے ہوں۔ مگر انبیاء کے زمانوں میں طویل فرق ہونے کے باوجود بنیادی فکری ڈھانچہ ایک نظر آتا ہے۔ شیخ احمد سرہندی نے زمانہ طالبعلمی میں فلسفیانہ مباحث پڑھے بھی اور بعد ازاں پڑھائے بھی مگر جب اکبر کے عہد حکومت میں ان فلاسفہ نے زمینی حقائق کے تقاضوں اور بادشاہ کے وسیع تر مفاد کی خاطر، وحی الٰہی کو بھی خاطر میں نہ لاتے ہوئے ایک نیا مذہب تشکیل دیا تو شیخ احمد سرہندی جو فلاسفہ کی مکاریوں سے خوب آگاہ تھے ان کی دو وجہ سے مخالفت کی (۳۱)۔

(الف) اللہ تعالیٰ کے احکامات اور انبیاء کی خبروں کا انکار

(ب) اپنے بیہودہ مقاصد کی تکمیل کے لئے جو مقامات قائم کرتے ہیں وہ جھوٹے ہوتے ہیں۔

اسی بنا پر اگر شیخ احمد سرہندی کی تحریروں میں بعض علوم پر تنقید یا ان کی عدم ضرورت پر زور نظر آتا ہے تو اس کا سبب یہ ہے کہ یہ علوم آخرت میں کسی کے کام کے نہیں۔ البتہ اگر دنیوی ضرورتوں کے لئے یہ علوم حاصل کیے جائیں تو اس میں کوئی حرج نہیں اسی لئے آپ علم نجوم اور طب کے بارے میں لکھتے ہیں کہ فلاسفہ نے ان کو

Marfat.com

انبیاء کے کلام سے چرایا ہے (۳۲)۔

آپ نے اپنی فکری بنیادیں طریقہ نبوت پر بلند کیں کیونکہ اس طریقہ میں آخرت کی سلامتی بھی ہے اور معاشرہ کی ہم آہنگی کا راز بھی مضمر ہے۔ یہ طریقہ تشکیک کی بجائے تیقن پیدا کرتا ہے۔ اسی وجہ سے خالص اسلامی تعلیمات جو نبی کریم ﷺ کی عملی تشریحات کی صورت میں سامنے آئیں کی ترویج واشاعت کو ہی شیخ احمد سرہندی نے اپنی تمام تر مساعی کا محور ومرکز بنایا۔

درج بالا بحث سے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ شیخ احمد سرہندی نے فلاسفہ وعلمائے سوء، بے راہ روصوفیہ اور بدعت پر جو سخت تنقید کی ہے اس کا سبب یہی تھا کہ وہ تعلق بالرسول کو ہی ایک مسلمان کی انفرادی اور اجتماعی زندگی میں کامیابی کا ذریعہ جانتے تھے۔ اس مقصد کے حصول کے لئے آپ نے مختلف کتب اور خطوط تحریر کئے اور اپنے خلفا کو عوام الناس کی تربیت کے لئے مختلف علاقوں میں بھیجا۔ اس ساری فکری تحریک کے درج ذیل دو نکات اہمیت کے حامل ہیں۔

(الف) ان کوششوں کے نتیجے میں ان لوگوں نے آپ کی مخالفت شروع کر دی جن کے مفادات پر براہ راست زد پڑتی تھی۔ ان میں علماء وصوفیہ دونوں ہی شامل تھے۔ البتہ بعض لوگوں نے صرف غلط فہمی کی بنا پر مخالفت کی۔ مخالفت کے درج ذیل محرکات سامنے آتے ہیں۔

(i) بعض لوگوں نے صرف حسد اور بغض کی بنا پر آپ پر اعتراضات شروع کیے۔ جن لوگوں کا مطمع نظر ہی متاع دنیا اکٹھا کرنا تھا خواہ وہ بادشاہ کے دربار کے لوگ ہوں یا جاہل علماء وصوفیہ، ان کو یہ کب گوارا تھا کہ ایک آدمی

Marfat.com

صرف اخلاص کے ساتھ دعوت دے کہ قرآن وسنت کی طرف پلٹ آؤ اس وجہ سے ان لوگوں نے آپ کی مخالفت کی۔

(ii) بہت سے صوفیہ یہ سمجھتے تھے کہ وحدت الوجود ایک متفقہ اور اجماعی عقیدہ ہے اور اس کا تعلق ضروریات دین سے ہے۔ جب آپ نے اپنے مشاہدات اور تجربات سے ثابت کیا کہ حقیقت میں ایسا نہیں تو صوفیہ اور علماء کی ایک کثیر تعداد یہ سمجھ بیٹھی کہ شیخ احمد سرہندی نے کسی اجماعی عقیدہ سے اختلاف کیا ہے اس لئے انہوں نے مخالفت شروع کر دی۔

(iii) آپ نے اپنی تصانیف میں جو اصطلاحات استعمال کیں وہ کم وبیش وہی ہیں جو ابن عربی اور فلاسفہ دونوں کے ہاں موجود ہیں۔ شیخ احمد سرہندی اور دوسرے لوگوں کی اصطلاحات میں اشتراک لفظی تو تھا مگر معنوی طور پر وہ دونوں گروہوں سے مختلف تھیں۔ یہی وجہ ہے کہ ابن عربی کے متبعین اور فلاسفہ دونوں نے معانی نہ سمجھنے کی بنا پر مخالفت شروع کر دی۔ شیخ سرہندی کا کلام تو اتنا عمیق اور علمی ہے کہ خود علامہ محمد اقبال نے کہا تھا نفسیات حاضرہ ،کلام مجدد کا ترجمہ کرنے سے قاصر ہے (۲۳)۔

عمر کے گذرنے کے ساتھ ساتھ شیخ کی بعض تحقیقات میں تبدیلی بھی آئی بعض چیزوں سے رجوع بھی کیا، بعض تحقیقات میں تبدیلی بھی آئی بعض چیزوں سے رجوع بھی کیا، بعض لوگوں کے پاس آپ کی پہلی تحقیقات تھیں تو وہ غلط فہمی کا شکار ہو گئے۔ اس حقیقت کو بھی نظر انداز نہیں کرنا چاہیے کہ مجددی فکر کے فروغ کا بنیادی ذریعہ مکتوبات تھے کوئی تفصیلی کتاب نہ تھی۔ مکتوب نگاری میں حالات وواقعات، مکتوب

Marfat.com

الیھم کا مقام و مرتبہ، مکتوب نگار کے خط لکھتے وقت کی کیفیات، ان سب کو ملحوظ خاطر رکھنا چاہیے (۳۴)۔ اگر ان چیزوں کو پیش نظر رکھا جائے تو ابہام نہیں رہتا۔ اس زمانے میں بعض لوگوں نے آپ کے مکاتیب میں تحریف بھی کردی، بعض نے عربی میں غلط تراجم کر کے ان کو پھیلایا۔ مخالفین کی ان کوششوں سے بعض مخلصین بھی غلط فہمیوں کا شکار ہو گئے مگر ایسے لوگوں نے جلد ہی حقیقت حال کو جان کر رجوع کرلیا (۳۵)۔

یہ حقیقت کہ انقلابی فکر کے حامل لوگوں پر تنقید ہوتی ہی ہے، مگر آپ نے جب ان غلط فہمیوں کو خود اپنے مکاتیب میں دور کیا، آپ کی اولاد اور خلفاء نے جوابات تحریر کیے، اس کے باوجود آج تک ان اعتراضات کو کیوں اچھالا جارہا ہے؟ اس کی یہ وجہ بھی ہو سکتی ہے امت کو فکری جمود سے نکالنے اور متحرک بنانے کے لئے مجددی فکر آج بھی اتنی ہی اہم ہے جتنی سترھویں صدی میں تھی اس لئے آپ کی شخصیت اور کارناموں پر پردہ ڈالنے کی کوشش کی جاتی ہے۔

(ب) شیخ احمد سرہندی کے مغل بادشاہوں سے روابط اور ان پر اثرات کو صرف جہانگیر، شاہ جہاں یا اورنگ زیب کے دور حکومت کے حوالہ سے نہیں دیکھنا چاہیے بلکہ اس کو ایک قدیم تاریخی اور روحانی رشتہ کے حوالہ سے ضرور دیکھنا ہوگا جو بابر کو اپنے والد سے ورثہ میں ملا تھا۔ گویا یہ نقشبندی مشائخ کا مغل خاندان سے قدیم تعلق و رشتہ تھا جو آگے چل کر نقشبندی مجددی خاندان سے جڑ گیا۔ بابر کا والد عمر شیخ خواجہ عبید اللہ احرار سے عقیدت و محبت رکھتا تھا (۳۶)۔ نانا نے اسی نقشبندی بزرگ کے ہاتھوں پر توبہ کی (۳۷)۔ خواجہ احرار کا انتقال (۸۹۶ھ/۱۴۹۱ء) ہوا تو بابر آٹھ سال کا تھا۔ لیکن خواجہ سے

Marfat.com

عقیدت قائم رہی۔ خواجہ کے رسالہ والدیہ کا ترجمہ ترکی زبان میں بابر نے ہی کیا (۳۸)۔ بابر خواجہ احرار کے خلیفہ مولانا محمد قاضی سے بہت ہی محبت رکھتا تھا (۳۹)۔ ہمایوں کی دو بیٹیاں نقشبندی بزرگوں سے بیاہی گئی تھیں (۴۰)۔ اکبر بھی ابتداء میں نقشبندی بزرگوں سے عقیدت رکھتا تھا۔ جہانگیر کے شہزادگی کے زمانہ میں نقشبندیوں سے روابط (۴۱) اور شاہ جہاں پر اثرات بھی ایک تاریخی حقیقت ہیں (۴۲)۔ جہانگیر کا شیخ احمد سرہندی کو گرفتار کرنا اور پھر چھوڑ دینا بھی سیاسی و مذہبی پس منظر رکھتا ہے (۴۳)۔ شیخ گرفتاری کے بعد جب لشکر میں تھے تو مکتوبات سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ نے اس سے کئی ملاقاتیں کیں جن میں اسلام کی تعلیمات کے حوالے سے طویل گفتگو ہوتی رہی (۴۴)۔

اورنگ زیب عالمگیر سے خانوادہ مجددیہ کے تعلقات زمانہ شہزادگی اور بادشاہی دونوں میں رہے۔ تخت کی جنگ میں خانوادہ مجددیہ نے اورنگ زیب کی طرف داری کی۔ وہ خواجہ معصوم سرہندی کا مرید تھا (۴۵)۔ خواجہ سیف الدین رحمۃ اللہ علیہ نے بادشاہ کو نقشبندی طریقہ کی تربیت دی (۴۷)۔ یہ لوگ شاہی تقاریب میں اعزاز واکرام سے بلائے جاتے (۴۸)۔ بادشاہ احترام واکرام کے ساتھ ان سے ملاقاتیں کرتا (۴۹)۔ خانوادہ نقشبندیہ مجددیہ کے دیگر شاہی خاندان سے بھی گہرے روابط تھے (۵۰)۔ بذریعہ مکتوب نگاری بھی بادشاہ سے ربط و تعلق رہا۔ خواجہ معصوم نے اورنگ زیب کو ۶، خواجہ سعید نے ۹، خواجہ سیف الدین نے ۱۹، خواجہ محمد نقشبند نے ۱۵، خواجہ عبیداللہ نے ۹ خط لکھے (۵۱)۔ اس کے علاوہ شاہی خاندان کے دیگر افراد

Marfat.com

کے نام خطوط بھی مجموعہ ہائے مکاتیب میں ملتے ہیں (۵۲)۔خواجہ معصوم کا علاج کروانے کے لئے اورنگزیب نے ایک ڈاکٹر بھی بلایا تھا (۵۳)۔ان روابط کا مقصد خواجہ سیف الدین کے الفاظ میں صرف یہ تھا کہ دین کو تقویت ملے اور یہ بادشاہوں ہی سے ممکن ہے (۵۴)۔ان روابط سے ظاہر ہوتا ہے کہ کہیں بھی مجددی حضرات نے دنیوی مفاد حاصل نہیں کیا۔یہ خطوط بیوروکریسی اور بادشاہ سے مسلسل رابطہ تھا جن کے ذریعے ان کو دینی ذمہ داریوں سے مسلسل آگاہ کیا جاتا تھا۔جو لوگ ان خطوط کی اہمیت کا انکار کرتے ہیں وہ دراصل پیر اور مرید کے باہمی رشتہ محبت اور صوفیہ کے طریق اصلاح سے ناواقف ہیں۔

ان سطور سے واضح ہوتا ہے کہ شیخ احمد سرہندی صرف ایک عالم اور صوفی نہ تھے۔ایک مصلح ومجدد تھے چونکہ انہوں نے اپنی اصلاحات کی بنیاد خالصتاً نبوی طریق پر رکھی اس لئے وہ بعض اوقات ایک عالم یا صوفی نظر آتے ہیں اور معاشرتی وسیاسی اصلاح والا رخ نظروں سے اوجھل ہوجاتا ہے۔حالانکہ نبوی طریق ہی جامعیت کا حامل ہے اس سے معاشرہ میں ہر سطح پر مثبت تبدیلی آتی ہے لوگوں نے اصلاح کے بنیادی ڈھانچہ کو دیکھا تو صرف عالم سمجھ بیٹھے حالانکہ مجددی تطہیر کے اثرات کثیر الجہت تھے۔یہی وجہ ہے کہ بہت سے مغربی مؤرخین نے بھی شیخ کے سیاسی اثرات کو تسلیم کیا (۵۵)۔انکار کرنے والے بھی جزوی اثرات تسلیم کئے بغیر نہ رہ سکے (۵۶)۔

اس دور کا تجزیہ کرتے ہوئے اس حقیقت کو بھی کبھی فراموش نہیں کرنا چاہیے کہ وہ زمانہ دور حاضر کی طرح سیاسی تحریکات کا نہ تھا کہ جس میں مظاہرے اور جلسے جلوس کئے جاتے ہیں۔شیخ احمد سرہندی نے اسی وجہ سے اپنے سیاسی پیغام کو دربار تک پہنچانے

Marfat.com

کے لئے اپنے دور کے مطابق مناسب ترین طریقہ کو اختیار کیا۔ بہر صورت ایک صوفی اور عالم شیخ احمد سرہندی کی شخصیت کو ایک ''خاموش مؤثر سیاسی کردار'' سے جدا نہیں کیا جاسکتا۔ Julian Baldick نے بجا طور پر انہیں بیسویں صدی میں Mainline Islam (اکثریتی مسلم عوام کا Champoin (پیش رو) قرار دیا ہے (۵۷)۔

اہم نوٹ:

مغربی اسکالرز میں سے Yohanan Friedmann نے خویشگی کے مندرجات پر انحصار کر کے بعض غلط نتائج اخذ کئے ہیں۔ یہاں میں صرف اس بات کی وضاحت کرنا چاہتا ہوں کہ خویشگی اس سلسلہ میں کس قدر غیر مستند ہے۔

غلام معین الدین عبداللہ عبدی خویشگی قصوری (۱۰۴۳/۱۱۰۶ھ/۱۶۳۲۔ ۱۶۹۵) خواجگان چشت سے عقیدت کی وجہ سے وہ اپنے نام سے پہلے غلام معین الدین لکھا کرتا تھا۔ فارسی میں عمدہ شعر کہتا تھا۔ ایسے اساتذہ سے تعلیم حاصل کی جو غالی وجودی نظریات کے حامل تھے۔ اس کی مشہور کتابوں میں معارج فی مدارج الہدایت یا معارج الاولیاء فی مدارج الاصفیاء ہے۔ جو (۱۰۹۶ھ/۱۶۸۴) میں مکمل ہوئی۔ یہ تقریباً ۴۵۶ پاک وہند کے مشائخ کے حالات پر مشتمل ہے اور دس ابواب پر مشتمل ہے۔ یہ کتاب قدیم تذکرہ نویسی کے اسلوب پر لکھی گئی ہے۔ غیر مستند اور سماعی باتیں بغیر نقد وتبصرہ کے نقل کر دی گئی ہیں۔ دوسری کتابوں سے متن نقل کرتے وقت اس بات کا بھی خیال نہیں رکھا گیا کہ یہ کتاب اس بزرگ کی واقعی ہے بھی؟ مشائخ کے سنین ولادت و وفات کو یکسر نظر انداز کر دیا ہے۔ جن مشائخ کے سنین درج کئے ہیں

Marfat.com

ان کا ماخذ شیخ عبدالحق کی اخبار الاخیار ہے مگر تذکرہ نویسی میں شیخ عبدالحق نے جس تحقیق کی بنیاد ڈالی یہ کتاب اس سے یکسر خالی ہے۔

تمام سلاسل صوفیا کے احوال خویشگی نے لکھے لیکن مجددی سلسلہ کو یکسر نظر انداز کر دینا اس بات کو ظاہر کرتا ہے کہ اسے اس سلسلہ سے سخت عداوت تھی کیا ایسے شخص کی کتاب تحقیقی کام کے لئے بنیاد بن سکتی ہے؟ اور جب کتاب کی بھی یہ صورت ہو کہ وہ مجددی سلسلہ کے حوالہ سے ایک اور کتاب کا سر المخالفین کی نقل ہو۔ گویا خود خویشگی نے براہ راست غیر جانبدار ہو کر شیخ سرہندی کی کتب کا مطالعہ ہی نہیں کیا۔ مثلاً اس نے لکھا ہے کہ شیخ سرہندی نے منصور حلاج اور ابن عربی کی تکفیر کی اور زندیق لکھا ہے۔ مگر کیا پورے مکتوبات شیخ احمد سرہندی میں کوئی ایسا جملہ ہے۔ ہرگز نہیں؟ خویشگی نے بادشاہ کے حوالہ سے جس خط کا ذکر کیا اور Friedmann نے بھی اسے نقل کیا، روضۃ القیومیۃ میں اسے جعلی اور من گھڑت قرار دیا۔ ایک مشکوک اور غیر مستند خط کی بنیاد پر یہ کیسے یقین کیا جا سکتا ہے کہ اورنگزیب نے مکتوبات امام ربانی پر پابندی لگائی ہو گی جبکہ یہ کام تو جہانگیر نے بھی نہ کیا تھا وہ یہ حکم نامہ جاری کرتا تو قابل یقین بھی ہوتا۔ اورنگ زیب کے شاہی فرامین شائع ہو چکے ہیں ان میں کہیں اس حکم کا اشارہ نہیں۔

خویشگی کے مجددی تحریک کی مخالفت کے درج ذیل اسباب ہو سکتے ہیں۔

(i) خویشگی کا جن صوفیہ سے تعلق رہا وہ اکثر غالی وجودی تھے ان صوفیہ کی صحبت کے نتیجہ میں اس کے ذہن میں شیخ احمد سرہندی کی مخالفت کا عنصر پیدا ہوا۔

(ii) خویشگی نے جن دنوں اورنگ آباد میں قیام کیا وہاں ان دنوں وہ لوگ مقیم

Marfat.com

تھے جو مجددی خاندان کے مخالفین تھے اس وجہ سے ماحول سے متاثر ہو جانا کوئی بعید نہیں (۵۸)۔

درج بالا بحث کے بعد کہا جا سکتا ہے کہ معارج الولایت مجددی سلسلہ پر تحقیق کے لئے ایک غیر مستند ماخذ ہے اور صرف اسی ماخذ کو بنیاد بنا کر نہیں کہا جا سکتا کہ اونگرزیب نے مکتوبات امام ربانی کے بارے میں کسی قسم کی پابندی کا فیصلہ کیا تھا۔

حواشی

(۱) سورۃ البقرہ:۱۲۹،۱۵۱

(۲) تصوف، اس کی اہمیت اور تعریفات کے لئے ملاحظہ فرمایئے:

(i) عروج قادری، سید احمد، اسلامی تصوف، مرکزی مکتبہ اسلامی پبلشرز، نئی دہلی، ۲۰۰۳ء

(ii) عبدالقادر عیسیٰ شاذلی، تصوف کے روشن حقائق، مترجم محمد اکرم الازہری، زوایہ لاہور ۲۰۰۰ء

(iii) Encyclopedia of Islamic Spiritually Vol.1

(iv) Farrukh,Omer A,Mysticism in Islam,Beirut, 1947

(۳) دیگر مذاہب میں Mysticim کی جو اصطلاح استعمال ہوتی ہے وہ اسلام کے تصور تزکیہ یا تصوف سے قطعی مختلف ہے۔ ملاحظہ فرمائے:

(i) لطیف اللہ، پروفیسر، تصوف اور سریت، ادارہ ثقافت اسلامیہ لاہور ۱۹۹۶ء ص:۲-۷۲-۱۵۶

(ii) اس حوالہ سے Smith کا درج ذیل اقتباس بھی قابل توجہ ہے:

Marfat.com

The word "Mysticism" itself comes down to us from the Greeks and is derived from a root meaning "to close".The mystic was one who had been initiated into esoteric knowledge of divine things and upon whom was laid the necessity of keeping silence concerning his saved knowledge.(An introduction to the History of MysticismP:1)

دوسرے مذاہب میں تصوف کے حوالہ سے معلومات کے لئے ملاحظہ فرمائیں:

(i) Mysticism in the World's Religions by Edward Geoffery.

(ii) An Illustraed Encyclopedia of Mysticism and Mystery Religions by John Ferguson.

(iii) The Roots of Christain Mysticism :Text and Commentary by Olivier Clements.

(iv) A hand book of Christan Mysticism by Michael.

(v) Judaism and Mysticism according to Gershon Scholem by Eliezer Schweid.

(vi) Hindu Mysticism by Mahendranath Sircar.

(vii) Major trends in Jewish Mysticism by Gershom.

(viii) Mysticism East and West by Rudolf Otto translated by Bertha L.Bracey.

(۴) حیات وآثار، خدمات وافکار کے لئے ملاحظہ فرمائیں:

(i) کشمی محمد ہاشم، زبدۃ المقامات، مترجم: ڈاکٹر غلام مصطفی، مکتبہ نعمانیہ

Marfat.com

سیالکوٹ ۱۴۰۷ھ

(ii) بدر الدین سرہندی، علامہ، حضرات القدس، مکتبہ نعمانیہ سیالکوٹ ۱۴۰۳ھ

(iii) مسعود احمد، ڈاکٹر، جہان امام ربانی، امام ربانی فاؤنڈیشن کراچی

(iv) اقبال مجددی، محمد، مقدسہ مقامات معصوصی، ضیاء القرآن پبلی کیشنز لاہور ۲۰۰۴ء

(v) Ansari,Muhammad Abdul Haq ,Sufism and The Islamic Foundation U.K Sharish,

(۵) ''دوسرے ہزارے کے مجدد'' آپ کا یہ لقب تاریخی حیثیت کا حامل ہے۔ الف ثانی کی باطل تحریکات کے مقابلہ میں آپ نے رجوع الی القرآن والسنتہ کیا۔

(۶) سرہند کے لئے ملاحظہ فرمائیے:

(i) Sirhind through Ages by Fauja Singh

(ii) The Mughal Empire,R.C.Majumdar(General Editor)P:705

(۷) شیخ عبدالاحد، آپ کے والد گرامی کا اسم ہے۔ احوال حیات کے لئے ملاحظہ فرمائیں، زبدۃ المقامات، ص: ۱۳۷۔۱۸۴

(۸) ایضاً ص: ۱۹۵۔۱۹۶

(۹) احوال حیات کے لیے ملاحظہ فرمائیں حضرات القدس جلد اول ص: ۲۶۳۔۳۶۶

(۱۰) دفتر اول کے پہلے بیس مکاتیب

(۱۱) دفتر اول کے پہلے بیس مکاتیب

(۱۲) سرہند کی تباہی کے حوالے سے معلومات کے لئے ملاحظہ فرمائیں:

(i) The Cambrige History of India edited by Sir Richard Burn Vol:4,P:322

(ii) History of Sikhs by Khushwant Singh.

Marfat.com

(iii) The Sikh Religion by Max Arthor Macauliffe Vol:4,P:248

(۱۳) مکتوب نگاری کا آغاز کب ہوا اس کے متعلق وثوق سے کچھ نہیں کہا جاسکتا۔Persian کی ایک ملکہ Atossa کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ سب سے پہلے خط اس نے لکھا۔مکتوب نگاری کی تاریخ،اس کے لئے استعمال ہونے والے کاغذ،سیاہی،قلم خط پوسٹ کرنے کے ذرائع پر عمدہ معلومات کے لئے ملاحظہ فرمایئے:

" Roberts,William,History of Letter Writting from earliest period to the fifth century n.d London".

(۱۴) بعض لوگ مکتوب نگاری کی اہمیت کا انکار کرتے ہیں حالانکہ یہ پوری دنیا میں اپنی فکر کے فروغ کا ذریعہ ہے۔اسی لئے مغرب میں بھی اہم شخصیات کے مکاتیب کی تجمیع کا کام کیا جاتا ہے۔ایسی چند کتابوں کے نام ملاحظہ فرمائیں:

(i) A life in letters by Gabriel Faure.

(ii) The letters of Mozart and his family by Mozart

(iii) Correspondence of Karl Marx and Friedrich Engels by Karl Marx

(iv) The correspondence between Prince A.M.Kurbsky and Tsar Ivan IV of Russia by Kurbskii

(v) An Epistle of Comfort 1587-88/Robert SouthwellB(and a poeme declaring the real referance of Christ in the blessed sacrament,1606] by Robert Southwell.

(vi) Brownson-Hecker Correspondence edited by Joseph F.Gower and Richard M.Leliaert.

Marfat.com

(۱۵) مکتوبات شیخ احمد سرہندی کو محققین مشرق و مغرب نے اپنی تحقیقات کا مرکز بنائے رکھا ہے۔مختلف زبانوں میں ان کے تراجم ہوئے۔ وجیہ الدین ان کا انگریزی ترجمہ کررہے ہیں۔پہلی جلد لاہور سے چھپ چکی ہے۔اس ترجمہ پر انہوں نے بہت محنت کی۔دو ماہ دہلی میں خواجہ باقی باللہ کے مزار پر رہے اور انگریزی میں اصطلاحات خود وضع کیں۔باقی جلدوں پر کام ہورہا ہے۔(یہ معلومات شیخ وجیہہ الدین کا خط بنام امجد صاحب U.K. سے لی گئی ہیں)

صوفیہ نے اپنے مریدوں کو مکتوبات کے درس دیئے۔ان کی مختلف شروح بھی لکھی گئیں۔ اردو میں ایک نامکمل شرح علامہ سعید احمد مجددی نے تحریر کی جو گوجرانوالہ پاکستان سے شائع ہوئی۔

(۱۶) مکتوبات سے غلط یا ادھورے نتائج اخذ کرنے کی دو مثالیں Yohanan Friedmann کے حوالے سے نقل کرتا ہوں۔دفتر سوم (Volume:3) کے مکتوب ۴۳ سے Friedmann نے یہ نتیجہ نکالا ہے کہ شیخ احمد سرہندی نے جہانگیر سے ملاقات میں اسلام کے بنیادی عقائد سے متعلق گفتگو کی ص ۸۵۔Friedmann کے تبصرے سے یہ تاثر ابھرتا ہے کہ ایک ہی ملاقات ہوئی۔حالانکہ شیخ احمد سرہندی نے صرف ایک ملاقات کی قدرے تفصیل دی ہے مگر مکتوب کے آغاز میں جو کچھ لکھا وہ محقق نے بالکل ہی نظرانداز کردیا۔ان ابتدائی سطور سے وہ تاثر سامنے نہیں آتا جو پیش کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ابتدائی سطور یہ ہیں ''اللہ سبحانہ کی عنایت سے عجیب وغریب صحبتیں گذر رہی ہیں دینیہ اور اصول اسلامیہ کی ان گفتگوؤں میں سرموستی اور مداہنت دخل نہیں اور وہی باتیں جو کہ خاص خلوتوں اور مجالس میں بیان ہوا کرتی ہیں اللہ تعالیٰ توفیق سے ان مجالس میں بھی بیان کرتا ہوں۔اگر ایک مجلس کا حال لکھا جائے اس کے لئے دفتر چاہیے۔(دفتر اول،مکتوب:۴۳)

دفتر اول،مکتوب نمبر ۱۳۸ سے Friedmann نے یہ نتیجہ نکالا سرہندی بادشاہوں سے میل ملاپ سے منع کرتے تھے حالانکہ اسی مکتوب میں جس کا حوالہ دیا گیا ہے شیخ

Marfat.com

احمد سرہندی نے خود وضاحت کی ہے کہ اس مبارک اور تاکید کا سبب کیا ہے۔
ایسے اقتباسات سے بعض اوقات یوں محسوس ہوتا ہے کہ شاید Yohanan Friedmann نے خود مکتوبات کا تفصیلی مطالعہ نہیں کیا بلکہ دوسرے لوگوں کے کردہ اقتباسات سے نتائج اخذ کئے ہیں۔

(۱۷) مکتوبات امام ربانی، دفتر اول، مکتوب: ۴۷، ۴۸، ۶۵، ۸۱

(۱۸) ملاحظہ فرمایئے: بدایونی، عبدالقادر، منتخب التواریخ، تحقیق علی صاحب تہران ۲۰۰۰، جلد دوم۔

(۱۹) اکبر کے دین الٰہی پر تفصیلی معلومات کے لئے ملاحظہ فرمائیں:

(i) Akbarand Religion by Khaliq Ahmed Nizami

(ii) The Commentaries of Father Monserrate ,by S.J. Hoyland.

(iii) Akbar the Great Mugal by Vincent A.Smith P:214-21

(۲۰) مکتوبات امام ربانی، دفتر دوم، مکتوب: ۲۳

(۲۱) نبی کریم ﷺ کی ذات اقدس ''امی'' ہے یعنی آپ نے علماء و معارف کی تحصیل دنیا میں کسی فرد سے نہیں کی۔

(۲۲) Abul Fazl,Akbar Nama Vol.1,P.518

(۲۳) جہانگیر نے اپنے وصیت نامہ کے آخر میں لکھا ہے: جہاں تک ہو سکے شریعت اسلامیہ کی پیروی کرو تا کہ روز قیامت بخشے جاؤ۔
ہروی، خواجہ نعمت علی، تاریخ خاں جہانی و مخزن افغانی، مترجم ڈاکٹر محمد بشیر حسین اردو سائنس بورڈ لاہور ۱۹۸۶، ص: ۵۱۴
مکتوبات امام ربانی، دفتر اول، مکتوب: ۱۸۶

(۲۴) مکتوبات امام ربانی، دفتر اول، مکتوب: ۱۸۶

Marfat.com

(۲۵) ایضاً، دفتر اول، مکتوب: ۲۳۱، ۲۵۵، ۱۰۵، ۵۴، ۱۸۶، ۱۵۷

دفتر دوم، مکتوب: ۲۳

(۲۶) ایضاً، دفتر اول، مکتوب: ۱۳۱، ۱۶۸، ۲۳۱، ۲۸۸

(۲۷) ایضاً، دفتر سوم، مکتوب: ۱۰۵/ دفتر دوم، مکتوب: ۲۳

(۲۸) ایضاً، دفتر سوم، مکتوب: ۱۰۵/ دفتر دوم، مکتوب: ۱۵

(۲۹) ایضاً، دفتر اول، مکتوب: ۴۳

(۳۰) ایضاً، دفتر اول، مکتوب: ۴۳/ دفتر سوم، مکتوب: ۸۹

(۳۱) ایضاً، دفتر اول، مکتوب: ۲۶۶، ۲۵۹

(۳۲) ایضاً، دفتر سوم، مکتوب: ۲۳/ دفتر اول مکتوب: ۲۶۶

(۳۳) محمد اقبال، ڈاکٹر، تشکیل جدید الٰہیات، لاہور، ۱۹۵۸ء، ص: ۲۹۸، ۲۹۹

(۳۴) مبدا و معاد کی درج ذیل عبارت اس حقیقت حال کو واضح کرتی ہے:

احوال، وجدانات اور علوم و معارف کو بیان کرنے کے سلسلہ میں اگر اس راقم کی عبارت میں کوئی تناقض یا اختلاف معلوم ہو تو اسے اوقات کے مختلف ہونے اور حالات و کیفیات کے جداگانہ ہونے پر محمول کرنا چاہیے کیونکہ ہر وقت کے احوال اور وجدانات مختلف ہوتے ہیں اور ہر حالت و کیفیت کے علوم و معارف جداگانہ ہوتے ہیں۔ لہٰذا درحقیقت یہ کوئی تعارض یا اختلاف نہیں ہوتا۔ اس کی مثال احکام شرعیہ کی مثال کی طرح ہے کہ وہ منسوخ اور تبدیل ہونے کے بعد متضاد احکام نظر آتے ہیں لیکن جب اوقات اور حالات کے اختلاف کو نظر میں رکھا جاتا ہے تو وہ تناقض اور اختلاف رفع ہو جاتا ہے۔ اور اس میں اللہ تعالیٰ سبحانہ کی بڑی حکمتیں اور مصلحتیں ہیں۔ لہٰذا تم شک کرنے والوں میں سے نہ بنو۔ اور اللہ تعالیٰ رحمتیں نازل فرمائے ہمارے آقا حضرت محمد ﷺ اور آپ کی آل پر اور سلامتیاں اور برکتیں بھی نازل

Marfat.com

فرمائے۔(مجدد الف ثانی، احمد سرہندی، مبدا و معاد مترجم سید زوار حسین شاہ، ادارہ مجددکراچی ۱۹۸۴ء، منہا نمبر ۶۱ ص: ۲۲۱۔۲۲)

(۳۵) ملاحظہ فرمایئے:

(i) مسعود احمد، ڈاکٹر، سیرت مجدد الف ثانی، امام ربانی فاؤنڈیشن کراچی ص ۳۱۶۔۳۶۳

(ii) اقبال مجددی، محمد، احوال و آثار عبداللہ خویشگی، لاہور ۱۵۹۔۱۶۱

(۳۶)

(i) Netton,Ian Richard ,Sufi Ritual,P:64

(ii) Cambridge History of Iran Vol:6,P:117

(iii) Memoris of Zehir-ed-Din Muhammad Babur P:31 oughlat ,Mirza Muhammad Haider, Tarikh-i -Rashidi,English Translation by E.Denison Ross Sampson Law, Marston and Law Company Ltd.P:97

(۳۸) Memories of Babur Vol.2,P.347-8

(۳۹) ایضاً، جلد اول، ص: ۹۲۔۹۳

(۴۰) مقامات معصومی، جلد اول، ص: ۱۱۵

(۴۱) Asher ,Catherine B,and Talbot ,Cynthia ,India before Europe,Cambridge Press 2006,P:226

(۴۲) ایضاً: ۲۹۴، ۲۲۷ رمقامات معصومی جلد دوم، ص: ۲۲۶

(۴۳) جہانگیر نے حسد، بغض غلط فہمیوں اور حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کے سیاسی اثر رسوخ کی وجہ سے آپ کو قید کیا۔ جلد ہی غلطی کا احساس ہونے پر چھوڑ دیا۔ گرفتاری اور رہائی دونوں سیاسی پہلو سے بھی بہت اہم ہے۔ Dr.Beni Prasad کا یہ کہنا

Marfat.com

تاریخی حقائق کے خلاف ہے کہ حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ جہانگیر سے معافی مانگی۔ ملاحظہ فرمایئے:

"Majumdar ,R.C.The Mughal Empire, Bombay,1974,P.194"

(۴۴) مکتوباب امام ربانی، دفتر، مکتوب:۴۳

(۴۵) مقامات معصومی، جلد ۲، ص:۲۰۲، ۲۴۵، ۶۴۸

(۴۶) ایضا، ص:۵۳۱

(۴۷) مکتوبات معصومیہ، دفتر سوم، مکتوب: ۲۲۰، ۲۴۲

(۴۸) شہزادہ اعظم کی شادی میں خواجہ سیف الدین نے ۳ جنوری ۱۲۲۹، کوشرکت کی اور اس کے گواہان نکاح میں سے تھے۔

Saqi,Mustaid Khan ,Maasir-i-Alamgiri,English translation by Jadu Nath Sarkar,Royal Asiatic Society,1947,P.49

(۴۹) 3 جون 1669 کو عالمگیر نے خواجہ سیف الدین سے جو ملاقات کی اور جس اعزاز واکرام سے پیش آیا، ساقی خان نے اس کا تذکرہ ان الفاظ میں کیا ہے:

On Thursday,3rd June 1669/13th Muharram Emperor visited the porter's ledge which was assigned for residence of said Shaikh Saif uddin Sirhindi.After an hour Spent in talking with the saint and honouring him,he returned to the palace.(P.53)

اسی کتاب کے ص:3-312 پر بادشاہ کے مذہبی رجحانات پر سیر حاصل بحث ہے۔

Marfat.com

(۵۰) شہزادی روشن آرا بیگم بنت شاہ جہاں نے خواجہ معصوم کو ایک خط لکھا جس میں انتہا درجہ کی نیازمندی اور عقیدت کا اظہار کیا۔ (مقامات معصومی، جلد ۲، ص: ۳۱۷)

اسی شہزادی نے خواجہ معصوم کا روضہ تعمیر کروایا۔ (ایضاً ص: ۳۳۲ / روضۃ القیومیہ، جلد ۲، ص: ۲۸۱)

(۵۱) Rizvi ,Saiyid Athar Abbas,A History of Sufism in .482-91Vol2,P983,India,New Deldhi,1

اطہر عباس رضوی نے یہ تفاصیل تو دی ہیں مگر اس نے جو نتائج اخذ کئے ان سے اتفاق مشکل ہے۔

(۵۲) ایضاً

(۵۳) ڈاکٹر کا نام Sikandar Beg تھا۔ مقامات معصومی جلد اول، ص: ۱۵۲، جلد دوم، ص: ۳۱۳

(۵۴) مکتوبات سیفیہ، مکتوبات: ۱۶۲

(۵۵) چند نام ملاحظہ فرمائیں:

(i) Johns,A.H.and Lewis F.D,Encyclopedia of Religions Vol,13,P.9-10

(ii) Ian Richard,Sufi Ritval P.5

(iii) Brown ,John.The Darvishes P.446

(iv) Renard,John,Histrical Distionary of Sufism P.244

(v) Alexander Knysh,Islamic Mysticism P.231

(vi) Khuswant Singh,A History of Sikhs P.59

(۵۶)

(i) Gventher,Alam M.India's Islamic Traditions P.211

Marfat.com

(ii) Encyclopedia of Religion Vol.12P.8413

(iii) Yohanan Friedmann,Shaykh Ahmed Sirhindi An outline of his thought....,P.101

(۵۷)Baldick,Julian,Mystical Islam P.121

(۵۸) یہ تفصیلات محمد اقبال مجددی کی کتاب احوال وآثار عبداللہ خویشگی قصوری سے لی گئی ہیں۔

Marfat.com

حضرت مجدد رحمۃ اللہ علیہ بحیثیت محدث

حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ نے شیخ یعقوب کشمیری رحمۃ اللہ علیہ اور قاضی بہول بدخشیؒ سے کتب احادیث پڑھیں۔ حدیث میں آپؒ کی مہارت تامہ کا اندازہ آپؒ کے رسائل اور مکتوبات سے لگایا جاسکتا ہے۔(۱) مکتوبات میں کم وبیش تین سو(۲) احادیث کے حوالے بعض مقامات پر نہایت عمدہ تشریح کے ساتھ ملتے ہیں۔

علم حدیث میں آپؒ کے مقام ومرتبہ کے بارے میں مولانا سید سلیمان ندوی لکھتے ہیں:

''متن حدیث میں ایک ''اربعین'' یعنی چالیس منتخب احادیث (۳) کا مجموعہ آپؒ کی تالیف ہے جو عام طور پر ملتا ہے۔ اس کے علاوہ جس نے آپؒ کے مکتوبات کا مطالعہ کیا ہے وہ اس بات کی شہادت دے گا کہ آپؒ کا مقام علم حدیث میں کتنا بلند تھا۔''(۴)

آپؒ کی محدثانہ حیثیت کے پیش نظر سید احمد رضا بجنوریؒ نے مقدمہ ''انوار الباری'' میں محدثین احناف میں آپؒ کا ذکر کیا ہے۔(۵) اور انور شاہ کشمیری (۶) شاہ عبدالغنی مجددی (۷)۔ علامہ شبیر احمد عثمانی (۸)، سید احمد رضا بجنوری (۹)، مولانا ادریس کاندھلوی (۱۰)، سراج احمد سرہندی (۱۱)، مولانا سلیم اللہ خاں (۱۲) نے اپنی شرحات میں، محمد زکریا سہارنپوری نے صحاح ستہ کے متعلق اپنے مکاتیب میں (۱۳)

Marfat.com

حضرت مجددؒ کے حوالے دیے۔ شیخ عبدالغنی نے ''تبریز المکنونات فی تخریج احادیث المکتوبات''، محمد سعید نے ''تشیید المبانی فی تخریج احادیث المکتوبات للامام الربانی'' اور مولانا سعید نقشبندی نے مکتوبات کے اردو ترجمہ میں احادیث کی تخریج کی۔ (۱۴) ڈاکٹر بابر بیگ مطالی نے احادیث مکتوبات کی تخریج کے حوالے سے پی۔ ایچ۔ ڈی کے لیے تحقیقی مقالہ لکھا۔ مکتوبات ودیگر رسائل میں آپ نے بعض مقامات پر اصول حدیث کے فنی مباحث جیسے صحیح، حسن، خبر واحد، خبر متواتر اور راویوں پر جرح وغیرہ کے حوالے سے بھی گفتگو کی (۱۵)۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ عصر حاضر کے نامور محدث مولانا غلام رسول سعیدی نے ایک روایت کے مفہوم کو اس لیے صحیح قرار دیا کہ مکتوبات میں حضرت مجددؒ نے اسے نقل کیا ہے۔ اس سلسلہ میں وہ لکھتے ہیں:

''شیخ مجدد الف ثانیؒ کا جو علمی اور تحقیقی مقام ہے وہ خویش وبیگانہ سب کے نزدیک مسلم ہے اور مکتوبات میں شیخ کا اس حدیث کا متعدد بار ذکر کرنا اور اس سے استدلال کرنا اس امر پر آفتاب سے زیادہ روشن دلیل ہے کہ ان کے نزدیک حدیث: ''لولاک لما خلقت الافلاک'' معنی صحیح اور ثابت ہے۔'' (۱۶)

حجیت حدیث اور حضرت شیخ سرہندی:

اللہ تعالیٰ نے انسانیت کی رشد وہدایت کے لیے نبوت ورسالت کے سلسلہ کا آغاز کیا۔ انبیاء کرام علیھم الصلوٰت والسلام کی مبارک ومقدس زندگیاں، انسانوں کی فلاح وکامرانی کی ضمانت ہیں۔ ان نفوس قدسیہ کے نقوش پا کی اتباع ہی خدا کی خوشنودی ورضا کا ذریعہ ہے۔ خاتم الانبیاء سید المرسلین ﷺ کی تشریف آوری

Marfat.com

انسانیت پر خداوند قدوس کا سب سے بڑا انعام وفضل ہے۔ سلسلہ نبوت کا ختم ہونا، دینی، ثقافتی اور نظریاتی اعتبار سے مسلمان کا ایمان ہے۔ اب آپ ﷺ کا اسوہ حسنہ، "آنچه خوبان همه دارند تو تنها داری" کے مطابق مسلمان کی زندگی کا دستور ولائحہ عمل اور ضابطہ حیات ہے۔ آپ ﷺ کی اطاعت واتباع ہی سے محبوب خدا بنا جاسکتا ہے۔

اسی جذبہ اطاعت واتباع کی تکمیل کے لیے محدثین اور سیرت نگاروں نے اپنی زندگیاں وقف کر کے آپ ﷺ کے روز وشب کے معمولات وعادات کریمہ کو اکٹھا کیا۔ اس طرح ہمارے اسلاف کی ان کوششوں کے نتیجہ میں اب ہمارے زندگی گذارنے کے لیے آپ ﷺ کی تعلیمات وسیرت کی روشنی میں رہنما اصول موجود ہیں۔ یہ تگ ودو خود اس بات کی شاہد ہے کہ اسلامی طرز حیات میں رسول اللہ ﷺ کی احادیث کس قدر اہمیت کی حامل ہیں۔ مگر اس کے باوجود قدیم وجدید معتزلہ نے ہمیشہ اپنی عقل پر ناز کرتے ہوئے ان کی اہمیت وافادیت کو مختلف حیلے بہانوں سے کم کرنے کی کوشش کی، مگر امت نے بحیثیت مجموعی اس فتنہ پر علمی اور عملی حوالے سے کاری ضرب لگائی اور ایسے افکار کی سختی سے تردید کی۔

دسویں صدی ہجری میں جب ایرانی مابعد الطبیعات نے دین اکبری کے روپ میں بال وپر نکالنے کی کوشش کی تو برصغیر میں شیخ احمد فاروقی سرہندیؒ نے اس فتنہ کو سرکوبی کے لیے عملاً جدوجہد کی۔ اکبری فکر وفلسفہ یہی تھا کہ عقل ہی انسان کے جملہ معاملات ومسائل کے حل کے لیے کافی ہے، اب عہد رسالت مآب ﷺ سے رشتہ وناطہ قائم رکھنے کی ضرورت نہیں۔ اس تناظر میں حضرت مجدد الف ثانیؒ نے اپنی

Marfat.com

تحریرات میں ذات رسالت مآب ﷺ سے رشتہ و تعلق کی استواری پر زور دیا۔ اپنے مکتوبات میں اطاعت واتباع رسول ﷺ کا قرآن کریم میں جو حکم دیا گیا ہے اس کا بار بار حوالہ دیا۔ اپنی فکر کی بنیاد تعلیمات نبویہ پر رکھی۔ صوفیاء کرام ہوں یا فقہاء، رعایا ہو یا بادشاہ سب کے سب اطاعت رسول اللہ ﷺ کے پابند ہیں۔ حجیت حدیث کو ثابت کرنے کے لیے وہ کام تھا جو حضرت مجددؒ نے اس دور میں کیا۔ آپ کا رسالہ ''اثبات النبوۃ'' بھی اسی سلسلہ کی ایک کڑی ہے۔ شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ کا ''مدارج النبوۃ'' اور شروح حدیث'' رقم کرنا بھی اس دور میں حجیت حدیث کے لیے کام کرنے کی ضرورت واہمیت کو واضح کرتا ہے۔

حضرت مجدد الف ثانیؒ نے اتباع رسول ﷺ پر جو علمی و تحقیقی گفتگو کی وہ بے مثال اور عدیم النظیر ہے۔ اس سلسلہ میں آپؒ نے اتباع کی باقاعدہ درجہ بندی کی۔ اس حوالے سے سید شاہ محمد کو لکھا گیا مکتوب فرمائیں:

(۱) ''(مطابعت کا) پہلا درجہ عوام اہل اسلام کے لیے ہے۔ یعنی تصدیق قلبی کے بعد اطمینان نفس سے پہلے جو کہ درجہ ولایت سے وابستہ ہے احکام شرعیہ کا بجالانا اور سنت سنیہ کی متابعث ہے اور علمائے ظاہر، عابد اور زاہد حضرات جن کا معاملہ ابھی اطمینان نفس تک نہیں پہنچتا سب اسی متابعث کے درجہ میں شریک ہیں اور اتباع کی ظاہری صورت کے حاصل کرنے میں سب برابر ہیں، اور چونکہ اس مقام میں نفس ابھی کفر وانکار پر ہی اڑا ہوا ہوتا ہے اس لیے یہ درجہ متابعث کی صورت کے ساتھ مخصوص ہوگا۔ متابعت کی یہ صورت، اس کی حقیقت کی طرف آخرت کی کامیابی اور نجات کا موجب اور دوزخ کے عذاب سے بچانے والی اور جنت میں داخل ہونے کی خوشخبری

Marfat.com

دینے والی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے کمال کرم سے نفس کے انکار کا اعتبار نہ کر کے صرف تصدیق قلبی پر کفایت فرمائی ہے اور نجات کو اس تصدیق پر وابستہ کیا ہے:

می توانی کہ دھی اشک مرا حسن قبول

اے کہ در ساختہ قطرہ، بارانی را

''یعنی اے وہ ذات کہ جس نے بارش کے قطرے کو موتی بنا دیا، تو یہ بھی کرسکتا ہے کہ میرے آنسو کے قطرے کو حسن قبول عطا فرمائے۔''

(۲) متابعت کا دوسرا درجہ آں سرور علیہ وعلیٰ آلہ الصلوٰۃ والسلام کے ان اقوال واعمال کی متابعت ہے جو باطن سے تعلق رکھتے ہیں۔ مثلاً اخلاق کا درست کرنا، بری عادتوں کا دور کرنا، باطنی امراض اور اندرونی بیماریوں کا ازالہ کرنا وغیرہ وغیرہ جو مقام طریقت سے متعلق ہیں اور اتباع کا یہ درجہ ارباب سلوک کے ساتھ مخصوص ہے جو طریقہ صوفیہ کو شیخ مقتدا سے اخذ کر کے سیر الی اللہ کی وادیوں اور جنگلوں کو قطع کرتے ہیں۔

(۳) متابعت کا تیسرا درجہ آں سرور علیہ وعلیٰ آلہ الصلوٰۃ والسلام کے ان احوال، اذواق اور مواجید کی متابعت ہے جو ولایت خاصہ کے مقام سے تعلق رکھتے ہیں۔ یہ درجہ ان ارباب ولایت کے ساتھ مخصوص ہے جو مجذوب سالک یا سالک مجذوب ہوں۔ جب مرتبہ ولایت اپنی انتہا کو پہنچ جاتا ہے تو نفس بھی مطمئنہ ہو جاتا ہے اور طغیان وسرکشی سے باز آ جاتا ہے، انکار سے اقرار میں اور کفر سے اسلام میں آ جاتا ہے۔ اس کے بعد جس قدر متابعت میں کوشش کرے گا وہ متابعت کی حقیقت ہوگی۔ اگر نماز ادا کرے گا تو متابعت کی حقیقت بجالائے گا اور اگر روزہ ہوگا تو اس کا بھی یہی حال ہوگا، اور اگر زکوٰۃ ہے تو وہ بھی اسی طریقے پر ہوگی۔ علیٰ ہذا القیاس شریعت

Marfat.com

کے تمام احکام بجالانے میں ''حقیقتِ متابعت'' شامل ہو جاتی ہے۔

(۴) (متابعت کا) درجہ چہارم یہ ہے کہ پہلے درجے میں اس متابعت کی صورت تھی اور یہاں اس اتباع کی حقیقت ہے۔اتباع کا یہ درجہ علمائے راسخین کے ساتھ مخصوص ہے۔جو اطمینان نفس کے بعد حقیقت متابعت کی دولت سے سرشار ہیں۔اولیاء اللہؒ کو تمکین قلب کے بعد اگر چہ ایک طرح کا اطمینان نفس حاصل ہو جاتا ہے لیکن نفس کو کمال درجہ اطمینان کمالات نبوت کا حصول کے بعد حاصل ہوتا ہے جو کہ وراثت کے طور پر ان کمالات سے علماء راسخین کو بھی حصہ حاصل ہے۔پس علماء راسخین نفس کے کمال اطمینان کے باعث شریعت کی حقیقت ،جو کہ اتباع کی حقیقت ہے، سے متحقق ہوتے ہیں اور دوسروں کو چونکہ یہ کمالات حاصل نہیں ہوتے اس لیے کبھی وہ شریعت کی صورت سے متلبس اور کبھی اس کی حقیقت سے متحقق ہوتے ہیں۔

(۵) متابعت کا پانچواں درجہ آں سرور ﷺ کے صرف ان کمالات کی اتباع ہے جن کے حاصل ہونے میں علم وعمل کا کوئی دخل نہیں ان کا حصول خداوند جل سلطانہ، کے محض احسان پر موقوف ہے۔یہ درجہ نہایت ہی بلند ہے۔سابقہ درجات کی اس درجے کے مقابلے میں کوئی حیثیت نہیں۔یہ کمالات بالاصالۃ اولوالعزم انبیاء کرام علیہم السلام کے ساتھ مخصوص ہیں اور دوسروں کو تبعیت ووراثت کے طور پر حاصل ہوتے ہیں۔

(۶) متابعت کا چھٹا درجہ آں سرور ﷺ کے ان کمالات کی اتباع ہے جو آں سرور ﷺ کے مقام محبوبیت کے ساتھ مخصوص ہیں۔جس طرح پانچویں درجہ میں کمالات کا فیضان محض محبت پر موقوف ہے جو تفضّل واحسان سے بالا وبرتر

Marfat.com

ہے۔ متابعت کا یہ درجہ بہت ہی کم لوگوں کو نصیب ہوتا ہے۔ پہلے درجے کے علاوہ متابعت کے یہ پانچ درجے مقامات عروج کے ساتھ تعلق رکھتے ہیں اور ان کا حصول بھی صعود پر موقوف ہے۔

(۷) متابعت کا ساتواں درجہ وہ ہے جو نزول وہبوط سے تعلق رکھتا ہے اور یہ درجہ سابقہ تمام درجات کا جامع ہے۔ کیونکہ اس مقام میں نزول تصدیق قلبی بھی ہے، تمکین قلبی بھی، نفس کا اطمینان بھی اجزائے قالب کا اعتدال بھی ہے جو طغیان وسرکشی سے باز آ گئے ہیں۔ پہلے درجے گویا اس متابعت کے اجزاء تھے اور یہ درجہ ان اجزاء کے کل کی مانند ہے۔ (۱۷)

اتباع رسول ﷺ کی ان تحقیقات سے مترشح ہوتا ہے کہ حضرت مجددؒ کے ہاں سنت وحدیث کی اہمیت کس درجہ بنیادی حیثیت کی حامل ہے۔

حجیت حدیث کے بارے میں آپؒ کے درج ذیل جملے اپنی معنویت اور فکر انگیزی کی بناء پر نہایت ہی اہم اور معروف ہیں۔

"کلام محمد عربی علیہ وعلی آلہ الصلوٰۃ والسلام درکار است نہ کلام محی الدین عربی وصدرالدین قونیوی وعبدالرزاق کاشی۔"

"ہمیں تو محمد عربی ﷺ کا کلام (حدیث) درکار ہے نہ کہ حضرت محی الدین عربی، صدرالدین تونیوی اور عبدالرزاق کاشی کا کلام ہے۔"

آگے تحریر فرماتے ہیں:

"مارا بانص کار است نہ بفص فتوحات مدنیہ ازفتوحات مکیہ مستغنی ساختہ است۔" (۱۸)

Marfat.com

''ہم کو نص (قرآن وحدیث) سے کام ہے نہ کہ فص (فصوص الحکم) سے ،فتوحات مدنیہ (احادیث) نے ہم کو فتوحات مکیہ سے بے نیاز کر دیا۔''

کتنا بلیغ اور گہرا اشارہ ہے جو قاری پر حدیث کی اہمیت واضح کر رہا ہے۔آپؒ کے مکتوبات سے یہ بھی اندازہ ہوتا ہے کہ ''فتوحات مکیہ'' کو تو ''فتوحات مدنیہ'' کی کنجی ہونی چاہیے۔عبدالرحیم خان خاناں کو لکھے گئے خط کے دعائیہ کلمات ملاحظہ فرمائیں:

''فتوحات مکیه ،مفتاح فتوحات مدنیه باد''.(۱۹)

اس کی شرح کرتے ہوئے مکتوبات کے مصحح نور احمد لکھتے ہیں:

''احوال ومواجید ومطالعه کلمات قدسیه حضرات صوفیه کرام علیهم الرضوان موجب اتباع شریعت غراء وسنن مصطفویه باد.''(۲۰)

صوفیہ کے احوال ومواجید اوران کی تصانیف کا مطالعہ اتباع شریعت وسنت کا ذریعہ ہونا چاہیے نہ کہ ان چیزوں سے بے نیاز کرنے کا سبب۔

اس حوالہ سے آپ نے بعض صوفیا کرامؒ کے غلبہ حال اور سکر کی وجہ سے کہے گئے ایسے کلمات ،جن سے وہم ہوتا تھا کہ اللہ اور رسول ﷺ کی اطاعت دو الگ الگ چیزیں ہیں، پر سخت تنقید کی ہے۔آپؒ لکھتے ہیں:

''حضرت حق سبحانہ وتعالیٰ کا ارشاد ہے:مَنْ يُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهِ(۲۱) (جس نے رسول ﷺ کی اطاعت کی اس نے یقیناً اللہ کی اطاعت کی) حق سبحانہ وتعالیٰ نے اطاعت رسول ﷺ کو عین اپنی اطاعت قرار دیا ہے۔لہٰذا حق تعالیٰ

Marfat.com

عز وجل کی وہ اطاعت جو رسول اللہ ﷺ کی اطاعت (واتباع) کی شکل میں نہ ہو وہ اللہ تعالیٰ کی اطاعت نہیں ہے اور اس حقیقت کی تاکید و تحقیق کے لیے کلمہ ''قد'' ''تاکید'' لایا گیا ہے تاکہ کوئی بوالہوس ان دونوں اطاعتوں کے درمیان فرق پیدا نہ کرے اور ایک دوسرے پر ترجیح نہ دے۔ چنانچہ دوسری جگہ حق سبحانہ وتعالیٰ ایک جماعت کے حال میں جو ان دونوں اطاعتوں (یعنی اللہ تعالیٰ اور رسول اللہ ﷺ کی اطاعت) کے درمیان فرق پیدا کرتی ہے بطور شکایت فرماتا ہے:

يُرِيدُونَ اَنْ يُفَرِّقُوا بَيْنَ اللّٰهِ وَرُسُلِهٖ وَيَقُولُونَ نُؤْمِنُ بِبَعْضٍ وَّنَكْفُرُ بِبَعْضٍ وَّيُرِيدُونَ اَنْ يَّتَّخِذُوا بَيْنَ ذٰلِكَ سَبِيلًا (۱۵۰) اُولٰٓئِكَ هُمُ الْكٰفِرُوْنَ حَقًّا (۲۲)

''اور جو لوگ چاہتے ہیں کہ اللہ اور اس کے رسولوں کے درمیان فرق کریں اور کہتے ہیں کہ بعض (آیات) پر ہم ایمان لاتے ہیں اور بعض سے انکار کرتے ہیں اور چاہتے ہیں کہ اس (حق وباطل) کے بین بین راہ اختیار کرلیں یقیناً یہی لوگ کافر ہیں۔''

ہاں بعض مشائخ کبار رحمہم اللہ نے سکر اور غلبہ حال کی وجہ سے ایسی باتیں کہی ہیں جو ان دو اطاعتوں کے درمیان تفرقہ ظاہر کرتی ہیں اور ایک کی محبت کو دوسرے کی محبت پر ترجیح دینے کی خبر دیتی ہیں۔ (جیسا کہ) منقول ہے کہ سلطان محمود غزنوی اپنی بادشاہت کے دوران ''خرقان'' کے نزدیک ٹھہرا ہوا تھا، وہاں سے اس نے اپنے وکیلوں کو حضرت شیخ ابوالحسن خرقانی علیہ الرحمۃ کی خدمت میں بھیجا اور خواہش ظاہر کی کہ حضرت شیخ اس (سلطان) کی ملاقات کو آئیں اور اپنے وکیلوں سے کہہ دیا

Marfat.com

کہ اگر شیخ سے اس معاملہ میں توقف محسوس ہو تو یہ آیت:

اَطِیْعُوا اللّٰہَ وَاَطِیْعُوا الرَّسُوْلَ وَاُولِی الْاَمْرِ مِنْکُمْ (۲۳)

''اطاعت کرو اللہ تعالیٰ کی اور اطاعت کرو رسول اللہ کی اور ان کی جو تم میں سے حکمران ہوں۔'' ان کے سامنے پڑھیں۔ (چنانچہ) جب وکیلوں نے شیخ کی طرف سے توقف محسوس کیا تو آیت کریمہ ان کے سامنے پڑھی۔ شیخ خرقانی علیہ الرحمہ نے جواب دیا کہ میں ''اطیعو اللہ'' میں اس قدر گرفتار ہوں کہ ''اطیعو االرسول'' کی اطاعت سے شرمندہ ہوں اور اطاعت اولی الامر کے متعلق کیا بیان کروں۔ حضرت شیخ نے اطاعت حق سبحانہ کو اطاعت رسول ﷺ کے علاوہ سمجھا، یہ بات (سکر کی بناء پر ہے اور) استقامت سے بعید ہے۔ مستقیم الاحوال مشائخ نے اس قسم کی باتوں سے پرہیز کیا ہے اور شریعت، طریقت اور حقیقت کے تمام مراتب میں حق سبحانہ وتعالیٰ کی اطاعت کو رسول ﷺ کی اطاعت میں جانتے ہیں اور حق تعالیٰ کی وہ اطاعت جو آنحضرت ﷺ کی صورت میں نہ ہو اسے عین ضلالت وگمراہی خیال کرتے ہیں۔'' (۲۴)

حضرت مجدد علیہ الرحمۃ کے یہ افکار اس بات کو واضح کرتے ہیں کہ سنت خیر الانام ﷺ کی پابندی ہی حیات مسلم کا طرہ امتیاز ہے اور اس کے علاوہ ہدایت کا کوئی دوسرا ذریعہ نہیں۔ سلسلہ نقشبندیہ کا دوسرے سلاسل سے امتیاز ہی یہ ہے کہ یہاں اس مسئلہ پر نہایت سختی وشدت سے عمل کیا جاتا ہے۔

اس حوالہ سے مزید تفصیلات کے لیے ملاحظہ فرمائیں:

دفتر اول مکتوب: ۹، ۵۷، ۷۷، ۲۵۶

Marfat.com

''مبدا و معاد'' منہا: ۳۶

''معارف لدنیہ'' معرفت: ۴۰

اس سلسلہ میں آپؒ نے بعض صوفی شعراء کے اشعار بھی نقل کیے ہیں:

محال است سعدی که راه صفا

تواں رفت جز درپی مصطفی ﷺ (۲۵)

''اے سعدی مصطفی ﷺ کی اتباع کے بغیر صراط مستقیم پر چلنا ناممکن ہے۔''

شیخ احمد سرہندیؒ کے علم حدیث میں اساتذہ:

آپؒ نے علم حدیث قاضی بہول بدخشانیؒ اور شیخ یعقوب صرفی کشمیریؒ سے پڑھا۔ کتب احادیث کی اجازت آپؒ نے قاضی بہلول بدخشانیؒ ہی سے حاصل کی مگران کے احوال حیات کے بارے میں زیادہ معلومات نہیں مل سکیں۔ البتہ حضرت مجدد علیہ الرحمۃ کے احوال پر لکھی گئی کتابوں سے یہ ضرور واضح ہوتا ہے کہ شیخ مذکور حضرت مجدد کے حلقہ ارادت میں داخل ہو گئے تھے۔ میر صفر احمد معصومی نے قاضی بہلول بدخشانیؒ کے بارے میں یہ الفاظ لکھے ہیں:

"یکے از مخلصان و مریدان آنحضرت". (۲۶)

آپؒ کے مختصر احوال محمد اسحاق بھٹی نے یوں نقل کیے ہیں:

''شیخ بہول دہلوی دراصل شکار پور کے رہنے والے تھے، وہاں سے دہلی آئے اور مفتی جمال الدین دہلوی سے اخذ علم کیا۔ پھر گجرات گئے، وہاں کے مشہور اساتذہ شیخ عبداللہ بن سعد اللہ اور

Marfat.com

شیخ رحمت اللہ بن قاضی عبداللہ سے علم حدیث کی تحصیل کی اور طویل عرصہ ان کی صحبت میں رہے۔ گجرات سے پھر عازم دہلی ہوئے اور شیخ قیص بن ابوالحیات سادھوروی سے کسب فیض کیا اور بعدازاں درس افادہ کا سلسلہ شروع کیا۔ عالم کبیر، محدث وقت اور مشہور فقیہ تھے۔ تفسیر اور حدیث پر بھی گہری نظر رکھتے تھے۔ زہدوتعبد اور اصلاح عمل میں ضرب المثل تھے۔ منتخب التواریخ میں ملا عبدالقادر بدایونی نے ان کے علم وفضل کی وضاحت کرتے ہوئے لکھا کہ علم حدیث میں بہت اشتغال اور مہارت رکھتے تھے، درس وافادہ میں مصروف رہتے تھے، ذوق معرفت وطریقت میں بے مثل تھے اور دنیا اور اہل دنیا سے بے نیاز تھے چوں کہ مستقل طور پر دہلی کو اپنا مسکن قرار دے لیا تھا لہٰذا دہلوی مشہور ہوئے۔ اس عالم دین اور گیارھویں صدی ہجری کے ہندی فقیہ نے ۱۴رجب ۱۰۰۷ھ کو دہلی میں وفات پائی۔ (۲۷)

علم حدیث میں حضرت مجدد الف ثانیؒ کے دوسرے استاذ شیخ یعقوب کشمیریؒ ہیں۔ شیخ یعقوب صرفی کشمیریؒ برصغیر کے معروف ادیب، صوفی اور فارسی کے شاعر ہیں۔ ۹۲۸ھ/۱۵۲۲ء میں سرینگر میں آپؒ کی ولادت ہوئی۔ آپؒ کے والد کا نام حسن گنائی عاصمی ہے۔ آپؒ کا خاندان علم وفضل میں معروف تھا اس لیے لفظ گنائی (عالم) آپ کے خاندان کی شناخت بن گیا۔ حضرت عمر بن خطابؓ کے بیٹے حضرت عاصمؓ سے آپ کا شجرہ نسب ملتا ہے۔ اس حوالہ سے آپ کا خاندان عاصمی مشہور تھا۔

Marfat.com

شیخ یعقوب کشمیریؒ کے علم وفضل کا اندازہ اس سے لگایا جا سکتا ہے کہ آپؒ کے نام کے ساتھ "شیخ الاسلام" کا لقب استعمال کیا جاتا تھا۔اسی طرح استاذ نے آپ کو "جامی ثانی" کے لقب سے نوازا۔سات سال کے تھے کہ قرآن حکیم حفظ کرلیا اور اسی زمانہ میں آپ شعر بھی کہتے۔آپ کے والد گرامی قدران کی اصلاح فرماتے ۔صرف ،نحواور علوم فقہ،رضی الدین کشمیر (م ۹۶۴ھ) سے جبکہ منطق ،حکمت اور معانی جیسے علوم میں ملا بصیر خندہ بھولی سے استفادہ کیا۔فن شاعری آپ نے شیخ محمد آنی ختلانی سے سیکھا جو عبدالرحمان جامی کے شاگرد تھے۔یہی وہ استاد ہیں جن کے ایماء پر آپ کا تخلص "صرفی" ہوااور انہوں نے ہی آپ کو "جامی ثانی" کا خطاب دیا۔

سفر سمرقند میں آپ شیخ کمال الدین حسین خوارزمیؒ کے حلقہ ارادت میں داخل ہوئے اور مقامات روحانی طے کیے خود فرماتے ہیں:

تعجب مکن گر مرا نیز پیر
در اندک زمان ساخت روشن ضمیر
چه روشن ضمیری که روی زمین
شد از پرتوم روشنای گزین

اپنے سفر حرمین میں شیخ نے وہاں کے علماء سے بھی استفادہ کیا۔ان میں علامہ ابن حجر مکی ،مولانا شیخ عبدالعزیز،شیخ حسن مکی،شیخ فتح اللہ مدنی شامل ہیں۔اس سفر میں آپ نے کابل ،بدخشاں ،بلخ کے اہل علم سے بھی ملاقتیں کیں۔امیر کبیر سید میر علی ہمدانی کے مزار پر تین ماہ معتکف رہے۔یہ اشعار اسی دور کی یادگار ہیں:

مشرف شده ایں فقیر حقیر

Marfat.com

بطواف مزار امیر کبیر

آپ کی وفات ۱۲ ذی قعدہ ۱۰۰۳ھ میں ہوئی۔ آپ کا مزار سرینگر میں زینہ کدل کے علاقہ میں ہے۔ یہ محلّہ، محلّہ ایشان کے نام سے معروف ہے۔

مختلف لوگوں نے تاریخ ہائے وصال کہیں چند درج ذیل ہیں۔

(۱) بہر تاریخ نقل رہبر دین، اول و آخر چراغ بہین (۱۰۰۳)

(۲) فخر الانام (۳) شیخ امم بود (۴) شیخ الباطن

تصانیف:

مختلف تذکروں میں حضرت یعقوب کشمیری کی درج ذیل تصانیف کے نام ملتے ہیں:

(۱) مطلب الطالبین (عربی میں آخری دو پاروں کی تفسیر)

(۲) شرح بخاری

(۳) شرح ثلاثیات بخاری

(۴) مناسک الحج

(۵) حاشیہ توضیح وتلویح

(۶) اربعین (اہل بیت اور خلفائے راشدین کے فضائل میں چالیس احادیث)

(۷) کنز الجواھر (فن تعمیہ)

(۸) ید بیضاء تقریظ (یہ سواطع الالہام پر عربی میں لکھی گئی ہے۔ تذکروں میں اس کو بے نقط تفسیر لکھا ہے مگر یہ بے نقط نہیں)

Marfat.com

(۹) روائح (جواب لوائح جامی)

(۱۰) مغازی النبی (بجواب سکندر نامہ نظامی، خرد نامہ اسکندری جامی، وہفت پیکر خسرو، اشعار ۳۳۸۰، سال تصنیف ۱۰۰۰ھ

(۱۱) مسلک الاخیار (بجواب مخزن الاسرار نظامی، تحفۃ الاحرار جامی و مطلع الانوار خسرو تعداد اشعار ۴۰۵۳ اور ۹۹۳ھ میں لکھی گئی)

(۱۲) وامق وعذرا (بجواب شیریں وخسرو نظامی، یوسف زلیخا جامی (۲۸) اشعار کی تعداد ۳۶۰۴ ہے جبکہ سال تصنیف ۹۹۳ھ)

(۱۳) لیلیٰ ومجنوں (اشعار کی تعداد ۲۶۰۴ ہے جبکہ ۹۹۸ء کی تصنیف ہے)

(۱۴) مقامات مرشد (ضرورت مرشد اور مسائل تصوف پر مشتمل ۳۵۰۰ اشعار۔ سن تالیف ۱۰۰۰ھ ہے)

(۱۵) قصائد (حضرت امیر کبیر سید ھمدانی، کمال الدین حسین خوارزمی اور دیگر اولیاء کی شان میں ۵۰۰ قصائد کا مجموعہ ہے)

(۱۶) دیوان (۸۵۰ غزلیات پر مشتمل دیوان)

(۱۷) انوار الاذکار (یہ نظم اور نثر دونوں میں ہے)

(۱۸) تحفۃ الشعراء (علم عروض اور کافیہ پر کتاب ہے)

(۱۹) شرح رباعیات کشمیری (اپنی ہی رباعیات کی شرح کی)

خواجہ ہاشم کشمی، حضرت شیخ یعقوب صرفی اور حضرت مجدد الف ثانیؒ کے مابین استاد وتلمیذ کے رشتہ کو ان الفاظ میں بیان کرتے ہیں: ''اور بعض کتب احادیث شیخ یعقوب کشمیری علیہ الرحمۃ پاس پڑھیں اور یہ شیخ یعقوب شیخ معظم وقطب مکرم شیخ

Marfat.com

حسین خوارزمی کبروی قدس سرہما کے بزرگ خلفاء میں سے تھے۔ اور حرمین محترمین (زادہما اللہ شرفا) میں اس جگہ کے کبار محدثین کے حضور حدیث کی تصحیح کی تھی۔''

''حضرات القدس'' سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ یہ زمانہ طالب علمی سیالکوٹ میں گذرا۔ اور حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ سلسلہ کبرویہ میں آپ سے بیعت ہوئے۔ ڈاکٹر شیخ محمد اکرم نے ''رود کوثر'' میں حضرت مجددؒ پر آپ کے استادِ گرامی کے فکری اثرات کا تذکرہ بھی کیا ہے۔ (۲۹)

امام سخاوی تک حضرت شیخ سرہندیؒ کی ایک سند ملا کمال الدین کاشمیری کے واسطہ سے ''الدر المنظوم'' میں نقل کی گئی ہے۔ (۳۰) اس سے پتہ چلتا ہے کہ آپ نے درس حدیث اخوند کمال الدین سے بھی لیا۔

آپؒ خواجہ عبدالشہید احراری نقشبندی کے ارادت یافتہ تھے۔ علاوہ ازیں بابا فتح اللہ حقانی کے مرید و داماد تھے۔ انہی دو بزرگوں کے فیض صحبت اور توجہ ظاہری و باطنی سے ''علامہ مشرقین'' اور ''معلم ثقلین'' مشہور تھے۔ ۱۰۱۷ھ میں آپ نے لاہور میں وفات پائی۔ (۳۱)

''التمہید'' سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ الشیخ قطب الدین (م: ۹۹ھ) (۳۲) بھی آپ کے استاذ ہیں۔ (۳۳)

حضرت مجدد الف ثانیؒ کے محدثین پر اثرات:

فلسفہ زدہ ماحول اور صرف فقہ کے ارد گرد گھومنے والے علماء کے زمانہ میں حضرت مجدد الف ثانیؒ نے حدیث کی حجیت و اہمیت کا شعور اجاگر کرنے میں اہم کردار

Marfat.com

ادا کیا۔ ڈاکٹر برہان احمد فاروقی کے بقول:

''شیخ مجددؒ الف سے پہلے علم دین کے مغنی فقہ رہ گئے تھے لیکن شیخ مجددؒ کے اثر سے اس کا رخ کتاب وسنت کی طرف پھر گیا۔ اور حدیث کا چرچا شروع ہوا۔'' (۳۴)

آپؒ کے لخت جگر حضرت خواجہ محمد سعیدؒ (۱۰۰۵ھ۔۱۰۷۱ھ) نے ''مشکوۃ المصابیح'' پر حاشیہ لکھا اور اس میں ان احادیث کی صحت پر خصوصی محنت کی جو فقہ حنفی کا ماخذ ہے۔ (۳۵)

خواجہ محمد معصومؒ (۱۰۰۷ھ۔۱۰۷۹ھ) نے جامع الاصول، مشکوٰۃ، حصن حصین، الترغیب والترھیب اور جمع الجوامع سے مسنون اذکار کا انتخاب کیا۔ (۳۶)

آپ کا ایک اور رسالہ بھی اذکار مسنونہ پر مشتمل ہے۔ (۳۷)

عالمگیر بادشاہ نے صحیح بخاری خواجہ فرخؒ (۱۰۳۸ھ۔۱۱۲۱ھ) سے پڑھی۔ (۳۸)

خواجہ محمد اعظم (م: ۱۱۱۴ھ) ابن خواجہ سیف الدین نے فیض الباری کے نام سے بخاری کی شرح لکھی۔ (۳۹)

برصغیر میں شاہ ولی اللہؒ (۱۱۱۴ھ۔۱۱۷۶ھ) نے حدیث کی جو خدمت کی وہ بھی مجددی فیوضات وبرکات کا نتیجہ ہے۔ (۴۰)

حضرت شاہ ولی اللہؒ کی سند حدیث میں آپ کے استاذ حدیث علامہ محمد افضل سیالکوٹی (۴۱) کا نام بھی آتا ہے۔ استاذ مذکور نے حدیث کی اجازت حضرت شیخ عبدالاحدؒ سے حاصل کی تھی۔ شیخ عبدالاحدؒ حضرت مجددؒ کے پوتے ہیں۔ اس سند کا ذکر خود شاہ ولی اللہ نے ان الفاظ میں کیا:

''واجازلی المشکوۃ المصابیح والصحیح البخاری

Marfat.com

وغیرہ من الصحاح الستة الثقة الثبت حاجی محمد افضل عن الشیخ عبدالاحد عن ابیه الشیخ محمد سعید عن جده شیخ الطریقه الشیخ احمد السهرندی بسنده الطویل."

"مشکوٰۃ المصابیح، بخاری اور باقی صحاح ستہ کی اجازت مجھے معتمد اور ثقہ عالم حاجی محمد افضل سے ملی۔ انہیں یہ اجازت شیخ عبدالاحد سے انہیں اپنے والد شیخ محمد سعید سے اور انہیں اپنے جد امجد شیخ سلسلہ احمد سرہندیؒ سے حاصل ہوئی۔" (۴۲)

اس سند سے اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ حضرت شاہ ولی اللہؒ کے معارف حدیث پر حضرت مجدد علیہ الرحمۃ کا فیضان بھی ہے۔ پھر شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ کا فیضان حدیث برصغیر ہی میں نہیں عرب دنیا میں بھی پھیلا۔

اس خاندان کے اکثر بزرگ مجددی سلسلہ میں بیعت تھے۔ سلسلہ مجددیہ کے کئی بزرگوں نے سند حدیث اس خاندان سے لی۔ شاہ عبدالغنی مجددیؒ نے حرمین شریفین میں خدمت حدیث کا فریضہ انجام دیا اور "انجام الحاجة" کے نام سے سنن ابن ماجہ کا حاشیہ تحریر فرمایا۔ (۴۳)

اس مختصر بیان سے یہ حقیقت واضح ہو جاتی ہے کہ حضرت مجدد الف ثانیؒ کے زیر اثر "صوفی محدثین" کی جماعت تیار ہوگئی جس نے حدیث نبوی ﷺ کی خدمت علماء وارباب عرفان کے طرز پر کی۔ یہی وہ ہے جو مابعد کے محدثین پر حضرت شیخ احمد سرہندیؒ کی فکر سے رونما ہوا۔

Marfat.com

حوالہ جات

۱۔ کشمی، محمد ہاشم، المقامات، نولکشور ۱۳۰۷ھ، ص: ۱۳۰

۲۔ اگر ایک حدیث مختلف مقامات پر ہے تو اسے ایک ہی شمار کیا گیا ہے۔

۳۔ ان احادیث کو مع مقدمہ، اردو، انگریزی ترجمہ اور احادیث کی تخریج کے ساتھ تحقیقات لاہور نے ۲۰۰۸ء میں شائع کیا۔

۴۔ ندوی، شاہ معین الدین احمد، مقالات سلیمان، نیشنل بک فاؤنڈیشن، اسلام آباد ۱۹۸۹ء، ج ۲، ص: ۳۴

۵۔ بجنوری، سید احمد رضا، مقدمہ انوار الباری، مکتبہ، گوجرانولہ ۱۹۸۸ء، ج ۲، ص ۱۷۸ تا ۱۸۰

۶۔ کشمیری، انور شاہ، فیض الباری مجلس علمی ڈابھیل، الہند ۱۹۳۸ء، ج ۱ ص: ۱۹

۷۔ عبدالغنی، مجددی، انجاح الحاجہ حاشیہ سنن ابن ماجہ، ایچ۔ایم سعید کمپنی، کراچی، ص: ۳، ۹، ۳۱۵، ۳۲۳، ۳۳۰

۸۔ عثمانی، علامہ شبیر احمد، فضل الباری شرح صحیح بخاری، ادارہ علوم شرعیہ، کراچی، ج ۱، ص: ۱۲۳

۹۔ بجنوری، سید احمد رضا، انوار الباری شرح اردو صحیح بخاری، ج ۱ ص: ۶۵/ ج ۲، ص ۸۳، ۸۴

۱۰۔ کاندھلوی، محمد ادریس، الابواب والتراجم اردو شرح بخاری شریف، کتب خانہ جمیلی، لاہور، ص: ۸۴، ۹۴

۱۱۔ سراج احمد سرھندی، شروح مجموعہ اربعہ ترمذی، مطبع نظامی، کانپور ۱۳۰۶ھ، ج ۱، ص: ۳۰۱

۱۲۔ سلیم اللہ خان، مولانا، کشف الباری، مکتبہ فاروقیہ، کراچی ۱۴۱۸ھ، کتاب التفسیر، ص: ۱۴

Marfat.com

۱۳۔ سہارنپوری ،محمد زکریا،مکتوبات علمیہ،مرتب: محمد شاہد سہارنپوری ،سعید کمپنی، ادب منزل،کراچی۱۳۹۳ھ،ص:۱۴۲

۱۴۔ محمد سعید ،تشید المبانی فی تخریج احادیث المکتوبات للامام الربانی ،حیدرآباد دکن ۱۳۲۳ھ،ص:۳۰

۱۵۔ ملاحظہ فرمایئے:'' سرہندی ،شیخ احمد رحمۃ اللہ علیہ ،مکتوبات ،دفتر اول ،مکتوب ۱۶۲، ۳۰۹/دفتر دوم،مکتوب: ۸۷/معارف لدنیہ ،ص:۱۷۷/مبداؤ معاد، ص۱۲۶ تا۱۲۸/۔ تائید اہل سنت،ص:۵۵،۷۳ ،دفتر سوم مکتوب ۲۴ میں عبدالرزاق کو اکابر شیعہ میں سے قرار دیا ہے۔اسی طرح امام ذہبی کے بارے میں لکھا ہے کہ وہ اکابر محدثین میں سے ہیں۔''

۱۶۔ سعیدی،غلام رسول، مقالات سعیدی،فرید بک سٹال، لاہور،۱۹۸۲ء،ص:۱۳۸

۱۷۔ دفتر دوم،مکتوبا:۵۴

۱۸۔ دفتر اول مکتوب:۱۰۰

۱۹۔ دفتر اول مکتوب:۱۹۸

۲۰۔ مکتوبات امام ربانی، مکتبہ احمدیہ مجددیہ کوئٹہ، جلد اول: ۸۷

۲۱۔ سورۃ النساء:۸۰

۲۲۔ سورۃ النساء:۱۵۰۔۱۵۱

۲۳۔ سورۃ النساء:۵۹

۲۴۔ دفتر اول،مکتوب:۱۵۲

۲۵۔ دیوان سعدی،ص:۱۴۸

۲۶۔ جلد۳،ص:۳۱،مرتب اقبال احمد مجددی مزید زبدۃ المقامات ص:۱۹۲،عمدۃ المقامات ص:۱۳۰

Marfat.com

۲۷۔ تاریخ فقہائے ہند جلد ۴، ص: ۱۳۱

۲۸۔ ڈاکٹر ظہور الدین کے بقول ''اکبر کے عہد میں یعقوب صرفی نے ایک کم معروف عشقیہ داستان ''وامق عذرا'' کا احیاء کیا''

۲۹۔ احوال حیات اور علمی و دینی خدمات کی تفصیلات کے مآخذ درج ذیل کتب ہیں:
دانش نامہ ادب فارسی، رودکوثر، پاکستان میں فارسی ادب کی تاریخ۔
تذکرہ شعرای کشمیر، کشمیر ادب و ثقافت، طبقات اکبری،
سواطع الالہام، دانش، نزہتہ الخواط، حضرات القدس، زبدۃ المقامات، عمدۃ المقامات

۳۰۔ الدر المنظوم، ص: ۱۱

۳۱۔ فوق، محمد الدین، تاریخ سیالکوٹ و مشاہیر سیالکوٹ، طبع: ۱۹۲۴، ص: ۸۰

۳۲۔ نزہتہ الخواطر، جلد ۴، ص: ۱۷۱

۳۳۔ التمہید ص: ۱۸۸۔۱۸۹

۳۴۔ برہان احمد فاروقی، ڈاکٹر، حضرت مجدد الف ثانی کا نظریہ توحید، آئینہ ادب لاہور، ۱۹۷۴، ص: ۴۳

۳۵۔ زبدۃ المقامات، ص: ۲۱۶

۳۶۔ مکتوبات معصومیہ، دفتر اول، مکتوب ۱۴، ۱۸۲

۳۷۔ مقامات معصومی، جلد اول، ص: ۲۷۵۸

۳۸۔ مقامات معصومی جلد دوم، ص: ۵۳۱

۳۹۔ مقامات معصومی، جلد: ۳، ص: ۳۴۷ / جلد ۴، ص ۲۳۸ / نزہتہ الخواطر، جلد: ۶، ص: ۲۸۴

۴۰۔ علم حدیث میں آپ کی خدمات کے لیے ملاحظہ فرمائیں: شاہ ولی اللہ کی خدمات حدیث از ڈاکٹر لیسین مظہر صدیقی۔

Marfat.com

۴۱۔ محمد افضل سیالکوٹی (م:۱۱۴۶) حضرت مظہر جان جاناں کے بھی استاذ ہیں۔احوال حیات کے لیے ملاحظہ فرمائیں،نزھتہ الخواطر، جلد:۶، ص۲۸۱/ مقامات مظہری ،ص:۲۴۴۔۲۴۶

۴۲۔ القول الجمیل،ص:۱۲۶/الیانع الجنی،ص:۱۱۶

۴۳۔ تفصیلات کے لیے حضرت ابوالحسن زید فاروقی کی کتاب ''مقامات خیر'' ملاحظہ فرمائیں۔

Marfat.com

مکتوبات امام ربانی کی روحانی وعرفانی معنویت اہل ایران کی نظر میں

تاریخ انسانی میں ہمیشہ سے باہمی روابط کے لیے مکتوب نگاری کا سہارا لیا گیا اس کی جدید شکل کوئی بھی ہوسکتی ہے مگر اظہار ومدعا کا بہترین ذریعہ آج بھی مکتوب نگاری ہے۔ نبی کریم ﷺ نے جہاں فکر انسانی کو نئی جہات سے آشنا کیا، چیزوں اور الفاظ کے استعمال کو بدل دیا وہیں مکتوب نگاری کو دعوت کے مقصد کے لیے استعمال کرنے کا سلیقہ بھی عطا کیا۔ آپ ﷺ کی اتباع میں حضرات صوفیہ نے اسی طریقہ دعوت سے بھرپور استفادہ کیا۔ اس حوالہ سے سب سے اہم ترین مثال مکتوبات امام ربانی کی ہے۔

مکتوبات امام ربانی دراصل حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی شیخ احمد سرہندی کی فکری، علمی وعملی تگ ودو کا مظہر وآئینہ دار ہیں۔ یہ مکاتیب اپنی علمی، معاشرتی، سیاسی اور تاریخی حیثیت سے ہمیشہ صوفیہ، علماء اور مؤرخین کی دلچسپیوں کا مرکز رہے ہیں۔

تین دفاتر اور ۵۳۵ مکتوبات پر مشتمل اس مجموعہ عرفانی سے اہل علم کی دلچسپی کا حال یہ ہے کہ لوگوں نے اس کی شروح تحریر کیں، اہل ذوق کی خانقاہوں میں ان کے دروس کا اہتمام ہوا، اہل دل نے ان کو حفظ کرنے کا بھی اہتمام کیا۔ جامعات اور خانقاہیں دونوں اس منبع علم ودانش سے فیض یاب ہو رہے ہیں۔ اس کی فکری فیض رسانی میں اضافے

Marfat.com

کے لیے عربی، اردو، انگریزی، لاطینی، پشتو اور دیگر زبانوں میں تراجم بھی ہوئے۔

اس کے مختلف نسخے عام دستیاب ہیں مگر سب سے زیادہ پذیرائی نور محمد امرتسری کے نسخے کو ہوئی۔ انہوں نے ان مکاتیب کی تصحیح اور حواشی کے حوالہ سے گرانقدر کام کیا جو آج تک متداول ہے۔ اسی طرح ڈاکٹر عارف نوشاہی اور پروفیسر محمد اقبال مجددی ان مکاتیب کا ایک جدید نسخہ مرتب کرنے میں کوشاں ہیں۔ ان مکاتیب کا ایک نسخہ ایران سے شائع ہوا۔ یہ نسخہ بھی اپنی افادیت کے اعتبار سے اہم ہے۔

محقق نے ان مکاتیب کے مقدمہ میں ''حضرت مجدد الف ثانی (ھزارہ دوم) کیست'' کے عنوان کے تحت درج ذیل کارنامہ حیات خواجہ مجدد کا ذکر کیا ہے:

۱. تغیر حکومت حاکم برھندوستان ازبی دینی به اسلام واقعی

۲. حاکم کردن شریعت اسلامی براء رات درسرزمین هندو سرزمین های اطراف

۳. اعلا احکام الهی واحیاء سنت های نبوی ﷺ درسر زمین هندو سرزمین های اطراف.

۴. ترویج طریقه نقشبندی مجددی درسرزمین هندوسرزمین های مجاور

۵. پاسداری ودفاع ازعقائد اسلامی

۶. مبارزه بامخالفان ودشمنان صحابهؓ

۷. دفاع ازحقوق مستضعفین وياری رساندان به مستمندان.

۸. نگاشتن مقالات، رسائل و کتاب های متناسب بانیاز

Marfat.com

مسلمانان (ص: ۸)

ان نکات سے اندازہ ہوتا ہے کہ مقالات عرفان پر مبنی یہ تحقیقات اہل ایران کے ہاں کس قدر اثرات کی حامل ہیں۔

محقق نے حضرت امام ربانی کی دیگر تصانیف کا ذکر بھی کیا ہے مگر ''جایگاہ مکتوبات امام ربانی ومقبولیت آن'' کے تحت پہلے ان کی اہمیت بایں الفاظ بیان کی:

''مکتوبات امام ربانی درمدارس دینی و دانشگاہ های اسلامی و محافل عرفانی، به وثیره درحلقه نقشبندیان بسیار مواد واعتماد بوده وهست ترجمه آن به زبان های عربی، فارسی، ترکی وکردی وهچنین بسیار زیاد آن کشور های مختلف اسلامی نشان از مقبولیت وتوجه خاص افشا، مختلف جامعه به این اثر گرانقدرمی باشد'' (۱۰)

اور پھر اس کام کے ہدف کا ذکر کرتے ہوئے محقق نے دو امور کی نشاندہی کی ہے جن کی وجہ سے وہ اس کام کی طرف متوجہ ہوئے۔ ایک تو یہ کہ عصر حاضر میں لوگ بزرگان دین کی خدمات کا انکار کرتے ہیں اور ان کو ہدف تنقید بناتے ہیں اور دوسرا وہ لوگ جو تصوف وعرفان کی آڑ میں مکتب عرفان کو نقصان پہنچاتے ہیں۔ ان دو باتوں کی وجہ سے اس کتاب کی اشاعت کو محقق نے ضروری سمجھا اس سے اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ اہل ایران کا یہ خیال ہے کہ امام ربانی تصوف حقیقی کی نمائندہ شخصیت ہیں اور نمائندہ کتاب مکتوبات امام ربانی ہیں۔ محقق ایوب گنجی نے عرفانی ادب میں مکتوبات کو

Marfat.com

ایک علمی وادبی شاہ پارہ سمجھا ہے اس لیے وہ اس کتاب کی گیارہ ایسی خوبیاں ذکر کرتے ہیں جو انہوں نے مکتوبات کے بغور مطالعہ کے بعد اخذ کی ہیں۔ اس انداز کے خصائص مکتوبات پہلی مرتبہ اس تحقیق کے بعد سامنے آئے ہیں۔ یہ خوبیاں ذیل ہیں:

۱. نقش عرفا وصوفیان حقیقی درمسائل اجتماعی وسیاسی

اس عنوان سے ظاہر ہوتا ہے کہ صوفیہ نے صرف ذکر اذکار پر زور نہیں دیا بلکہ اجتماعی وسیاسی مسائل پر بھی توجہ دی ہے۔

۲. سطح علمی ومیزان آشنالی عرفا باعلوم عقلی ونقلی

۳. توجه کامل به شریعت وعشق به عمل کردن به سنت

۴. عشق به رسول الله ﷺ واصحاب گرانقدہ آن حضرت ﷺ

۵. مبارزه بابدعات وخرافات

۶. پاسداری ازعقاید اسلامی

۷. شناختن عرفان حقیقی واصل تصوف واقعی

۸. معارف غریبه ای در مورد ذات وصفات الهٰی

۹. شفقت ودلسوزی نسبت به مردم

۱۰. اخلاص وللهیت درکار عرفا

۱۱. شناختن علماء ووارثان حقیقی رسول ﷺ (۱۲.۱۱)

اس مقدمہ میں مصحح نے حضرت مجدد کے احوال حیات، حضرت مجدد کے شجرہ ہائے طریقت، مناقب مجدد از دیدگاہ بزرگان نقشبند، حضرت مجدد درمیدان سیاست، مریدان مجدد، خوارق وکرامات جیسے اہم پہلوؤں پر روشنی ڈالی ہے۔ اس حصہ میں

Marfat.com

حضرت امام ربانیؒ کے خصائص واخلاق پر تحریر کیے گئے خوبصورت نکات:

۱. عشق به پیامبر و یارانش علیه وعلیهم الصوات والتسلیمات

۲. توجه وپابندی به شریعت محمدی علی صاحبها الصلوٰة والسلام

۳. دفاع همیشگی ازعقاید حقه اهل سنت وجماعت

۴. شفقت ودلسوزی نسبت به یاران وشاگردان

۵. غمخوارگی وهمدردی ودلسوزی برائے مسلمانان

۶. مبارزه شدید باظلم وستم وبی عدالتی

۷. مبارزه همیشگی بادشمنان اسلام،پیامبر وصحابه و......رامی توان نام برد(۲۶)

مصحح نے اس کتاب پر کام کی تفصیلات کا بھی خود ذکر کیا ہے جس کی تفصیل درج ذیل ہے:

۱۔ مقدمہ

اس کی بعض مندرجات کا ذکر گزر چکا ہے۔

۲۔ متن:

تین بنیادی نسخوں کی مدد سے اس کا متن تیار کیا گیا ہے۔اس میں عربی ترجمہ بھی شامل ہے۔طویل جملوں میں رموز کا استعمال، پیراگراف اورفہم کے لیے دیگر عصری لوازمات کو پیش نظر رکھا گیا ہے۔اس کی افادیت واہمیت کا اندازہ زارعی کے ان الفاظ سے ہوتا ہے:

''ان دیگر کارهای انجام شده برمتن، مشخص نمودن شماره آیات وسوره های

Marfat.com

باشد کہ این کار برای اولین بار روی مکتوبات انجام گرفتہ است۔'' (۴۷)

۳۔ تعلیقات:

محقق نے بعض لغوی مباحث، عربی عبارات اور صوفیانہ نکات کی حواشی میں وضاحت کی ہے۔

۴۔ فہرست ھا:

تین قسم کی فہارس اس نسخہ میں دی گئی ہیں:

(الف) فهرست اجمالی و در ابتدای هر جلد

(ب) فهرست تفصیلی برای هر جلد در آخر همان جلد آمده است

(ج) فهرست موضوعی مشترکاازتمام مکتوبات که دربخش تعلیقات در آخر جلد سوم قرار گرفته است

مقدمہ کی آخری سطور میں چند اہل علم کا تذکرہ کیا ہے جنہوں نے اس کار تحقیق کی انجام دہی کے لیے مختلف طرح معاونت فراہم کی۔ یہ فہرست اس حقیقت کی عکاس ہے کہ اہل ایران میں مجدد شناسی کا ایک حلقہ موجود ہے جو فکر مجدد کی اشاعت میں سرگرم ہے۔ اس میں سرفہرست مولانا حسن زارعی مجددی ہیں۔ ان لوگوں کا تذکرہ ان الفاظ میں کیا گیا ہے:

''تشکر وقدردانی نماید وطبق های سپاس وتقدیر وتشکر رابه پیشگاهشان تقدیم دارد، خصوصاً استاد عزیز وگرانقدرم، کسی که مراپرورش داد وبامکتب حضرت مجدد آشناساخت، کسی که

Marfat.com

باعث اتصال این مسکین به جمع آن مقبولان بارگاه الهی گردید وکسی که مراد رمدرسه معرفت حق ثبت نام کرد،یعنی "مولانا حسن زارعی مجددی". حفظ الله وسلمه الله تعالیٰ که هر چه دارم ازکمال اوست،وگرنه"من همانم که خود وانم".

همچنین برخود لازم می دانم ازمرشد واقعی وعارف کامل "حضرت مولانا محمد عمر سربازی" مدظله العالی مدیر محترم مدرسه دینی منبع العلوم کوه ون ونیز استاد اندیشمند وداعی دلسوز جناب "مولانا محمد قاسم قاسمی" حفظ الله.استاد حدیث حوزه علمیه دارلعلوم زاهدن که بادعاها وتشویق هایشان سبب این بنده ناچیز دراین میدان گام بنهد،تشکروسپاس خویش رااظهار می دارم ونیز از برادران عزیز ومخلصم،شاگردان وارادتمندان مکتب حضرت مجدد ،مدرسین مدرسه علوم دینی "الجامعة الشافعية"سنندج،عزیزان هم مسلکم: ماموستا اسعد زند سلیمی،ماموستاصلاح الدین

Marfat.com

سورسوری، ماموستا صادق غریبی وماموستا عبدالجبار لطفی که درآن بروقت باوجود مشغولیت فراوان دروس طلبگی دردارلعلوم زاهدان، وقت خویش رابرای تصحیح وبازخوانی نسخه های حروفچینی شده صرف کردند وبااین کار، خدمت بزرگی به اینجانب نمودند، سپاسگزاری می نمایم وبردیدگانشان بوسه می زنم، وازخداوند سبحان بهترین پاداش هارابری این عزیزان مسئلت می نمایم و هچینین از زحمات بی دریغ مدیر محترم حروفچینی احمد"سندج" آقای فرید عزت پور وهمکاران ارجمند شان که درحروفچینی این اثر، کمال همکاری رامبذول داشتند، تشکر می نمایم، جزاهم الله عنا خیر الجزاء."

حضرت امام ربانیؒ کے حوالہ سے ایک اور اہم علمی کام ابراہیم ادھم بیلگین، جواستنبول یونیورسٹی میں شعبہ الٰہیات کے استاد ہیں، کی کتاب کا فارسی ترجمہ ہے۔ یہ ترجمہ منصورہ حسینی اور داؤد وفائی نے کیا اور تہران سے شائع ہوا۔ فارسی میں کتاب کا نام "جنبش ھای انقلابی صوفیان درھندوامام ربانی" ہے۔ اس کتاب میں تاریخی حقائق اور مکتوبات کی روشنی میں حضرت مجدد کے فکر مجدد کے تحریکی پہلو پر روشنی

Marfat.com

ڈالی ہے۔

ان دو کتب سے اندازہ ہوتا ہے کہ اہل ایران حضرت امام ربانی کی تخلیقات وتحقیقات کو دینی وعرفانی ادب میں ایک بے مثال ولازوال شاہکار تسلیم کیا ہے۔ایران میں اس کام کا ہونا وہاں مذہبی رواداری ،احترام سلف کا آئینہ دار بھی ہے۔ایسی شخصیات پر کام باہمی محبت کے فروغ کے لیے کلیدی کردار ادا کر سکتا ہے۔

Marfat.com

دیوان رافت: تعارف وجائزہ

مجددیہ صوفیہ نے اردو ادب کے ارتقاء اور فروغ کے لیے نا قابل فراموش خدمات انجام دی ہیں (۱)۔ اس کی وجہ حضرت خواجہ باقی باللہ اور حضرت امام ربانیؒ کے فیوض وبرکات واثرات ہیں (۲)۔ حضرت امام ربانیؒ کے سب سے چھوٹے بیٹے شاہ محمد یحییٰ (م ۲۷ رجمادی الاخری ۱۰۹۴ھ) کی اولاد میں شاہ رؤف احمد رافت (م ۱۲۴۹ھ/۱۸۳۳) کا شمار بھی اردو زبان کے نمایاں شعراء میں ہوتا ہے۔

جواہر علویہ میں اپنے بارے میں تحریر کرتے ہیں:

''میں مصطفیٰ آباد عرف رامپور میں ۱۴ رمحرم ۱۲۰۱ھ کو پیدا ہوا۔ میرے جد بزرگوار نے میرا تاریخی نام رحمٰن بخش رکھا''۔ (۳)

خاندان قادری میں محبوب الٰہی حضرت شاہ درگاہیؒ سے کسب فیض کیا۔ شاہ غلام علی دہلوی کی درگاہ میں آئے تو خواہش سے زیادہ پایا اور ان ہی کے حکم پر بھوپال تشریف لے گئے۔ انتقال سفر حج کے دوران ہوا اور یلملم کے قریب دفن ہوئے۔

شاہ رؤف کی علمی وادبی خدمات پر زیادہ نہیں لکھا گیا مگر جو کچھ محفوظ ہوا وہ اردو زبان وادب میں ان کی خدمات عالیہ کا مظہر ہے۔ رافت (۴) تخلص ہے اور اشعار میں بعض جگہ رافتا (۵) بھی استعمال کیا ہے جس کی دو وجہیں ہیں پہلی وجہ ضرورت شعری ہے کہ جس میں ارکان بحر کی مطابقت کی رعایت رکھی گئی ہے اور دوسری وجہ یہ ہے کہ رافت کے آگے الف کا لگانا خطاب ونداء کی علامت ہے یہ دوسری وجہ ہی

Marfat.com

زیادہ معتبر ہے۔ان کے شاگرد عبدالغفور نساخ (م ۴رشوال ۱۳۰۴ھ/جون ۱۸۸۹ء) نے سخن شعراء میں ان کے ایک فارسی اور چھ اردو دواوین کا ذکر کیا ہے۔ان کی شاعری پر نساخ نے ان الفاظ میں تبصرہ کیا ہے:

> ''بڑے زبردست عالم تھے۔عروض وقوافی میں اپنا ثانی نہیں رکھتے تھے۔فارسی میں ایک دیوان اور ریختہ میں چھ دیوان اور ہر فن میں ان سے ایک دو رسالے یادگار ہیں۔جمیع اصناف سخن پر قادر تھے''۔(۶)

اردو میں دیوان ''عقد پروین المعروف بہ دیوان رافت'' ہے۔دیوان کا آغاز ان جملوں سے ہوتا ہے:

> ''الحمدللہ العلی العظیم القادر الرؤف الکریم والصلواۃ والسلام علی حبیبہ الاحمدؐ الرؤف الرحیم اعنی علیٰ امتہ الاثیم وعلیٰ آلہ وصحبہ الف الف آتحیۃ وصلوٰۃ وتسلیم،بعد حمد ونعت کے صاحبان رافت وخبرت پر روشن ہو کہ موقع سپاس بی قیاس رب الناس ہے کہ یہ دیوان رفیع نبیان جناب غفران مآب محبّ باصفا شیخ ابراہیم موسیٰ نے جمع کیا ہے نام دیوان عقد پروین ہے یہ نسخہ ایک ایسے بزرگوار عالی مقدار کی تصنیفات سے ہے کہ جس کی بزرگی اور ولایت میں مسلمانان باخبر اور دین داران نیکو سیر کو کسی طرح کا شک وشبہہ نہیں الحق مردان خدا خدانہ باشد،لیکن

Marfat.com

زخدا جدانہ باشد، قیامت ان کی وفات خوش آیات کے وقت سب کے سب رفقاء پر روشن ہوئی اس دیوان کے غزلوں کا پڑھنا جو کہ سراسر جناب رسالت مآب علیہ الف الف تحیۃ الی یوم الحساب کی مدح اور توصیف سے مملو ہیں۔ دین ودنیا کی مرادوں کی تحصیل کا موجب ہے بلکہ اس دیوان کی ایک ایک جلد اپنے مکان میں رکھنا موجب برکت وآبادی مکان ہی آپ کی تصنیفات سے مولود رؤفی جس میں حضرت ﷺ کی ولادت کا احوال خوش مآل ہے اور تفسیر اردو کثیر الحجم زبان تصوف میں آپ نے لکھی جس کی سیر سے آپ کے علم وکمال کا حال روشن ہوتا ہے دوسرا حضرت کا معراج نامہ اعجاز ختامہ مشہور ومعروف ہے۔ اسم مبارک آپ کا مولانا رؤف احمد اور تخلص رافت ہے۔ جناب تجارت مآب سوداگر خلیق وحلیم قاضی عبدالکریم صاحب ابن مرحوم ومغفور قاضی فتح محمد صاحب کی بہت بڑی خوش نصیبی ہے کہ ان کتابوں کو وہ چھپواتے ہیں اجر عظیم پاتے ہیں اور کاتب کی بھی سعادت ہے کہ ایسے بزرگ کے کلام تحریر کرے، دامن مراد گلہائے مقاصد سے بھرے اب جناب باری اس راقم کا اور ان سب کا خاتمہ بخیر کرے زندگی بعزت بیر کرے۔ آمین اللھم آمین بحق سید المرسلین وآلہ وصحبہ اجمعین"۔ (۷)

سید امیر الدین نزہت نے اس دیوان کی تاریخ تالیف یوں نکالی ہے:

Marfat.com

سراوصاف سے تاریخ تالیف ہوئی ہے خوب نوطرز مرصع (۸)

۱۲۸۱

اس دیوان کا آغاز حمدیہ اشعار سے ہوتا ہے۔ پہلا شعر ملاحظہ فرمائیں:

لکھوں ثنا اس کی کیا کہ جس نے کیا ہے ارض وسماء پیدا
صدف سے موتی شکم سے انسان کیا بیک قطرہ ماء پیدا (۹)

اہل فن سے یہ بات پوشیدہ نہیں کہ درمیان شعر ہمزیہ قوافی کو برتنا ہر کس ومہ کی بات نہیں۔ آخر شعر میں ہمزیہ قوافی کی مثالیں تو کلام عرب میں مل سکتی ہیں مگر ادب اردو میں اس کا امکان معدوم ونایاب نظر آتا ہے۔ متاخرین میں سے کسی نے اس پر طبع آزمائی کی ہو تو کچھ کہہ نہیں سکتے تاہم متقدمین میں اس کا التزام نہیں ملتا، چہ جائیکہ کسی نے درمیان شعر ہمزیہ قوافی کو ن نبا ہا ہو۔

اس کے بعد نعت ہے۔ آخری شعر یہ ہیں:

کرم سے ان کے یقین ہے شیطان بہ نزع کچھ شک نہ لا سکے گا
کرے گا گر یک سوال آکر تو ہوں گے لاکھوں جواب پیدا
گناہ ہیں بے حساب رافت اگر چہ اپنے یہ شکر ہی پر
کہ کر دیے ہیں خدا نے ایسے شفیع روز حساب پیدا (۱۰)

دیوان رافت کا گہری نظر سے مطالعہ کیا جائے تو علم بیان کے اصول اربعہ تشبیہ، استعارہ، مجاز اور کنایہ کے ساتھ ساتھ ان اصولوں کے وہ تمام اجزائے فروعیہ کہ جوان کے ذیل میں نمو پذیر ہوتے ہیں، دیوان رافت میں جا بجا ملتے ہیں۔ اسی طرح علم معانی وبدیع کی اقسام وصناعات کا وجود بھی دیوان رافت کے جہان فصاحت

Marfat.com

میں کثیر مقامات پر نظر آتا ہے۔ دیوان رافت کا حصہ اول تو ایک مستقل غزلیہ تسلسل ہے کہ جس کو ایک ہی بحر میں صرف قافیہ کی تبدیلی کے ساتھ نباہا گیا ہے۔ حصہ اول میں ۳۴ کلام ہیں جن میں اشعار کی تعداد ۲۵۸ ہے جو ایک ہی وزن ''بحر متقارب مقبوض اثلم فعول فعلن فعول فعلن فعول فعلن فعول فعلن'' میں نظم کیے گئے ہیں۔ ان تمام اشعار کی ردیف ایک ہی ہے بس قافیہ مختلف ہے۔ ہر کلام کے مقطع میں قافیہ کی تبدیلی کا اشارہ کیا جاتا ہے اور بعد ازاں حروف تہجی کی ترتیب کے مطابق الف سے یا تک بڑی ماہرانہ دسترس کے ساتھ اس تسلسل کو پایہ تکمیل تک پہنچایا گیا ہے۔ اسی طرح حصہ دوم جو کہ ایک الگ مکمل دیوان ہے جس میں ۳۴ کلام نظم کیے گئے ہیں جن میں اشعار کی تعداد ۲۷۰ ہے جو ایک ہی وزن بحر رمل مثمن مزاحف مخبوں مقطوع محذوف مسکن مذال فاعلاتن فعلاتن فعلن رفعلان میں ہیں۔ یہاں فرق صرف اتنا ہے کہ ہر کلام اپنی ذات میں ایک مستقل کلام ہے۔ یہی وجہ ہے کہ دیوان رافت میں شعر اول سے شعر آخر تک قاری کا ذوق انتشار کا شکار نہیں ہوتا اور وجدان قاری کے تاروں کو قافیہ کی تبدیلی ایک نئی ضرب اور ہر ضرب ایک نئی کیفیت اور ہر کیفیت ایک نئے لطف سے آشنا کرتی ہے۔ نئے نئے تجربات اور لفظوں کو حقیقی ومجازی معنی میں استعمال کرنے کا جو عمل دیوان رافت میں ہے وہ دوسروں کے دواوین میں مفقود نہیں تو بہت کم نظر آتا ہے۔ ایسے ایسے نادر مضامین ہیں کہ جن کو شعر میں باندھتے ہوئے اساتذہ بھی ہچکچاتے ہیں، بڑی سہولت کے ساتھ استعمال کیے گئے ہیں۔

یہاں ایک فنی نکتہ بھی غور طلب ہے کہ حصہ اول جو کہ بحر متقارب میں ہے اور حصہ دوم جو کہ بحر رمل میں ہے۔ دونوں حصے الگ الگ نوعیت کے دیوان ہیں۔ پہلا

Marfat.com

تو متحد النوع ہے کہ ایک ہی نوع کی ردیف ہر کلام کا حصہ ہے جبکہ دوسرا حصہ مختلف النوع ہے کہ ہر کلام کی ردیف الگ ہے جو حروف تہجی کے اعتبار سے ورود پذیر ہوئی ہے، یعنی پہلے حصے میں حروف تہجی کا اعتبار باعتبار قافیہ کیا گیا ہے اور دوسرے حصہ میں حروف تہجی کا اعتبار باعتبار ردیف کیا گیا ہے۔ ان دونوں دواوین کی ہیئت کے مختلف ہونے میں راز یہ ہے کہ پہلا حصہ بحر متقارب میں ہے اور بحر متقارب دائرہ متفقہ کی بحر ہے اور دوسرا حصہ بحر رمل میں ہے اور بحر رمل دائرہ مجتلبہ مسدسہ کی بحر ہے۔ جب بحروں کا دائرہ مختلف ہوا تو دونوں دواوین کی ہیئت بھی مختلف رکھی گئی۔ اب یہ اتفاق فکر ہے یا التزام فکر، کچھ کہا نہیں جاسکتا تاہم یہ توجیہہ قابل التفات ہے۔

اب اگر بلاغت کے نقطہ نظر سے کلام رافت کو دیکھیں تو اس میں تمام فنی خصائص بدرجہ راتم پائے جاتے ہیں۔ ''عقد پروین المعروف دیوان رافت'' کی غزل کا ایک مقطع جس میں مشبہ اور مشبہ بہ میں قصد مساوات کیا گیا ہے:

غزل بدل قافیہ سنا پھر کہ ہند میں تو ہو ہے رافت
نظامی و جامی اور سعدی سحابی و بدرو چاچ پیدا (۱۱)

اس شعر میں رافت نے اپنے مقام و مرتبہ کا ذکر کیا۔ خود مشبہ بنے اور دیگر بلند مرتبہ اساتذہ سخن کو مشبہ بہ بنایا۔ مشبہ و مشبہ بہ بعض اوقات حسی ہوتے اور بسا اوقات عقلی۔ ان کی مثالیں کلام رافت میں دیکھی جاسکتی ہیں۔ غزل کا ایک شعر جو قوت باصرہ سے متعلق ہے:

تمہارے قد رکا ہو گر تصور بنزع ایغیرت صنوبر
تو خود بخود بعد مرگ ہووے مزار پر کیوں نہ کاچ پیدا (۱۲)

Marfat.com

مشبہ اور مشبہ بہ کے حسی ہونے کی ایک خوبصورت مثال:

نہیں ہے روئے عرق فشاں پر کسی کی زلف سیاہ رافت
ہوا ہے یہ اس کے چاٹنے کو خدا کی قدرت کا ناگ پیدا (۱۳)

تشبیہ ملفوف (۱۴) کی قبیل سے رافت کا ایک شعر دیکھیے:

چشم اس کے قدر موزوں پہ فلک دیکھ کہیں
نرگس حسن عجب ہے یہ صنوبر کے بیچ (۱۵)

اس شعر میں دو مشبہ اور دو ہی مشبہ بہ ہیں: چشم، قدموزوں اور نرگس حسن عجب، صنوبر جو کہ ترتیب سے ذکر ہوئے ہیں۔ جہاں یہ شعر تشبیہ ملفوف میں ہے تو وہیں صنعت لف ونشر مرتب میں بھی ہے۔

استعارہ کی ایک مثال غزل کا یہ شعر ہے:

قصد جانے کا نہ کر یہاں سے کہ مر جائیں گے ہم
ای صنم مار کے بس چھاتی پہ پتھر بفراق (۱۶)

کنایہ کی مثال ملاحظہ فرمائیں:

مریض غم کی تیرے عیادت کرے کوئی کیا عجب ہے حالت
کہ قوت ضعف لاغری سے ہے آپ پنہاں فراش پیدا (۱۷)

مریض ہونا کنایہ ہے عاشق ہونے سے۔ اسی طرح ان کا یہ شعر:

سانس ٹھنڈی نہ بھروں کیونکہ میں خالی گھر دیکھ
مجھ کو دم دے کے سدھارا وہ ستمگر افسوس (۱۸)

ٹھنڈی سانسیں بھرنا مبتلائے غم ہونے سے کنایہ ہے۔

Marfat.com

قدیم اردو شعراء کا عربی ذوق بھی اس دیوان میں ملاحظہ کیا جاسکتا ہے۔ دیوان کا آخری کلام عربی میں صلوٰۃ وسلام کا ہدیہ ہے۔ اشعار ملاحظہ فرمائیں:

صلِّ علٰی محمدٍ مہر سپہر اصطفا
صلِّ علٰی محمدٍ ماہِ سماء اجتبا
صلِّ علٰی محمدٍ مفخرِ جملہ انبیا
صلِّ علٰی محمدٍ رہبر جُملہ اولیا
صلِّ علٰی محمدٍ کاشفِ سھل اتی
صلِّ علٰی محمدٍ وقف رازِ انما
صلِّ علٰی محمدٍ مورد مدحت وثنا
صلِّ علٰی محمدٍ اوضح وصف والضحے

یہ دیوان جہاں قواعد وفن کا شاہکار ہے وہیں انیسویں صدی کے اسلوب شعری اور املاء کا آئینہ دار بھی ہے۔ اس دور میں الفاظ کو جوڑ کر لکھنے اور ''ں'' کی بجائے ''ن'' کے مروج ہونے کی مثالیں دیوان رافت میں عام ہیں۔ چند مرکب الفاظ اور عصری املائی اسلوب ملاحظہ فرمائیں:

جانسے	جان	سے	
ہمکو	ہم	کو	
اسبات	اس	بات	
جسمین	جس	میں	
تجھکو	تجھ	کو	
تمنے	تم	نے	
لگجائے	لگ	جائے(۱۹)	

اس کتاب کے آخر پر لگا ہوا اشتہار اس حقیقت کا مظہر ہے کہ اشاعتی

Marfat.com

اداروں کا مزاج اور ذوق ہمیشہ ایک سا رہا ہے۔ اس اشتہار کو من وعن استفادہ ناشرین کے لیے نقل کیا جاتا ہے:

''اشتہار واجب الاظہار

جمیع صاحبان اہل مطابع نزدیک و دور و تاجران کتب والاشان ذی شعور کی خدمت میں عرض ہے کتاب ہذا داخل بہی رجسٹر گورنمنٹ ہے اور حقوق تصنیف و تالیف مصنف کی جانب سے مہتمان کے پاس محفوظ ہیں لہٰذا کوئی صاحب قصد طبع نہ فرمائے عوض نفع قلیل نقصان کثیر کی زحمت نہ اوٹھائے جس قدر نسخے مطلوب ہوں بارسال زر قیمت دکان نمبر ۶۵ واقعہ کولسہ محلہ قریب پاوے ہونی سے طلب فرمائے فقط

المشتہر

قاضی عبدالکریم رقاضی رحمت اللہ تاجران کتب بمبئی''

اس مختصر تعارف سے یہ حقیقت سامنے آتی ہے کہ دیوان رافت موضوعاتی اور فنی اعتبار سے اردو ادب کا ایک لازوال کارنامہ ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ کوئی صاحب ذوق اس دیوان کی ترتیب و تدوین نو پر توجہ دیں تا کہ عصر حاضر میں فکر رافت جو فکر راست ہے، سے استفادہ کیا جائے۔ یہ دیوان خانقاہوں سے وابستہ افراد کا اردو شاعری میں کردار، کے حوالہ سے مطالعہ کی سمت بھی متعین کرے گا۔

Marfat.com

حوالہ جات

(۱)　شمس، ڈاکٹر محمد ہمایوں عباس، اردو شاعری کے فروغ میں مجددی صوفیہ کا کردار، مشمولہ: خدا بخش لائبریری جرنل، پٹنہ، ۲۰۰۸ء ج ۱۵۳، ص ۶۷۔۸۶ (۲) شمس ڈاکٹر محمد ہمایوں عباس، خواجہ باقی باللہ کا شعری ذوق، مشمولہ: خدا بخش لائبریری جرنل پٹنہ، فروری ۲۰۱۲ء۔ (۳) رافت، رؤف احمد، جواہر علویہ، ملک فضل الدین، مترجم، لاہور: تاجران کتب قومی، ۱۹۱۹ء، ص ۱۷۱۔ (۴) دیوان رافت میں آپ کا تخلص عموماً یہی ہے۔ آخری صفحہ پر ناشر کے یہ الفاظ ملاحظہ فرمائیں:

الحمدللہ والشکر للہ والصلوٰۃ والسلام علی رسول اللہ وعلی آلہٖ واصحابہ الی یوم بعث خلق اللہ بعد حمد وصلوٰۃ کے شائقین دواوین مدح رسول مقبول پر روشن ہو کہ دیوان فصاحت وبلاغت عنوان جناب کرامت وولایت انتساب صدر آرائے محفل شریعت وطریقت سالک مسالک جادہ معرفت وحقیقت سخنور امجد والا مرتبت مولانا رؤف احمد صاحب المتخلص بہ رافت عطر اللہ تربتہ بالمسک کا جس کا نام عقد پروین ہے جناب فیضی مآب قاضی عبدالکریم وقاضی رحمت اللہ صاحب نے اپنے مطبع فتح الکریم میں چھپوا کر نور افزائے چشم خلائق کیا جناب باری اس کے مصنف اور طباع اور کاتب کو اور مصحح کو اس سبز خیمہ کے نیچے باغ باغ رکھے دل بہار منزل ہر ایک بافراغ رکھے بحق رسول اللہ وآل رسول اللہ اللہم آمین۔

(۵)　دیوان کا یہ شعر ملاحظہ فرمائیں:

تو رافتا شاعر کہن ہے غزل بدل قافیے کو پڑھ پھر
نئے نئے ہوں گے لاکھ مضمون جو تو نے کی ہے تلاش پیدا

(۶) نساخ، عبدالغفور، سخن شعرا، لکھنو، اترپردیش اردو اکادمی، ۱۹۸۲ء، ص ۱۷۸۔ (۷) عقد پروین، ص ۲۔۳ (۸) ایضاً۔ (۹) ایضاً، ص ۴۔ (۱۰) ایضاً، ص ۵۔ (۱۱) ایضاً، ص ۷۔ (۱۲) ایضاً۔ (۱۳) ایضاً، ص ۱۵ (۱۴) تشبیہ ملفوف وہ ہے کہ جس کے طرفین (مشبہ اور

Marfat.com

مشبہ بہ) متعدد ہوں بایں طور کہ پہلے مشبہات کو بطریق عطف ذکر کیا جائے پھر اسی طرح مشبہات بہا کو بالترتیب ذکر کیا جائے۔ قاسم، دکتور محمد احمد، محی الدین دیب، دکتور، علوم البلاغہ، طرابلس، ۲۰۰۳ء، ص ۱۵۵۔ (۱۵) دیوان رافت، ص ۲۲ (۱۶) ایضاً ص ۲۹ (۱۷) ایضاً ص ۱۱۔ (۱۸) ایضاً ص ۲۵۔ (۱۹) دیوان رافت کے بالترتیب درج ذیل صفحات ملاحظہ فرمائیں: ۲۵ تا ۳۰۔

نوٹ: شاہ رؤف رافت کے احوال کے لیے ملاحظہ کریں:

(۱) شمس، ڈاکٹر محمد ہمایوں عباس، راوی، جی سی یونیورسٹی، لاہور، ۲۰۰۹ء، ص ۸۱۔۸۳۔ (۱۱) صبا اسلام، شمس، ڈاکٹر محمد ہمایوں عباس، تفسیر رؤفی: مطالعہ و جائزہ، فیصل آباد، شمع بکس، ۲۰۱۵ء

Marfat.com

مکتوبات امام ربانی کی شروح

معاشرہ کی اصلاح وفلاح کے لیے صوفیہ کرام نے علمی اور معاشرتی دونوں سطحوں پر کام سرانجام دیا۔ تہذیب کی تشکیل میں ان کا کام ایک اہم اور بنیادی عنصر ہے بلکہ تمدن کے ارتقاء میں بھی صوفیہ کا اساسی کردار ہے۔ تہذیب وتمدن کی تشکیل کے ساتھ ساتھ ادب کو پروان چڑھانے میں ان کی خدمات ناقابل فراموش ہیں۔ صوفی ادب کے مکتوبات اور ملفوظات اپنے عہد کے سماجی رویوں کے فہم میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ صوفیہ یا ان کے مریدین یا معاشرہ کے افراد جب ایک شہر میں نہ ہوتے تو ایصال معانی ومطالب کے لیے مکاتیب کا سہارا لیا گیا۔ اس سلسلہ کو سب سے زیادہ ترقی حضرت جنید بغدادی نے دی۔ صرف عمرو بن عثمان مکی کے نام ان کے ایک ہزار خطوط کا تذکرہ ملتا ہے۔'' (۱)

صوفیہ نے ان مکاتیب سے دعوتی کام بھی لیا۔ مکتوبات کی تاریخ میں جس مجموعہ مکاتیب کو ہندوستان بلکہ عالم اسلام میں پذیرائی ملی وہ ''مکتوبات امام ربانی'' ہیں۔ تین جلدوں میں ۵۳۵ مکاتیب کا مجموعہ گنجینہ علم وعرفان اور خزینہ معارف وحقائق ہے۔ دفتر دوم کے جامع عبدالحی بن خواجہ چاکر حصاری لکھتے ہیں۔

فهذه مكاتيب متضمنة لعلومه غريبة ومعارف عجيبة واسرار لطيفة وحقائق شريفة ماتكلمه بها احد منا العرفاء ومااشار اليها واحد من الاولياء مقتبسة من مشكوٰة انوار النبوة (۲)

Marfat.com

مکتوبات امام ربانی کہنے کو تو صرف خط ہیں، مگر ان خطوط کے اندر قرآن وحدیث کی تشریح، علم کلام کی موشگافیاں، تصوف کے ادق مقامات کی تشریح بعض صوفیانہ عبارات وافکار پر نقد وتجزیہ، احوال معاشرہ اور دیگر اہم اسرار ورموز شامل ہیں۔ حضرت شاہ غلام علی دہلوی نے دوسو ساٹھویں مکتوب کی تشریح کرتے ہوئے ان مکاتیب کے معارف کی بلندی کو ان الفاظ میں بیان فرمایا:

''جو معارف حضرت نے بیان فرمائے ہیں امت میں کسی ایک نے ایسا بیان نہیں کیا ہے اور جن اسرار کے موتیوں کو سلک تحریر میں پرودیا ہے اصحاب معرفت میں سے کسی نے بھی معرفت کے ایسے موتی نہیں پرئے ہیں۔ ان کا کلام بمنزلہ وحی آسمان کے ہے اور ان کا بیان رموز ربانی کی تشریح ہے اور انہوں نے جو مقامات بیان فرمائے ہیں اور جن مکاشفات کی راہ طے فرمائی ہے ان پر ہزاروں طالبین کو چلایا نہ یہ کہ دو ہی ایک لوگوں نے ان اسرار سے واقف ہو کر اس کی شہادت پر زبان کھولی ہو بلکہ ایک جہاں کو ان نئے نئے معارف سے سرفراز فرما کر اپنا ثنا خواں بنادیا اور ایک عالم کو ان جدید مقامات سے واقف کر کے اپنا مداح کر دیا ہے۔

نہ من براں گل عارض غزل سرائم وبس
کہ عندلیب تو از ہر طرف ہزار انند

(میں ہی اکیلا اس گل عارض پر غزل سرا نہیں ہوں بلکہ ہزاروں بلبل تجھ پر فریفتہ ہیں)(۳)

کسی کتاب کی علمی دنیا میں اہمیت کا اندازہ اس کتاب کی تقسیم کے لیے کی جانے والی کوششوں سے بھی لگایا جاسکتا ہے۔ ضرورت کی اہم ترین کتب کی تلخیص،

Marfat.com

تشریح، تسہیل، تحفیظ اور ترجمہ کی کوشش کی جاتی ہے۔ عالم اسلام میں وہ کتب جن کی طرف ان حوالوں سے توجہ دی گئی ہے ان میں ایک مکتوبات امام ربانی ہیں۔ ان مکاتیب کی طرف اہل علم وعوام کی توجہ اس قدر ہے کہ ان کو حفظ کرنے کا اہتمام بھی ہوا۔ ترکی کے ایک عالم محمد پاکسو کے بقول بدیع الزماں سعید نورسی نوے (۹۰) کتابوں کے حافظ تھے ان میں مکتوبات امام ربانی بھی ہیں۔ نصر اللہ ہوتکی کے بارے میں بھی کہا جاتا ہے کہ وہ مکتوبات کے حافظ تھے۔

مکتوبات کے مشکل مقامات کی تفہیم وتشریح کے لیے مختلف شروح بھی لکھی گئی ہیں ان شروح کو تین طرح کی اقسام میں بیان کیا جاسکتا ہے:

۱۔ سلسلہ مجددیہ کے اکابرین سے لوگوں نے مکتوبات کے مشکل مقامات کی تشریح ووضاحت چاہی تو ان حضرات نے اپنے مکتوبات میں ایسی عبارات رالفاظ رجملوں کی وضاحت کی جو حل طلب تھے۔ اس سلسلہ میں خواجہ محمد سعید کے مجموعہ کے درج ذیل عنوانات ملاحظہ فرمائیں:

i- مکتوبات ۲۳ بنام شیخ بدیع الدین نبیرہ خود، دررفع شبہ برکلام حضرت مجدد الفؒ ثانی درمظہر محبت ومحبوبیت۔

ii- مکتوبات شصت وہشتم: بنام علماء الحرمین الشریفین درحل بعض کلام مجددؒ

(۴) حضرت خواجہ محمد معصوم کے درج ذیل مکاتیب میں مکتوبات کی توضیحات وتشریحات ملتی ہیں:

دفتر اول: مکتوب ۱۴۰، ۱۵۲، ۱۵۶، ۱۸۳، ۲۳۹

دفتر دوم: مکتوب اول، ۱۰۲، ۱۰۵

دفتر سوم: مکتوب ۶۲

Marfat.com

حضرت خواجہ سیف الدین ابن خواجہ معصوم کے مکاتیب کو مولانا محمد اعظم نے جمع کیا۔ ان مکاتیب کی تعداد ۱۹۰ ہے۔ ان میں مکتوب ۲۵، ۵، ۷۷، ۱۱۰، ۱۳۵، ۱۸۴، ایسے ہیں کہ مکاتیب میں قدسی آیات کی تشریح کے اشارات موجود ہیں۔

حضرت مجدد الف ثانیؒ کے دوسرے پوتے، حضرت خواجہ عبدالاحد وحدت گل (م:۱۱۲۶ھ) نے ''شرح کلمات قدسی آیات مکاتیب مجددی'' کے نام سے مکتوبات امام ربانی کی شرح تحریر فرمائی۔ اس کے علاوہ ان کے مکاتیب ''جو گلشن وحدت'' کے نام سے شائع ہوئے، میں درج ذیل مکاتیب میں، مکاتیب امام ربانی کے کسی نہ کسی اجمال کی تفصیل موجود ہے: مکتوب: ۴۱، ۴۵، ۵۲

سلسلہ عالیہ مجددیہ کے دیگر حضرات جن کے مکاتیب شائع ہو چکے ہیں ان میں حضرت مجدد کے کلام کے فہم کے لیے کاوشیں صاف نظر آتی ہیں۔

ب۔ دوسرے درجہ میں مستقل شروح ہیں جو مکتوبات امام ربانی کی لکھی گئیں۔ علیحدہ سے مستقل شرح اس حقیقت کی مظہر ہے کہ اس ذخیرہ مکتوبات کے مضامین کتنے علمی اور دقیق وعمیق ہیں اس حوالہ سے بعض شروح کا ذکر کتب مجددیہ میں ملتا ہے اور بعض دستیاب ہیں۔ ڈاکٹر محمد مسعود احمد نے درج ذیل شروح کا تذکرہ کیا ہے:

i- ضیاء المقدمات فی توضیح المکتوبات از مولوی ضیاء الدین اچکزئی قندھاری
ii- شرح مکتوبات مجددی: خواجہ عبدالاحد وحدت گل
iii- شرح مکتوبات امام ربانی: شاہ عبدالرحیم گرھوڑی
iv- حواشی مکتوبات امام ربانی: مولانا محمد منظور احمد مکان شریفی (۵)

علاوہ ازیں ''شرح مکتوبات قدسی آیات'' از مولوی نصر اللہ ہوتکی کا بھی ذکر

Marfat.com

کیا ہے۔ مولوی نصر اللہ ہوتکی ۱۸۹۸ء میں قلعہ جواد کے ایک قصبہ میں پیدا ہوئے۔ ان کے والد حاجی احمد شاہ خان ایک علم دوست انسان تھے۔ ۱۹۲۱ء میں آپ حضرت نور المشائخ ملا فضل عمر مجددی سے بیعت ہوئے۔ ایک سکول میں تدریس کے فرائض بھی انجام دیئے اور حکومت میں قاضی بھی رہے۔ علماء کی ایک کثیر تعداد آپ کی شاگرد ہے۔ نومبر ۱۹۷۶ء ۱۳۶۲ ہجری میں بیمار ہوئے تو جگر کا علاج کروانے کے لیے میو ہسپتال لاہور آئے۔ ۱۳۲۶ھ ۱۹۴۳ سن عیسوی تھا میں پشاور میں ان کی وفات ہوئی اور رحمان بابا کے مزار کے قریب دفن ہوئے۔ مکتوبات امام ربانی کے مضامین پر آپ کو کامل دسترس تھی۔ حضرت نور المشائخ کی موجودگی میں درس مکتوبات دیتے رہے۔ اس حوالہ سے اپنے شیخ کے فیوضات کا تذکرہ ان الفاظ میں کرتے ہیں۔

''خلاصہ تشریح ایں کتاب مقدس یک انعام بزرگی است از حق سبحانہ تا تمام مسلمانان بمعارف عالیہ آن کتاب مستطاب یک اندازہ آشنا شوند وایں تشریح فی الجملۃ کہ ما نمودہ ایم نیز از اثر فیض تعلیمات قطب ارشاد وقت خود جناب شیخ الاسلام حضرت نور المشائخ قدس سرہ بودہ است (۶)

مولوی نصر اللہ ہوتکی کے مضامین مکتوب پر عمیق نظر کا اندازہ سید زوار حسین شاہ کے ان الفاظ سے لگایا جا سکتا ہے، جو بطور تقریظ پہلی جلد پر درج ہیں، ان الفاظ سے اس شرح کی جامعیت کا اندازہ بھی ہو سکتا ہے۔

حق آنست کہ بعد کتاب اللہ وکتب احادیث کم کتابے ہمچو مکتوبات حضرت ایشان بظہور آمدہ باشد، حقائق ومعارف وعلوم شرعیہ ظاہری وباطنی کہ دریہنا مبین گشتہ خصوصیت بالف ثانی دارد از پیشین کسے تفصیل این حقائق ومعارف پے نبردہ ولب

Marfat.com

نکشودہ حضرت ایشان قدس سرہ مقامات واصطلاحات جدید و بسیار در طریقہ خود بیان فرمودہ اندو ہر مقام راشانے جدا وکیفیتے علیحدہ واسرار انوار مختلفہ ایضاح نمودہ اند، ہزاران علماء وعقلا بتربیت ایشان بآن حالات وکیفیات واسرار وغوامض سرفراز گشتہ واقرار نمودہ اند، بشہارت اہل علم وشرع طریقہ حضرت موصوف اشتباہے نماندہ، عالمے باین طریقہ واصلان حق شدہ اندو مے شوند، اولیائے امت ومجالس خوددرس، مکتوبات قدسی آیات راالتزم داشتہ اند، اما ضرورت بود کہ کتابے درحل مشکلات اسرار وغوامض اینہا نوشتہ وچاپ زدہ شودتا ازینہا استفادہ عمومی نمودہ شود۔ الحمداللہ کہ درین امام فرخندہ فرجام جناب مستطاب عالم نبیل فاضل جلیل حضرت مولانا نصراللہ صاحب کابلی متعنا اللہ تعالیٰ بطول بقاہٗ کتابے درحل حقائق ومعارف واسرار وغوامض این مکتوبات شریفہ تصنیف فرمودہ اندو بامرواہتمام حضرت۔ (۷)

اس شرح میں علامہ ہوتکی نے دستیاب کتب تفاسیر (ابن کثیر، بیضاوی، صاوی علی الجلالین) کتب احادیث، کتب اصول اور کتب تصوف (رسالہ سلسلۃ الاحرار، مکتوبات خواجہ باقی باللہ، عمدۃ المقامات، مکاتیب حضرات مجددیہ، عوارف المعارف، فصوص الحکم وغیرہ) سے استفادہ کیا۔ افغانستان کی خانہ جنگی کی وجہ سے یہ کتاب تفصیلی شرح کی شکل اختیار نہ کرسکی اور صرف تصوف سے متعلقہ نکات واسرار کی تفصیلات آ سکیں، یہ شرح نو حصوں پر مشتمل ہے۔ حصہ پنجم تک دفتر اول مکمل ہوتا ہے، دفتر دوم کو حصہ ششم تا ہفتم میں مکمل کیا گیا۔ آخری دو حصوں میں دفتر سوم کے مکاتیب ہیں۔ نمونہ کے لیے ایک مکتوب دفتر اول: ۱۶۱ کی شرح ملاحظہ فرمائیں۔

حضرت امام میفر ماید، مقصوداز طے منازل سلوک حصول ایمان حقیقی است

Marfat.com

وتانفس مطمئنہ نگردد نجات متصور نیست الخ یعنی نجات کامل میسر نمی باشد، چہ ارباب نفوس اماره نیز بہ تصدیق قلبی مشرف و در جملہ اہل نجات محسوب میشوند، مگر نجات وفلاح کامل کہ سبب ودرجات است نصیب شان نیست۔ایمان حقیقی عبارت از شہود تمام مصداقات قضایائے شرعیہ است وایمان صوری فقط تصدیق قلبی است باوجود انکار نفس امارہ۔حضرت عروۃ الوثقی خواجہ محمد معصوم مجددی در مکتوبات خود میفر ماید کہ ''آیا شخص درست خواہد بود یا خیر؟ در جواب فرمودہ اند بلے این شخص از دوستان اوتعالیٰ است و بہ ولایت قلبی رسیدہ است ونفس اور در جوار قلب واقع شدہ است امید است کہ در جوار قلب صالح نفس او طغیان نکند وتحت تاثر ہمسایہ صالح قرار بگیرد، بیت

با عاشقان نشین وہم عاشقی گزین

ہرکس کی نیست عاشق با او مشو قرین (۸)

اردو زبان میں جس شرح نے شہرت حاصل کی وہ مولانا محمد سعید احمد مجددی (۱۹۴۳ـ۲۰۰۲) کی ''البینات شرح مکتوبات'' ہے۔علامہ مجددی گوجرانوالہ کے معروف عالم تھے۔علامہ غلام رسول رضوی، علامہ عبدالغفور ہزاروی، علامہ احمد سعید کاظمی جیسے اکابر علماء آپ کے اساتذہ میں سے ہیں۔صوفی محمد علی مجددی اور صاحبزادہ سید فیض الحسن شاہ سے آپ کی روحانی نسبت ہے۔درس مکتوبات سے آپ کو خاص انس تھا۔اسی طرح حضرت امام ربانی کے رسالہ مبدا و معاد کا درس بھی دیا۔درس مکتوبات باقاعدہ ریکارڈ ہوتا تھا انہی ریکارڈ شدہ کیسٹوں سے اس کی چار جلدیں (مکتوبات ۲۱۵ تک) شائع ہو چکی ہیں جبکہ پہلی جلد ۲۰۰۲ء میں آپ کی زندگی میں ہی شائع ہوئی تھی۔اس شرح کے خصائص، ممتاز ماہر مجددیات پروفیسر محمد اقبال مجددی

Marfat.com

زیدہ مجدہ نے بایں الفاظ بیان کیے ہیں۔

۱۔ مکتوبات کے مندرجات کو قرآن وحدیث سے مؤید کیا گیا ہے۔

۲۔ نفس مضمون کو حل کرنے کی ہر ممکن کوشش کی گئی ہے۔

۳۔ مکتوبات میں شامل اصطلاحات تصوف کو پہلی مرتبہ اتنی وضاحت کے ساتھ مکتوبات کے سیاق وسباق میں سمجھانے کی کوشش کی گئی ہے۔

۴۔ حضرت مجدد الف ثانی قدس سرہ، خود حنفی تھے اور مکتوبات میں فقہ حنفی کے مطابق مسائل کا استنباط کیا ہے۔ یہ بجائے خود ایک وسیع موضوع ہے کہ مکتوبات شریفہ میں شامل مسائل فقہیہ کی فقہ حنفی کے مطابق تطبیق کی جائے خدا کا شکر ہے کہ مؤلف البینات نے شرح کے دوران یہ اہم فریضہ بھی انجام دینے کی سعی فرمائی ہے۔

۵۔ مکتوبات میں شامل احادیث نبویہ (علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام) کی تخریج ایک دقیق ترین مرحلہ ہے لیکن آج کے دور میں چونکہ احادیث کے انڈیکس طبع ہو چکے ہیں اور حدیث کے ذخائر کمپیوٹر میں منتقل ہو چکے ہیں اس لیے اب یہ مرحلہ طے ہونا چاہیے۔ ہمارے شارح بزرگ نے اس مقام پر بھی سعی تمام فرمائی ہے اور احادیث مقتبسہ کو ان کے اصل متون سے مطابقت دے دی ہے۔

۶۔ مکتوبات کی شرح کے دوران ایک مرحلہ اور دشوار گزار ہے کہ ان میں روحانی مقامات کا اندراج جس طریقہ سے ہوا ہے آج کا قاری ان مقامات کو سمجھنے سے قاصر ہے۔ ان مقامات کو صرف وہی سمجھا سکتا ہے جس پر یہ واردت ہوئے ہوں اور عملی طور پر وہ خود شیخ طریقت بھی ہو وہ ان روحانی کیفیات کا ادراک کر کے اس کی شرح کر سکتا ہو۔ ہمارے بزرگ شارح چونکہ خود ایک محقق عالم دین ہیں اور نہ صرف

Marfat.com

سلاسل عالیہ نقشبندیہ بلکہ دیگر سلال طریقت (قادریہ، چشتیہ، سہروردیہ، شاذلیہ وغیرہا) کے پیر ماذون ہیں اس لیے انہوں نے ان تمام روحانی مراحل کو بڑے احسن طریقے سے سلجھایا ہے۔

۷۔ اس شرح کی ایک اور خوبی یہ ہے کہ شارح نے علوم اسلامیہ کے متعارف سارے مآخذ سامنے رکھ کر شرح کی ہے اور ہر مقام کو مستند بنانے کے لیے ان کے حوالے بھی دیے ہیں گویا اس شرح پر علمی تحقیقات کا رنگ غالب ہے شارح بزرگ نے اس شرح میں یہ التزام کیا ہے کہ پہلے مکتوبات شریف کے جس حصہ کی شرح کرنا ہے اس کا فارسی متن نقل کیا ہے اور اس کے بعد اس کا اردو ترجمہ دیا ہے اور پھر اس کی شرح بیان کی ہے اس شرح میں حتی الامکان ایسے تمام نکات یکجا کر دیے ہیں جن کا اس اقتباس کے فہم و تفہیم کے لیے ہونا لازم ہے۔ قابل شرح اقتباس کی مکتوبات میں سے دوسرے جن جن مقامات سے توضیح ہوسکتی تھی اس مقام پر وہ بھی نقل کر کے اسے آسان بنانے کی کوشش کی ہے۔(۹)

وہ کتب، رسائل، مضامین جو مکتوبات کے کسی ایک پہلو پر تفصیلی روشنی ڈالتے ہیں۔ ایسی کتب، رسائل و مضامین کی تعداد شمار سے باہر ہے، چند ایک نام ملاحظہ فرمائیں:

i- فیض البرکات من عین المکتوبات:

مولانا محمد عبداللہ جان مجددی نے تینوں جلدوں سے درج ذیل عنوانات کے تحت مکتوبات کے اقتباسات اکٹھے کیے ہیں:

اول: در اصول اسلامیہ و عقائد صحیحہ اہل سنت و جماعت

Marfat.com

دوم: درمسائل فقهیه واحکام شرعیه

سوم: درحقائق ومعارف علم باطن واسرار وانوار طریقه نقشبندیه

چہارم: درمواعظ ونصائح وترغیب بحسنات وتحذیر از سیئات

ii- صحابہ کرام مکتوبات حضرت مجدد الف ثانی کے آئینے میں: پیرزادہ اقبال احمد فاروقی۔

iii- حضرت مجدد کے سیاسی مکتوبات: آ بادشاہ پوری

iv- مکتوبات بحیثیت مآ خذ ایمانیات: پروفیسر عبدالباری صدیقی

v- مجددی عقائد ونظریات: مولانا عبدالحکیم شرف قادری

vi- حضرت مجدد اور پاکستان: ڈاکٹر ظہور احمد اظہر

viii- رسالہ خلت: شاہ ولی اللہ (۱۰)

راقم حروف کی درج ذیل کتب بھی اسی قبیل سے ہیں۔

i- حضرت مجدد کی تفسیر وفقہی خدمات (غیر مطبوعہ)

ii- حضرت مجدد اور معارف حدیث

iii- مقام نبوت (حضرت مجدد کے افکار کا مطالعہ)

iv- مقام صحابہ (حضرت مجدد کے افکار کا مطالعہ)

v- مقام اہلبیت (حضرت مجدد کے افکار کا مطالعہ)

مکتوبات کے مختلف تراجم میں مترجمین نے مکتوبات کی تفہیم کے لیے جابجا مفید حواشی درج کیے ہیں۔ یہ بھی دراصل مکتوبات امام ربانی کی مختصر شرح ہیں۔ ایسے چندنام درج ذیل ہیں:

Marfat.com

i- نور احمد امرتسری مرحوم کا تصحیح شدہ نسخہ اس حوالہ سے بڑا اہم ہے۔اردو مترجمین نے ترجمہ کے لیے ان سے بڑی مدد لی۔دفتر اول کے مکتوب ۸ میں کتاب ''تلویح'' کا ذکر آیا تو محشی نے لکھا: تلویح کتاب ست کلاں نہایت معتبر از مصنفات نفیسہ علامہ تفتازانی در علم اصول فقہ''

ii- مکتوبات کا ایک نسخہ ایوب گنجی کے مقدمہ و تصحیح اور استاذ ملاحسن زارعی کی نگرانی میں ۱۳۸۳ھ میں شائع ہوا۔اس میں بہت سے مقامات پر حواشی موجود ہیں۔دفتر اول کے مکتوب ۱۳۰ میں تلوینات کی وضاحت ان الفاظ میں کی گئی ہے:

''رنگ برنگ کردن، گوناگوں ساختن: بہ معنی آمدو شد

اسی طرح درج ذیل فہارس شرح کے نقطہ نظر سے اہم ہیں:

i- فہرست موضوعی مکتوبات

ii- فہرست اعلام

iii- فہرست کتاب ہا

iv- شرح اصطلاحات عرفانی

iii- علامہ مراد منزلوی کے عربی ترجمہ میں بہت سی عرفانی اصطلاحات، شخصیات کا تعارف، احادیث کی تخریج، مذکور ہے۔دفتر اول کے مکتوب: ۵۰، میں وان وصلت الی مقامہ الاطمینان من الطمانیۃ کا لغوی مفہوم فیروز آبادی سے نقل کرنے کے بعد لکھا:

اما عند الصوفیہ: فالمراد سکینۃ تستقر بقوۃ الیقین المفید للامن ودوامہ الانس بالحق (۱۱)

ج۔ ان کتب کو بھی مکتوبات کی شرح میں شمار کیا جا سکتا ہے۔جن میں حضرت مجدد

Marfat.com

کے کلام پر وارد ہونے والے اشکالات کے جواب دیے ہیں یہ مخلصین کی طرف سے بھی ہیں اور منکرین کی جانب سے بھی۔ ان کتب کی ایک کثیر تعداد ہے جو قلمی اور مطبوعہ نسخوں کی شکل میں موجود ہے۔ اللہ تعالیٰ ممتاز ماہر مجددیات پروفیسر محمد اقبال مجددی اور جناب ناظم بشیر کو جزائے خیر عطا فرمائے جنہوں نے اس موضوع پر لکھے جانے والے ادب کو محفوظ کرنے کا فریضہ انجام دیا ہے۔ پروفیسر محمد اقبال مجددی نے دو مجموعہ ہائے کتب شائع کروائے ایک ''رسائل در دفاع حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی شیخ احمد سرہندی'' کے نام سے، اس میں مولانا وکیل احمد سکندر پوری کے رسائل ہدیہ مجددیہ، انوار احمدیہ اور الکلام المنجی برایرادات البرزنجی شامل ہیں، جب کہ دوسری کتاب ''دفاع حضرت مجدد الف ثانی'' کے نام سے ہے، اس سے شاہ غلام علی دہلوی، شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی، حضرت پیر مظہر جان جاناں شہید، قاضی ثناء اللہ پانی پتی، حضرت ابوالحسن زید فاروقی، مولانا محمد سعید احمد مجددی جیسے اہل علم اکابر کی تحریرات شامل ہیں۔ یہ رسائل دراصل فکر مجددی کے ترجمان وشارح ہیں۔ فکر مجددی کی تفہیم کے لیے ان رسائل کی اہمیت ناقابل بیان ہے، اسی لیے ان رسائل کو مکتوبات امام ربانی کی شرح کا ایک حصہ سمجھنا چاہیے۔

درج بالا تصریحات سے یہ حقیقت مبرہن ہوتی ہے کہ علماء وصوفیہ نے ہر دور میں فکر مجددی کی تفہیم وتشریح کے لیے مختلف عنوانات اور اسالیب میں علمی تحقیقی کاوشیں کیں۔ یہ کاوشیں اس حقیقت سے بھی پردہ اٹھاتی ہیں کہ زمانہ کو مکاتیب امام ربانی کی کس قدر ضرورت ہے۔ ہر دور کے متجددین کے رد کے لیے اور فکر اسلامی کی ترویج واشاعت اور تحفیظ کے لیے مکتوبات امام ربانی سے رہنمائی حاصل کی جاسکتی ہے۔

Marfat.com

حوالہ جات

۱۔ اختر الواسع، پروفیسر، مقالہ مشمولہ الاحسان الہ آباد، شمارہ ۵، ۲۰۱۴، ص: ۲۵۳

۲۔ مکتوبات امام ربانی، ابتدائیہ دفتر دوم، مکتبہ احمدیہ مجددیہ، بلوچستان، ص: ۲

۳۔ دہلوی، شاہ غلام علی، دار المعارف، مترجم ابوالنصر انس فاروقی مجددی، شاہ ابوالخیر اکیڈمی، دہلی، ۲۰۰۸ء، ص: ۲۱۹)

۴۔ مکتوبات سعیدیہ، مکتبہ حکیم سیفی، لاہور، ص: ۲۸، ۱۲۷

۵۔ محمد مسعود احمد، ڈاکٹر، سیرت مجدد الف ثانی، مدینہ پبلشنگ کمپنی کراچی، ص: ۶۲۳

۶۔ ہوتکی، مولوی نصر اللہ، کراچی ۱۹۸۸ء جلد اول، ص: ۲۴

۷۔ ہوتکی، مولوی نصر اللہ، شرح مکتوبات قدسی آیات، کراچی، ۱۹۸۸ء حصہ اول، ص: ۱۶۔۱۷

۸۔ شرح مکتوبات قدسی آیات، حصہ اول، ص: ۲۵۴)

۹۔ اقبال مجددی، مقدمہ البینات شرح مکتوبات، تنظیم اسلام پبلی کیشنز، لاہور، ۲۰۰۳ء ص: ۸۴۔۸۵

۱۰۔ بحوالہ دفاع حضرت مجدد الف ثانی، تحقیق وتقدیم پروفیسر محمد اقبال مجددی

۱۱۔ مکتوبات امام ربانی، عربی ترجمہ علامہ محمد مراد منزلوی، القاہرہ، جلد ۲، ص: ۱۲۶

Marfat.com

روداد

محمد ناظم نقشبندی مجددی

ارشاد باری تعالیٰ ہے: ''اے ایمان والو! وہ بات کہتے کیوں ہو جو کرتے نہیں ہو''۔ ہم لوگوں کو بڑی نصیحت کرتے ہیں لیکن ہمارے دامن میں کچھ نہیں ہے۔ ان خیالات کا اظہار حضر پیر طاہر حسین قادری نے امام ربانی مجدد الف ثانی بین الاقوامی کانفرنس منعقدہ 19 نومبر 2018 بمقام فلیٹیز ہوٹل لاہور میں صدارتی خطبہ ارشاد فرماتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ جب تک ہم باعمل مسلمان نہیں بنیں گے اس وقت تک معاشرے میں کوئی تبدیلی نہیں آئے گی۔ انہوں نے حضرت امام ربانی مجدد الف ثانیؒ کے قول کی روشنی میں علم، عمل اور اخلاص کے باہمی رشتے اور ضرورت پر اظہار خیال کیا، اس کے علاوہ مجدد الف ثانی سوسائٹی کی کاوشوں کو سراہا اور خصوصیت کے ساتھ پروفیسر محمد اقبال مجددی کی افکار مجدد کے حوالہ سے خدمات کو خراج تحسین پیش کیا۔

کانفرنس کا آغاز تلاوت قرآن حکیم سے ہوا، تلاوت قرآن حکیم کی سعادت حافظ محمد احمد کے حصے میں آئی۔ اس کے بعد بارگاہ رسالت مآب ﷺ علامہ قاری نصیر احمد شرقپوری نے ہدیہ عقیدت پیش کیا۔ ڈاکٹر محمد ہمایوں عباس شمس، نائب صدر مجدد الف ثانی سوسائٹی لاہور نے افتتاحی کلمات پیش کیے جس میں شرکائے مجلس کا شکریہ ادا کیا اور اس کے ساتھ بانی مجلس حضرت صوفی غلام سرور نقشبندیؒ کی سلسلہ نقشبندیہ مجددیہ کی بے مثال خدمات سے حاضرین کو آگاہ کیا۔ سرپرست مجدد الف

Marfat.com

ثانی سوسائٹی لاہور جناب پروفیسر محمد اقبال مجددی نے سلسلہ ہائے روحانی بالخصوص اکابرین سلسلہ عالیہ نقشبندیہ اور سلسلہ عالیہ قادریہ کے باہمی تعلقات اور روابط پر سیر حاصل گفتگو فرمائی۔

ڈاکٹر انجم طاہرہ، (اسسٹنٹ پروفیسر گورنمٹ کالج برائے خواتین یونیورسٹی، لاہور) نے اپنے موضوع ''فارسی نثر میں امام ربانی کی خدمات (مکتوبات کی روشنی میں) پر اپنی تحقیقات پیش کرتے ہوئے کہا کہ حضرت امام ربانی اپنی حیات طیبہ اور اس کے بعد کئی القاب سے معروف ہیں مثلاً غوث المحققین، قطب العارفین، برھان الولایۃ المحمدیہ، حجۃ الشریعۃ المصطفویہ اور شیخ الاسلام والمسلمین، قبلۂ اولیائے عصر، خلاصۂ اصفیائی دھر، یگانۂ بحار معنی، غوث ربانی، صدیق ثانی، غلام یزدانی، گوہر شاہوار شمس علوم ظاہر وباطن اور مجدد الف ثانی۔ ان کی تالیفات ان القاب کا منہ بولتا ثبوت ہیں۔

معاصر نثر میں قابل ذکر شیخ اللہ داد فیضی سرہندی کی تاریخ اکبر شاہی (اکبر کے ۴۶ سالہ دور حکومت پر مشتمل ہے) اس کا ماخذ طبقات اکبری ہے اس کی نثر بھی سادہ ہے۔ اس کے علاوہ طبقات اکبری کی نثر بھی سادہ اور رواں ہے۔ منتخب التواریخ میں عبد القادر بدایونی نے ذرا دقیق مگر قابل فہم نثر کا استعمال کیا ہے۔ اخبار الاخیار، شرح مشکوۃ شریف اور مدارج النبوۃ از شیخ محدث دھلوی ان کتب کی نثر نہایت خوبصورت، سادہ ہے اور حدیث کی شرح بھی سادہ اور انداز دلنشین ہے۔ لیکن ابو الفضل نے اکبر نامہ اور آئین اکبری کی نثر مغلق، ثقیل، مسجع اور مقفی رکھی ہے تاکہ اس کی علمیت اور افضیلت کا اندازہ اس کی اس تبحر علمی سے بھی ہو۔

Marfat.com

ڈاکٹر محمد نوید زہر، (شعبۂ اردو گورنمنٹ اسلامیہ کالج ریلوے روڈ، لاہور) نے اپنا مقالہ ''بعنوان جنگ آزادی ۱۸۵۷ء میں مجددی حضرات کا کردار'' پیش کرتے ہوئے کہا کہ جنگ آزادی کی تحریک اور فتویٰ کے حوالے سے ایک ناقابل تردید کردار علامہ فضل حق خیرآبادی (۱۲۱۲۔۱۲، صفر ۱۲۸۷ھ/ ۱۷۹۷۔ ۲۰، اگست ۱۹۶۱ء) کا تھا، جو علم و فضل میں یکتائے روزگار تھے۔ ان کے بعد آج تک ہندوستان کی خاک سے ویسا کوئی عالم پیدا نہیں ہوا۔ ان کے بارے میں انگریز کے فیصلہ میں ''وہ خطرناک ترین آدمی ہے جو کسی وقت بھی بے حد نقصان پہنچا سکتا ہے اس لیے انصاف اور امن عامہ کا تقاضا ہے کہ اسے ملک بدر کر دیا جائے''۔ کے الفاظ تحریر ہیں۔ (۲) وہ رمضان ۱۲۷۳ھ/ مئی ۱۸۵۷ء میں، جنگ آزادی کے آغاز پر، الور سے دہلی تشریف لائے۔ اور پورے ڈیڑھ برس (مئی ۱۸۵۷ء سے دسمبر ۱۸۵۷) تک دہلی اور اودھ کے مختلف اضلاع میں مجاہدین حریت کی مدد کرتے رہے۔

ان کا ہر طرح سے ساتھ دیا اور ان کے لشکر کی قیادت کرتے رہے۔ جنوری ۱۸۵۹ء میں گرفتار کر لیے گئے۔ مقدمہ چلا اور جرم ثابت ہونے پر تمام زرعی اور رہائشی جائیداد اور نادر کتب خانہ کی ضبطی اور حبس دوام بعبور دریائے شور کی سزا سنا دی گئی۔ اکتوبر ۱۸۵۹ء میں جزیرہ انڈیمان پہنچا دیے گئے، جہاں انہوں نے ایک سال، نو ماہ، انیس دن قید با مشقت برداشت کی اور ۱۲۔ صفر ۱۲۷۸ھ/ ۲۰۔ اگست ۱۹۶۱ء کو ۶۶ برس کی عمر میں وصال فرمایا۔

ڈاکٹر محمد اکرم ورک، (پرنسل گورنمنٹ کالج فار بوائے کاموکی) نے اپنے حصے میں آئے موضوع ''عصری دین گریز رویے فکر مجددی کی روشنی میں اصلاح کے

Marfat.com

اصول۔ پر حضرت امام ربانیؒ کے مبارک دور میں دین گریزیوں کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ اس دور میں خام صوفیاء کے پھیلائے ہوئے فتنے تھے جیسے وحدت الوجود کی غلط تعبیر ہے اوراس کے علاوہ ختم نبوت اور رسالت محمدی ﷺ پر سوالات اٹھائے جا رہے تھے۔روافض اور غالی شیعہ اوران کے نظریات کوفروغ بھی اس دور کے فتنوں میں سے بڑا فتنہ تھا اوراسی طرح دین الٰہی کا ظہوراورفروغ بھی انہی بنیادی فتنوں میں شامل تھا۔اس دور میں پائے جانے والے ان فتنوں کو جاننے کے بعد اگر دیکھا جائے کہ عصر حاضر میں دین گریز رویے کیا ہیں؟اس میں سمجھتا ہوں کہ الحادی اور مغربی افکار کا جوفروغ ہے، یہ ایک بہت بڑا مسئلہ ہے اس دور کے اندر۔سیکولرازم کا فروغ جس طرح مسلم معاشروں کے اندر فروغ پزیر ہے یہ بہت بڑا ایشو ہے۔اس کے علاوہ خانقاہی نظام مکمل طور پر اپنی تباہی کی طرف پیش قدمی کر رہا ہے،اس کے رستے میں بند باندھنے والے لوگوں کی تعداد کم ہو رہی ہے۔ایسے تمام فتنوں پر قابو پانے کے لیے حضرت امام ربانیؒ کی تعلیمات اورافکار ہمارے لیے مشعل راہ ہیں۔

ڈاکٹر علی اکبر الازہری ،(یونیورسٹی آف لاہور، لاہور) نے اس کانفرنس میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی،انہوں نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ہر کام اور اہر عمل اپنے نتیجے کے اعتبار سے سراہا جاتا ہے اور پسند کیا جاتا ہے۔ حضرت مجدد الف ثانی کے دور میں حالات بڑے پرآشوب تھے اس میں تین چار فیکٹر بڑے نمایاں تھے، یہ نہیں تھا اس وقت علماء نہیں تھے،علماء تھے بڑے مؤثر تھے۔لیکن علماء حکومت کے قرب میں اپنی ذمہ داریوں سے لاعلم ہو چکے تھے۔ یہ نہیں کہ مشائخ نہیں تھے، گدیاں ختم ہوگئیں تھیں، سلاسل طریقت بھی موجود تھے اوران کے خلفاء بھی

Marfat.com

برصغیر میں اپنا کام کر رہے تھے لیکن حالات کے پیش نظر جس زیرک پن کا اور جس دانائی کا اور جس حکمت کا تقاضا تھا سب کے پاس وہ حکمت نہیں تھی، یہی وجہ ہے قدرت نے حضرت مجدد الف ثانیؒ سے وہ کام لیا جو کوئی اور وہ کام نہیں کر سکتا تھا۔

ڈاکٹر معین نظامی، (ڈائریکٹر گورمانی مرکز زبان وادب LUMS یونیورسٹی، لاہور) نے بھی اظہار خیال فرماتے ہوئے کہا کہ ہماری تاریخ انسانی میں کچھ تہذیبی شخصیات ہوتی ہیں، کچھ شخصیات کہلاتی ہیں، کچھ ایک صدی کی کچھ چند صدیوں کی اور پھر ایک ہزاریے کی، ان میں کچھ غیر معمولی عبقری شخصیات ایسی ہوتی ہیں جن کے تاریخی اور تہذیبی اثرات صدیوں کی گردش میں محوسفر رہتے ہیں اور اس وقت کی جتنی بھی معلومہ تاریخ ہوتی ہے اس پر حاوی دکھائی دیتے ہیں۔

جنوبی ایشاء کی اگر تاریخ کو اور تہذیب وثقافت کو دیکھا جائے تو اب تک کی جتنی بھی بڑی بڑی شخصیات ہیں جن کو ہم تہذیبی شخصیات کہہ سکتے ہیں، ان کی صف اول میں حضرت امام ربانی مجدد الف ثانیؒ کا نام نامی اسم گرامی موجود ملتا ہے۔ موصوف نے علامہ اقبال کی حضرت مجدد الف ثانیؒ سے عقیدت اور ان کے افکار پر حضرت مجدد کی شخصیت کے اثرات پر بھی وقیع گفتگو فرمائی۔

ترکی سے تعلق رکھنے والے عبد الرحمان اردوان (سربراہ سلیمانہ کلچر سنٹر، پاکستان) نے ترکی زبان میں اپنے خیالات کا اظہار کیا جس اردو ٹرانسلیشن ساتھ ساتھ کی گئی، فاضل سکالر نے سورۂ فاطر کی آیت سے حوالہ دیتے ہوئے کہا انبیاء کے بعد اس کے چنے ہوئے بندے اپنا فرائض منصبی ادا کریں گے۔ اسی طرح ایک حدیث کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ نبی پاک ﷺ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ ہر صدی کے آغاز

Marfat.com

میں ایک ایسے بندے کو بھیجیں گے جو اس کے دین کی تجدید کرے گا۔اسی طرح ایک حدیث کے حوالے سے بیان کرتے ہوئے کہا کہ جس طرح ہر صدی کے آغاز میں مجدد آتے ہیں اسی طرح ہزار سال کے بعد مجدد آتا ہے جیسے حضرت مجدد الف ثانی ہیں۔

ڈاکٹر ولید زیاد Yele University U.S.A (الحبیب یونیورسٹی کراچی) نے اپنا مقالہ بعنوان ''وسطی ایشیاء اور برصغیر پاک و ہند کے نقشبندی مشائخ کے روابط اور دونوں خطوں پر اس کے اثرات ونتائج'' اپنا وقیع تحقیقات پیش کرتے ہوئے کہا۔ چند سالوں سے میں وسط ایشیاء یعنی ماوراء النہر، ترکستان اور برصغیر کے نقشبندی مجددی نیٹ ورک پر تحقیق کر رہا ہوں، میرا پی ایچ ڈی کا تھیس ایک وسیع علاقے پر محیط ہے جس میں بخارا، قوقند (فارغنا)، یارقند (چائنا)، مزار شریف، کابل، کوہستان کابل، سوات اور مالاکنڈ، ڈیرہ سماعیل خان، پشاور، ٹیاری، تھرپارکر، شکار پور، تارپور اور ٹھٹھہ شامل ہیں، میں نے خصوصیت کے ساتھ چند معروف سلسلوں پر توجہ دی ہے ان میں فرزندان خواجہ محمد معصوم ثانیؒ اور حضرت فضل احمد پشاوری کے سلسلے ہیں۔

ڈاکٹر محمد ہمایوں عباس، (ڈین فیکلٹی آف اورینٹل سٹڈیز شعبۂ علوم اسلامیہ وعربی جی سی یونیورسٹی، فیصل آباد) نے اپنے مقالہ بعنوان خواجہ عبیداللہ احرار: رہنمائے فکر مجدد'' پیش کیا۔ اپنے موضوع کے حوالے سے بات کرتے ہوئے کہا کہ اگر دیکھا جائے کہ حضرت امام ربانی پر کن شخصیات نے علمی اور فکری اعتبار سے اثر کیا ان میں حضرت خواجہ بہاؤالدین نقشبندؒ کے بعد خواجہ عبیداللہ احرارؒ کی ہے، حضرت امام ربانی نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے میرے اندر خواجہ بہاؤالدین نقشبند اور خواجہ عبیداللہ احرارؒ، دونوں کے طریقوں (نقشبندی طریقہ) کو جمع کر دیا ہے۔ آپؒ نے ایک سے

Marfat.com

زائد مقامات پر حضرت خواجہ عبید اللہ کا ایک قول نقل فرمایا ہے جو اہل طریقت کے لیے بڑی اہمیت کا حامل ہے۔خواجہ عبید اللہ احرار فرماتے ہیں کہ اگر تمام احوال وکیفیات جو ایک صوفی پر طاری ہوتی ہیں اگر وہ مل جائیں اور ہماری حقیقت اہل سنت کے عقائد سے آراستہ نہ ہو تو یہ سوائے خرابی کے اور کچھ نہیں ہے اور پھر خواجہ صاحبؒ فرماتے ہیں کہ اگر ساری خرابیوں کو ہمارے اندر جمع کرلیا جائے لیکن ہماری حقیقت کو اہل سنت کے عقائد سے نواز دیا جائے تو پھر کوئی خوف نہیں ہے۔

ڈاکٹر مجیب احمد چیرمین شعبہ تاریخ انٹرنیشنل اسلامک یونیورسٹی، اسلام آباد، لاہور نے ہندوستان کے برطانوی دور حکومت میں مجددی مشائخ کا نظام تعلیم وتربیت کے موضوع پر تفصیلی گفتگو کی۔

جسٹس ریٹائرڈ نذیر احمد غازی نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا تمام سلسلہ ہائے روحانی سے وابستہ صوفیاء اور علمائے دین نے خدمت دین کے حوالے سے اپنا اپنا کردار ادا کیا ہے اور دین مخالف قوتوں تو ڈٹ کر مقابلہ کیا ہے۔بالخصوص مجددی حضرات کی اس حوالے سے خدمات کو فراموش نہیں کیا جاسکتا۔فاضل مقرر نے کہا کہ یہ بھی فیضان مجدد ہی تھا کہ حضرت ممتاز قادری شہید اور ختم نبوت کے حوالے حکومت وقت کا یزیدی طرز فکر وعمل کا ڈٹ کا مقابلہ کیا اور حق بات کہنے میں کبھی گھبراہٹ محسوس نہیں کی۔انہوں نے موجودہ خانقاہی نظام کی اصلاح کے حوالے سے بات کرتے ہوئے کہا کہ خانقاہوں میں مریدین کی تربیت جس طرح سے کرنے کی ضرورت ہے نہیں کی جارہی، وہاں پیر پرستی کا یہ عالم ہے نبی پاک ﷺ کے ذکر پاک کی اہمیت اور ضرورت سے زیادہ پیر صاحب کی تعریف وتوصیف کو پسند کیا

Marfat.com

جاتا ہے۔ حضرت امام ربانی مجدد الف ثانیؒ کے ایک قول کو بیان کرتے ہوئے کہا کہ آپ فرماتے ہی کہ میں ''رب سے محبت اس لیے کرتا ہوں کہ وہ محمد ﷺ کا رب ہے۔''

جمیل اطہر سرہندی کے لخت جگر عرفان اطہر قاضی نے اپنے خیالات کا اظہار کتے ہوئے۔ اس بات کا اعادہ کیا کہ اس کانفرنس کے انعقاد اور ماہ صفر میں ملک بھر کے اخبارات میں مضامین کی اشاعت کو ممکن بنانے کے لیے سرور ملت حضرت صوفی غلام سرور نقشبندی مجددیؒ کی شبانہ روز محنت کو کبھی فراموش نہیں کیا جا سکتا، یہ پودا انہی کا لگایا ہوا ہے جو آج تن آور درخت بن چکا۔ انہوں نے صوفی صاحب کی خدمات کو یاد کرتے ہوئے یہ بھی بیان کیا کہ میں نے بچپن سے ہی صوفی صاحب حضرت امام ربانی کی تعلیمات کو عام کرنے کے لیے سخت محنت اور دشوار گزار مراحل سے گزرتے ہوئے دیکھا اور کئی کئی دن تک ہمارے دفتر (روزنامہ جرأت رتجارت) میں اپنے خادم محمد ناظم بشیر کے ساتھ تشریف لاتے اور اسی مشن کو آگے بڑھانے کے لیے مصروف عمل رہتے اور میرے والد جو سرہند شریف میں مولد ہوئے انہوں نے صوفی صاحب کے اس خالص جذبہ دینی کو دیکھتے ہوئے ان کا تادم آخر ساتھ دیا اور آج بھی اس مشن کے حوالے سے کام کر رہے ہیں۔ الحمد اللہ پورے ملک کے اخبارات میں حضرت امام ربانی کی تعلیمات اور افکار کے فروغ کے لیے مضامین چھپ رہے ہیں۔

عرفان اطہر صاحب نے خصوصیت کے ساتھ تمام مشائخ عظام، مہمان گرامی، سکالرز اور شرکائے مجلس کا بھرپور شکریہ ادا کیا اور آخر میں فرزند حضرت مجدد الف ثانیؒ حضرت پیر نثار احمد جان سرہندی زیدہ مجدہ کی خدمت میں دعا کرنے کے

Marfat.com

لیے درخواست کی۔اس تقریب میں منقبت بحضور امام ربانی (کلام اقبال) راقم الحروف کے بیٹے حافظ محمد احمد نے پیش کی۔

اس بین الاقوامی کانفرنس میں مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والوں کے علاوہ لاہور کے مختلف کالجز اور یونیورسٹیوں کی اساتذہ (خواتین) اور پی ایچ ڈی اور ایم فل کے طلباء نے بھرپور شرکت کی۔اس موقع پر امام ربانی پبلی کیشنز کی طرف سے شائع کردہ نادرالوجود مخطوطات (فضائل الباری فی مناقب حاجی دوست محمد قندھاری، رسائل خواجہ محمد ہاشم کشمی اور بہجتہ النظارفی برائۃ الابرار) اور ارمغان امام ربانی کی آٹھویں جلد کی تقریب رونمائی بھی کی گئی۔آخر میں تمام شرکائے مجلس کی بھرپور طریقے سے تواضع کی گئی اور یوں یہ تقریب بحسن وخوبی انجام کو پہنچی۔

Marfat.com

{1}

نام مجموعہ مقالات: شیخ سرہند

ترتیب وتدوین: جمیل اطہر

نمبر شمار	عنوان مقالہ	نام مقالہ نگار
۱۔	اللہ والوں کی سرزمین	جمیل اطہر سرہندی
۲۔	حضرت امام ربانی	جمیل اطہر سرہندی
۳۔	صاحب اسرار	جمیل اطہر سرہندی
۴۔	بے تیغ بھی لڑتا ہے سپاہی	جمیل اطہر سرہندی
۵۔	مسلم قومیت کا داعی	جمیل اطہر سرہندی
۶۔	اکبر کا دین الٰہی	جمیل اطہر سرہندی
۷۔	وحدت الوجود سے وحدت الشہود تک	جمیل اطہر سرہندی
۸۔	مجدد سے قائد تک	جناب زیڈ اے سلہری
۹۔	سرمایہ ملت کا نگہبان	پروفیسر ڈاکٹر بشیر احمد صدیقی
۱۰۔	نفس گرم کی تاثیر	پروفیسر ڈاکٹر مسعود احمد رحمۃ اللہ علیہ
۱۱۔	گرمیٔ احرار	ڈاکٹر ظہور احمد اظہر
۱۲۔	مکتوبات کے آئینے میں	صاحبزادہ میاں جمیل احمد شرقپوری
۱۳۔	احیائے دین کا نور	سید انور علی ایڈووکیٹ

Marfat.com

۱۴۔	نرالی شان کا مجدد	صوفی غلام سرور نقشبندی مجددی
۱۵۔	دانائے راز	پروفیسر انیس احمد شیخ
۱۶۔	ولولہ حق	عبدالکریم ثمر
۱۷۔	تجدید دین	پروفیسر محمد عارف اظہر
۱۸۔	خواجہ باقی باللہ کی نظر میں	پروفیسر ڈاکٹر غلام سرور
۱۹۔	آفتاب درخشاں	ڈاکٹر سرفراز احمد نعیمی
۲۰۔	اقبال کی نظر میں	ڈاکٹر رحیم بخش شاہین
۲۱۔	بہترین جہاد	پروفیسر سعید احمد خاں
۲۲۔	صراط مستقیم	پروفیسر حافظ اعتبار احمد خاں
۲۳۔	مرید سے مراد تک	پروفیسر عبدالعزیز خان نیازی

{2}

نام مجموعہ مقالات: افکار حضرت مجدد الف ثانی اور عصر حاضر

ترتیب وتدوین: سرور ملت حضرت صوفی غلام سرور نقشبندی مجددی رحمۃ اللہ علیہ

تاریخ انعقاد و مقام: ۱۷۔اپریل ۲۰۰۴ بروز ہفتہ بوقت ۴ بجے سہ پہر کانفرنس ہال ہمدرد مرکز لٹن روڈ لاہور

نمبر شمار	عنوان مقالہ	مقالہ نگار
۱۔	حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ	صوفی غلام سرور نقشبندی مجددی

Marfat.com

۲۔	دو قومی نظریہ اور تحریک حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ	پروفیسر قاری مشتاق احمد
۳۔	حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ پاکستان کے اوّلین بانی	مجیب الرحمن شامی
